مولف نی اپنی استاد [illegible] نور العین خدمات
ہوائی کو انگریزی زبان مین تالیف کرچکی ہی
سند اسکی پیشتر [illegible] سی لیکر ذیل باب ایک
اہل ہند کی محاورے کی مطابق سلیس اردو زبان
مین تائید سی منشی رضی الدین احمد کی لکھہ بہوت سی
صاحبان کالج فورٹ ولیم کی آگی [illegible] امتحان
مین فارسی اور اردو زبان کی عزت مقبولیت
حاصل کی ہی اور سند اپنی لیاقت کی پائی ہی ترجمہ
کیا * اور اسکو اس دیار کی لوگونکی خاطر چہپوا دیا تا کہ
ہند اور بنگالی کی جو لوگ انگریزی نوشت خواند سی بہرہ ور
نہین وی بہی مطالب سی اس کی مستفید ہووین
اور باقی ابواب رسالہ مذکورہ کی جنکو اپنی قلت
فرصت کی سبب [illegible] باتمام کو نہ پہنچا سکی
فنگین صاحب کی مطبع خانی مین چرچ مشن پریس
کی چہپتی ہین۔ غالب ہی کہ عند الاختتام مطبوع
انام اور مفید خاص و عام ہووینگی۔
زبان ہیچمدان مولف کی ادای شکر احسان مین جا کا ن

عالیشان کورٹ آف دایرکترس سرکار دولت مدار
گورمنت صوبہ بنگالہ و ممالک مغربی جلیلان
ذیشان بورد آف ادمنستریشن دیار پنجاب کی کہ جنکی
تفضلات و عنایات کی وسیلی رسالہ مذکورہ انگریزی کی
ترویج دور و نزدیک کی اضلاع و امصار میں کثرت اور
بعنایت کی ساتھ عمل میں آئی نہایت عاجز اور
بغایت قاصر ہی

اور حلاوت شکر سی جناب طامس صاحب
بہادر لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی کی کہ جنہون نی
سبکی پہلی رسالہ مذکورہ اور اوسکی اردو ترجمہ کو اپنی
علاقی کی اندر رواج دینی کی لئی ایما فرمائی لب میری
بند اور کام شیرین ہی

دیکھنی والون کو چاہئی کہ جو باتین بلا نظیر اور تانون اور
کنسٹرکشن کی انکو نظر تیزی عبارت مولف کی جانب
ارباب بصیرت سی امید یہ ہی کہ اگر اس رسالی
میں بعض سطر جلی جلدی سے سہو یا خطا دیکھین تو اسکو
دامن عفو سی چھپاوین اور اصلاح سی نگذرین

اشتہار

مجھ مترجم نے اس جلد دوم میں دستور العمل مؤلفۂ جناب ولیم گلفرس صاحب
بہادر کی انگریزی عبارت کو دسویں باب سے بیسویں باب تک بہ عبارت سلیس و
محاورہ اہل ہند کی زبان اردو میں اعانت سے منشی نصیر الدین احمد کی کہ جلد
اول کے ترجمے میں بھی معین تھے بطرز بیان مؤلف کے ترجمہ کیا و ممالک ہند
و بنگالہ کے باشندوں کی خاطر کہ جنکو انگریزی دستخواند سے بہرہ نہیں طبع خانے
میں باہتمام مسٹر کے چھپوا دیا تاکہ مؤلف موصوف کی قلت فرصت کے سبب
ترجمے نسخے مذکورہ موقوف ہوا ور خلائق استفادے اسکے محروم نہ رہیں *
سو انگریزی کی عبارتوں میں جو اصلاحیں کہ مؤلف موصوف نے اپنی طرف
سے اور بابو رامان پرشاد رای وکیل سرکار عدالت صدر دیوانی کلکتہ اور بابو بینی بابت
بوس منصف چوکی علی پور ضلع ۲۴ پرگنہ و مسٹر ایس ڈیکاسنتا منصف ضلع آرا کی
تبدیلی سے تھے اگر مجھ مترجم کو آگاہی فرمایا تھا سو میں نے انتہائے کتاب میں
ایک الگ ضمیمے میں بقید شامل کتاب کیا *
اصل نسخہ انگریزی کے باقی ابواب بھی باہتمام مجھ مترجم کے مسطح مذکورہ
میں چھپ رہے ہیں اغلب ہے کہ وے بھی زمان قلیل میں مطبوع ہو کر مفید
خلائق ہونگے ان شاء اللہ المستعان *
ارباب بصیرت سے امید یہ ہے کہ اس رسالہ میں جہاں کہیں کسی طرح کے
کچھ سہو یا خطا دیکھیں اسکو اپنی عفو سے چھپا دیں اور اصلاح سے نگذریں *

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۳	۱۳	مسموع	رجوع	[illegible]	۱۳	انفکاک	بیع مکمل
۱۶	۲	منظوری مقابلے	ارجاع مقدمہ	۱۰۳	۱	انفکاک	بیع مکمل
۸۳	۹	جج	عدالت	۱۱۰	۱۷	جج	عدالت
[illegible]	۱۲	۱۳۱۲	۱۱۹۳	۱۲۰۳	۶	رہا	نرہا
۸۴	۵	مین		[illegible]	۸	بابا	نیا یا
۹۶	۹	مراتب	مراتب مقصودی	۱۴۴	۱۲	سکے	سکی
۹۴	۲۰	زید	عمرو	۱۵۳	۸	سے	کی

اس رسالے کے صفحہ ۱۴۲ مین تحت مین آئین عام کے لکھا گیا ہے
کہ آیا جس صورت مین کہ شراکت دار مستغیث کے لئے اوسکے
اپنے حصے کے عوض خورد و نوش کے واسطے کچھ مبلغ یا زمین
اوس گروہ کے شراکت داروں یا شراکت دار کے طرف سے
مقرر ہے ہو یہہ آئین عام نہین بلکہ آئین خاص واسطے بنارس کے ہے۔
اور صفحہ ۱۴۳ کی دسوین سطر سے صفحہ ۴۲ کی چوتھی سطر تک
جو خلیت کے مادے مین لکھا گیا ہے وہ منشا سے مضمون ایکٹ
[illegible]

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲۱۲	۲	تنہی	تنہا
[illegible]۲۳	۵	استدعای ثانی	
۲۱۳	۵	جو حمد ہی تو	〃
۲۲۶	۱۰	فریادی نی	فریادی
۲۷۱	۱۴	یین	مین
۳۱۱	۳	کا	گئی
۳۱۳	۹	حکم	[illegible]

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳۱۵	۲	شی مذکور	شی مذکورہ
۳۲۶	۱۵	کی	کا
۳۲۷	۷	کا	کے
۳۵۷	۱	حقیت	حقیقت
۳۶۵	۳	ہو	ہون
۳۸۸	۸	[illegible]	ہوگی
۵۱۸	۱۷	لایا	لاتی
۵۱۷	۱۱	ہوگی	ہو گا

بیان مین اُن اشخاص کی جو عدالت مین مقدمہ درپیش کرنیکی قابلیت رکھتی ہین

فصل

مقدمونکی ماہیت کی بیان مین

مقدمہ وہ ... عبارت ہی گذراننی سی ... غرض ... استغاثہ کی عدالت دیوانی مین جو کہ فریادی یا مدعی لا... کسی حق کی یا کسی حق تلفی کی داد کو پہنچنی کی مطلب سی بلا واسطہ عدالت اُس حق یا اوس داد کو نہ پہنچ سکنی کی سبب درپیش کیا ہو *

بعض اقسام کی دعوونکی بھرپائیکی لئے سرکار کی طرف
سے خاص اور سیدھے طریقے دستور العمل سب کے
مقرر ہین *
مقدمہ خفیف * کہتے ہین اُن مقدمونکو جنمین فریادیا
اپنی دعوی کی بنیاد کا ایئن کے حکم عام کے مطابق ہونا
عرضی دعوی مین مندرج کرے اور احکام خاصہ مین سے کے
کسی حکم سے استفادہ نہ کرے *
اس رسالہ مین صرف مقدمات نمبری کا دستور العمل
قلمبند کیا جاتا ہے اور یہان غرض مولف کی یہہ ہے کہ
حجت اوری اور مباحثے کے واسطے اور نزاع و تحقیقات
امورات کے لئے۔ اور مقدمہ کے انفصال کرنے اور
روبکارین لکہنے کے واسطے۔ اور جائداد قرق کرنے اور
دیگر جائدادونکو دخل دلانے کے لئے۔ مطابق ایئن کے جو طریقے
مقرر ہین لوگون پر واضح ہوجاوین *
برخلاف ایئن و قانون کے مطالب کو کہ جسکی لگاوٹ
اس دستور العمل کے عین مقصود ہے بیان کرنا منظور نہین ؛
اور حقیقت مین ان دو قسم کی مدعا کو جو کہ باہم

ہوسکتے ہیں ایک دوسرے سے بالکل الگ کرنا محال
ہی بر بعض مقام ہیں جو کچھ درباب واجبی حقوق سب کے
قلمبند ہوئی ہیں وہ محض واسطے بتلانے طریق پانے
حقوق کے ہیں اس رسالے کی اصل مطلب کے ساتھ
ضمناً اور عارضاً لکھی گئی ہیں ٭

سرکاری مقدمات

سوای چند اشخاص کے ہر ایک قوم اور ہر ایک
درجے کے لوگونکو عدالتوں سے مستغیث ہو نیکی
اور صاحبان عدالت سے مطابق آئین و انصاف کے
جو کچھ اعانت پانے کے وہ مستحق ہوں اُسکی
درخواست کرنیکی لیاقت حاصل ہی (۱) اور خود
سرکار بہادر بھی رعیت طرح ہر خواہ اپنی یا غیر کی دعوی
پھر پانے یا دلا پا دینے کے لئے عدالتوں میں بذریعہ درخواست
کے ارجاع نالش کرتی ہی ٭
مقدمات سرکاری بذریعہ صاحب کلکٹر یا سرکار کے

(۱) ق ۳ سنہ ۱۷۹۳ د ا

اور کسی عہدہ دار کے کہ جنکی علاقی بی ایندر بنا ہی
معاملہ واقع ہوئی ہو عدالت مین درپیش کئی جاتے ہین
اور تدبیرات وپیروی آن مقدمو نکی وکیل سرکار کی
معرفت مطابق حکم اس عہدہ دار سرکاری کی کہ جہون سے نی
عدالت مین معاملہ رجوع کیا ہو عمل مین اتی ہے اور
اخراجات مقدمہ سرکار کی طرف سی ملتی ہین

۳ فصل

سلاطین ہند (ب)

اگر ہند کا کوی راجہ یا بادشاہ خواہ ممالک محروسہ
سرکاری مین رہتی ہون یا اور کسی ملک مین، احدٌ
من الناس کی طرح ہر کچھ دعوی بابت زمین وغیرہ کی
دلایا جا ہین اور وہ مقدمہ ایسا ہو کہ اگر کسی رعیت
کی طرف سی درپیش ہوتا تو قابل سماعت کی
ہوتا، تو اس صورت مین جناب گورنر جنرل صاحب
بہادر با جلاس کونسل ایسی مقدمی کو عدالت مین
دایر کرانی کا حکم دیونگی اور ایسی متنازعہ مطابق ائین کے

(ب) ایضاً ۱۶ ع ۱۴ ا سنہ ۱۷۹۳ و ۱۵۵

جس عدالت کی تجویز کے قابل ہو اُسی عدالت کی صاحبان فیصل کرینگی (ت)

مقدمونکی پیروی کا طریق

اور اس مادے کی مقدمونکی پیروی بذریعہ صاحبان کلکٹر مال کے مطابق حکم صاحبان بورڈ آف ریونیو کے جو کہ جناب گورنر جنرل صاحب بہادر نے باجلاس کونسل اس امر کی بابت ارشاد فرمائینگے وکیل سرکار کی معرفت عمل میں آوینگی (ث)

(۱)

سلاطین و بادشاہ ہند و بنگالہ اپنی رجوعی کی بات زمین کی نالش نہیں کر سکتے ہیں

ہر سلاطین ہند کی طرف سے یہاں کی محکموں میں ارجاع نالش کی باب میں یہہ آئین جو مذکور ہوا صرف اونہیں مقدمات میں بکار آمد ہوگا کہ جو وے بطور احدٌ من الناس کے رجوع کئی ہوں الا جن مقدمات میں کہ کسی زمین پر اپنی رجوعی کی علاقی کے اندر اور سرکار بہادر کی قلمرو سے باہر رہنے کی اظہار سے دعوی رکھتے ہوں (ج) انفصال اُس دعوی کا سرکار بہادر کی ساتھ عہد و پیمان کی ذریعے سے عمل میں آویگا اور جو مقدمہ کہ

(ت) ق ۱۸ سنہ ۱۷۹۳ع ۲ دفعہ ۱
(ث) ایضا دفعہ ۳

(ج) ولیم مگفرسن صاحب رجسٹر سپریم کورٹ اپیلانٹ بنام خواجہ کافریل آبی تنکسٹر استقاؤس دبی تالی شہادت وغیرہ رسپانڈنٹان،

مقدمات متعلقہ نواب ناظم بنگالہ

جناب ناظم بنگالہ کی طرف سے دائر ہوئی وا لا
ہوا اُسکی تدبیرات صاحب اجنٹ سرکار کریں یا اور
جو کوئی صاحب عہدہ دار سرکار کی طرف سے خدمات
نظامت کی ادا کرتی ہوں کرینگی

ہنود کی سیوای دوسرے ...

ہنود کی سیوای دوسرے دربار کے رو سے

بیگمات نے ملک کی اہل سلطنت کو اس ملک کی
دیوانی عدالت میں ارجاع دعوی کا اختیار حاصل ہی نسبتہ مطلبکہ
سرکار بہادر اُس اہل سلطنت کی ذات پر معترف

اگر سرکار انگریزی کے ساتھہ معارفت رکھتی ہوں

رہیں، نہیں تو نہیں چونکہ بیگمات نے اہل حکومت کے
ساتھہ یہاں کی سرکار کی واقفیت رہنی یا نہ رہنی کی بات
خلائق میں مشتہر رہتی ہی لہذا صاحبان عدالت کو
چاہئے کہ متخاصمین سے طلب ثبوت نکریکے اپنی
اختیار مطابق یا موافق ضابطۂ عدالت کی اُس مقدمے کے
تحقیقات کرکی مسموع یا نامسموع کریں ہر بغیر ملک
کی اہل حکومت کا مقدمہ ایسی شروط کی ساتھہ

(خ) ق ۱۹ سنہ ۱۸۲۵ء ۲۰ ن کالی ناتھہ رای اپیلانٹ (مدعا علیہ) بنام اجنٹ گورنر جنرل نظامت مرشد اباد رسپانڈنٹ (مدعی) ت ۱۲ مارچ سنہ ۱۸۲۹ع

ہونا چاہئی کہ اُس سے صاحبان عدالت کی تجویز طرفین بالکل متخاصمین پر سرایت کرسکے، اور اسی لئی اس مقدمہ کی تجویز مطابق اُن قوانین مجلدیہ کی جو نسبت ہین مرو مان غیر تابع علاقہ عدالتہای ملکی کے مروج ہین ہونے ضرور ہی، اور اس مادہ کے قوانین اپنی موقع پر بعد اسکی مذکور ہونگی

(۹)

جماعت

ہند کی شراکت وار جماعتین

مطابق قاعدہ کلیہ کے سب داد خواہون فریادیونکی طرح ہر عدالت مین نالشی ہونا جایز ہی ہر کسیک گروہ کہ اُن مین بہت سی شرکا بسبب تجارت یا اور کسی مطلب کی متحد ہوتی ہین اُنکو اندروی آئین کے خصوصیت حاصل ہوتی ہی کہ اپنی مجموعی نام کی ساتھہ شخص واحد کی طرح متصور ہوکر اپنی سکرتری یا اور کسی عہدیدار کی نام ذریعی عدالت مین مدعی یا مدعاعلیہ ہین * اور اسی مبنا پر مطابق فصل ۵ قانون ۱۸۴۸ع کی

بالاستمال مدعی اور مدعاعلیہ ہوسکتی ہین۔

(رخ) عبارت ذیل صفحہ دیکہو

بنگال تا بتردد دیر ہوس اتر سی اپنش اور حسب
قانون ۶ سنہ ۱۸۳۹ع کی بنک آف بنگال اور بموافق
قانون ۱۹ سنہ ۱۸۵۴ع کی آسام کمپنی اپنی اپنی محرر عی
نام کی ساتھ عدالت مین مدعی یا مدعا علیہ ہوسکتی ہین
اور یونین بنک کو ازروی قانون ۴۳ سنہ ۱۸۵۴ع سببکی
اپنی سکرتری یا خزانچی کی نام سی مدعی یا مدعا علیہ
ہونی اختیار ہی اور بعد ازین جو کوئی جماعت
بطریق مذکورہ بالا منعقد ہون انکی حق مین بھی اسیطرح کی
خصوصیت سرکار کی طرف سی مل سکیگی (ت)

شرکت دار جماعتین جو سکہ بند نہین

اور اسیطرح کی خصوصیت ہر طرح کی جماعتون کو
انگلستان وغیرہ ملکون مین دوامی آئین کے روسی بھی
حاصل ہی اور وہی برطبق اسی خصوصیت کی اس
ملک کی عدالتون مین بھی مدعی ہوسکتی ہین پر انکو چاہئی
کہ اپنی ملکی حاکم کی طرف سی خصوصیت مذکورہ حاصل
رہنی کی بات ثابت کر کی یہانکی حکمون سی
دادخواہی کرین *

(ت) دیکھو کلکتہ گزیٹ مین مسودہ آئین در باب رجسٹری سرمایہ اجمالی جماعتونکی
ت ۱۳ اکتوبر سنہ ۱۸۴۹ع

فصل

[illegible] عدالت [illegible] ہیں

قلمرو سرکار سے خارج کے اشخاص نالشی ہو سکتے ہین

جو لوگ کہ علاقہ عدالتون کے سرحد سے باہر کے رہنے والے ہیں اُنکے بھی نالش یہانکے محکمون مین پذیرا ہووے گی بشرطیکہ اس طرح کا نالشی سرکار بہادر کا غیر ملکی دشمن نہو یا دشمن کے ملک مین بغیر اپنے حکمنامہ سرکار بہادر کے رہتا نہو*

خرچے کی عوض ضمانت دینا

اگر کوئی غیر ملکی اس ملک کی دیوانی محکمون مین مقدمہ پیش کیا چاہے تو اسکو خرچہ مقدمہ کے عوض ایک یا زیادہ شخصونکی ضمانت عدالت مین داخل کرنی ضروری ہے تاکہ عند الانفصال مقدمہ اگر مدعاعلیہ کے حق مین اخراجات مقدمہ بھر پانے کا حکم عدالت سے صادر ہو تو اپنے خرچہ کے پانے سے محروم نہووے (ذ)*

فصل

نواب ناظم بنگالہ کے علاقہ دار

اگر کسی مقدمہ مرجوعہ عدالت ضلع مین متخاصمین

(ذ) دیکھو باب ۱۶

نواب ناظم بنگالہ کی ذکر دن یا قرابتیون یا صوبہ بنگالہ کے
ناظمان سلف کی بیواؤن یا لڑکیون یا پوتیون وغیرہ مین
سے ہون اور یہہ بات فریادی کی عرضی دعوی مین سے
یا نواب ناظم کی طرف سے کوئی نگارش پہنچنے سے
یا وقت گذرانے جواب دعوی کے یا قبل اُسکے کسی
مدعاعلیہ کی اظہار سے معلوم ہو تو صاحب عدالت
اُس مقدمہ کو نواب ممدوح کی پاس بھیجدیگا وہ
کہین اُسکی پاس واسطے فیصل کی بھیجدیوینگی

۸ فصل

مفلسون کی نالشات

کوئی شخص کیسا ہی مفلس ہو اگر سرکاری محکمون مین
نالش کرنے کی لیاقت رکھتا ہو اور عدم لیاقت کی
مراتبات جو ذیل مین مندرج ہین (ر) اُن سے وہ بری
ہو تو مستحق ہی کہ اپنا دعوی دلاپانے کی لئے بلا ادخال
ضمانت بابت خرچہ کے مقدمہ ہارنے کی صورت
مین اُسی طرف ثانی کو دینا پڑتا ہی (ز) عدالت مین

(ر) ق ۱۴ سنہ ۱۷۹۹ و ۱۰۷ (ز) ذیل نمبر ۲ باب ۲

مقدمہ رجوع کریں اور چونکہ نہایت غریب لوگ دستور مطابق اخراجات معاملہ کی سربراہ نہیں کر سکتے ہیں اس لیئے ازروی آئین کے انکی حال پر رعایت ہی کہ وہ بے ایک الگ طریقہ پر اور ونکی بغیر نہایت کم خرچی کی ساتھ مقدمہ رجوع کریں*

(۱۱)

اور جس صورت مین کہ نالش کی دعوی واسطی بانی یا بعیر لینی دستاویزات وغیرہ کو اغذ کے یا بابت جرمانہ اور ضبطی کی یا بابت نقض احکام تو انین کے ہو تو اسکی نالش مفلسی منظور نہو گی*

مثلی دعوی کی قیمت اگر چو سو روپئی سی زیادہ نہ ٹھہری تو مفلسی مین نالش منظور نہو گی اور ایسی جس صورت مین کہ زر دعوی بابت نقصان وخرابی بسبب کے کہ فریادی کو اپنی قوم سی خارج ہو جانی کی سبب سی یا کسی کی گالی یا برا بھلا کہنے سی یا مار پیٹ سی یا اسی طرح کی اور کسی حرکت سی عاید ہوا ہو تو اسکی مفلسی بھی نا منظور ہو ویگی*

بر واضح ہو کہ ممانعت مقدمات خسارت انشبا

و املاک کی نسبت کار آمد نہین مثلا اگر کسی
خودکاشت رعیت کو کوئی بیدخل کردیا ہو یا کسی
شخص کے پانی روک لینے سے کھیت اسکی خراب
ہوگئی ہون (ر) اوروہ اس سبب سے اپنی خسارت
کی بابت مفلسی مین مقدمہ پیش کرے تو بیشک
قابل سماعت کی ہوگا۔

جب کوئی شخص مرافعہ اولی مین خواہ اپنی طرف سے ہو
یا کسی شخص نالایق (ش) کی جانب سے دعوی بطریق
مفلسی کی پیش کیا چاہے اور ہا اس مقدمہ کی اوپر کی
نالکی ہوئی اعتنہ اضون مین داخل کرے تو لازم ہے
کہ بذات خود عدالت مین یعنی جو حاکم اسکی درخواست
سننی کا اختیار رکھتے ہون (ص) انکی آگے حاضر ہو کر
پیش کرے اور درخواست اسکے مطابق قانون
۱۰ سنہ ۱۸۲۹ع کی جو درخواست متفرقہ کی واسطے معین

(ر) ۹۴۲ و ۳۰۲ ق ۲۹ سنہ ۱۸۱۴ع ک صدر آگرہ ۵ دسمبر صدر کلکتہ ۲۷ دسمبر سنہ ۱۸۳۷ع

(ش) کن نمبر ۱۲۵۳ سرکولر صدر کلکتہ ۱۴ اکتوبر سرکولر صدر آگرہ ۹ نومبر سنہ ۱۸۳۹ع

(ص) ایکٹ ۹ سنہ ۱۸۳۹ سرکولر آرڈر نمبر ۱۷۲ ۱۱ اگست ۱۸۴۳ع صدر لاہوری سابق ۲۵ اگست سنہ ۱۸۴۳ع

ہی کاغذ استٹامپ پر لکہی پر اگر سایل زن مخدرہ ہو
کہ مطابق رواج ملک کی اسکی نسبت مین
اصالۃً حاضر ہونیکا حکم عدالت سی صادر نہوسکی تو وہ
معرفت مختار کی کہ حسب ضابطہ مقرر ہو سوال اپنا
گذران سکتی ہی (۱۲)

مضامین درخواست

چاہئی کہ درخواست مین دعوی کی کیفیت اور
مقدمی کی وجہات اور مالیت شی دعوی (ط) اور
نام مدعاعلیہ یا مدعاعلیہم کی اور سایل کی کل اشیا منقولہ
اور غیر منقولہ کی فہرست بقید مالیت تخمینی کے
درج کی جاوی (ظ)

بادی النظر مین مقدمہ قابل سماعت کی ہی یا نہین اسکی تحقیقات

جس حاکم عدالت کی آگی ایسی درخواست
پیش ہو اسکو چاہئی کہ تحقیقات کرین کہ آیا انس
مقدمی کی عدالت مین مسموع ہونی کی لئی وجہہ
غالب ہی یا نہین *
اور مناسب ہی کہ صاحب عدالت ضلع بہبہ
تحقیقات کسی دوسری حاکم کی حوالی نکرین

(ص) دیکھو ضمیمہ ۲ فصل ۱ ق ۲۸ سنہ ۱۸۱۴ع (ظ) ق ۴۴ سنہ ۱۸۱۴ و ۶ فصل ۲
(ط) دیکھو ذیل مین باب ۱۴

کرین (ح) اور سایل یا سایلہ یا اسکی مختار یا گواہونکی اظہار لیکر اپنی تشفی کر لیوین اور اسطرح کی تحقیقات ہوتی وقت سایل مرد ہو نی سی بھی اسکا اصالتاً حاضر ہونا درکار نہین (خ) اور جاہئی کہ سایل سائلہ مختار یا گواہ کا اظہار ساتھہ حلف کی لیوین یا جن صورتون مین کہ حلف سے کے عوض حلف نامہ لینا جایز ہو تو حلف نامہ لکھا لیوین

درخواست دہندہ کو حاضر ہونا ضرور نہین

مقدمہ کی رجوع کرنی کی وجہہ غالب کی (ح) تحقیقات کرتی وقت اگر مدعی نی اصل تکرار کی مراتب سے کہ جستی اسکی واقفیت ضرور ہی برخلاف باتین درخواست مین لکہی ہون تو وی باتین اسکی نالش کی نامنظوری کی باعث ہونگی (ث) اور ایسی اگر بنای مقدمی کی وقوع کی تاریخ سی مدت دراز کی بعد عرضی پیش کی ہو تو اس تاخیر کی ساتھہ بعض بعض اور حالات کی رہنی کی سبب سی بھی وہ مقدمہ

(ح) سرکلر نمبر ۴، ۲۴، ت ۶ ۱۱ اگست سنہ ۱۸۳۳ع

(خ) اگست ۹، سنہ ۱۸۳۷ سید عبدی علی خان وغیرہ سائلان ۱۶ جولائی سنہ ۱۸۳۹ع

(ث) ق ۹ سنہ ۱۸۳۹ع و ۱۸۱ ن نمبر ۸۵ ۱۴ صدر آگرہ ۷ اگست صدر کلکتہ ۷ ستمبر سنہ ۱۸۴۰ع

(ق) نوشیر علی خان سایل ۱۱ جنوری سنہ ۱۸

صاحب عدالت کی رای مین بھی اصل منظور ہوویگا
بر مجرد تاخیر اگرچہ سماعت ایک حصہ تک ہو گئی ہو تو
درخواست مفلسی کی نامنظوری کی موجب نہو گی (ل)
درخواست گذرانی سے اگر صاحب عدالت
ضلع کی رای مین کوئی وجہہ غالب واسطے رجوع ہونی
اسمقدمہ کی نہ ٹھیری تو وہ درخواست نامنظور
ہو گی اور ایکبار اس طرح نامنظور ہو چکنی کی بعد اگر
وہی سایل پھر اُسی مقدمہ کی بنای جدید کر کی یا جو کچھ
بات پہلی دفعہ کی درخواست مین چھوٹ گئی ہو اُسکو
عرضی مین مندرج کر کی یا جو کچھ غلطی کہ مرافعہ اولی
مین موجب نامنظوری کا ہوا ہو اُسکو سدھار کی پیش
کری تو صاحب موصوف کو ثانیاً اُسکی سماعت کا
اختیار نہین رہیگا بلکہ اس طرح کی دوبارہ درخواست کو
صاحب عدالت اپنی حکم کی ثانی تجویز جانکر مطابق
اجرای عدالت برتر کی عمل مین لاوینگی (م)

درخواست دوبارہ بطور درخواست ثانی کی تجویز کی متصور ہو گی

(13)

(ک) دیکھو ذیل مین باب ۴
(ل) حکم مومن بابتی سایل ۲۲ اپریل سنہ ۱۸۳۳ع
(م) کنبہر ۱۲۲۹ صدر آگرہ سی ت جولائی صدر کلکتہ سی ۲ اگست سنہ ۱۸۳۹ع

درخواست کی گذرنی سی اگر وجہ غالب واسطی منظوری مفلسی کی صاحب عدالت کے آگی ثابت ہو تو خود صاحب عدالت تحقیقات مدعی کی مفلسی کی عمل مین لاکر مطابق اسکی اس درخواست کو مسموع یا منظور کرینگی یا صدر امین اعلی کو تفویض فرماوینگی اور تب اعلی موصوف مدعی کے افلاس کی تحقیقات کر کی مطابق اسکی درخواست مفلسی کو منظور یا نامنظور کرینگی پر اپیل اسکا صاحب جج ضلع کی محکمی مین ہو سکیگا (و)

تحقیقات مفلسی

درخواست دہندہ کی مفلسی کی تحقیقات صاحب جج یا کہ صدر امین اعلی کو مفوض ہونی سی اعلی موصوف بذات خود یا کہ بذریعہ عملہ عدالت کی اپنی سایل سی اظہار لیوینگی پر اگر گذرانندہ درخواست زن محذرہ ہو تو اسکی مختار کا اظہار درباب مراتب مندرجہ درخواست مذکورکی لیوینگی اور پوچھینگی کہ درخواست دینی کے کچھہ آگی سایل نی اپنی شی منقولہ یا غیر منقولہ کو

(ن م) ق ۳۳ سنہ ۱۸۱۴ع (و) ب ۲۵ سنہ ۱۸۳۰ع دفعہ ۸ ۔ سرکلر نمبر ۲۷ ت ۱۱ اگست سنہ ۱۸۴۳ع

بطریق بیع یا رہن یا ہبہ وغیرہ کے منتقل کیا ہے یا نہیں، اور اُس طرح کا اظہار یا تو با حلف لیونگی یا مطابق دستور عام کے حلف کے عوض حلف نامے کے ساتھ لیونگی (۱)

عدالت میں اصالتاً حاضر آنا ضرور ہے

سائل کیسا ہی ذی عزت ہو اگر مرد ہووے تو اظہار دینے یا زبان بندی کرانے کے لیے اسکو عدالت میں اصالتاً حاضر آنا ناگزیر ہے گا (ب)

سائل کو جتانا چاہیے

اور صاحب عدالت کو زبان بندی کرتے وقت چاہیے کہ سائل کو یا جو اسکا مختار ہو اسکو جتا دیویں کہ اگر وہ جان بوجھ کر جھوٹ اظہار دیوے یا در باب اپنی املاک یا انتقال املاک کے کہ انہیں دنوں میں کیا ہو فریباً کوئی بات چھپاوے تو بجرم خلاف حلف لایق مواخذہ عدالت کے ہوگا اور در صورت ثبوت کے اسکو وہ سزا ملیگی جو اُس جرم کے واسطے مقرر ہے، اور جس وقت کہ سائل یا اسکا مختار اظہار کر چکے

(ا) ق ۲۸ سنہ ۱۸۱۴ع دفعہ ۵ ص ۳

(ب) سید مہدی علی خان سائل ۱۶ جولای سنہ ۱۸۴۷ع

تو اپنی اظہار دن بدستخط کر دیوے اور حسب [illegible]

حسب ضابطہ آن پر اپنی تصدیق کریں ث

اگر وقت زبانبندی کے صاحب عدالت کے

آگے ثابت ہووے کہ سایل بمقدار خرچہ عدالت کی ملک

یا مال رکھتا ہے یا درخواست مفلسی کی گذرانی سے

تھوڑے ہی دن آگے مفلسی منظور کرانے کی مطلب سے

اپنی ملک بطریق بیع یا ہبہ وغیرہ کی منتقل کرچکا ہے

تو صاحب موصوف سایل مذکور کی مفلسی کی درخواست

نامنظور کرینگے ث

پر اگر سایل یا سایلہ کا باپ یا ولی یا شوہر جایداد رکھتا ہو

اس جایداد کے سبب سے اسکی مفلسی کی درخواست

نامنظور نہوگی سایل کی عدم لیاقت کے سبب سے

اگر درخواست مفلسی کی اسکی باپ یا ولی یا شوہر نے

منجانب اسکے گذرانی ہو اور یہہ بات ثابت ہو گئی

کہ جب دہندہ درخواست مفلسی ہو ج اور گذرانند ہ

ت ق ۸۹ سنہ ۱۸۱۶ع د ۷ ہ ض ۷ ۴
ث الضا د ۷ ۵ ۵ ض ۷ ۵

ج چتورام نیواری سال ۱ سمبر سنہ ۱۸۴۶ع نقل اسارتیم د دوست حاتون سایلگان ۱۵ دسمبر سنہ ۱۸۴۵ع
سنہ افضل سلطان [illegible] ۱۱ سپتمبر سنہ ۱۸۴۴ع

درخواست بہ نسبت شے مدعا بہا کی اپنی بکسر دعوی
رکھتا ہو تو وہ نالش مفلسی منظور ہوگی

طرف ثانی کو اطلاع

15

اگر کسی سبب سے صاحب عدالت کو گمان
ہو کہ سائل اپنی اظہار کی ہوی جائداد مندرجہ
درخواست میں کہ لکھی ہوی اشیا کی سوای اور بھی
ملک رکھتا ہی یا انہیں دنوں میں منتقل کر ڈالا ہے
تو طرف ثانی کی نام ایک اطلاع نامہ بھیجیگی اور اس
میں ایک میعاد معین کر کی لکھ دیویگی کہ اگر کچھ عذر
سائل کی مفلسی کی باب میں رکھتا ہو تو اس میعاد
کے اندر پیش کری ع

اور مضمون اس اطلاع نامی کا بعبارت ذیل لکھا جائیگا ع

علامت دستخط حاکم

اطلاع نامہ عدالت دیوانی ضلع فلان بنام فلان مدعا علیہ ساکن پرگنہ فلان ابنکہ
چون فلان سایل ساکن فلان نے بنام تمہارے

[illegible]

بدعوی مبلغ فلان بطریق مفلسی ارجاع نالش کرنی کے
لیئے درخواست افلاس منظوری کی گذرانی ء اور وہ درخواست
واسطے تدارک و تحقیقات استطاعت سایل کے
اس ضلع کی صدر امین اعلی کو تفویض کی گئی لیکن اسکو
اطلاع دیا جاتا ہی کہ تاریخ فلان سنہ ۱۸۵-ع کی اصالتاً
یا وکالتاً صدر امین اعلی موصوف کی کچہری مین حاضر آکر جو
کچہ عذرات بہ نسبت سوال سایل کی رکھتی ہو اسکو
مطابق دفعہ ۶ ضمن ج قانون ۲۸ سنہ ۱۸۱۴ع کی پیش کرو
اور بعد بابی اس اطلاع نامی کی رسید و اقفیت
لکھ کر پیادی کی حوالی کرو تحریر فی التاریخ فلان*
بعد گذرنی درخواست سایل مفلس کی اگر مدعا علیہ
بموجب بابی اطلاعنامہ مذکورہ کی بھی عدالت مین
حاضر آکر عذرات بہ نسبت سوال سایل کی
در پیش کری تو عدالت کو لازم ہی کہ سایل کی
مفلسی منظور کرنی کی قبل مدعا علیہ کی عذرات کو
مسموع کری

اد منذ کنت جیوم

اور صاحب جج کو اختیار ہی کہ سایل کی مفلسی کی تحقیقات کے لیے گواہ طلب کریں یا حسب محلی ... میں سایل بود و باش کرتا ہو و مال ان کی سبرہ زمین میں حسب ضابطہ اپنی محکمی کی عملہ یا اپنی تابع منصف یا مقرر کئی ہوی امینوں میں سے کسی کی معرفت تدارک کروا دیں کہ سایل نی عنقریب اپنی کوئی جایداد منقول کی سے یا ہیں یا اپنی اظہار میں لکہوای ہوی اشیا کی سوا ی اور کوئی شی اسکی ملکیت میں ہی یا نہیں *

سبرہ میں تدارک

اگر تحقیقات ہوتی ہی یا اسکی بعد کسی وقت یہ بات بخوبی ثابت ہو وی کہ سایل یا سایل کے مختار نی اپنی اظہار میں جان بوجھ کی جھوٹھ بات لکھوائی ہی تو صاحب عدالت اسکی درخواست نا منظور کرینگی اور جو اسکی درخواست منظور ہو گئی ہو اور مقدمہ دایر ہو چکا ہو تو اسکو نیں ست کرینگی اور علاوہ اسکی حکم دینگی کہ وہ شخص بعلت جرم حلف دروغ کی سپرد دایرہ سایر کیا جاوی

د دیکھو ایدہ ۵ باب ۲۳ ر ۔ ق ۲۸ سنہ ۱۸۱۴ع د فعہ ۵ ص ۲۷

دوسرا باب

اشخاص جو ارجاع نالش کی لیاقت نہیں رکھتے ہیں

پہلا۔ اجنبی [illegible]

دیار اجنبی کا باشندہ نالشی ہوسکتا ہے

جو کوئی دیار اجنبی کا باشندہ یعنی سرکار کمپنی یا سرکار
ملک انگلستان کی رعیت نہو اسکو بھی اکثر صورتوں
میں اپنی حق [illegible] پانے کی لیے یہان کی محکمون میں
ارجاع نالش کا اختیار حاصل ہے،

جس دیار اجنبی کی سرکار یہان کی سرکار کا دشمن ہے وہان کا باشندہ نالشی نہیں ہوسکتا ہے

پر اگر درمیان یہان کی سرکار بہادر کی اور اُس
دیار اجنبی کی سرکار کی کہ فریادی جہان کا باشندہ ہے
دشمنی رہی تو اُس نالش کا مقدمہ یہان کی عدالتوں میں
مسموع نہوگا، اور اگر ارجاع نالش کی بعد اُس اجنبی
سرکار کی ساتھ یہان کی سرکار کی دشمنی پیدا ہوئی ہو
تو اس صورت میں بھی وہ مقدمہ روبکار نہ ہوگا، اور

کون دشمن اجنبی ہے

جو کوئی فریادی کہ دشمن اجنبی کی قوم میں سے ہو باوجود
حقیقت میں کسی دوسری سرکار کی (کہ جسکو یہان کی
سرکار کی ساتھ دوستی رہی ہو یا نہ خصومت نہ
صلح رہی ہو) رعیت ہو کر دشمن کی ملک میں رہتا

ہو یا تجارت کرتا ہو یا یہاں کی سرکار کی رعیت ہو کے
بلا اجازت اور حکم اس سرکار انگریزی یا کے دشمن کے
ملک میں جا کر رہے تو اسکو یہاں کی عدالت سے کسی
مدد نہیں دی جائیگی

اور اگر اوپر کی مذکور مطابق وہاں اجنبی کا کوئی باشندہ
جو یہاں کی عدالت سے مدد پانیکا مستحق نہیں ہے
کسی مقدمہ میں اصل فریادی ہو اور وہ مقدمہ لمطابر کسی
اور کی نام سے رجوع ہوا ہو تو وہ بھی نا منظور ہوگا

پر اگر اجنبی سرکار کی ساتھہ یہاں کی سرکار کی خصومت
پیدا ہونی سے قبل اوپر کی مذکور مطابق کوئی اجنبی
کسی لین دین کی بابت اقرار کیا ہو تو جب تلک
لڑائی رہیگی اُس اقرار کی بابت استحقاق نالش ملتوی
رہیگا، اور صلح ہونی پر نالش اسکی مسموع ہوگی

پر اگر وہ اقرار لڑائی کی حین میں ہوا ہو تو البتہ نامسموع
ہوگا، لیکن اگر جنگ و جدل کی مدت میں فریادی سرکار
انگریزی کی قید میں رہکر کسی لین دین کا اقرار کیا ہو تو
مقدمہ اسکا منظور عدالت ہوگا،

دشمن کی دیار کا باشندہ جو باجازت یہاں کی سرکار کی یہاں رہتا ہو

اگر دشمن کی ملک کا کوئی باشندہ سرکار انگریزی کی قلمرو کی اندر مطابق اجازت سرکار موصوف کے رہتا ہو تو جب تک کہ وہ دوستی کی چال سے چلے یہاں کی عدالتوں سے بخوبی مدد پانے کا مستحق رہیگا۔

اعتراض نامسموع ہو سکتی ہے

اور اس بارے میں جو کچھ اعتراض واقع ہو اسکو صاحبان عدالت فوراً مسموع نہیں کرینگے برخلاف اس صورت میں کہ شروع معاملہ میں مدعاعلیہ کی طرف سے درخواست اس امر کی گذری۔

(۱۴)

تیسرا باب

دے اشخاص جو نالش کی لیاقت اور حاجت نالش کی نہیں رکھتے ہیں

پہلی فصل

دے جو بالطبع نالایق ہیں

ہر ایک مدعی کا ذریعہ کسی شخص ذی ہوش کے ملنا ضرور ہے

چونکہ ہر ایک فریادی کی حق میں انصاف کرنا ضرور ہے اس لئے واجب ہے کہ اہتمام اسکی مقدمے کی اسکی مرضی اور واقفیت کے ساتھ ہو *

اور اگر مدعی صفات مذکورہ سے بے بہرہ ہو تو اسکی جانب سے کوئی اور شخص مقدمہ پیش کرے کہ

بموجب مقتضاي عدالت کی اپنی بچاؤ اور
تدبیرات مقدمہ کی باب مین تجویز کرنی کی قابلیت
رکھی اور خلاف ضابطہ کی اخراج مقدمہ کی باعث نو
عدالت مین اس معاملہ کا خرچہ ادا کرے گی

ہر ایک قوم کی رواج اور آئین کی مطابق ایک ایسی عمر
مقرر ہی کہ جو کوئی اتنی سن کو پہنچتا ہی اپنی امر کا
اور عقل کی ساتھ معاملہ کرنی کی قابل متصور ہوتا ہے
اور جو لوگ اس سن کو نہین پہنچی ہین وہ نابالغ
گنی جاتی ہین *

زمینداران قوم مسلمان اور ہندو مین

ہندو اور مسلمان مالکان محال خراجی اٹھارھوین برس
تک نابالغ گنی جاتی ہین اور محال اجمالی کہ جسکا
بٹوارہ نہین ہوا ہی اور اسکی نمبرداری کی لئی منجانب
مالکان ایک شخص براہ کارگذار رہنا منظور ہوا ہی اسکی
مالکون کی نابالغی کی مدت بھی خواہ مرد ہون یا عورت
اٹھارھوین سال کی عمر تک محسوب ہوگی ظ
باشندگان دیار ہند کی ہر ایک شخص کا سن بلوغ

ط ق ۱ بستہ ۱۷۹۳ع ۷ و ۲۳ ۷   ظ ق ۲۶ سنہ ۱۷۹۳ع و ۲ ۳ کا سی جد
ستوفی سایل ۲۸ جنوری سنہ ۳۷ ۸ع

بلحاظ اسکی بالیدگی جسم کی حساب کرنی آئی ہین ؛
پر چونکہ اس طرح کی حساب سے سن بلوغ سے
زیادہ مدت گذرنی کی بعد تدارک تحقیقات
(صورتہا مفقود ہوتی ہین کہ میعاد نالش منقضی ہونی کی
جہت سے ہین مدعی لیجئی نابالغی کا عذر پیش کیا ہو ع
دشوار ہوتا ہی ؛ لہذا مطابق ضابطہ اپنے ایک (۱۹)
سن کو حد بلوغ ٹھہرانا کرنا ناگزیر ہی تاکہ مطابق
اُس حد معین کی اشخاص عدالت دیوانی میں
جوابدہ ہون ؛

قوم مسلمان اور ہنود مین معمول کی مطابق

سن بلوغ قوم مسلمان اور ہنود کا جو کورٹ آف
وارڈس کی تابع نہین پورا سولہ برس تک گنا جاتا ہی غ

قوم ارمنی مین

قوم ارمنی کی لڑکون کا لڑکون سن بلوغ غالبا پورا اٹھارہ سال
محسوب ہوگا ؛
قوم ارمنی کی پادری سے صاحبان صدر دیوانی نے

ع ذیل مین باب ۹
غ بھیمن داس اپلانت بنام روپ چاند رسپانڈنٹ ۲۶ اپریل سنہ ۱۸۰۱ع مبادلج جوگو سنہ
نانبہ رای اپلانت بنام گلال چند ، را دھا موھن چودھری ، بہای وغیرہ رسپانڈنٹ سر مارچ ؛
سنہ ۱۸۰۳ع آئین محمدی مین مکناطن صاحب کی ۴۲ صفحہ مین ، وکیلوف ۲۶ سنہ ۱۷۹۳ع ؛
ق ۷ سنہ ۱۸۱۹ع

استفسار کیا تھا کہ تمہاری آئین کے مطابق لڑکیون کا سن بلوغ کتنے سال تک معتبر ہوتا ہے اور بیاہی یا نابالغ لڑکی اپنے خصم کی زیر حفاظت رہتی ہے یا نہین

جواب ہماری یہان لڑکی اپنے سن عروسی مین بالغہ متصور ہوتی ہے اور سن عروسی بارھوین برس کی عمر سے شروع ہوتا ہے اور بیاہی لڑکی خواہ بالغہ ہو یا نہین اپنے خصم کی حفاظت مین رہتی ہے ؛

پس پادری مذکور کی اس جواب سے کسی بیاہی لڑکی کا بلوغ یا عدم بلوغ دریافت کرنا دشوار ہے الا جس صورت مین پادری موصوف اپنے آئین کی مطابق جو سن عروسی کی لئے مقرر ہے قبل اوس سن کی بیاہا جانا اوس لڑکی کا ظاہر کیا ہو ، کیونکہ اگر سن عروسی سن بلوغ مقرر ہوا ، تو بیاہی لڑکی نابالغہ متصور نہین ہو سکتی ہے ؛

بقوم اہل ہند بنت الخمس مطابق آئین مروجہ ملک انگلستان ، ہسپین ، اور امریکا

ف ۳۰ اپریل سنہ ۱۸۳۶ء

. . . کے ، اور حسب قوانین مجاریہ حال ملک فرانس و بلجیم اور ہولانڈ کی ، اکیسواں سال حد بلوغ کی لئے مقرر ہی ، پر فرانس اور بلجیم اور ہولانڈ ، مردوں کی بیاہ ہوتی ہی وے معاً بالغ متصور ہوتی ہیں ، یا اگر ایک پندرہ برس کی لڑکی کا باپ یا ماں مرجانی کی صورت میں اسکی نا عدالت کی آگی حاضر ہو کر یہہ طلب کری کہ مجھی اس لڑکی پر حکومت پدرانہ یا مادرانہ نہیں وہ جس طرح چاہی اپنی معیشت کری تو وہ لڑکا بالغ متصور ہوگا ،

(20)

ویسٹ انڈیز میں

وہاں بند میں کوی آئین عام مقرر نہ ہنی کی سبب سے یوں مناسب ہی کہ جو اشخاص جس اہل ولایت کی نسل ہیں وے سن بلوغ کی باب میں اسی اہل ولایت کی آئین کی تابع ہوں کہ جہاں سے انکی بنیاد ہی ،

بر عشر بیب ایک مقدمی ق سے (کہ جس میں سایل گو ویسٹ انڈیز پر اصل اسکی انگریزی معلوم ہوتی تھی) یہہ بات معلوم ہوی کہ سایل بالغ یعنی ۱۸ برس کی عمر کو

ق راہم نراین مکہراجہ سایل ۱۸ اپریل سنہ ۱۸۲۲ع

پہنچنے کی بنا پر اوپر جائداد متروکہ موصیہ کے اپنی عدالت
سے دخل یابی کی استدعا کی تھی ۔ اور صاحبان صدر دیوانی نے حکم
درباب عدم بلوغ کے اسکے جیسا کہ قرین قیاس تھا
تکرار کے خالی ہونے فرمایا کہ وصیت نامہ کے مضمون سے یہ
مفہوم ہوتا ہے کہ سائل کی موصیہ نے اسکی حد بلوغ کو
اکیسویں برس کی عمر تک ارادہ کیا ہے

جو نابالغ زیر حفاظت کورٹ آف واردس کی ہیں اُنکی طرف سے کون نالشیں ہو سکتی ہیں

جب کسی نابالغ زمیندار کی جائداد زیر حفاظت کورٹ
آف واردس کی رہے تو اُسی عدالت کے حکم
مطابق اُس جائداد کے تدبیر کاری کے لیے جو کوئی وکیل
یا سربراہ کار مقرر رہے اسکو مناسب ہے کہ اُس
نابالغ کی اشیاء منقولہ وغیرہ منقولہ کی بابت جو کچھ
معاملہ مقدمہ کرنا ہو سو مطابق ارشاد عدالت موصوفہ کے
کیا کرے ۔ اور اسکو ان معاملات کے کرنے میں
وکیل سرکاری کی مدد مفت نہیں ملیگی

مقدمات اُن نابالغوں کی جو زیر حفاظت کورٹ آف واردس کی نہیں ہیں

اور جس زمیندار نابالغ کا اشیا کہ زیر حفاظت کورٹ
آف واردس کی نہیں ہے ۔ اسکی مورث کی

ک ق ۱۰ اپریل سنہ ۱۸۰۹ع د ۲۳۴ ض ۱۶ کنس نمبر ۳۲۲۵ ت ۲ فروری سنہ ۱۸۱۲ع

طرف سے جو شخص وصی رہے یا ازروے آئین کے جو کوئی اسکا وصی ہو وہی اسکا قایم مقام ہوکر معاملہ پرواز ہی کریگا اور ہر ایک مقدمے کی بابت آئین مطابق جو کچھ احکام عدالت کہ اُس نابالغ کی بالغ رہنے کی صورت مین ل اُسپر جاری ہوتا اُسے وصی یا ولی مذکور کی نسبت اجرا ہوینگا

ہر مدعی نابالغ کی طرف سے ارجاع مقدمہ کا اختیار صرف اسکے ولی کو کہ حسب ضابطہ مقرر ہے نہین ہوتا ہے کیونکہ ممکن ہے کہ وہی ولی خود اُسکا حق اُس سے ورلیغ رکھے یا نقصان کرے یا جن باتون کی محافظت اسکے ذمے ہے اُسکے کرنے مین غفلت کرے

نابالغ کی طرف سے جو کوئی نالش ہوسکتی ہے

اسلئے نابالغ کے ہر ایک قرابت دار کو خواہ مطابق ضابطہ کے اسکا ولی ہو یا نہو اسکی طرف سے دعوی پیش کرنیکا اختیار حاصل ہے م

استثنا

برحکم مذکور سے جو لوگ کہ مطابق آئین کے ولی نہین انکو نابالغ کی طرف سے کسی مبلغ کے واپانے کی نالش کرنیکا اختیار حاصل نہوگا *

ل کنس نمبر ۲۳۵ ت ۲ فروری سنہ ۱۸۲۱ ع
م ہشت جندر کرسیل ش ۱۷ جولائی سنہ ۱۸۴۷ ع

مطابق آئین کی زیر کو منجانب کسی نابالغ کی اسکی مورث (جو بار وصیت برگز نتھا) اعلیہ عدالت میں دلاپائیکی لئی نالشی ہونیکی اجازت حاصل تھی اور عمرو کی منجانب نابالغ مذکور کی بدعوی ایک مبلغ کی جو متوفی مذکور کی جائداد کا بعض حصہ تھا ایک مقدمہ عدالت مین درپیش کیا تھا اور حاکم عدالت نی اس مقدمی کو نامسموع کیا (۱)

منجانب کسی نابالغ کی کوی مقدمہ عدالت مین درپیش ہونی مین رضا اس نابالغ ضرور نہین *

سودائی، دیوانہ مادرزاد، وغیرہ جو کوئی نسبت نقصان یا ضعف طبعی کی اپنی مہمات کی اہتمام کرنی سی قاصر ہی اس کی حقوق بھی مقدمات نابالغ کی طرح بر فیصل کئی جاینگی،

سودائی، دیوانہ مادرزاد وغیرہ

(۱) بی بی اشرف النساء عرف بھیجہ بانو زوجہ روشن علی اہلکار متوفی بنام صاحب رجسٹر سوپریم کورٹ سربراہ کار جائداد نجم النساء بیگم دختر نابالغ حسین علی رسالہ دار کی ۳۰ ستمبر ۱۸۴۰ع فی ۵ نمبر ۷۴۹ ع د ۳ دیکھو مقدمہ راجہ کاشی ناتھ رای وغیرہ اہلکار کا بنام نواب دلاور جنگ رسالہ دار کی ۱۲ مئی سنہ ۱۸۱۰ع

دعوی پر اُس منکوحہ کا حق نکاح سے قبل جاری ہوا ہو
یا بعد نکاح کی، دونو صورت میں جورو خصم باہم ایک
ہوکر اُس مقدمہ کو سنے دیے اور اُسکی پیروی کرینگی، تاکہ
مقدمہ جیتنی کی صورت میں عدالت موصوفہ کی حاکمان
ایسی بی بی کی (جو کہ اپنی حق کی حفاظت نہیں کر سکتی
ہی) حق کی حفاظت کریں اور اُس میں سے بھی
ایک مقدار مناسب (اگر منقولہ ہو) واسطے اُسکی
اور اُسکی لڑکی بالونکی کسی معتبر جاگہہ پر تھاتی رکھوا دینگی،
مگر جس صورت میں کہ وہ بی بی حاکمان عدالت
کی آگی اپنی شوہر کی نسبت میں یہ اقرار کر دیوے
کہ میں نی اپنا اور اپنی لڑکی بالون کا حق اپنی
شوہر کو ہبہ کیا تو اُن کی حقوق امانت نہیں رکھوانی
ہیں *

کس صورت میں جورو تنہا نالش کر سکتی ہی

مگر جس حال میں کسی کا شوہر کسی جرم سنگین
مثل عداوت سلطنت وغیرہ کی بابت مطابق حکم
آئین کی دایم الحبس یا شہر بدر ہو جاوے، یا وہ
تابع عدالت سرکار کی نہ ہی اور دوسری بادشاہ کی

تابع رہی تو کسی مقدمہ مین ہو اسکی جورو تنہا مدعیہ ہونا
جایز ہی *

کس صورت مین بیاہی عورت اپنی کسی یگانی کی ساتھہ ملکر نالش کر سکتی ہی *

(23

جن مقدمون مین کہ جورو کی حقیت اسکی شوہر کی
دعوی کی برخلاف ہو تو جورو کو جایز ہی کہ اپنی کسی
یگانی کی ساتھہ ملی اور وہ شخص مطابق انگریزی
آئین کی اسی عورت کی نام سی باسترضا اسکی
عدالت مین مقدمہ پیش کری کیونکہ شوہر اسکا اس
مقدمی مین خود مدعا علیہ اور مدعی دونون نہین بن سکتا
ہی *

اور وہ یگانہ کہ جسکی معرفت جورو کو اپنی شوہر
کی نام پر ارجاع دعوی کرنا جایز ہی * اس عورت
کی طرف سی مقدمہ مفلسی مین نہین پیش کر سکتا
ہی *

ہر قوم الیسٹ انڈین یعنی متیسا کی بیاہی عورتون سی
بابت کوئی آئین خاص مقرر نہین ہی * ان کی حق
مین مطابق قیاس کی وہی آئین جو ولایت زا بیاہی
عورت کی لئی مروج ہین کار آمد ہونگی *

چوتھا باب

بیان ان ...

جو کوئی شخص منفرد یا جو جماعت کہ کسی شئی
متنازعہ میں حقیقت رکھتی ہو اسکے نام پر ارجاع نالش
ممکن ہے اور سوای اشخاص مستثنی کے جو آیندہ
مذکور ہوویںگے اور کسی کو بسبب اپنے مسکن مولد
اور گھرانے کے یہہ رتبہ نہیں ہے کہ احکام عدالت
دیوانی کے تابع نہوت

فصل ۲
ملکہ انگلستان

اگر کسی متنازعہ جناب ملکہ انگلستان دام دولتہا
کے دخل خاص میں ہو یا کسی شئی دعوی میں حقیقت
جناب ممدوحہ کی پہنچتی ہو اور اس سبب سے فریادی اپنی
کسی دعوی کو چھوڑ اپنے کا ادعا رکھے تو اسکو لازم ہے

ت ف ۳ سنہ ۱۷۹۳ ع ۶ و ۷ آکٹ ۲۳ سنہ ۲۳ ع

کہ ملک ممدوحہ کی نام پر مقدمات میں داخل نکرے کی عرضی استغاثہ انہیں کی خواب میں بھیجدے تو بموجب مطابق حکام مجوزہ کی تو تا حقاً حب اُن کی طرف سے مدعا علیہ بن کی اُس مقدمہ کی جوابدہی عدالت دیوانی میں کریگا ۔

گورمنٹ

کسی مقدمہ میں ہو سرکار بہادر خواہ اپنی بابورڈ ریونیو یا صاحب کلکٹر کی نام سے مدعا علیہ ہوسکتی ہی اور سرکاری عہدہ دار صاحبان بھی اپنی علاقے کی بابت سرکار کی جانب سے مطابق حکم اُن کی مدعا علیہ بن سکتی ہیں ۔ اور مطابق احکام مندرجہ قوانین کی خصوصاً جو نیچی لکھی ہوی مراتب سے زیادہ واضح ہو دیگا کہ دعوی بنام سرکار رجوع کرتی وقت مرافعہ اوی میں پہلی انہیں بورڈ ریونیو صاحب کلکٹر وغیرہ ملازمان سرکاری کی پاس عرضی دادخواہی کی گذرانتی مناسب ہی ۔ ث

ث ۔ ق ۱۳ سنہ ۱۷۹۳ع ۔ ۲۸ ق ۱۰ سنہ ۱۸۱۶ع ۔ ۲ ق ۱۳ ۔ ۳ ۔

اگر کوئی شخص بابت دعوی اراضی یا املاک کی کہ وہ
سرکاری قلمرو کی اندر قبض و دخل مین کسی رئیس ہند کی
واقع ہو نالش بنام اُس رئیس کی عدالت مین پیش
کری اور صاحبان عدالت کو طلب کرنا رئیس مذکور کا
واسطی جوابدہی مقدمہ کی نامناسب ہو یعنی جو رئیس تابع
سرکار کی نہووی خواہ وہ رئیس ممالک محروسہ مین رہتا ہو
یا اور کسی ملک مین ـ گورنر جنرل بہادر با جلاس کونسل
ایک صاحب ملازم سرکار کو اسکی طرف واسطی
جوابدہی اُس مقدمہ کی مقرر فرماوینگی اور وہ ملازم سرکاری
مطابق مذکور سابق کی جوابدہی اُس کی کریگا ج
ناظم بنگالہ کی نام پر کوئی مقدمہ عدالت مین دربیش ہووی
سی سرکار کمپنی کی طرف سی جو صاحب کہ مرشدآباد مین
ایجنٹ رہین وہ مدعا علیہ بن کر اُسکی جوابدہی کرینگی ح
اور نواب فرخ آباد کی نام پر نالش ہونیکی صورت

ج صفحہ مرقومہ ۳۲ ق ۱۰ سنہ ۱۸۱۲ع ۲۶۲ ض ۱ ۱ ۲ ۳ ح ق ۱۹ سنہ ۱۸۲۵ع د ۲ ۳

میں تجویز اسکی مطابق قانون ۲ فصل ۸ سنہ ۱۸۰۳ع کی اور
بنام راجہ بنارس کی کوئی مدعی ہونی کی صورت
میں اُس مقدمہ کی تجویز مطابق قانون ہشتم سنہ ۱۷۹۵ع
کی عمل میں آویگی
اور جب کسی رئیس خود مختار کی نام پر اُسکی کوئی
رعیت وغیرہ نالش پیش کری تو کمپنی کی عدالت
میں وہ مقدمہ مسموع نہوگا خ

۲ فصل

جماعت

اگر کوئی شخص ارجاع نالش بنام کسی جماعت کی کیا
چاہی تو مطابق اُسی آئین خاص کی جو ان کی بابت مقرر
ہی نالش اپنی عدالت میں درپیش کری ، اور
ان کی آپس میں کچھ اختلاف ہونی کی صورت
میں اُن میں سی ایک دوسری کی نام پر جس طرح
نالش کرتا ہوتا ہی وہ اس دستور العمل کی گیارھویں
باب میں مندرج ہی ، دیکھہ لیوی ،

خ سنہ ک ۶ تاریخ سنہ ۱۸۳۶ع

ممالک محروسہ کی باہر رہنی والا خواہ انگریز ہو یا دوسرون کی ساتھ ایک جماعت مین داخل رہی اسکی نام مین بھی مقدمہ بہان کی عدالتون مین داخل ہوسکتا ہی *

فصل

متعلقات نواب ناظم بنگالہ دی

جس مقدمہ مین کہ طرفین نواب ناظم کی قرابتی یا علاقہ دار ہون اس مقدمہ کی فیصل کرنیکا طریقہ صفحات مسبوقہ مین مذکور ہو چکا *

اگر کوی شخص غیر نواب ناظم کی کسی نوکر یا چاکرون کی نام پر ارجاع نالش کری تو جس عدالت مین وہ مقدمہ پیش کری وہان کی صاحبان عدالت کو چاہی کہ یا تو اس مقدمہ کو نواب ممدوح کی حدمت مین بھیجدیوین یا مطابق ضابطہ عدالت کی آپہی

د صفحہ مزبورہ ۹

اسکی تجویز کرین پر لازم ہی کہ ہمیشہ ر مقدمہ مین
انصاف اور حقوق مقررہ نواب نامدار کو خوب دلدہی
سی لحاظ کرتی رہین ہ ہر جس صورت مین کہ مدعی
یا مدعا علیہ حاجی کہ مقدمہ اسکا کمپنی کی عدالت ہی مین
فیصل ہاوی تو مطابق ضابطہ کی تجویز اسکی عمل مین لاوین ق

(26)

متعلقان نواب

اگر کوئی شخص نواب فرخ آباد کی کسی علاقہ
وار یا نوکر یا قرابت وار یا ہان کی نواب سلف کی
بیواؤن لکہ کرین کی نام پر دعوی پیش کیا جاوی ر تو اسکو
لازم ہی کہ پہلی اپنا مقدمہ عدالت ضلع مین داخل کری یا
تب صاحب عدالت ضلع اس مقدمہ کو نواب
ممدوح کی پاس بھیجدیوینگی ز اگر نواب نابالغ
ہو تو تجویز اس مقدمی کی اسکی ولی یا اسکی ہمراہ کار خاص کی
حوالہ کرینگی س ہر درصورتیکہ صاحب جج موصوف سمجھین

ق ف ۱۷ ابسہ ۱۷۹۳ع د ۰۱۰۷ دیکہو مقدمہ نواب سید اسد اللہ خان اپلانٹ بنام
سمرچند وغیرہ کو مہاجن ۲۹ جون سنہ ۱۸۳۰ع
ر حکم گورمنٹ ۱۵ جون ۱۸۳۳ع نمبر ۱
ز ق ۲ سنہ ۱۸۰۳ع د ۰۸۷ کنس نمبر ۳۳۹ صدر آگرہ سی ۸ نومبر مین صدر کلکتہ سی ۲۹
نومبر مین ۱۸۳۳ع کی
س کنس نمبر ۱۶۲ ۲۶ می ۱۸۱۳ع کنس نمبر ۵۸۷ صدر کلکتہ اسامی سنہ ۱۸۳۳ع

کہ مدعی کی درخواست مسموع ہونی کی بعد نواب
ممدوح کی حضور سے اس کی انفصال پانی مین
بہت تاخیر ہوئی ہی تو مقدمہ مذکورہ کو اگر صاحب
جج بعد استماع اظہار فریادی کی اپنی رای مین مناسب
سمجھین تو ثانیا عدالت مین داخل کرکی خود فیصل
کرینگی ش

جو مقدمات بنام راجہ بنارس کی اور انکی قرابت
دارون کی دائر ہون اور دربارہ تقرر امین کی
واسطی انفصال تکرارات زمین وخزانہ محال
موروثی راجہ موصوف کی مرجوع ہون اُن مقدمات
کی تجویز مطابق قانون ۸ سنہ ۱۷۹۵ کی دفعہ دوم کی اور
قانون ۱۵ سنہ ۱۷۹۵ کی دفعہ ۳ ضمن اول اور دوم کی اور
قانون ۷ سنہ ۱۸۲۸ع کی اور مطابق کنسٹرکشن نمبر ۱۲۲۴ کی
(جو سنہ ۱۸۳۹ع کی ۱۴ جونین صدر دیوانی سے اور ۱۲ جولائی
مین صدر دیوانی کلکتہ سے صادر ہوا) عمل مین آویگی *
اگر کوئی شخص رئیسان خود مختار کی تابعداروں نکی

ش کنسٹرکشن نمبر ۱۲۸۸ صدر آگرہ سے ۸ نومبر صدر کلکتہ سے ۲۹ نومبر سنہ ۱۸۴۳ع مین

نام پر نالش کرے تو خواہ نالشی بھی زمین ہو یا نہو
تجویز اسکی مقدمہ کے اوپر کے مذکور مطابق مدعاعلیہ کے
گروہ کے اصل سردار کے حوالے کے جانکے پر جس
صورت میں کہ مدعاعلیہ مذکور کمپنی بہادر کے قلمرو کے
اندر رہتا یا جائداد رکھتا ہو تو تجویز اس مقدمہ کی یہاں کی
عدالت کی ذریعے ہو ویگی ص

مدعاعلیہ اگر قلمرو سرکار کمپنی کے اندر ساکن ہو تو البتہ
اوروں کی طرح یہاں کی عدالت کی تابع ہوگا، اور اگر
کمپنی بہادر کی علاقہ سے باہر کا رہنے والا ہو کر سرکاری
علاقے کے اندر جائداد رکھتا ہو تو بعینہ دوسرے اشخاص
کی طرح جو غیر ممالک میں رہکر جائداد یہاں کی سرکاری
علاقے کی اندر رکھتے ہوں، منظور ہوگا ص۔

۸ فصل

مفلسان

جس طرح کسی جائداد والے پر نالش پیش ہوتی
ہے اسی طرح نہایت مفلس شخص کے نام پر بھی

ص سرکیولر ۲۶ مارچ سنہ ۱۸۳۶ع ص آیندہ باب ۱۶

اجراے دعوی ممکن ہے بر مفلسون کی جوابدہی کی بابت ہین جو آسانیان بخشی گئی ہین اسکا بیان آیندہ مذکور ہوویگا ط

باب ۲

اشخاص جو تنہا کسی نہ کسی مقدمہ کی پیروی نہین کرسکتے ہین

نابالغ سوداے جنونی یا اور کوئی شخص جو کہ ضعف اور نقصان خلقی کے سبب سے اپنی اشیا اور املاک کی سربراہ کرنے مین قاصر ہین وے بہی کسی مقدمے مین مدعا علیہ ہوسکتے ہین *

لیکن مالکان زمین جو بسبب نابالغی وغیرہ نقصان خلقی کے لیاقت جوابدہی مقدمہ کی نہین رکھتے ہون اور انکے ولی بہی مقرر نہین تو وے بلاشمول نام اپنے ولی کے مدعا علیہ نہین ہوسکینگے پر اگر کورٹ آف وارڈس کی طرف سے انکے سربراہ کار مقرر ہوے

ط آیندہ باب ۱۷

ہون تو وہی سربراہ کار اُن نابالغ وغیرہ کی طرف سے
مطابق ارشاد کورٹ آف وارڈس کی جوابدہی کریگی ظ

اور اگر جائداد نابالغون کی زیرحفاظت کورٹ
آف وارڈس کی نہین ہو تو اسکی صورت کا وصی
یا جو کوئی اُسکا ولی رہی وہ اُسکے شمول مین مدعاعلیہ ہوکر اس
مقدمہ کی جوابدہی اوپر لکھی مذکور مطابق کریگا اور اگر
مدعاعلیہ جنون ہووی اور اس کی جائداد کورٹ آف وارڈس
کی تابع نہووی اس صورت مین بھی اسکا کوئی وصی
یا سربراہ کار شمول اسکی مدعاعلیہ ہوکر جوابدہی کریگا ع

زیرحفاظت کورٹ اوف وارڈس کی نہین

بیاہی عورت
اگر کسو دیوانہ نابالغ یا
جنونی کی جائداد کورٹ
اوف وارڈس کی حفاظت مین
نہو تو اسکا ہی جو کوئی
ولی یا سربراہ کار ہی وہ اسکی
شامل مدعاعلیہ ہوکر اسکی
عرض جوابدہی مقدمہ کی
کریگا ع

ہندو اور مسلمان کی قوم کی بیاہی عورتین بلا شمول
اپنی خصم کی کسی مقدمہ مین مدعاعلیہا ہوسکتی ہین
اور قوم ارمنی کی بیاہی عورت اگر جائداد الگ رکھتی
ہو تو وہ تنہا مدعاعلیہا ہوسکتی ہے

اور قوم انگریز ولایت زاد کی بیاہی عورتین جن صورتون
مین کہ بلا شمول اپنی شوہر کی فریادی ہوسکتی ہین
انہین صورتون مین تنہا مدعاعلیہا بھی ہوونگی

ظ ق ۱۰ سنہ ۱۷۹۳ع و ۲۲ و ۲۳ ض ۱ ایکٹ نمبر ۳۳ و ۲ فروری سنہ ۱۸۲۱ع
ع صفحہ مذکورہ

لیکن اس طرح پر مدعا علیہا ہونیکی لئی کسی شخص بیگانہ یا وہی کا ان کی ساتھہ مقدمہ کی جواب دہی میں شامل ہونا ضرور نہیں کیونکہ ارجاع مقدمہ پیدا ہونی کی صورت میں خرچہ عدالت فریادی کی ذمی پڑیگا ۔

اور قوم ارمنی کی جس بابی صورت بالکل اشیا اسکی خصم کی قبض و دخل میں رہا ہو تو وہ آپہی تنہا ملزم ہوتا ہم اسکو اپنی شوہر کی ساتھہ مل کر مدعا علیہا ہونا اور جواب دہی کرنی ضرور ہی کیونکہ مقدمہ ہار نی کی صورت میں جس اشیا سی ڈگری کا دعوی اسکو ادا کرنا پڑیگا وہ اسکی شوہر کی دخل میں تھی ۔

جس صورت میں کہ قوم انگریزی کی جورو خصم الگ الگ خوانی کریں

اور ولایت انگلستان کی قوانین مروجہ کی مطابق جس صورت میں کہ جورو خصم ایک دوسری سی الگ رہتی ہوں تو شوہر کو تنہا جواب دہی کی اجازت حاصل ہوسکتی ہی کیونکہ الگ رہنی کی صورت میں اگر جورو نی خود کسی کا ناحق کیا یا زبردستی کسی کی ملک چھین لی ہو تو وہ مقدمہ اسکی شوہر کی نام پر

ع؎ ارامون ایپلانٹ بنام ریلی رسپانڈنٹ ۱۷ جون سنہ ۱۸۴۷ع

عدالت دیوانی میں مسموع نہیں ہوسکتا ہی ، اور
جس صورت میں کہ جورو خصم سے الگ رہتی ہو
یا جواب دہی مقدمہ میں اپنی شوہر کی رای کی مطابق
راضی نہوتی ہو یا برخلاف اپنی شوہر کی کچھہ حقیت
رکھتی ہو تو اس عورت کو مطابق معمول کی تنہا
جواب دہی کی اجازت ملتی ہی ،

مضمون باب

[illegible] کہ جنکی بابت عدالت دیوانی میں نالش ہوسکتی ہی

اس ملک کی صاحبان عدالت دیوانی کو اختیار
حاصل ہی ف کہ جتنی نالشین اور مقدمی کہ وراثت ،
حقیت اشیا منقولہ و غیر منقولہ ، کرایہ زمین ، مالگذاری ،
دین ، حساب ، اقرار ، شراکت ، بیاہ ، رسم رسومات ،
دعوی خسارہ وغیرہ اقسام مقدمات دیوانی کی بابت ،
انکی حکموں میں درپیش ہووین ، استماع کرین
اور سوای چند صور مخصوصہ کی کوی مقدمہ دیوانی

ف ق ۳ سنہ ۱۷۹۳ع [illegible] بنارس ، ق ۸ سنہ ۱۷۹۵ع [illegible] ممالک مفوضہ و مفتوحہ ،
ق ۲ سنہ ۱۸۰۳ع [illegible] ق ۱۱ سنہ ۱۸۳۶ع [illegible]

(30)

اور جو کچھ تکرار کہ درمیان رعایا اور اُن اشخاص کی
کہ جنسے وی بٹہ بانٹی کی مستحق ہین ۔ جنکی کی نرخ
کی بابت واقع ہوے تو خواہ وی رعایا خزانہ زمین نقد
یعنی دیگر یا روپئی کی عوض اور کچھ چیز دیگر ادا کرتی
ہون دونون صورت مین اس تکرار کی فیصل کرنی کا
اختیار صاحبان عدالت کو حاصل ہی ل

دہ سالہ بندوبستی زمین کی نسبت دعوی سرکار بہادر

اور دہ سالہ بندوبستی زمین کی اوپر سرکار کی طرفسی
جو دعویان ہین م ان دعویون پر صرف صاحبان
عدالت کا حکم جاری ہو سکتا ہی ۔ اگر کوئی شخص درباب
استرداد بازیافت زمین لاخراج کی کہ وہ قبل اجرای
قانون ۲ سنہ ۱۸۱۹ع کی مطابق حکم صاحبان ریونیو کی عمل
مین آیا ہو نالش ور پیش کری ۔ تو صاحبان عدالت
کو اسکی سماعت کا اختیار حاصل ہی ن
اگر کسی دیار اجنبی کی صاحب عدالت سے
فیصلہ کی روسی کچھ مبلغ کسیکا پانا ٹھہرا ہو ۔ اور وہ

ل ق ۶ سنہ ۱۷۹۳ع د ۸ ۸ مارس ق ۱ سنہ ۱۷۹۵ع د ۹ ممالک مفتوحہ و مفوضہ
ق ۳ سنہ ۱۸۰۳ع د ۹ ق ۲ سنہ ۱۷۹۳ع د ۶ ۷ بنارس ق ۱ سنہ ۱۷۹۵ع د ۱۰
م چٹھی گورنمنٹ اعلی بنام راجہ البہری وغیرہ رسانیدگان ۲۰ اگست سنہ ۱۸۱۵ع
ن سرکار بہادر اعلی بنام مہاراجہ کنور بالو دیرت سنگہ رسانیدہ ۱۲ اگست جمعہ ۹ سنہ ۱۸۳۱ع

شخص مبلغ مذکور کے پھیر پانے کے لئے یہاں کے
عدالت میں مقدمہ رجوع کرے تو وہ مقدمہ بھی مسموع
ہوویگا، اور وے فیصلہ مذکور اس مقدمے کی بنا ہوگا

جورو اور خصم

اگر کوئی اظہار سے نالش محکمہ دیوانی میں درپیش
کرے کہ اُسکی جورو کو مدعا علیہ نے روک رکھا ہے
تو مقدمہ عدالت دیوانی میں مسموع ہوگا اور مدعی
مذکور کو اپنا نکاح اسی عدالت کے آگے ثابت
کردینا لازم ہوویگا (۵)

عدالت فوجداری سے مجرم کو سزا مل چکنے کے بعد نالش خسارہ بنام اُسکے

اور ایسے اگر مدعی کی جورو کو کوئی لے بھاگا ہو اور
اس سے کچھ خسارہ روپے کا عاید حال مدعی کے ہوا ہو، تو
اس خسارہ کے بابت مقدمہ عدالت دیوانی میں قابل
سماعت کے ہوویگا، گو لے بھاگنے والے کو عدالت
فوجداری سے اسکے جرم کی سزا مل چکی ہو، (۱)

جھوٹا اتہام و قید ناحق

اور ایسے اگر زید نے جھوٹھ اتہام سے عمرو کے
نام پر عدالت فوجداری میں نالش کی ہو تو اُس نالش

(۵) کیس نمبر ۸۱۶۰۱ ۔ ۱۱ مارچ سنہ ۱۸۶۴ع ۔ یوسف اپیلانٹ بنام محمد غازی رسپانڈنٹ
۲۲ فیروری سنہ ۱۸۵۵ع کلیم الدین اپیلانٹ بنام جیدنی وغیرہ رسپانڈنٹ (۵) ستمبر
(۱) کنسٹرکشن نمبر ۱۲۸۲ ۱۶ نومبر سنہ ۱۸۲۹ع

کی سبب جو کہ خسارہ عمرو کی عاید حال ہوا ہو۔
اُس خسارہ کی نالش عدالت دیوانی میں مسموع ہوگی،
خواہ اُس جھوٹھہ اتہام سے مدعی کی عزت و ناموس
میں نقصان آیا ہو یا وہ ناحق مقید ہوا ہو یا ضرب اور بدنامی دونو
عاید ہوئی ہو۔ اور اس طرح کی نالش عدالت میں دائر ہونی
ہونی سے اگر مدعا علیہ عذر لاوی کہ میں نے مدعی پر
جھوٹ اتہام دھرنے کا جرمانہ اسکی آگی عدالت فوجداری
میں ادا کر دیا ہی تو اس عذر کی سبب عمرو کی
نالش خسارہ عدالت دیوانی میں نامسموع نہو گی اسلیے
کہ اگرچہ عدالت فوجداری سے حکم جرمانہ بہ نسبت
زید کی صادر ہونے کی سبب سے عمرو نے بدنامی
سے رہائی پائی ہی پر حکم جرمانی سے جو مجرد سرکاری
تجویز کی تعمیل کی لیے ہوتا ہی۔ فریادی اپنا خسارہ
نہیں بھر پاتا

ب

دیوانی کی نام منہ کار ملازموں کی۔

صاحبان کلکٹر ریونیو اور ان کی نایب اور ملکی عملہ،
صاحبان سالت اجنٹ اور ان کی نایب اور ملکی

ب شیوناتہ مدک اسلانٹ بنام گنگا گوبند بسواس رسپانڈنٹ ۲۷ مئی سنہ ۱۸۴۸ع
منی موہن منڈل اپلانٹ بنام مودو سودھن منڈل رسپانڈنٹ ۸ جون سنہ ۱۸۴۸ع

عمل کہ جنکو کارخانہ نمک سی علاقہ حاصل ہی صاحبان
کلکٹر ستم اور ان کی نایب اور ملکی عملہ جو کہ
واسطی تحصیل خراج کی مقرر ہین اور صاحبان ٹکسال
اور وی عہدہ دار جو سونا روپا پرکھنی کی لئی مقرر
ہین اور ان کی نایب اور ملکی عملہ اگر اپنی عہدی
کی بجا لانی مین کچہ حرکت خلاف قانون کرین
تو جس ضلع کی عدالت کی علاقی مین وی رہتی
ہو یا سرکاری کام کرتی ہون اسی عدالت مین
ان کی نام پر نالش مسموع ہو ویگی ٭ ث

صاحب کلکٹر جب اپنا عہدہ بجا لاتی ہوئی کوئی
حرکت برخلاف قانون ۱۳ سنہ ۱۷۹۳ع کی کرین تو
انکو مطابق دفعہ ۳۴ قانون مذکور کی جوابدہی اس
حرکت کی عدالت دیوانی مین کرنی پڑیگی ٭ ث

اشیای موقوفہ کی امانت داری کی نسبت دعوی

اگر کسی دین کی بابت وقف کی ہوی اشیا کا
امانت دار یا متوتی صاحبان پورد رہنو کی یا انکی

ث ق ۳ سنہ ۱۷۹۳ع و ۱۰ بنارس ق ۷ سنہ ۱۷۹۵ع و ۷ ممالک مفتوحہ و مقبوضہ ق ۲ سنہ ۱۸۰۳ع

ث صاحب کلکٹر پورنیہ سایل ۱۵ جون سنہ ۱۸۲۷ع

توابع عہدہ داروں کی حکم سے جو نامزد رہتے ہوں
اور مطابق قانون ۱۹ اسنہ ۱۸۱۰ع کی تولیت نام کی
مراتب مندرجہ کی انصرام کی تحقیقات کر تبکا
اختیار رکھتے ہیں معزول ہو کر یا ہمیشہ پھر پانی اپنی
اس تولیت یا امینی کی عدالت دیوانی میں
نالش پیش کریں تو وہ مقدمہ مسموع ہو سکیگا *

(32)

اور اگر عدالت میں ثابت ہووے کہ وہ متولی یا
امین اشیای مذکورہ کا خاین ہے یا عدم لیاقت رکھتا
ہے تو وہاں کی سرکاری عہدہ دار لوگ اوسکو معزول
کرنے کا فیصلہ عدالت سے پاوینگی ت

مقدمہ واسطی جبر نقصان
کسی نقصان صریح کی جو
کسی ڈگری میں رہا ہو

اگر کسی قوم میں سے ایک شخص اپنی گروہ کی
سرداروں تو ان کی حقوق مخصوصہ کے پانے سے
باز رکھے اور اس سبب سے چارہ عاید حال
ان سرداروں کی ہوا ہو تو اس خارج کی
ولاپانے کی لیے اور ان حقوق کی ثابت جاری کی

ج ق ۱۹ اسنہ ۱۸۱۰ع دفعہ ۱۵ ق ۳ سنہ ۱۸۴۳ع دفعہ ۱۱ بار محمد منڈل ابراہیم سام
ہرشن کمار ٹھاکر بنام سپرنٹنڈنٹ ۲۹ نومبر سنہ ۱۸۳۲ع والق علیمان ابراہیم بنام پیادہ
۲۴ ستمبر سنہ ۱۸۳۶ع صاحب لوکل ایجنٹ ضلع ہوگلی اسلامت بنام کسی نذر ندی سپرنٹنڈنٹ
۲۹ مارچ سنہ ۱۸۴۸ع

سرکار کی واسطی نالش بجانب انہین سے وارد ہون کی
عدالت دیوانی مین مسموع ہووگی۔

کسی ڈگری مین کچھ مبلغ نقصان رہنی کی صورت
مین اس نقصان کی جبر کی لئی مقدمہ عدالت
دیوانی مین مسموع ہوسکتا ہی مثلاً جس صورت مین
کہ عدالت اسفل نی فریادی کی حق مین کچھ مبلغ
ڈگری کیا ہو اور بعد اپیل عدالت اپیل نی صرف
اس ڈگری کو بحال رکھکر فیصلہ اپیل تلک جتنی دن
گذری ہون اتنی دن کی بابت سود دلانی کی لئی
کچھ حکم نہ دیا ہو تو اتنی دن کا سود دلانی کی لئی نالش
عدالت مین رجوع ہوسکتی ہی ج اگر کسی مقدمہ
مین مردمان ثالث مطابق قانون ۹ سنہ ۱۸۳۳ع کی مقرر ہوکر
کوئی فیصلہ کرین اور صاحب سپرنٹنڈنٹ نہ ہو اس
فیصلہ کو باطل کرین اور مدعی بامید قایم کرنی اس
فیصلہ کی نالشی ہووی تو وہ مقدمہ عدالت مین مسموع
ہوگا پر اگر مدعی مقدمہ واسطی دخل او پر زمین

ج درمادہ سوال ربی واس مانجھی وغیرہ ۲۹ جون سنہ ۱۸۴۱ع
خ جوگلکشور وغیرہ اسلامیت رادھاکنت گوسائیں بنام ہدت ۱۸ اگست سنہ ۱۸۰۶ع

متنازعہ کی ، یا صاحب سپرنٹنڈنٹ ربنو کی حکم سے بے
استرداد کی [ذ] درپیش کردی ، تو وہ مسموع ہو سکیگا ۔ [د]
اور اگر کسی مقدمہ مین عدالت دیوانی کا فیصلہ مدعی کے واسطے
محروم کرنی فریق ثالث کی فریب کروایا ہو ، تو اس فریق
ثالث کو اختیار ہی کہ بامید استرداد فیصلہ مذکور سے
اس عدالت مین ارجاع نالش کری ۔ [ذ]

اگر کوی شخص اپنا حق بھربانی کی لئی ارجاع نالش
بکر کی صرف دینی رسومات کی بجا لانی یا کسی
حقیت کو مجملاً تجویز کرانی کی درخواست سی مقدمہ
درپیش کری تو وہ مقدمہ عدالت دیوانی مین سماعت کی
قابل ہوگا یا نہین کچھ مقرر نہین ہی ۔ [ر]

ساتوان باب

۱ وہ چیزین کہ جنکی لئی ہرگز عدالت مین نالش
مسموع ہو سکتی نہین ہی

اگر ممالک محروسہ کی سرحد کی بابت کسی

د بحوالہ ریلیف بل ۲۶ دسمبر سنہ ۱۸۳۰ع
ذ گنیش دت وغیرہ مدعیان بنام رام دیال سنگھ وغیرہ مدعا علیہا ۲ دسمبر سنہ ۱۸۶۵ع.
ر تام پوری سیتا بائی اسلوث بنام مکھا تو کو لا تو بلیا رسپانڈنٹ تو نسلی مورصاحت کی تیسرا جلد کی صفحہ ۳۵۹

خود حاکم راجہ یا اہل سلطنت کی ساختہ تکرار رہی ہو تو اُس سے حد کی ٹھرالی مین دیوانی عدالتون کو دست نہین پہنچتی ہی

گووی دونو سرکار ہمراہی ہوکر عدالت دیوانی مین رجوع لانی چاہین تو بھی عدالت دیوانی کو اُس تکرار کی انفصال کا اختیار نہوگا کیونکہ اگر ایسا مقدمہ فیصل بھی کرین تو انکو اسکی اجرای کی لئی قابو نہین ملیگا لہذا جگونہ ایسی معاملی کا درمیان اُنہین دونون سرکار کی آپس مین عمل مین آویگا

اگر حقیقت مین زید کسی زمین کی بابت بنام عمرو کی نالشی ہووی اور عمرو اپنی جواب مین لکھی کہ زمین متنازعہ قلمرو سرکار کی سرحد سی باہر دوسری سرکار کی علاقی کی اندر واقع ہی اس طرح کی نالش رجوع ہونی سی صاحب عدالت دیوانی بظاہر اپنی اختیار کی مطابق انفصال اُس مقدمی کا درمیان اُن دونون فریق کی کردینگی بروہ فیصلہ

تر مہاراجہ کیشن کشور مانک اپلانٹ بنام صاحب کلکٹر ضلع سلہٹ وغیرہ رسپانڈنٹان
۱۹ ستمبر سنہ ۱۸۴۶ع

سوای فریقان مقدمہ کی اور کسی پر واجب التعمیل
نہوگا ، اور دونو سرکار کی سرحد کی بابت جو کچہہ تکرار
رہی ہو اُس تکرار کا چکوتا بھی فیصلہ مذکورہ سی
متصور نہین ۔

اگر کوئی خود حاکم یا راجہ سرکار کمپنی کی قلمرو کی
سرحد کی اندر کچہہ جایداد رکھتی ہون ، اور اگر اس
جایداد کی بابت بعد فوت اُس راجہ کی وراثت
کی تکرار وقوع مین آوی تو صاحبان عدالت دیوانی پر
تدارک و تحقیقات اس بات کی کہ متخاصمین مین سی
کون شخص جایداد متنازعہ کی نسبت حق وراثت کا
رکھتا ہی ، کرنی واجب ہوگی *

اور اگر وہ تکرار جایداد راج کی بابت ہو تو حاکم
عدالت دیوانی اسکو تجویز کرکی جو شخص ولی عہد
ہونی کی قابل ہو ٹہرا دیونگی ، پر حکم اُس راج کی
نسبت مین متصور نہوگا ۔

اگر کسی عدالت دیوانی کا حاکم یا اور کوئی حاکم کہ
جسکو عدالت کی طرح پر مقدمات کی تجویز اور فیصل

عدم حاکم کی بابت

کرنے کا اختیار حاصل ہے اپنی حکم یا روبکاری یا ڈگری
میں کسو طرح کی غلطی کرے اور کسی ملازم یا اہل سرکاری
وغیرہ کی معرفت اجرا اسکا ہوا ہو اُس غلطی یا
خلاف آئین کی جواب دہی نہ تو سرکار بہادر پر واجب
ہوگی اور نہ اُس حاکم یا ملازم سرکاری پر

اگر کوئی حکم جناب گورنر جنرل بہادر با جلاس
کونسل یا صاحبان بورڈ ریونیو صادر فرماویں اور وہ حکم
معرفت صاحب کلکٹر ریونیو یا اسسٹنٹ اجنٹ کلکٹر
کسٹم یا صاحب ٹکسال یا چاندی سونے کی پرکھنے والے
یا ان عہدہ دار صاحبوں کی نائبوں یا ملکی عملوں کی
جاری ہوا ہو اور اجراسے اس حکم کی کوئی مردم
ہندوستانی یا جو ولایت زاد نہیں اپنے تئیں مظلوم سمجھے
تو بنام ان عہدہ داروں کی کہ جنکی معرفت وہ حکم اجرا
پایا ہو نالش عدالت میں مسموع نہوگی بلکہ سرکار بہادر
خود مدعا علیہ متصور ہووینگے ش

کلکٹر صاحب کلکٹر مطابق قانون ۸ سنہ ۱۸۰۸ع کی اپنی

س ق ۱۱ سنہ ۱۸۲۲ع ۳۷ و ۳۸ ش ق ۳ سنہ ۱۷۹۳ع و ۱۱

عہدہ کی خدمات بجا لاتی ہوئی جو احکام مانند عدالت دیوانی کی صادر کرین اسکی جوابدہی کی لئی صاحب کلکٹر بذاتہ ماخوذ نہونگی ص

35

اگر کسی خریدار نیلام کا صاحب کلکٹر جرمانہ کرین اور خریدار مذکور بنام صاحب کلکٹر موصوف کی نالشی ہو تو نالش اسکی عدالت دیوانی کی سماعت کی قابل نہین ہویگی ض

عدم جوابدہی مجسٹریت

جو امورات کہ صاحب مجسٹریت یا جنٹ مجسٹریت اپنی عہدی کی خدمتین بجا لاتی ہوئی کرین (مثلا علاقہ گھاٹ کو قبضی سی کسی زمیدار کی چھین لیوین) ان امورات کی بابت خواہ وی مطابق ضابطہ کی ہون یا نہ نالش بنام مجسٹریت یا جنٹ مجسٹریت کی مسموع نہوگی ط

دعوی گھاٹ

اسیطرح کا معاملہ گھاٹ کا عدالت دیوانی مین مسموع

ص صاحب کلکٹر پورنیہ سابق ۱۵ جون سنہ ۱۸۲۷ع

ض کنس نمبر ۱۰۱۲۰ صدر کلکتہ سنی ۱۵ فبروری مین صدر اگرہ سمی ۸ مارچ مین سنہ ۱۸۳۹ع کی اور نمبر ۲۲۴ ۱۰ دسمبر سنہ ۱۸۳۶ع

ط سرکار بنعادر اسلامت بنام برج سندری واسی اور ایک اور رسپانڈنٹ کی ۱۸ می سنہ ۱۸۵۸ع

نہین ہوگا تجویز اسکی بذریعہ جناب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل عمل مین آویگی

پنشن کی بابت بین

اور اگر کوئی شخص پنشن پانی کی لئی بنام سرکار یا ملازمان سرکار کی عدالت مین نالش پیش کری اور قبل ارجاع نالش کی سرکار یا ملازمان سرکار کی طرف سی پنشن مقرر اگر ہوا ہو تو وہ نالش قابل سماعت عدالت کی ہوگی ۔ پنشن ایک بار جاری ہو چکنی کی بعد اگر موقوف ہوجاوی تو فریادی اسکی لئی عدالت دیوانی مین نالشی ہوسکتا ہی ع

اگر کسی زمینداری سی قبل دہ سالہ بندوبست کی کچھ مبلغ بابت پوجا وغیرہ کی بطور مواجب کی مقرر رہا ہوا ورہ عی مبلغ مذکور کی بھرپانی کی لئی مقدمہ عدالت مین پیش کری تو وہ مقدمہ نامسموع ہوگا ۔ اور اسطرح کی مقدمہ کی مسموع نہونیکی وجہ یہہ ہی کہ جس قدر مبلغ کہ زمیندارون یا مزارعون کی طرف سی واسطی پوجا وغیرہ کی دیا

تا ۔ ایضا اورق ۱۹ واسمہ ۱۸۱۶ع ۶ اورق ۶ سنہ ۱۸۱۹ع
ع کنس نمبر ۳۳ ۶ ۱۲ جنوری سنہ ۱۸۱۶ع

جاتا تھا وہ دہ سالہ بندوبست کے وقت سرکار کی خرابی میں محسوب ہوچکا ۔ اور مطابق دفعہ قانون ۲۴ سنہ ۱۷۹۳ع کی مقدمات بابت ایسی پنشن یا مواجب کی صاحب کلکٹر کی آگی دربیش اور بسموع ہوا کرتی تھی اور مطابق فصل ۲ ، اور ۳ ، اسی آئین مذکور کی جاری رکھنا یا سب اقط کرنا مواجب مذکور کا سرکار کی مرضی پر موقوف تھا ۔ اور عمل میں اس بندوبست کی سرکار کو جبکا استحقاق معلوم ہوتا تھا مطابق فصل ۱۱ ، ۱۲ آئین مذکور کی اسکو سندیں دی جاتی تھی اور پھر آئین مذکور کی سترہویں فصل میں مندرج ہی کہ کسی عدالت دیوانی میں اسی اس طرح کی مواجب کی لئی نالش مسموع نہوگی ع

(حاشیہ: سماعت)

اور مقدمات بابت قبالجات زمین کی کہ وہ عدالت سوپریم کورٹ کی علاقی کی اندر واقع ہو دیں اختیار سماعت عدالت دیوانی کسی باہر

(حاشیہ: قبالجات)

ع ایسے چیندر ٹھاکر سابق ۷ مارچ سنہ ۱۸۰۸ع

ہین ف ۔ اور مقدمات واسطی حفاظت اشیای یا

مجنون

غیر منقولہ کسی شخص مجنون کی کہ جایداد منقولہ نہین
رکھتا ہو دیوانی عدالت مین پذیرا نہوگی

اگر صاحبان ریو کی حکم سی کسیکا اثاثہ منقروق

قرقی کا حکم

ہوکر قرقی اسکی سنہ ۱۷۹۳ع کی آگی قوانین مجاریہ
کی مطابق سرکار کی طرف سی بحال رہی ہو تو اُس
قرقی کی اُٹھانی کی لئی نالش عدالت مین مسموع
نہوگی ک

خزانی کی بابت نیلام

بر اگر خزانہ کسی زمین کی نیلام کی بابت اشتہار
مین کچھہ غلطی صریح درباب کیفیت اُس زمین
کی واقع ہوئی ہو تو واسطی ابطال نیلام مذکور کی
اور پھیر لینی قیمت زمین نیلامی کی ارجاع مقدمہ عدالت
دیوانی مین البتہ مسموع ہوگا بر ایسی مقدمی مین
چاہئی کہ مدعی مزاحم پہلی بورڈ ریو اور گورنر جنرل بہادر کی

ف مہارانی بسنت کماری ایلانٹ بنام مہارانی کنول کماری منجانب راجہ مہتاب چندر
اور دیران بابو کی رسپانڈنٹ ۲۹ دسمبر سنہ ۱۸۴۳ع
ک کنشن نمبر ۱۱ صدر آگرہ ۱۵ اکتوبر صدر کلکتہ ۵ نومبر سنہ ۱۸۵۱ع
ب سرکار بہادر بہران کنشن آپیل اور ایک اور اپیلانٹان بنام مسماۃ راج کماری بیوہ زوجہ
پنچانند گھوس متوفی رسپانڈنٹ کی ۶ مئی سنہ ۱۸۴۷ع

جناب میں اجلاس کونسل میں نالش زیر مذکور کی
رجوع ہو چکا ہووی ۔ (ل)

نالش تو اسطی کم و بیش کرنی خزانہ سرکار کی   خزانہ کم و بیش کرنا
عدالت دیوانی کی اختیار سماعت سی خارج ہی ۔ (م)   (37)

کسی جایداد اجمالی کی بٹواری کی وقت بابت
محاصل اور نشست خراج کی جو فیصلہ گورنمنٹ
جاری ہوا ہو وہ کامل متصور ہوگا اور اگر اس میں کچھ
غلطی یا فریب رہا ہو تو تاریخ اجرای فیصلہ سی دس برس
کی میعاد کی اندر بذریعہ سرکار کی تجویز ثانی اوسکی
عمل میں آویگی پر اس طرح کی فیصلہ کی نسبت
تجویز کرنیکا اختیار عدالت دیوانی کو حاصل نہیں (ن)

جس صورت میں کہ قانون ۳ سنہ ۱۸۲۹ع کے
مطابق بازیافت کی لی مقرر کی ہوی صاحبان   بازیافتی کی باب میں
اسپیشل کمشنر لی کسی زمین کو بازیافت کے

ل درگا پرشاد بوس اپلانت بنام صاحب کلکٹر ۲۴ پرگنہ رسپانڈنٹ ۱۹ اگست سنہ ۱۸۶۰ع
م بنوا کی پرشاد چکرورتی دیزہ اپلانٹان بنام مسماۃ کردنا موئی وغیرہ رسپانڈنٹان ۸ جون سنہ ۱۸۱۷ع ق ۷ سنہ ۱۸۲۲ع ق ۹ سنہ ۱۸۳۳ع کنس نمبر ۱۱۲۸ ۵ فیوری سنہ ۱۸۳۹ع
ن بابو پیران ناتھ چودہری اپلانت بنام الو دایرٹ و دیگر رسپانڈنٹ ۱۵ می سنہ ۱۸۶۰ع

قابل ٹھہرا کر ڈگری اسکی بنام سرکار کی صادر کی ہو
تو بہ نسبت اسکی کوئی مقدمہ کہ درحقیقت ڈگری بارادہ
منسوخ کرانی ڈگری مذکور کی دریش کریں دیوانی
عدالتوں میں قابل سماعت کی نہوگا جیسا کہ ڈگری
شخص پاسید دخل پائی اوپر زمین بازیافتہ سرکار کی
ارجاع دعوی کرنیسے اگرچہ اُس میں ذکر بازیافت
صراحتہً مذکور نہو توبھی نامنظور ہو جاتا ہی

اور جاننا چاہیے کہ بازیافت کرنیوالے حکام کی آگے
مقدم سوال سرکار کی طرف سے صرف یہی ہے
کہ آیا زمین مدعا بہا قابل نشست خراج کی ہے
یا نہیں ، اور دعوی بازیافت سی زمین متنازعہ کی رہائی
کی لئی جو مقدمہ فیصل پاوی اسکی بنیاد کو بہی
بات ہوئی ضرور رہی کہ یہہ زمین کسی کی املاک
بندوبستی میں سی ہی ، پر درحقیقت زمین
مدعا بہا زید کی ملکیت ہی یا عمرو کی ، اسکی تجویز جو
ضمناً صاحب اسپیشل کمشنر کی معرفت زمین مذکورہ کی

فیصلہ حاکم صدر بورڈ ریونیو اپیلانٹ بنام ولاور علی وغیرہ رسپانڈنٹان کی ۱۸ مارچ سنہ ۱۸۶۲ع

قابلیت بازیافتگی کی تحقیقات کی ساتھ ہو جاتی
ہی نہی بنیاد اور عارضی رہتی ہی ، مثلاً جب
صاحب اسپیشل کمشنر درمیان سرکار و دولتمدار اور
بھی زمیندار کی کہ زمین متنازعہ کی اخراجی کا دعوی
رکھتا ہو مقدمہ فیصل کرکی اسمین زمین متنازعہ کو
ناقابل بازیافت کی لکھا ہو تو اس فیصلہ بھی لاخراجی
اس زمین کی ثابت ہو گی ؛

بر اگر کوئی شخص دیوانی مین اس اظہار سی
نالش کری کہ جس شخص نی سرکار کی دعوی
بازیافت سی زمین متنازعہ کی رہائی حاصل کی ہی
درحقیقت وہ مالک اُس زمین کا نہین بلکہ مین اسکا
مالک ہون تو اس طرح کی نالش کی سماعت کو
فیصلہ مذکور مانع نہو گا *

• کیونکہ فیصلۂ مذکور مین کسی کی ملکیت کی تجویز عمل
مین نہین آئی ؛ اور جس شخص نی اول باظہار
مالک ہونی زمین مدعا بہا کی عدالت مین جوابدہی
کی ہی ، اُسکی مقدمہ پروازی واسطی خلاصی زمین

متنازعہ کی دعوی بازیافت سرکار سے جاری ہی ا
اور ہر وقت تجویز بازیافت کسی زمین کی اگر دو شخص
صاحب اسسٹنٹ کمشنر کی کچہری میں آئی ہوں اور
ہر ایک نے ان میں سے زمین مذکورہ کو اپنی شی
قرار دیا ہو اور صاحب موصوف اپنی رای کے
مطابق حسب ضرورت ادای خدمت اپنی کی زمین
مذکورہ کو عارضی طور پر زید کی سپرد لاخراجی مقرر کر
فیصلہ کی ہو تو بھی عمرو کو عدالت دیوانی میں ارجاع
نالش کا اختیار بہ نسبت زمین مذکورہ کی حاصل ہی ۲
کیونکہ صاحب عدالت موصوف کو زمین متنازعہ کی
ملکیت کی بابت دعوی جو درمیان زید و عمرو کی واقع
ہوا ہو فیصلہ کرنی کا اختیار نہیں ہی ۳ اور فیصلہ عدالت
میں جتنی مراتب کہ بازیافت کی بابت طی پای ہوں
وہی معتبر ہونگی ۴ خواہ وہ زید کی ملک ہو یا عمرو کی ب
بر بعض صورت میں ممکن ہی کہ بغیر تجویز و تحقیقات

ا سید محمد یسین اپلانٹ بنام سید عنایت حسین وغیرہ رسپانڈنٹان ۱۷ دسمبر سنہ ۱۸۶۷ع
ب گنج نرائن اپلانٹ بنام مسماۃ چندر بتی وبیبہ وغیرہ رسپانڈنٹان ۱۲ جون سنہ ۱۸۶۶ع

حقیت کی مقدمہ باز یافت کا انفصال ہو نہیں سکتا ہے
اور فیصلہ حقیت کا اصل بنیاد فیصلہ باز یافت کا ہے
اور صاحب اسپیشل کمشنر نے تجویز حقیت کی عمل
میں لاکر فیصلہ مقدمہ باز یافت کا کرین اُس صورت مین
صاحبان عدالت دیوانی کو پھر اُس فیصلہ حقیت کی
بابت نالش سننے کا اختیار نہین ،

اور جس صورت مین کہ ڈگری صاحب اسپیشل
کمشنر باز یافت بنام سرکار بہادر کی کسی محال کی
نسبت اجرا پائی ہو اور وہ محال بلا تعین حدود کے
یقیناً ملکیت زید ٹھہری ہو اور بعد اُسکی محال
مذکور کی حدود کی تحقیقات کی وقت وہی صاحب
فیصلہ کرین کہ فلانا قطعہ زمین اسی محال کی سرحد کی
اندر ہے اور شامل اسی محال کی ہی اور اگر بعد اوسکی
عمرو اس بنیاد پر بنام زید کی عدالت دیوانی مین نالش
کری کہ وہ قطعہ زمین میری ہی اور شامل اوس سرحد کی
نہین ہی تو وہ مقدمہ عدالت مین مسموع نہین ہوگا

ت ہرگوبند گھوس سابل ۱۷ اجولائی سنہ ۱۸۴۷ع

اسواسطی اگر عدالت دیوانی نے مقدمہ مذکورہ
میں ڈگری مذکورہ کی بنام فریق [illegible] کی صاحب اور کر [illegible] دین
تو اُس ڈگری سے وہ زمین [illegible] عکر [illegible]
اسپیشل کمشنر نے قابل باز [illegible] (کہ [illegible] تھا) نا قابل
بازیافت ثابت ہوگا۔

حکام عدالت صدر دیوانی نے [illegible] دیوانی اور
محکمہ بازیافتی ہونو کی غایت اختیار کی کیفیت کی
بابت مراتب مذکورہ ذیل کو یوں قلم بند فرمایا۔
گذشتہ خراج کی بابت دعوی سرکار کی فیصل
کرنیکا اختیار خاص ہی واسطی صاحبان عدالت بازیافتی
کی ہے اور دعوی ملکیت کا انفصال خصوصیت رکھتا
ہی عدالت دیوانی سے یعنی دعوی بازیافت سے
کسی زمین کی رہائی کی لئی مقدمہ بازیافتی عدالت
کی آگی درپیش ہونی سے حکام عدالت
بازیافتی تجویز کرکی یا تو اسکو بازیافت کرینگی یا حکم
لاخراجی اسپر جاری کرینگی، لیکن بہ نسبت زمین
مذکورہ کی ملکیت کا دعوی درپیش ہونی سے اسکی

تجویز اور بغیرہ کر نیکا اختیار صاحبان عدالت دیوانی کو حاصل ہی ٭

اگر صاحبان عدالت باز یافتی نی کسی جز کو قابل نشست خراج کی ٹھہرایا ہو لیکن وہ جز کس محال کی لاقہ مین واقع ہی اسکا تعین نہ کیا ہو تو جو لوگ دعوی ملکیت بہ نسبت اسکی رکھتی ہون یا سرکار کی ساتھ بندوبست کرکی اس جز کو لیا چاہتی ہون انکی طرف سی مقدمہ درپیش ہووی تو عدالت دیوانی کو اسکی سماعت کا اختیار حاصل ہی ٭

لیکن بعض مقدمات مین نشست خراج اور ملکیت کی بابت دعویان ایسی ملی ہوئی ہوتی ہین کہ ان کو ایک دوسری سی الگ کرنا محال ہوتا ہی ٭ اگر ان مین سی ایک قسم مقدمہ ایسا بھی ہی کہ اگر صاحب عدالت باز یافتی حکم دیوین کہ یہہ زمین مدعا بہا قابل نشست خراج کی ہی تو در حقیقت اسکی دعوی ملکیت کا بھی انفصال ہو جاتا ہی اور پھر ان مین سی ایک قسم مقدمہ اس طور پر بھی ہی

کہ اگر صاحبان عدالت دیوانی زمین متنازع کی
نسبت انفصال دعوی ملکیت کا کریں تو وہ حقیقت
مین قابل نشست خراج سرکار کی ٹھہرتی ہی
فرض کرو کہ اگر کوئی زمین دو محال کی شامل رہی
اور اسکا مقدار معین ہوکر خزانہ سرکار کا ابتدائے اسکی اوپر مقرر
ہو چکا ہو اور ان دونون محالون کی بیچو بیچ مین ایک
نہر جاری ہو۔ اور بعد چند سال کی بازیافت کرنی والی
صاحبون کو خبر پہنچی کہ ان دونون مین سی ایک محال کی
علاقہ مین بہت سی زمین مل گئی ہی اور وی مطابق
آئین کی تدارک اسکا شروع کرین۔ اور اس نہر کی
ایک جانب کا محالدار سنہ ۱۸۲۵ع کی ۱۱ آئین کی
۴ دفعہ کی ۲ ضمن کی اس بہشتی زمین کی نسبت
دعوی کری اس طرح پر کہ یہہ درحقیقت میری
محال کا ایک کھنڈ ہی نہر کی دوڑ مین فرق آنی کی
سبب سی میری زمین سی الگ ہو گیا ہی
اور نہر کی دوسری جانب کا محالدار صاحب ضمن
اول فصل اور آئین مذکور کی دعوی کری کہ یہہ زمین

میری محال کی ساتھ ملی ہوئی ہی اسکی لی
ہوئی ہی ہی

پس ایسی مقدمہ میں واسطی انفصال طرفین کی
دعوی کی چاہئی کہ پہلی پہل جمع بندوبست
وقت ہر ایک جانب کی زمین کا جو مقدار معین ہو گیا
ہی اسکو ملاحظہ کریں اور اگر ایسی معلوم ہو *
کہ جو محالدار مطابق آئین مذکور کی اس دعوی سی
ناراضی ہوا ہی کہ زمین مذکورہ ہماری محال کی متعلق
پہچانی جاسکتی تو اسکی زمین ابتدا جمع بندوبست
کی وقت جسقدر تھی اگر اب بھی اسیقدر رہی
ہو تو بازیافت کرنی والی حکام اس بیشی زمین کو
قابل بندوبست خراج ٹھہرا کر جانب مقابل کی محال کی
تو فیر قرار دیتی ہیں پس اس صورت میں در حقیقت
انفصال ملکیت کا ہو جاتا ہی *

اور اگر ایک محال لاخراج بازیافت ہو گیا ہو پر
اسکی احاطی میں جسقدر زمین ہی اسکی مقدار کی
بابت تکرار و قوع میں آوی اور دو فریق ایسی

محال کی ایک پارہ زمین کی بہ نسبت دعوی
پیش کریں ۔ ایک فریق محال بازیافتی کا مالک ہو
اور دوسرا اسی جوار کی ایک خراجی محال کا زمیندار
تو ایسی تکرار میں اگر بازیافت کرنی والی حکام
زمین متنازعہ کو نسبت خراج کی قابل یا ناقابل ٹھرا کر
فیصل کریں تو حقیقتاً حق ملکیت کا انفصال ہوجاتا ہی ۔
کیونکہ یہہ وہ کارہی کہ بازیافتی عدالت یہہ ما نت
انفصال کری کہ فلانی زمین خراجی ہی یا لاخراج لیکن
جب تلک ثابت نہو وی کہ یہہ زمین زید کی محال
خراجی کا ایک قطعہ ہی یا کہ عمرو کی محال لاخراج کی
ایک قطعہ ہی تب تلک ثابت نہیں ہوسکتا ہی
کہ آیا وہ زمین خراجی ہی یا لاخراج لہذا جو ان فیصل کرنی
اس بات کی کہ زمین مذکورہ زید کی ملکیت کی شامل
ہی یا عمرو کی اپنی خدمت بجالانی یعنی زمین مذکور
خراجی یا لاخراجی ہونا ٹھرا نہیں سکتی ہیں اور اسطرحکا
مقدمہ بذریعہ صاحبان اسپیشل کمشنر کی فیصل
ہوچکنی کی بعد پھر عدالت دیوانی کو اسکی استماع کا

اختیار کلی یا جزوی حاصل نہین کیونکہ عدالت ہای دیوانی کو معاملات خزانہ سرکاری مین دست اندازی نہین پہنچتی ہی

اگر بازیافتی عدالت نی برخلاف حکم سرکار بہادر کچہ فیصلہ کیا ہووی یعنی فریادی مطابق مصدرہ ۸ اگست سنہ ۱۸۳۹ع کی اجازت داخل کرنی تعذرات کی ہین پاکر اپنی زمین سی بیدخل ہوا ہووی تو بہی ایسی حرکت کی واسطی عدالت دیوانی اُس مین دست اندازی کا اختیار نہین ہی لیکن فریادی کو چاہئی کہ اپنی معاملہ کی اصلاح کی لئی اسی محکمہ بازیافتی سی چارہ جوئی کری ٭

جس صورت مین کہ سرکار بہادر نی کسی زمین کو بازیافت کر چکنی کی چند روز کی بعد صرف مہربانی کی راہ سی پہر اسکو لاخراج کر دیا ہو تو اس طرح لاخراج ہونی کی آگی جتنی مدت کہ سرکار مین اُس کا خزانہ

ث حاکم صدر بورڈ ریونیو اسلاحب سام ولادر علی اور ایک اور رسالہ ہون کی ۲ مارچ سنہ ۱۸۴۶ع مہنت منوہر داس اسلاحب مدعلیہ وغیرہ بنام مہنت بجی تراین داس رسالہ مدعی ۱۰ دسمبر سنہ ۱۸۴۶ع

داخل ہوتا رہا ہی اس خرابی کی سبب سے کی بھیر
بانی کی دعوی سے اگر فریادی یا نالشی ہر دو نالش
عدالت میں پذیرا نہو گا ۔ ح

داخل ... کی

کوئی سند جعلی محکمہ کلکٹری میں داخل ہو چکنی کی
صورت میں اسکی جعلیت اور عدم جعلیت کی
تحقیقات کی لئی نالش عدالت دیوانی میں مسموع
نہو گی بلکہ فریادی کو وہ نالش صاحبان ریونیو کی آگی
پیش کرنی پڑیگی ح

ریا

عدالت دیوانی کو سوای امانت عدالت
اور حلف دروغی کی فوجداری علاقہ کی اور کسی
مقدمہ کی کسو بابت میں در آنی کی اجازت نہین
ہی ش

١

حسب استدعای صاحب کلکٹر کی کوئی مقدمہ
جعل سازی کا عدالت فوجداری میں دایر ہونی سی
صاحبان عدالت دیوانی کو اجازت نہین کہ اسکی

ح راجہ رام کنور اپلانٹ بنام سرکار بہادر وغیرہ رسپانڈنتان ۶ مئی سنہ ۱۸۴۴ع
ح بیبی جرن بسواس اپلانٹ مدعی بنام کشن کشور رای چودہری وغیرہ رسپانڈنٹان مدعا علیہ ۱۲ ماہ اگست سنہ ۱۸۴۷ ع
ح ق ۳ سنہ ۱۷۹۳ و ۱۷ و ۱۹ بنارس ق ۲ سنہ ۱۷۹۵ و ۱۱ ق ۵ سنہ ۱۸۰۳ ع

۸۔ بیگاری موقوف و ملازمی کرانی کی نئی عدالت

فوجداری مین بھیجدیوین ۔

ان کو اختیار نہین کہ مقدمات بابت خرچہ عدالت

فوجداری و ... اور مقدمات اختلاف احکام فوجداری یا

موقوفی اجرای احکام فوجداری جو کہ مطابق فصل ۲ آئین ۷

سنہ ۱۸۱۵ع کی ہوون سماعت کرین ۔

اگر کوئی فریادی اپنی مبلغ دعوی کی بعض حصہ

خرچہ عدالت کورٹ مین

سوپریم کورٹ سی اور بعض یا باقی حصہ عدالت دیوانی سی

دلایا ہو تو جسقدر زرخرچہ اسکو عدالت سوپریم

کورٹ مین دینا پڑا تھا اسکی بھرپائی کی محکمہ دیوانی

مین نالش اسکی مسموع نہوسکیگی ۔

بعد حکم ایک مقدمہ مین جو کہ مدعی نے صرف

بدعوی زر اصل قرضہ کی عدالت دیوانی مین درپیش

کیا تھا صادر ہوا تھا ، پر اگر کوئی شخص عدالت

نیلمنی دت سابل ۱۵ نومبر سنہ ۱۸۳۶ع
کنس نمبر ۳۴۷ ۔ ۲ جولائی سنہ ۱۸۲۲ع نندکشور خوطہ دار اور ایک اور ایک اور ابلاسان بنام
رابن سن رسپانڈنٹ ۲ جولائی سنہ ۱۸۴۰ع
... صدر کلکتہ ۱۳ اگست صدر آگرہ ۱۳ نومبر سنہ ۱۸۳۹ع کنس نمبر ۱۱۵۸ صدر آگرہ
جون صدر کلکتہ ۱۲ جولائی سنہ ۱۸۳۹ع
منوہر لعل اسلانٹ بنام رام نرائن مخوس رسپانڈنٹ ۱۷ جنوری سنہ ۱۸۴۱ع

سوپریم کورٹ سی حاصل کیا ہوئی ڈگری کو بنای
مقدمہ قرار دیکر عدالت دیوانی مین نالشی ہووی تو
خواہ اصل کی بابت ہو یا خرچہ کی جسقدر مبلغ کی
ڈگری عدالت سوپریم کورٹ سی حاصل کی ہو
البتہ دلاپاوی

اگر مدعی کسی طرح کی مواجب کی دعوی سی کر
مدعا علیہ نی بخوشی خاطر اسکو دیا گیا ہی مگر دیوانی
مین نالش پیش کری تو وہ نالش عدالت موصوفہ
مین قابل سماعت کی نہوگی اور اسی وجہ سی صاحبان
عدالت دیوانی چودھریونکی یافت کی نالش کو بھی
مسموع نہین کر سکتی ہین س

اگر کسی نی اپنی پروہت قدیمی کو معزول اور
اسکی وجہ مقرری کو موقوف کر کی پروہت نو مقرر کیا
ہو تو وہ پروہت قدیمی اپنی وجہ مقرری کی لئی عدالت
دیوانی مین نالش کر سکتا ہی ش

س پورن مل اور بعلو ساہو اپیلانٹان بنام کلیدو ساہو رسپانڈنٹ ۲۰ نومبر سنہ ۱۸۴۷ع
ش درمادہ سوال بینی چرن رائی ونیرہ ۲۵ جون سنہ ۱۸۴۸ع گوردراس بیراگی اور دیگر
گوسائین اپیلانٹان مدعا علیہ بنام انند موھن چکرورتی وغیرہ رسپانڈنٹان مدعیان ۸ نومبر سنہ ۱۸۴۹ع

اقرارات برخلاف قوانین محاربہ اور بھل مسابات کی اور رواج الملک کی

جو چیز کہ برخلاف قوانین محاربہ کی اور بھل مسابات
کی اور رواج الملک کی ہو اسکی لئی نالش عدالت
مین مسموع نہوگی ۔ اگر غیر جایز انتفاع کی حصہ پانی
کی لئی یا واسطی ارتکاب ایسی ایک امر کی کہ جسکا
عمل مین لانا فریب یا برخلاف بھل مسابات کی ہی ۔

۲۱۱۲

مثلاً کسی نی فریق ثالث کی ٹھگانی یا اسکو اپنی حق سی
محروم کرنی یا زید نی واسطی بچانی حکم ڈگری کسی اپنی جایداد
کو بنام عمر بینامی کری اور بعد اوسکی عمرو نی اوسکو اس جایداد
سی بیدخل کری تو وہ نالش منظور عدالت نہوگی ص

مال مسروقہ کی قیمت دینی کی اقرار پر نالش فوجداری بھی ناجائز ہے

اگر کسی کا مال کوئی شخص سرقہ کری قیمت
اسکی صاحب مال کو واپس دینی کا وعدہ کری اور
صاحب مال اس اقرار کی سبب سارق کی نام پر اُس
سرقہ کی بابت فوجداری مین نالش نہ کرے تو اُس مال
مسروقہ کی قیمت کی بابت نالش اسکی صاحب
مال کی ناجایز ہوگی ض

ص رامندر دیورای برادر و وارث راج چندر دیورای متوفی اپلانٹ بنام ... گھوش وغیرہ ریسپانڈنٹان ۲۲ مارچ سنہ ۱۸۶۴ع ... وغیرہ اپلانٹان ... م۔
... ۹ جولائی سنہ ۱۸۶۴ع
ض کیس نمبر ۳۱۸ ... ۶ جولائی سنہ ۱۸۲۰ع دفعہ اخیر ق ۱۲ سنہ ۱۸۱۸ع

پر جس صورت میں کہ ایک شخص نے کچھ
مال اموال کسی دوسرے کی نزدیک امانت
رکھا ہو اور بعد اسکی عند التقاضا امین مذکور وہ مال رکھانے
رکھنی والی کو ندیکر اقرار اسکی قیمت کے د
پھیر دینی کا کیا ہو تو اس اقرار کی قیمت کی بابت
نالش امانت رکھنی والی کی عدالت دیوانی میں پذیرا ہوگا
گو اس نے امانت وار مذکور کی نام پر اس خیانت
کی بابت عدالت فوجداری سے پیشتر نالش
کی ہو ط

اگر کسی جائداد کی نسبت زید مدعی ہو اور فیما بین
مدعی مذکور اور عمرو کی نوشتخواند ایک اقرار نامے کے
عمل میں آکر اسمین عمرو نے یون لکھ دیا ہو کہ مقدمہ کی
تدبیرات کی لئے جتنی مبلغ لگینگے مین سر براہ
کر دونگا اور اقرار مدعی یعنی زید کی طرف سے یون مندرج
ہو کہ بشرط پانے زر دعوی کی ڈگری میں فلان قدر روپیہ
عمرو کو دے دونگا تو اس طرحکا اقرار نامہ عدالت میں پیش

مبلغ مدعا بہا سے کچھ حصہ دینے کی اقرار پر کسیکا مقدمہ عدالت میں رجوع کرنا

ط درماوہ سوال بھجن سندل ۱۷ فبروری سنہ ۱۸۵۰ع درماوہ سوال درگا منی ۹ نومبر سنہ ۱۸۴۹ع

۶

ہوئی ہے، صاحبِ عدالت اسکو جاری نہیں رکھیگا۔ ظ

ہر فریادی کو عدالت سے ڈگری پانیکے آگے یا بعد اسکے
اپنا حق یا دعوی دوسرے کے ہاتھ بیچنے کا اختیار ہے اور کوئی
ایسی طرح ہر کسی کا معاملہ خرید لیگا، وہ صاحبِ عدالت کے
آگے اصل فریادی کے قایم مقام متصور ہوگا۔ ع

منشاء قوانین کے برخلاف باتیں

جس کسی مقدمہ میں صاحبانِ عدالت
کے دعوی برخلاف منشاء قوانین کے متصور ہو، تو وہ
عدالت کے سماعت کے قابل ہوگا، گو اُسکے نامسموع
ہونے کے باب میں کوئی حکم صریح کسی قانون میں
مندرج نہ ہوا ہو۔ ع

چنانچہ درباب مقدمات رہن زمین کے واضح ہو،

ظ رام غلام سنگھ اپیلانت بنام کیرت سنگھ وغیرہ رسپانڈنتان ۱۹ جنوری سنہ ۱۸۲۶ع
بابو برج نراین سنگھ اپیلانت بنام راجہ تیتک نراین سنگھ رسپانڈنت ۲۹ ستمبر سنہ ۱۸۲۶ع
مسماۃ ظہور النساء خانم وبعد وفات اوسکے حکیم ابو الحسن اپیلانت بنام ربیک بیلی متر بعد
وفات اسکے بنام بیوہ زوجہ اوسکی موتی سندری داسی اور ایک اور رسپانڈنتوں کے ۱۵ اگست
سنہ ۱۸۲۸ع سید کرامت علی اپیلانت مدعاعلیہ بنام سمبھوناتھ متر وغیرہ رسپانڈنتان
مدعیان ۱۱ اگست سنہ ۱۸۲۸ع ڈیو وانروس اپیلانت مدعاعلیہ بنام مہاراجہ
بیربہنچند رای رسپانڈنت مدعی ۹ اگست سنہ ۱۸۲۹ع الفاجیون نراین سنگھ اپیلانت
مدعاعلیہ بنام رام بلب رسپانڈنت مدعی ۱۲ دسمبر سنہ ۱۸۲۹ع
ع مسماۃ جی سری کنور اپیلانت بنام بھگونت نراین سنگھ وغیرہ رسپانڈنتان ۲۴ نومبر
سنہ ۱۸۲۷ع۔
غ بھوانی چرن متر بنام جی کشن متر وغیرہ ۲۳ جولای سنہ ۱۸۲۷ع

ہوتا ہی ۔ احکام قوانین و ضابطہ عدالت کی مطابق
زمینوں کا رہن تین قسم ہوا کرتا ہی ایک رہن غیر
مشروط اور وہ عبارت ہی اس بات سی کہ راہن
شی مرہونہ کی محاصل کا تصرف مرتہن کو لکھ دیا ہو
اور محاصل زمین سی یا نقد یا کہین کوئی تھا تی روپیہ دیگر
رہن خلاصی کا وعدہ بھی رہن نامہ مین درج کیا ہو۔
اور دوسری قسم کا رہن وہ ہی کہ مدیون زر قرضہ کی
عوض کسی زمین کو گرو رکھ کر رہن نامہ مین بندھک
کی مدت تلک محاصل زمین مرہونہ پر مرتہن کی
متصرف رہنی کا اقرار یا دین ادا نہ کر سکنی کی صورت مین
عوض مین دین کی قبالہ زمین مذکور دائن کو لکھ دینی کا
اقرار مندرج نہ کیا ہو ۔ اور ایسی صورت مین اگر مدیون
وعدی کی مطابق زر دین ادا نکری تو دائن مذکور
اپنی باقی کی پھیر پانی کی لئی عدالت مین
نالشی ہو کر ڈگری حاصل کرنیکی بعد اُسی عدالت کی وسیلی
اُس ڈگری کو اوپر جایداد مرہونہ کی جاری کروایگا ۔ ف

ف آیندہ باب ۲۸

اور تیسری قسم کی رہن کی بیع بالوفا یا کٹ قبالہ
یا شرطی کہتی ہیں *

(۱۸۱)

صورت اسکی یہہ ہی کہ اگر راہن زر رہن میعاد
کی اندر ادا نہ کری تو مرتہن مطابق احکام مندرجہ
قوانین کی عوض ہر روپیہ قرضہ کی قبالہ بیع راہن سی
لکھا لینی کی لئی عدالت مین مقدمہ رجوع لاتا ہی *
پر صاحبان عدالت دیوانی کی رای مین چونکہ مال کی
باب مین زمین رکھنی والی کی حق مین کچھ سختی
ہوتی ہی اس لئی اسکی عوض رہن کی باب مین
منشای قوانین یہہ ہی کہ راہن پر مرتہن کی طرف سی
ظلم نہووی اور یہہ منشا قوانین کا نہین ہی کہ رہن
کی معاملی باسانی ہوسکی اور صورت مذکورہ مین
صاحبان عدالت راہن کی جایداد مرہونہ کو مرتہن کی
ہاتھہ مین منتقل کرانی کی لئی بلا اجازت عدالت
کی حکم نہین دینگی مگر جس صورت مین کہ راہن
بلا عذر خود قبالہ بیع اپنی جایداد مرہونہ کا مرتہن کو لکھہ
دیوی *

چنانچہ مطابق مراتب مذکورۂ بالا کی مفصل ۔۔۔ مین
ایک مرتہن نی بذریعہ اختیار مندرجہ رہننامہ ۔۔۔ کی
جایداد مرہونہ کو کسی مشتری کی ہاتھہ بیچ کیا تھا اور
مشتری نی بامید دخل یابی اوپر جایداد مذکورہ کی
مقدمہ بنام راہن کی پیشگاہ عدالت مین دایر کر لیا
سی صاحب عدالت نی اُس مقدمہ کو ڈسمس کیا ۔ ق
لیکن اس باب مین مولف کو شک ہی کہ یہہ
فیصلہ درست ہی یا نہین کیونکہ اگر رہن کی باب
مین بہت سختی ہووی تو راہن کی حق مین ضرر
متصور ہی

آٹھوان باب

ان چیزون کا جنکی لئی وجوہات خارجہ کی سبب سی مقدمہ مسموع نہین ہو سکتا ہی

بعض منشاء مقدمہ ایسی ہوتی ہی کہ گو وہ اپنی ماہیت
اصلی مین قابل سماعت کی ہی پر کسی وجہ خارجی کی

ق بھوانی چرن مشر بنام جی کشن مشر وغیرہ ۲۴ جولائی سنہ ۱۸۶۷ع زینۃ بیگم اپلانٹ بنام جوکن لعل ریسپانڈنٹ ۱۲ ستمبر سنہ ۱۸۶۹ع کالی ناتھ رای اپلانٹ بنام مسٹر جان تیلر ریسپانڈنٹ ۲۶ اگست سنہ ۱۸۶۹ع ہرش ناتھ رای اپلانٹ بنام ہری نراین گوسائین ریسپانڈنٹ ۱۰ ستمبر سنہ ۱۸۶۹ع

سبب سے عدالت کی اختیار سماعت سے
باہر ہو جاتا ہے ۔

(۱)

وجوہات خارجہ مقدمہ کی سماعت کی مانع ہیں

مثلاً مقدمہ مرجوعہ آگے کسی عدالت دیوانی میں فیصل
ہوچکا ہو یا زیر تجویز رہا ہو تو اگرچہ بابت اُسکی سماعت
عدالت کی قابل رہے تو بھی وہ مسموع نہوگا ۔

فصل

درباب نقل مقدمات کی کہ جو آگے کسی عدالت میں
مسموع ہوئے ہوں یا فیصل پائے ہوں

جس مقدمے کی تجویز آگے ہوچکی ہے

جو مقدمہ مرجوعہ کہ اسکو صاحب جج سابق نے
یا ان کے اختیار والے جانشین نے آگے فیصل کیا ہو
اور یہہ بات اگلی ڈگری کی نقل سے یا روداد عدالت
میں تحقیقات کرنے سے ثابت ہووے تو ضلع کی
عدالت دیوانی اسکو پھر مسموع نہیں کرسکتی ہے

ک ۔ ف ۔ سوئٹ ۱۳ سے ۱۸ء و ۱۲ و ۱۶ کنس نمبر ۹۹۹ صدر آگرہ ۵ فروری سنہ ۱۸۴۷ء تاریخ
جوہری احمد آنک اپیلانٹ بنام زنگولی کی رسپانڈنٹ ۱۴ اگست سنہ ۱۸۱۰ء درگا داس
ہوطہدار اپیلانٹ بنام ردور پرشاد ملہر جیہ رسپانڈنٹ ۲ اگست سنہ ۱۸۵۸ء کشن دیال سنگھ
وغیرہ اپیلانٹان بنام طالع منور رائی وغیرہ رسپانڈنٹان ۱۷ جون سنہ ۱۸۵۹ء راس رام سنگھ
اپیلانٹ بنام رانی تارنی وغیرہ رسپانڈنٹ ۲۵ اپریل سنہ ۱۸۶۷ء فتح یار خان اپیلانٹ بنام
خواجہ ابو محمد خان وغیرہ رسپانڈنٹان ۱۶ اپریل سنہ ۱۸۶۷ء صاحب جان خاتون اپیلانٹ
بنام دیانت علی وغیرہ رسپانڈنٹ ۹ فروری سنہ ۱۸۶۰ء

یا جو مقدمہ ایسا ہو کہ مطابق آئین کی رحمی ایکہی
بنا کی مقدمہ کو دو شق کرکی دو پیش کرنیکی ممانعت
ہی) مقدمہ سابق کی نشاہل اسکا ضبیل ہارا واجب
تھا وہ بھی پذیرا نہوگا ل

ہ اگر مقدمہ مرجوعہ کی تجویز سابق میں صرف سرسری
طریقی پر عمل میں آئی ہی تو البتہ نالشی بہری اسکی
مسموع ہوگی م

ہ اگر مقدمہ منفصلہ میں درباب اختیار تجویز صاحب
جج سابق کی کچھہ شک پیدا ہو تو صاحب عدالت
اسکی کیفیت صاحبان عدالت صدر کی آگی
لکھہ بھیجنگی اور مطابق ارشاد کی انکی عمل میں
لاوینگی *

اس طرح پر اس آئین کو بیان صاحب ہی

اس آئین کو سانحہ تنقید کی بیان کرنا ضرور ہی *
کیونکہ ہر ایک مقدمہ کا ایکدفعہ مسموع ہونا
از روی انصاف کی ہی اور جو مقدمہ کہ در حقیقت

ل سرکلر ۱۰ ستمبر سنہ ۱۸۴۸ ع آیندہ باب ۱۰
م شیخ مخدوم بخش وغیرہ ابلاشدان بنام مسماۃ روشن وغیرہ رسپانڈنٹان ۵ دسمبر
سنہ ۱۸۵۵ ع

آگے مسموع نہیں ہو چکا ہے یا بالفعل نا مسموع کیا
جاوے تو نہایت ناانصافی عمل میں آویگی ۔

جس مقدمے کی سماعت اور انفصال عدالت میں
آگے ہو چکا ہو اگر اسکے منشا میں ثانیاً کچھ بھی فرق نہ آیا ہو *
اور جو فریقان یا علاقہ داران کہ اگلے دفعہ مقدمہ کے
باعث تھے وے ہی فریقان مذکورین مقدمہ مرجوعہ حال میں
بھی متخاصم ہوے ہوں (ن) اور جس امر پر فیصلہ
سابق اجرا پایا ہے وہی امر نالش مکرر میں بھی در پیش
ہوا ہو ، اور تدبیرات عدالت بھی بہ نسبت ایسی
شی متنازعہ کے کمی عمل میں آئی ہو اور اگلے انفصال کے
کرنیوالے صاحب عدالت ، صاحب اختیار رہے ہوں ،
اور جس دعوے کی دلا پانے کی لئے نالش در پیش
ہوئی ہو اگر اسکی تجویز مقدمہ سابق میں عمل میں آکر منظوری
یا نامنظوری دعوے کی عدالت سے ڈگری یا ڈسمس کا حکم

کونسی صورتیں کسی
مقدمہ کا سابق میں فیصل
ہا چکنا تصور کیا جاتا ہے

(ن) مسمی جان سن اپلانٹ بنام شیخ غلام بگروت رسپانڈنٹ ۱۸ مارچ سنہ ۱۸۴۸ عیسوی
بہیرو چندر مجموعہ دار وغیرہ اپلانٹان بنام نوبن چندر مجموعہ دار و دیگر رسپانڈنٹان
۲۰ جون سنہ ۱۸۴۵ عیسوی جے چندر رای اپلانٹ بنام بہیر بچندر رای وغیرہ ۱۸ دسمبر
سنہ ۱۸۴۹ عیسوی کنور اندرجیت چودہری اپلانٹ بنام راد ہکشن رسپانڈنٹ ۶ فروری
سنہ ۱۸۱۷ عیسوی

به نسبت اُسکی صادر ہوا ہو تو اُسکی مسموع ہونی
اور انفصال ثانی کا حال صاف واضح ہوجاتا ہی *

جس بنا کی نالش مقدمہ مرجوعہ کی وقت رجوع عدالت
مین درپیش ہو اگر اُسی بنا کو بابت تکرار بذریعہ مقدمہ
اول کی درپیش ہوکر حکم قسمی بہ نسبت اُسی
بنای معاملہ کی (اسوجہہ کہ جو تکرار مدعی نی پیشتر
کی تھی اُس تکرار کو اصل بنای مقدمہ کی ساتھ
کچھ علاقہ نہین) صادر ہوا ہو تو بناء مذکور کا مقدمہ ثانیاً
قابل سماعت اور تجویز عدالت کی ہوگا *

اگلی ڈگری کا ناطق بالانفصالی ہونا مقرر ہی

مقدمہ سابق مین جن مراتب کی نسبت ڈگری
یا قسمی کا حکم صادر ہوا ہو بشرطیکہ وہ حکم قطعی
یا ناطق ہو تو صرف اُسی صورت مین مقدمہ مرجوعہ
حال کی سماعت کا مانع ہوگا کہ جس صورت
مین صاحب عدالت کی رای مین مدعی اپنی دعوی
مندرجہ عرضی کی دلا پانی کی قابل نہ ٹھرا ہو * مثلاً اگر
مدعی نابالغ کی جائداد زیر حفاظت کورٹ آف وارڈس کی
رہنی کی سبب اور مطابق حکم کورٹ موصوف کی

(۱۱۹)

مرجوع نہونے کی وجہ سے حکم قسمت نسبت مین
مقدمہ سابق کے صادر ہوا ہو تو وہ حکم مقدمہ حال کی
سماعت کا مانع نہوگا، یا اگر جس صورت مین کہ مدعی
نابالغ کی طرف سے جس شخص نے نالش کی تھی
اُسکو اُس مقدمہ کے ارجاع کی قابلیت حاصل
نہونے کی وجہ سے وہ مقدمہ قسمت ہوگیا ہو تو بھی بسبب
اُس حکم قسمت کے مقدمہ مرجوعہ حال ناسموع
ہوگا ۔ یا سابق مین کسی کو کوئی زمین سے بزبردستی
اخراج کرنے کی صورت مین اگر صاحب عدالت
مطابق دفعہ ۱۵ قانون ۴۹ سنہ ۱۷۹۳ع کی شئ متنازعہ کے
نسبت حقیت کی تجویز عمل مین نہ لاکر صرف اخراج
کئے ہوئے شخص کی زمین مذکور پر دخل پانے کے
ڈگری صادر کیا ہو تو وہ ڈگری بھی مقدمہ حال کی عدم
سماعت کی موجب نہوگی ۔

مقدمہ سابق مین جن مراتب کا دعوی مدعی نے
عدالت کی آگے ظاہر کیا تھا اگر ان مراتب کو

بلو بسرکار دام سلامت بنام راجہ نرنراین رای رساندست علاوہ سنہ ۱۸۱۰ع راجہ
کاسی ناتھ رای بلو بسلامت بنام نواب دلاور جنگ رساندست

تا بس مقدمہ کی ڈگری کی مضمون سی کچھ علاقہ
نہ ہو یا علاقہ رہنا ممکن نہ ہو تو آیندہ مراتب کی دعوی
ثانیا عدالت مین البتہ پذیرا ہوگا اور وہ ڈگری اُس کی
سماعت کی مانع نہوگی

اور یہان غرض صرف اسی بات سے ہی
کہ آیا جن مراتب کی نالش بالفعل عدالت مین درپیش ہو
ہوئی ہی مقدمہ سابق مین بذریعہ ڈگری کی اُنہی
مراتب کی کچھ تصفیہ ہو چکی ہی یا نہین

اور نہ وہی مراتب کہ جنکو مقدمہ حال کی مدعی نے
مقدمہ سابق کی عرضی دعوی مین درج کیا تھا اور
بہ نسبت اس مراتب کی صاحب عدالت نے
ڈگری نہین کی تھی

جس صورت مین کہ ایک مقدمہ ا واسطی
مدارک و تحقیقات سرحدون کی جو فیمابین دو گانو یعنی
امیرپور اور بہادرپور کی واقع ہون درپیش ہوکر ایک
نقشہ طیار ہوا اور وہ نقشہ مطابق حکم ایک ڈگری کے

۱ روددار ہربنس و تکرچند وغیرہ اسلامیان بنام ہربنس ناتھ سنگھ چودہری و غیرہ
رسالہ سان ۱۱ مارچ سنہ ۱۸۷۰ع

(کہ جس مین ان سرحدون کی سوائی امیرپور اور
کالی پور کی درمیانی سرحدین بھی مندرج رہی ہون)
منظور کیا گیا ہووی، تو پھر اگر اسی امیرپور اور
کالی پور کی درمیانی سوائی کی تعین کی لئی مقدمہ
عدالت مین درپیش ہو تو اُس مین رائے
صاحبان عدالت کی یہ ہی کہ (اگرچہ سابق اور
حال کی دونو مقدمی کی فریقون مین کچھ فرق نہین
واقع ہوا ہو) اگلی ڈگری جو بلا توقف صادر ہوئی تھی
اُس مین تعین و تدارک سوانو کا جو فیما بین امیرپور اور
کالی پور کی واقع ہی محض خام اور ناتمام تھا لہذا
عدالت کو اختیار ہی کہ حدود مذکورہ کی تحقیقات
کاملہ عمل مین لانی کی لئی مقدمہ ثانیہ کو مسموع
کرین ؛

5c

درصورتیکہ فیصل کئی ہوئی مقدمی کی بنا ایک سال
رہی اور اسکی ماہیت مین کچھ فرق نہ آیا ہو تو ہرچند
کہ مدعی اُس کو پھر سرنو مسموع کرانی کے
مطلب سے مبلغ دعوی مین کچھ گھٹا بڑھا کر ی

مقدمہ منفصلہ مین کچھ
عارضی بیمار رہ جانی سی
مکرر نالش اسکی مقبول
عدالت ہوگی

یا مقدمہ کی ملتوی کرنی کی لئی کچھ بیچار اس مین
لاوی تو بھی بنا اس مقدمہ کی منفصل سمجھی جاویگی اور
نالش مکرر بہ نسبت اسکی عدالت مین ثابت ہو نی
ہوویگی *

مثلاً اگر زید اپنی کو عمرو متوفی کا وارث قرار دیکر
متوفی مذکور کی جائداد سی حصہ وراثت پانی کی
دعوی سی نالش بنام بکر کی ورپیش کریا - اور
عندالتجویز عدالت مین وراثت اسکی ثابت نہو بلکہ
مدعا علیہ یعنی بکر مذکور وارث ٹھہری تو پھر زید ثانیاً
مبلغ دعوی زیادہ کرکی یا تنہا بکر کی جگہہ خالد وغیرہ کو
(جو کہ بکر کی طرح اہل وراثت مین اور ان کے
نام پر پہلی دفعہ زید نی نالش نہین کی تھی) اسکی ساتھہ
مدعا علیہ قرار دیکی اسی مقدمہ کو عدالت مین داخل
کیا چاہی تو بلحاظ عدالت اس کی نالش مکرر کو
نامنظور کرینگی ب

کسی اختیار والی محکمی مین کو دعوی مرجوع ہو کر

ب سیام گلم وغیرہ اسلانستان سام غالب جنگ خان وغیرہ رسالدتان ن ۱۸۱ ۲ اپریل
سنہ ۱۸۴۲ع

انفصال پا چکنی کی بعد پھر دوبارہ اس انفصال کا ممکن نہیں ہے اور جو کچھ حکم عدالت موصوف سے صادر ہوا ہو وہ ناطق متصور ہوگا۔ پر یہ بات تبھی ہوگی کہ جب تجویز دعوی کی بلا وساطت عمل میں آکر مقدمہ فیصل پا چکا ہو اور نہ ایسی صورت میں کہ جب حکم عدالت سے فریادی کا حق صرف مفہوم ہوتا ہو۔

مقدمہ منفصل سابق میں جو کچھ حکم عدالت صادر ہوا ہو وہ کس صورت میں ناطق متصور ہوگا

(۸۱)

مثلاً۔ اگر زید نے ایسی حالت میں وفات پائی ہے کہ اسکی لاولدی ثابت ہونیکی صورت میں حقیقی بھائی اسکا عمرو وارث اس متوفی کا ہوویگا۔ اور اس میں بکر آکی عدالت کی آگی دعوی پیش کرے کہ میں زید کا بیٹا ہوں اور یہ معاملہ درمیان عمرو اور بکر مذکور کی عدالت میں دائر ہو کی عمرو کا حق وراثت ثابت ہووی اور بکر زید متوفی کا بیٹا نہ ٹھہری تو وہ فیصلہ بحال اور حکم اس کا بہ نسبت دعوی بکر کی ناطق ہوگا۔

جو وارث یک سر انفصال پای ہوں

پر جس صورت میں کہ عمرو نی اپنی برادر زید

جو باتیں حکم عدالت سے صرف مفہوم ہوویں

ت سیج ہکاری ابلاست بنام امام بخش رسالہ نمبر ۵ نومبر سنہ ۱۸۱۲ع

متوفی کا لاولد وفات پانا حاکمان عدالت کی آگہی ظاہر
کرکی ڈگری وراثت بنام زید کی بسبب قرابت
وارِ بعید کی حاصل کی ہو اور چند روز کی بعد بکر ترکہ کا
متوفی مذکور کا لڑکی اور وہ بنام زید مذکور کی بدعوی وراثت
نالشی ہووی تو اس صورت میں عمرو کہ اگر پایا بانہ ا
فیصلہ بکر مذکور کی نالش کی سماعت کا مانع نہو گا
اگرچہ فیصلہ مسبوقہ سی زید کا لاولد مرنا صاحب عدالت
کی آگہی واضح ہوا ہو تاہم بسبب اس عذر کی
کہ بکر عمرو کی مقدمہ مرجوعہ کی وقت حاضر نہ تھا لہذا
شامل متخاصمین نہوا دعوی اسکا قابل سماعت کی ہوگا *
اور اگر درمیان راہن اور مرتہن کی مقدمہ رہن
مشروطہ کا عدالت مین مرجوع ہوکر ڈگری بنام مرتہن
کی درباب انفکاک رہن اور دخل پانی اد ہر
شی مرہونہ کی اجرا پاوی تو جس طرح کی ملکیت
راہن کو اوپر زمین مرہونہ کی تھی بعینہ اسی طرح کی
مرتہن کو حاصل ہوگی ث

ف کالی کسن ناتھ چودہری اپلانٹ بنام بسنبر سین و دیگر رسپانڈنتان ۲۰ا فروری
سنہ ۱۸۴۹ع

اور اس طرح کی ڈگری عدالت سے پا چکنے کی بعد اگر بنام دیگر مدار گار کوئی فریق ثالث عدالت میں نالش ہووے اس دعوی سے کہ یہ زمین مرتہونہ بکورہ کا مالک ہوں تو اس فریق ثالث کی نالش بسبب ڈگری بکورکی جو مرتہن کو آگے مل گئے ہے عدالت میں نامسموع ہوگی

پر اس مقام میں غور سے سمجھیں تو واضح ہوگا کہ مقدمہ سابق اور حال کی مطلب اور فریقوں میں فرق موجود ہے

جس مرتہن کہ اگلی مقدمے کی استخاص سے ہیں اور ر عدالت مختلف رہے ہوں

اور یہاں سمجھنے کی لیے فوجداری آئین سے ایک نظیر اخذ کر کی لکھی جاتی ہے کہ اگر کسی عدالت دیوانی کی آگے یہ ثابت ہو جاوے کہ فلانی دستاویز اصل ہے جعلی نہیں اور بعد اسکے اسی دستاویز والی فریق کی نام پر ثانیا کوئی دستاویز مذکور کی جعلیت کی اظہار سے بتہمت جعل سازی نالش در پیش کرے تو وہ نالش بھی بسبب عدم اثبات

ثبوت کا لی کسن ناگ چودہری ابلانت بنام شنکر سین وو دیگر مسابہت غرا فروری سنہ ۱۸۰۹ع

جعلیت کی مقدمہ سابق میں نامسموع نہوگی کیونکہ
اگلی مقدمہ میں سرکار بہادر کو جو کہ نصیب عامہ کی
مختار ہیں فریقان مقدمہ میں داخل ہوکر دستاویز مذکورہ
کی جعلیت کی تجویز کرانیکا قابو نہ تھا *

اور مطابق اس مضمون کی اگر زید بجرم جعل سازی
کسی قبالہ وغیرہ کی عدالت فوجداری کی آگی
ماخوذ ہوکر مخلصی پایا ہووی اور بعد اسکی پھر عدالت
دیوانی میں کوئی اسی قبالہ وغیرہ کی صرف جعلیت کی
تحقیقات کی لئی نالش پیش کری تو وہ نالش
زید مذکور کی مخلصی کی عذر کی سبب سی جو اُسی
عدالت فوجداری سی ملی تھی عدالت دیوانی میں
نامسموع نہوگی *

اور جس صورت میں عمرو کی نام پر جھوٹ
اتہام دیکر محکمہ فوجداری میں نالشی ہونی کی سبب
سی صاحب مجسٹریٹ نی زید کا جرمانہ کیا ہو اور بعد
اسکی عمرو مذکور دعوی حرجانہ کی جو اس جھوٹ
تہمت کی سبب عاید حال اسکی ہوئی تھی بنام

زید کی عدالت دیوانی میں نالشی ہووی تو زید مذکور کو اختیار رہیگا کہ بذریعہ گواہوں کی اپنی جھوٹی تہمت نہیں لگانی اور صاحب مجسٹریٹ کا اسکی نام پر بیجا حکم جرمانیکا اورکرنا ثابت کری اور صاحب عدالت دیوانی کو صاحب مجسٹریٹ کی رای کی پیروی واجب نہیں ج

کسی مقدمی کی تجویز سرسری ہوچکنی کی بعد کما ینبغی تجویز کرانی کی لئی پھر اُسکی نالش نمبری کرنی جایز ہی پس جاناہئی کہ ایک بار کسی مادی کی تجویز سرسری طریقی پر عمل میں آچکنی کی بعد پھر عین اُسی مادی کی نالش نمبری عدالت میں پیدا ہوسکتی ہی ۔

اور اجرای ڈگریکی وقت کسی مزاحم کی درخواست مزاحمت کی برخلاف ، سرسری طریقی پر حکم نیلام بہ نسبت ایک جایداد کی صادر ہوچکنی کی بعد ابھی مزاحم مذکور کو نالش نمبری واسطی

ج منی موھن منڈل اپیلانت بنام مدوسودن منڈل رسپانڈنت ۸ جون سنہ ۱۸۶۴ع

اس نزاد فروخت نیلام مذکور کی عدالت میں داخل کرنا جائز ہوگا ح

بنای مقدمہ میں اختلاف رہنی کی صورت میں

اور بعض مقدمہ مکررہ ایسا ہوتا ہی کہ اس میں شی دعوی اور اشخاص مدعا علیہم میں کچھ تبدل نہ آنی کی صورت میں ہی صرف بنای مقدمہ میں فرق آنی کی وجہ سے عدالت میں مسموع ہوتا ہی

مقدمہ منفصل کو ثانیاً عدالت میں رجوع کرلی کی بابت اصل متخاصمین کا دعوی دوبارہ ہونا ضرور نہیں

مقدمہ منفصل ہوتا یا عدالت میں رجوع کرلی گئی کی باب میں جو ممانعت کا آئین مقرر ہی وہ آئین جس صورت میں کہ فریقان مقدمہ سابق و حال مثلاً ایک رہی ہوں اور اشخاص فریقین حقیقت میں ایک ہوں بکار آمد ہوگا *

اشتہار جو اصل متخاصمین کی جانشین ہیں

کیا اصل اشخاص اور کیا انکی جانشین دونو پر ماننا ممانعت مذکورہ کا جو درباب ارجاع نالش مکرر کی لکھی گئی واجب ہی *

ح در مادہ سوال دامودہ ۲۰ فروری سنہ ۱۸۴۹ع

ح ح در مادہ سوال راجہ کشن کنور مانک ۱۶ امی سنہ ۱۸۴۸ع و گورنانند سورہ مجموعہ دار اسلامت بنام جگبنہ گوسائین رسالہ دار ۱۵ جولائی سنہ ۱۸۴۶ع و کاسی کنت جگوجہ اسلامت بنام بکنور سنو رسالہ دار ۷ مارچ سنہ ۱۸۴۹ع و بابورام لوچن سنگھ اسلامت بنام حیدر صحان رسالہ دار ۲۹ مارچ سنہ ۱۸۴۹ع

فریقان مقدمہ میں سے جس کے حق میں جو کچھ حکم
ناطق یا انفصالی عدالت سے صادر ہوا ہو وہی حکم اسکے
ورثہ اور جانشینوں کے حق میں بھی متصور ہوگا ۔
اور اگر مطابق حکم انفصالی کے جائداد ایک شخص
متوفی کے کہ جسکے نام پر ڈگری ہوئی تھی قرق کی گئی ہو
اور اسکو اپیل کرنے کی اجازت دی ہو تو وہی اجازت
اس متوفی کے وارث یا جانشین کو (کہ جسکو وہ جائداد
پہنچنے والی ہو) ملیگی ۔ پر اگر اس وارث یا جانشین نے
میعاد کے اندر اپیل نہیں کی تو فیصلہ مذکورہ ناطق و مکمل
متصور ہوگا ۔ اگر سابق میں فیما بین زید اور عمرو کے مقدمہ
عدالت میں درپیش ہو کر بنام زید مذکور کے زمین
متنازعہ پر دخل ولائے جانے یا دخل بحالی کا حکم صادر
ہوا ہو تو ایک صورت میں (جیسا کہ مقرری وار کی
مقدمہ میں ہوتا ہے) انہیں فریقوں میں در باب
اسی شی مذکور کے دوسرا مقدمہ دوسری حقیت سے

و گاسپر مالکم کاسپر اسلاپ بنام حیوم صاحب وغیرہ رسالہ نشان ۳۰ نومبر سنہ ۱۸۶۹ع نگرپیل آوتھنک ، استفانوس ایبلاٹ بنام گاسپر مالکم کاسپر وغیرہ رسالہ نشان ۳۰ نومبر سنہ ۱۸۶۹ع

عدالت مین درپیش ہوئی ہے حکم مذکور اُسکی سماعت کا مانع ہوگا ذ

کسی آئین کی بابت فیما بین زید اور عمرو کی مقدمہ عدالت مین رجوع ہوکر ایکبار فیصل ہوچکنے کے بعد ثانیاً انہین دونو فریق کی درمیان دوسری ابداد کی نسبت مقدمہ ثانی مرجوع ہونا جایز ہے اگرچہ ان دونو مقدمی کی امورات اور حکم آئین مین کچھ فرق راہ نپایا ہو ر

جاہی کہ مقدمہ سابق کی متخاصمین کو اپنی اپنی حقیت کی بابت سوال و جواب کا اختیار اُس مقدمی مین رہا ہو

ثانی مکرر کی متخاصمین مقدمہ سابق مین متخاصمین ہوئی تھی صرف یہی بابت مقدمہ مکررہ کی نامنظوری کا سبب ہونا ہی اب نہین بلکہ جاہی کہ پہلی دفعہ کے مقدمی کی تجویز کی وقت متخاصمین مذکورین سی ہر ایک کو عدالت مین بہ نسبت مقدمہ مذکورہ کی اپنی حقیت کی اثبات کا قابو رہا ہووی کیونکہ ہوسکتا ہی کہ ایک شخص مدعی کسی مقدمہ مین ایک شخص کو فریق

ذ جی چندر رای اپلانت بنام بہر چندر رای ودیگر رسپانڈنٹان ۱۸ دسمبر سنہ ۱۸۵۹ع
ر سنبھو رام اپلانت بنام ستگردت رسپانڈنٹ ۹ جون سنہ ۱۸۶۲ع
ر بابو رام لوچن سنگہ اپلانٹ بنام حیدر علی خان رسپانڈنٹ ۲۹ مارچ سنہ ۱۸۶۹ع

اسی طرح پر بنا دی کہ در حقیقت اسکو اس معاملہ
میں اپنی حقیت کی بابت پورا سوال د جو[illegible]
کرنیکا اختیار نتھا "

55

اگر قوم ہنود کا کوئی لاولد بیوہ مثلاً مسماۃ گنگا وا سی
اپنی شوہر کی پوری جائداد متروکہ کی نسبت بدعوئی
وراثت شوہری اپنی شوہر کی رشتہ داروں کی نام
پر نالش ہو کر اپنی ہی مانند دوسری ایک جنفدار لاولد بیوہ
مسماۃ کشن منی کو مدعاعلیہوں کی زمرہ میں
شامل کی ہو۔ اور سوائی کشن منی مذکورہ کی باقی
مدعاعلیہم اپنی جواب میں ظاہر کریں کہ بارہ دستور
خاندان کی مطابق لاولد بیوہ اپنی خصم کی بابت حصہ
وراثت ترکی سسر کی اُسکی پانی کی مستحق
نہیں ہوتی ہی ۔ اور اسی طرح کی جواب سی اُنکی
وہ مقدمہ ڈسمس ہو جاوی *

تو ایسی مقام میں بیوہ لاولد کشن منی مذکورہ جو
صرف مدعاعلیہا بنکر فریادی مذکورہ کی مقدمی کے
جوابدہی کی لئی نامزد ہوی تھی اُسکو دوسری

مدعا علیہون کی جواب کا رد جواب دہی کا اختیار
نہین تھا ؛
اور نہ بہ نسبت فیصلہ مقدمہ مذکورہ کی عذرات
مین اپیل کر سکتی تھی کیونکہ ڈگری مذکور برعکس اسکی
دخلکاری کی صادر نہوئی ؛ پس واضح ہوا کہ نالش جسکی
بابت مذکورہ فیصلہ دیگئی تھا وہ اسی مذکورہ کی مقدمہ مین
متخاصمین کی بشامل اس طرح پر تھی کہ وہ مقدمہ بہ سبب
اسکی عدم قابلیت جوابدہی کی اُس کی حال کی
مناسب نہو سکا *
پس ثانی الحال مین اگر وہی نالش زمین مذکورہ بدعوی
خاص اپنی کی الگ نالش جدید کیجی کری تو مقدمہ متوفی کا
فیصلہ اسکی سماعت کو مانع نہوگا ؛ کیونکہ صورت
مذکورہ مین نئی مقدمہ مرجوعہ کی سب فریق آئین کے
مطابق اگلی مقدمی مین ایک ہی صفت پر عدالت
کی آگی نہین آئی تھی اور اگرچہ نئی مقدمہ مرجوعہ
مین جس دعوی سے نالش زمین مذکورہ نالشی ہوئی ہی

فیصلہ مقدمہ مسبوقہ اس دعوی کی بطلان پر ایک گونہ دلیل ہو سکتی ہی اسکی ساتھہ ہی صاحبان عدالت دیوانی کو مقدمہ جدید مین فریادی کی خفش مین مذکورہ کی دلایل کی نسبت تحقیقات عمل مین لانی کا اختیار بخوبی حاصل ہی

مقدمات منفصلہ عدالت سوپریم کورٹ

ہوہذا اس طرح کی نا منظوری کا حکم بہ نسبت مقدمات منفصلہ عدالت سوپریم کورٹ کی اور عدالت متعلقہ کمپنی بہادر کی ایک ہی طرح پر اجرا پاویگا ش

سابق مقدمی کی ڈگری کی درستی یا نادرستی کی بابت تجویز عمل مین نہین آئیگی

صاحبان عدالت دیوانی کو اوپر کی مذکور مطابق کسی مقدمہ منفصلہ کی فیصلی کی صحت اور عدم صحت کو خواہ بہ نسبت آئین کی ہو یا حقیقت معاملہ کی ص اجرای ڈگری کی درستی کی بابت ہو یا نا درستی کی ضمن تجویز عمل مین لانیکا اختیار نہین ہی ۶ ہروی

ص ریک بعض بیبنج وغیرہ اپلانتان بنام پرشن منی رسپانڈنت [illegible] سنہ ۱۸۲۷ع اپنڈہ باب ۱۲ و ۲۲
ش مسٹر ریچارڈ وانگھین وغیرہ اپلانتان بنام نیکو لاس ڈیمتربس اپلیس رسپانڈنت ۱۸ جنوری سنہ ۱۸۲۸ع
ص راورام سنگر اپلانت بنام رانی تارنی دیبہ رسپانڈنت ۲۵ اپریل سنہ ۱۸۲۶ع
مقتسیاب خان اپلانت بنام خواجہ ابو محمد خان وغیرہ رسپانڈنتان ۱۷ اپریل سنہ ۱۸۲۶ع
ص نین کشن بلدار اپلانت بنام بسمبہ سیل رسپانڈنت ۲۳ ستمبر سنہ ۱۸۲۶ع

اس طرح کی معاملات کی روئداد انکو راست و مناسب
جانکر واسطی اجرای احکام کی جو ائین در باب
ولانی اشیای دعوی کی مندرج ہوئی ہیں اپنی
محکمی مین پذیرا کر سکتی ہیں ؛

شریف کی نیلام کی حقیقت

اگر ط عدالت سوپریم کورٹ کی تجویزی
فیصلہ کی حکم مطابق کلکتی کی صاحب شریف نی
کسی شی کی نسبت زید کی حقیت کو عمرو کی
ہاتھ دستور مطابق بیچا ہو ، اور بعد اسکی زید مذکور
ہٹ پر آکی عمرو کو اوس شی مبیعہ کی دخل نہ دیوی
تو عند الارجاع اسمقدمہ کی صاحبان عدالت دیوانی
مطابق فروخت شریف موصوف کی زید کی جس
طرح کی ملکیت بہ نسبت شی مبیعہ کی تھی اسی طرح پر
عمرو کی تملیک اسپر جاری کرینگی ، پر اگر واسطی
دخل پانی اوس شی نیلامی کی عمرو کو کسی فریق ثالث کی
نام پر نالش کی حاجت ہو تو جسقدر اعانت کہ زید کو

پر پرشاد و گھوس اپلانٹ بنام کنت کمہ جیبہ رسپانڈنٹ ۱۵ جنوری سنہ ۱۸۲۴ع بھوانی چرن متہ
اپلانٹ بنام جی کسن متر وغیرہ رسپانڈنٹان ۳ جون سنہ ۱۸۳۶ع
ط دیکھو مقدمات مذکورہ اخیر کو

دی جاتی صرف اسیقدر با اعانت عمرو کو عدالت سے
ملیگی ؛

سوپریم کورٹ کی حکم سے قرق کی ہوئی جائداد کا چپ چاپ فروخت کرنا

(۵۷)

اگر کسی زمیندار کا تعلقہ مفصلی سوپریم کورٹ کی
حکم سے قرق ہوا ہو اور وہ زمیندار ایک تعلقہ متعلقہ
زمینداری مذکورہ کو اُس قرق رہنی کی حالت مین
چپ چاپ کسی کی ہاتھہ بیچی اور بعد اسکی حسب الحکم
عدالت ممدوحہ کی وہ زمینداری شریف کی نیلام
مین فروخت ہو تو خرید اس مشتری کی کہ جسکی ہاتھہ
زمیندار مذکور نے چپ چاپ بیچا تھا باطل ؛ اور شریف
کی نیلامی خریدار کا اشترا بحال ؛ ہو ویگا ؛
پر اگر حاکمان سوپریم کورٹ خود شریف کی نیلام کو
بہ نسبت شئی مذکورہ کی رد فرماوین تو زمیندار مذکور
یا وارث پر مفصل کی مشتری کا دعوی ادا کرنا
واجب ہوگا ظ

عدالت سوپریم کورٹ مین کوئی مقدمہ بابت رہن مشہور ملی کی دائر ہو کر انفکاک رہن کا حکم عدالت ممدوحہ سے صادر ہونی کی حقیقت

اگر عدالت سوپریم کورٹ مین کوئی مقدمہ بابت

ظ سروپ رای ابلانٹ بنام رام جی تردجہ وغیرہ رسپانڈنٹان ۲۲ دسمبر سنہ ۱۸۰۶ع
پیتمبر پیشا جارج ابلانٹ بنام رامجی تردجہ رسپانڈنٹ ۳ جولائی سنہ ۱۸۰۷ع پیتمبر گھوس
ابلانٹ بنام عزیب الله رسپانڈنٹ ۳ اکتوبر سنہ ۱۸۰۶ع برشن ناتھہ رای ابلانٹ بنام
ہری ہر گوسائین رسپانڈنٹ ۱۰ ستمبر سنہ ۱۸۰۹ع اور اینده باب ۲۹

رہن مشروطی کی وا پر بعد کہ حکم انفکاک رہن کا صادر
ہو گیا ہوا اور پھر مرتہن کو عدالت دیوانی مین واسطی
دخل یابی اور پر ستی مرہونہ کی نالش کرنی پڑی
تو صاحبان عدالت دیوانی نی مصدورہ سپریم کورٹ کو
بجا اور ناطق سمجھ کر اسکی تعمیل کی لئی مرتہن مذکور کو
اور پرستی مرہونہ کی دخل ولا دینگی یعنی سوپریم کورٹ
کی حکم کی اصدار کی تاریخ مین جیسی حقیت معاعلیہ
فریادی کو ولا دینگی ہے

ایک بار ایک مقدمہ ہے جو آئین مذکور کی اصدار کا
باعث ہی ۔ درباب بیج بالوفا کی سوپریم کورٹ مین
دعویٰ ہو کر حکم انفکاک رہن کا برخلاف آئین ۱۷ سنہ ۱۸۰۶ع
کی عدالت ممدوحہ سی اجرا پایا تھا پر چونکہ مدعی یعنی
راہن نی راغباً اپنی مقدمہ کو حاکمان سوپریم کورٹ کی

ع صفحہ مزبورہ ۹۳ بحوالی جرت منزا پلانٹ نام کی سن منز و دیگر رسپانڈنٹان ۲۴
جولائی سنہ ۱۸۴۶ع کالی ناتھ رای اپلانٹ بنام مسٹر جان ٹیلر رسپانڈنٹ ۲۰ اگست
سنہ ۱۸۴۶ع ہروس ناتھ رای اپلانٹ بنام ہری نراین رای گوسائین رسپانڈنٹ ۱۰ ستمبر
سنہ ۱۸۴۶ع زینب بیگم اپلانٹ بنام جیکلن رسپانڈنٹ ۱۲ ستمبر سنہ ۱۸۴۶ع
ع ضمیرالدین و دیگر اپلانٹان بنام رام موہن ٹھاکر رسپانڈنٹ ۱۹ ستمبر سنہ ۱۸۴۱ع

تجویز میں ہو نا تھا اس لئی مطابق آئین عدالت مدوحہ کی
اپنا حق کھو یا *

اگر ایک عدالت میں بہ نسبت کسی مقدمی کی حکم انفصالی اجرا پا چکا ہو یا مقدمہ وا پر رہتی ہوئی ور و ئی روبکاری کی ذریعہ کوئی حکم مثل حکم امانت کر ئی روپیہ کی صادر ہوا ہو تو بہ نسبت اس روپی یا اس حکم کی دوسری کسی عدالت میں نالش ممنوع ہوگی ف

سوپریم کورٹ کی حاکموں کی تجویز میں سونپنی کی حقیقت

ایک عدالت دیوانی دوسری عدالت دیوانی یا سوپریم کورٹ کی فیصلی کی اجرا یا مطلب کی بیان کرنی میں دخل نہین کریگی ق

مقدمہ سابق کی ڈگری میں دست اندازی نہوگی

اگر کسی عدالت دیوانی کی حکام ذی اقتدار کسو مقدمی کی اجرای ڈگری کی بابت میں تجویز سری عمل میں لاکر کچھہ حکم صادر کریں تو بہ نسبت اس حکم سرسری کی خواہ وہ درباب واصلات کی یا سود کی یا کسی شئی متنازع اصل متخاصمین کی ہو

ف دون اسلاٹ بنام نکولس و دیمتریس ایلیاس سپاہ مدت ۱۸ جنوری سنہ ۱۸۴۳ع دیکھو صفحہ مزبورہ ۱۶۱

ق بیجناتھہ گھوس و دیگر اپلانٹان بنام مسز انگلزندر دیورل رسپانڈنٹ ۲۶ ستمبر سنہ ۱۸۴۰ع

نالش جدید دوسری عدالت مین پذیرا نہو گی
اور اگر کوئی حکم کسی عدالت سی بخطائی یا سہو
صادر ہوا ہو تو جس عدالت نی وہ حکم اصدار پایا ہو
اُسی عدالت مین بہ نسبت اُسکی خطا کی درخواست
انصاف کی کرنی مناسب ہوگی

جس صورت مین کہ کسی مہاجن نی بدعوی ایک
حصہ منجملہ زر باقی کی اپنی عدالت سوپریم کورٹ
مین نالشی ہو کر ڈگری حاصل کی ہو اور وہ مقدمہ اُسکا
عدالت ممدوحہ مین انفصال پاچکا ہو تو باقی بابتی کے
لئی پھر کسی عدالت دیوانی مین ارجاع دعوی
کر سکیگا [ل]

مبلغ باقی کی ایک حصہ کی ڈگری ایک عدالت مین ہونی کی بعد باقی بابتی کی نالش دوسری عدالت مین جایز ہوگی

اگر دو چار شخص بالاتفاق کسی کو تمسک یا اقرار
نامہ دیکر کچھ مبلغ قرض لئی ہون اور مہاجن مذکور
منجملہ مدیونون سی ایک شخص کی نام پر عدالت
سوپریم کورٹ مین کہ جسکی علاقہ مین وہ رہتا ہو مقدمہ

[ک] کنسٹرکشن نمبر ۱۱۲۹ صدر کلکتہ و صدر آگرہ ۶ فروری سنہ ۱۸۳۳ع برکت اللہ بیگم
[illegible] بنام سید احمد حسین رسالدار ۱۲ نومبر سنہ ۱۸۴۰ع
[ل] منو [illegible] بنام رام نراین گھوس رسالدار ۱۶ جنوری سنہ ۱۸۱۲ع صفحہ ۳۶ بروره

وہ پیش کر کی بذریعہ ڈگری عدالت ممدوحہ کی ، اُسکی
کل باقی میں سی ایک حصہ ادا ہو ، تو باقی باقی کی
ئی واپس مذکور کو اختیار ہی کہ تمسک مذکورہ کی
بابت وہ سبزی دیندارون کی نام پر بشمول نام
شخص اول کی کسی عدالت دیوانی میں کہ جسکی
علاقی میں وی رہتی ہون مقدمہ درپیش کری ۔ م
اور مطابق مراتب مذکورہ کی اگر کسی زمیندار
نابالغ کی سربراہ کار اور ولی باقی خزانہ سرکاری کی
ادا کرنیکی لئی کسی شخص سی بذریعہ انگریزی بانڈ
کی اپنی نام سی کچھ روپی قرض لیکر ادا کرین اور
واپس مذکور عدالت سوپرم کورت مین بنام اُنکی مقدمہ
درپیش کر کی اُنپر ڈگری جاری کری اور زر باقی
اپنا پاوی تو زمیندار مذکور بالغ ہونی سی واپس مزبور
پھر اپنی باقی روپی کی لئی اُسکی نام پر عدالت
دیوانی مین نالش کر سکتا ہی ۔ ن

م رتنیک چندر نیوگی اپلانٹ بنام اودہران وغیرہ رسپانڈنتان ۲ اپریل سنہ ۱۸۰۳ع
ن کوبی موھن ٹھاکر وغیرہ بنام راجہ رادھا ناتھ

مقدمہ سابق کی ڈگری بگاڑنے والی کو اُس حرکت سے باز رکھنے میں دست اندازی

پر اگر دریافت ہووے کہ کسی مقدمی کی بابت کسی وجہ سے کچھ فتور یش فریب یا عدم تامل یا خطا درباب بگاڑنی اگلی ڈگری کی عمل میں آکر موجب ناانصافی کا ہونی لگا ہے تو صاحبان عدالت دیوانی نہ فقط بہ نسبت ڈگری مذکور کی دست اندازی کرینگی بلکہ جو اُس ڈگری کی بگاڑنی میں کوشش کرتی ہیں انکو اُن حرکتوں سے باز رکھینگی ۔

اگر کوئی شخص کسیکو ضرر پہنچانیکی مطلب سے سوپرم کورٹ وغیرہ عدالت کی کسی طرح کا حکم برخلاف دیانت داری کی صادر کروایا ہووے تو بہ نسبت اُس ضرر کی درخواست عدالت دیوانی میں مسموع ہوسکیگی ۔ پر عدالت ممدوحہ وغیرہ سے جو حکم انصافی یا غیر انصافی کہ صادر ہوچکا ہووے اُسکا ابطال عمل میں نہیں آویگا ۔

پس جب ایک شخص نے کسی لین دین کی بابت دوسری شخص کی ساتھ اپنی تئین سوپرم کورٹ کی علاقے کا مقید کیا ہو اُس اقرار پر کہ ڈگر

آنسے لین دین کے مین نہین جاری کرونگا برخلاف شرط کے عمل مین آئی ہے، اور وہ شرط سوای راستی و دیانت کے اور کسی بات پر مبنی نہو، اور مدعی برخلاف اُسکے حکم سوپریم کورٹ کا مدیون کی نسبت جاری کروا وے تو یہ اُن نسبت شکست اُس اقرار کی مدعا علیہ کو عدالت دیوانی مین نالش کرنیکی اجازت ملیگی، اور صاحب عدالت دیوانی صورت مذکورہ مین ڈگریدار مذکور کو اجرای ڈگری مذکور کی موقوف رکھنی کی لئے حکم دیوینگی

اور مطابق مطلب مذکور کی اگرچہ عدالت دیوانی کو یہ اختیار نہین کہ فیصلۂ سوپریم کورٹ کی نسبت کچھ گفتگو کرین مایعلہ سوپریم کورٹ کو اجرای ڈگری کی باب مین مانع ہووین پر اگر قبل اجرای فیصلہ مذکورہ بلا اطلاع عدالت ممدوحہ کی فیما بین متخاصمین کی بطریق مذکورہ بالا کچھ قول و قرار عمل مین آیا ہو لا یعنی مرباوی لی وس مہینی کی مدت تک اجرای ڈگری،

و را منذر دبوس رای اسلاف بنام روپ نراین گھوس وغیرہ رسانیدہ نہ اگست سنہ ١٨١٣ع

موقوف رکھنے کے وعدے پر مدعا علیہ سے قبول
ڈگری عدالت ممدوحہ میں داخل کروایا ہو اور بعد اسکے
ڈگری دار مذکور برخلاف اُس اقرار کے ڈگری جاری
کرنیکی کوشش کرے تو اگر وہ ڈگری دار اُسی
ضلع کے علاقہ کے اندر بودوباش کرتا ہو وے
تو صاحب عدالت ضلع کو اختیار ہے کہ بمطابق قول
وقرار مذکور کے درباب موقوف رکھنے اجرائے
ڈگری سوبرم کورٹ کے تجویز عمل میں لاوین ۔

۲ فصل

درباب مقدمات وجہ کے کسی دوسری عدالت
میں دایر رہنے کے

جب کسی بناکا مقدمہ ایک عدالت دیوانی میں حسب ضابطہ دایر رہا ہوے تو اُسی بناکی نالش دوسری
عدالت دیوانی میں مسموع نہوگی ۔ اگر مدعی کسی بناکا
مقدمہ ایک عدالت دیوانی میں دریپش کرکے اسکے
فیصل ہانے کے قبل یا بعد ۔ دوسری عدالت میں جو اُسی
بناکی نالش دریپش کرے تو صاحب جج اُس نالش کو

کہ دوسری
مقدمہ دایر

و مس کر کی سوای خرچہ مناسب کی مطابق
احوال فرمادی اور ماہیت مقدمہ مذکورہ کی حکم جرمانی کا
بہ نسبت مدعی مذکور کی صادر فرمائیگی اور جب تک
کہ مدعی مذکور زر جرمانہ ادا نکرےگی قید رہیگا ۱

نالش ثانی گو بابت کل شی دعوی مقدمہ اولی کی ہوے ، تو بھی نا مسموع ہوگی

اور اگرچہ نالش ثانی بہ نسبت کل شی دعوی
مقدمہ اولی کی مرجوع ہوئی ہو تو بھی وہ مطابق آئین
مذکور کی نا منظور ہوگی ، اگر زید نی بنام عمرو کی کسی
جائداد کی دعوی سی عدالت مین نالش کر کی مقدمہ وایر
رہتی ہوی شی دعوی کا ایک حصہ بکر کی ہاتھہ بیچا
ہو ، اور بکر مذکور قبل انفصال مقدمہ مذکورہ کی واسطی
دخل پانی اوپر مقدار خریدہ کی اپنی عمرو کی نام پر
نالشی ہووی تو ایسی مقام مین حکم آئین مذکور بہ نسبت
مقدمہ مرجوعہ بکر کی بعض صورت مین باعث عدم
سماعت کا ہوگا ، اور بعضی صورت مین مانع سماعت کا
نہوگا ،

جس صورتمین کہ مقدمہ مسبوقہ مین نالش حال کا کل منشا بھی موجودہ ہو

یعنی جس صورت مین کہ کل منشای دعوی بکر کا مفوضہ

۱ ق ۳ سنہ ۱۷۹۳ء ؛ و ۱۲ ؛ بنارس ق ۲ سنہ ۱۷۹۵ء [illegible]
د مفوضہ ق ۲ سنہ ۱۸۰۳ء [illegible] ۱

بیچ مقدمۂ مسبوقہ کی موجود رہا ہووی تو نالش بکر کی
قابل سماعت کی نہوگی ۔ اور اگر اُسکی برعکس ہو
یعنی کل منشای مقدمۂ ثانی معاملہ اولی مین موجود نرہا ہو ۔
تو اوپر کی آئین مطابق حکم نامنظوری بہ نسبت نالش
بکر مذکور کی صادر نہوگا *

مقدمۂ مرجوعہ سوپریم کورٹ

اور مطابق مضمون آئین مذکور کی کسی بناکا مقدمہ
سوپریم کورٹ مین دایر رہتی ہووی تب اگر مدعی
اُسی بنا کی نالش دوسری عدالت مین درپیش کری
تو وہ نالش نامسموع ہوگی ہر حکم جرمانہ بہ نسبت مدعی
مذکور کی صادر نہوگا ۔

علاقہ سوپریم کورٹ مین مقدمہ رجوع کرنیکا نتیجہ

اگر علاقہ عدالت دیوانی کا کوئی باشندہ کسی شخص کی ساتھ
کسو معاملی مین باہم متفق ہوکر بذریعہ اقرارنامہ کی اپنی تئین
عدالت سوپریم کورٹ کا تابع کیا ہووی تو اقرار
مذکور سی عدالت سوپریم کورٹ کو شق عدالت
دیوانی کی اختیار بہ نسبت اُسکی حاصل ہوگا ۔ لیکن
اگر اُنمین سی بجز ایک شخص کوئی مقدمہ جو سوپریم

* رای جو ان کشن متر اسلامت بنام موتی سندری بسلارس ۱۴ مارچ سنہ ۱۸۲۴ ع دیکھو سرکیولر ۳ ستمبر سنہ ۱۸۲۶ ع

صورت میں مرجوع نہیں ہی عدالت دیوانی میں داخل کیا
جاہی تو اقرار نامہ مذکورہ اسکی سماعت کا مانع ہوگا ت

ناداد قرضداروں کی بابت مقدمہ کی سبب احکام عدالت کا موقوف رہنا

اور جس صورت میں کہ کوئی مدیون بی استطاعت
دین سی رہائی پانیکی امید سی مطابق باب ۱۲ آئین
سنہ ۱۱ جلوس ملکہ وکٹوریا کی جو واسطی مخلصی نادار
قرضداروں کی اجرا پایا ہی انسال دِنت میں
درخواست گذرانتا ہو تو کوئی مقدمہ جو اسکی نام پر
عدالت دیوانی میں مرجوع رہتا ہو ملتوی رہیگا، بشرطیکہ وہ
اپنی شِدول یعنی تالیقہ میں دعوی مدعی پر معترف رہا ہو
یا معترف رہکر صرف بہ نسبت تعداد مبلغ دین کی
کچھ تعذر رکھتا ہو، پر اگر اپنی شِدول میں مدعی کی دعوی پر
معترف نرہکر صرف تعذر رکھتا ہو تو وہ مقدمہ ملتوی
نرہیگا۔ ث

اگر زید نی عمرو کی نام پر کسی زمین کی بابت
دعوی باظہار لاخراج یعنی اُسی زمین کی عدالت

ت سوبج نراین وغیرہ اپلانتان بنام اسپیان بام متوفی اینڈکو رسپانڈنتان ۵ مارچ سنہ
۱۸۳۹ع ، بہوانی چرن متر اپلانت بنام ہرکشن متر وغیرہ رسپانڈنتان ۲۲ جولائی سنہ ۱۸۴۲ع
ث دیکھو ۲ و ۶ ۱۸۴۹ ہ جی چندر پال چودہری اپلانت بنام کالاکرپال وغیرہ رسپانڈنتان
۵ مارچ سنہ ۱۸۳۹ع

دیوانی مین پیش کیا ہوا اور بعد التدارک معلوم ہو کہ
درباب اُسی زمین کی مقدمہ صاحب کلکٹر کی
آگی مرجوع ہی تو مقدمہ زید مذکور کا عدالت دیوانی
مین دسمس ہو جایگا

نوان بیسہ

انقضای میعاد کی سبب دعوی کا مسدود ہونا

جس صورت مین کہ کسی طرح کی حق تلفی وغیرہ کی
بابت مقدمہ عدالت مین مسموع ہونی کی قابل
اور وہ کسی عدالت مین روبکار ہوا ہو، تو جو کوئی اس
حق تلفی سی متضرر ہوا ہو وی اسکو لازم ہی کہ قبل
ازجاع نالش اپنی کی سوچی کہ کتنی دن اسکی استحقاق
نالش کی گذری ہین کیونکہ جتنی مقدمی کہ قابل
سماعت عدالت کی ہین گویا سبھی کی نسبت
ایک میعاد مقرر کی گئی ہی اور انقضا اس میعاد کا
اُن مقدمون کی نامنظوری کا باعث ہوتا ہی *

میعاد کی وجہہ

جو لوگ عدالت مین اپنی نالش داخل کرنی مین

ج مہارانی کنول کنواری ابلانت بنام سری دہر سین وغیرہ رسپانڈنتان ۱۸ جون سنہ ۱۸۴۸ع

جنمی ونندہی کو اپنی اوپر لازم نہ سمجھین وی ا ہنی
دعوی پھر پانیکی بئی عدالت کی اعانت چاہئی تکی
بہت کم مستحق ہونگی * مزبقو نکی بلا خوف
مزاحمت وپرسی شی متنازعہ پر دخیل رہنی اور
اسکی محاصل سی متمتع ہونگی بعد بیدخل کرنی مین
بڑی سختی واقع ہوتی ہین اور اس لئی کہ جب بنای
مقدمی کی وقوع کی تاریخ سی مدت دراز منقضی ہوئی
تو پھر اسکی تحقیقات مین اور فریب وجعل سازی
کی دریافت کرنی مین ۰ لوگون کی بعض مراتب
کی ٹھیک یاد نرہنی کی سبب سی اور گواہون کی
مرجانی یا بوڑہی ہونی یا ایک جاگہہ سی دوسری
جاگہہ مین نقل کرنی سی ؛ اور کاغذات معاملہ کی گم
اور نقصان ہونی سی ؛ اور اسباب اصلاح غلطی اور
ابطال فریب وجعل سازی کی فقدان سی نہایت
قباحتین ہوتی ہین ت

ہندو اور مسلمان کی یہان مطابق شرع اور شاستر کی

ح تبدیلی موہن شاکر وغیرہ اسلاسان بنام راجہ رادھا ناتھ رسالہ بات تاریخ چہارم جنوری
سنہ [illegible]ع

ایک میعاد سماعت کی (جو شکوک سے خالی نہیں) ملک کی آسایش اور امن کا موجب ہے اور جعل سازی و فریب کا مانع ہونے کے لئے مقرر ہے
ہر اس باب میں سرکار کی طرف سے جو میعاد سماعت کی مقرر کیا گیا وہی جاری اور بکار آمد ہے اور یہ آئین سرکار کی قلمرو میں شرع اور شاستر کے حکم اور رواج کے سبب اختلاف پذیر نہیں ہوتا ہے
مقدموں کی سماعت کے باب میں میعاد کی بابت آئین رہی کا احوال عموماً لکھ کر انکے مختلف احکاموں کو عمل میں لانیکا طریق ذیل میں قلم بند ہوتا ہے*

فصل

قوانین

بارہ برس کی میعاد کا آئین

اگر کوئی مدعی کسی بنای معاملہ کی وقوع کی تاریخ سے بارہ برس کی مدت گذرنے کی بعد نالش اُسی بنا کی عدالت میں نام ایک یا زیادہ معاعلیہ کی

ح کتاب آئین محمدی مصنفہ مکناٹن صاحب صفحہ ۲۸۶ رانی چندرمنی ابلاوت بنام راجہ برج نایقہ سنگھ وغیرہ رسالہ خان ۲۰ مارچ سنہ ۱۸۰۹ع ق ۲۷ سنہ ۱۸۰۵ع

ورپیش کری تو ایسی مقدمی کی سماعت و تجویز اور
فیصل کرنیکی اجازت صاحبان عدالت دیوانی کو حاصل
نہین ہی ؛

ہر اس بابی کی چند مقدمی جو مستثنی ہین
بیان انکا ذیل مین قلم بند ہوتا ہی ؛

بارہ برس کی معاد سی تخفی کی سبی صورت

پہلا یہہ کہ مدعی اپنی نالش جدید کی آگی بارہ برس کی
مدت کی اندر مدعاعلیہ سی درباب زر یا حق یا شی
متنازعہ کی اپنی طلب تقاضا کرنا اور مدعاعلیہ کا اسکی
دعوی پر معترف ہونا یا اسکی بابی روبکی کی ادا
کرنیکا وعدہ کرنا بذریعہ دلیل معتبر کی ثابت کر سکی
تو باوجودیکہ بنای مقدمہ کی وقوع کی تاریخ سی بارہ
برس گذر گئی ہون تاہم وہ نالش مسموع ہووی گی ؛

دوسری صورت

دوسرا یہہ کہ اگر مدعی درحقیقت بارہ برس کی
مدت کی اندر مدعاعلیہ کی نام پر اسی حاکم کی آگی
کہ جسکو اسکی مقدمیکی سماعت کا اختیار حاصل تھا
نالشی ہو کر کسی عذر معقول کی سبب مقدمہ مذکورہ کی

ہوئی ہی سی قاصر رہا ہو اور پھر بات عدالت کی آگی
بخوبی ایسی ثابت کر سکی تو باوجود گذرنی معیاد
مذکورہ کی بھی نالش اسکی مسموع ہوئی گیا

تنبیہ کی صورت

تنبیہ ایسی کہ اگر مدعی بدلیل سلیت ثابت کر سکی
کہ وہ بسبب نابالغی وغیرہ عذر کافی و معقول کی
قابو ارجاع نالش کا میعاد مذکورہ کی اندر نہ پایا تھا تو
مقدمہ اسکا بعد انقضای میعاد مذکورہ کی بھی عدالت
میں مسموع ہو ویگا *

کن حکموں میں بارہ برس کا میعاد کا آئین بقدر اسوقت ہی

حکم بارہ برس کی میعاد کا جو مذکور ہوا سرکار کمپنی کی
بالکل قلمرو ہند میں جاری ہی پر تعمیل اسکی ہر ایک
قسم کی مقدمہ میں نہیں ہوتی ہی کیونکہ بعض قسم
کی مقدمی ساٹھ برس تک عدالت میں
پذیرا ہو سکتی ہیں اور بعض مقدمی ایسی بھی ہیں
کہ انکی سماعت کی لئی کچھ تعین میعاد کی مقرر
نہیں ہی

کن حکموں میں ساٹھ برس کی میعاد کا اعتبار ہی

ساٹھ برس کی میعاد کا آئین جو مذکور ہوا سرکار
بہادر کی بالکل ممالک محروسہ ہندوستان میں ہو ای

بعض ملکون کی کہ جنکو سرکار کی قبضے مین آئی ہوئی
ہنوز ساتھہ برس نہین گذری ہین جاری ہی ۔
جن ملکون مین دخل سرکار کا ہنوز ساتھہ برس سی متجاوز
نہین ہوا ہی وہان کی حکام عدالت کو حسب قوانین
جاریہ کی اجازت نہین کہ اگر کسی مقدمی مین بنای
معاملہ قبل تواریخ مقررہ کی (کہ مطابق ترتیب آئین کی
الگ الگ ملک کی نسبت تھہرائی گئی ہین ۔ و
وقوع مین آئی ہو ۔ استماع کرین ۔
پنج ممالک مفوضہ نواب وزیر کی تاریخ ۱۰ نومبر
سنہ ۱۸۰۱ع سی جتنی بنای مقدمہ وقوع مین آئی ہون
انکی بابت نالش عدالت دیوانی مین مقبول ہوگی ز
ضلع علی گڑہ ۔ حصہ جنوبی و شمالی ضلع سہارنپور ۔
اور ضلع آگرہ مین سنہ ۱۸۰۳ع کی ۳۰ دسمبر سی جو
بنای مقدمہ وقوع مین آئی ہو ۔ اسکی نسبت نالش
عدالت دیوانی مین مسموع ہوویگی ز ضلع بندیلکھنڈ مین
سنہ ۱۸۰۳ع کی ۱۷ دسمبر سی س اور ضلع کٹک

و کمیشن نمبر ۷ ۱۸ ۱ اپریل سنہ ۲۹ع
ر ق ۲ سنہ ۱۸۰۳ د ۸ ض ۱

ز ق ۸ سنہ ۱۸۰۵ د ۶ ض ۲
س ایضاً

مین ۱۴ اکتوبر سنہ ۱۸۰۳ع سی جو بنای معاملہ شروع
ہوئی ہو اسکی نسبت نالش عدالت مین مسموع
ہو وینگی ش

پرگنہ سونک و سونسا اور سہار مین (از رکہ متعلق
ضلع اگرہ کی ہین) سنہ ۱۸۰۵ع کی ۱۷ اپریل سی
جو بنای مقدمہ شروع ہوئی ہو اسکی نالش عدالت
دیوانی مین پذیرا ہو وینگی ص

مقام کلنگر مین ۱۹ جون سنہ ۱۸۱۲ع سی ض مقام
دیرادھون مین ۱۵ مئی سنہ ۱۸۱۵ع سی ط مقام کھنڈہ
اور ماہوبا مین ۱ نومبر سنہ ۱۸۱۷ع سی ظ اور پرگنہ گوبردھن
مین سنہ ۱۸۲۶ع کی ۲۰ جنوری سی بنای مقدمہ شروع
ہوئی ہو نالش اسکی قابل سماعت عدالت کی
ہو گی ع

اور بعد اسکی جہان کہین ذکر میعاد شصت سالہ

ش ق ۱۴ سنہ ۱۸۰۵ع د ۵
ق ۱۱ سنہ ۱۸۱۶ع د ۴ راجہ ستارام
سنگھ [illegible] راسلات بنام [illegible] جیندر
[illegible] رای [illegible] ۲۲ مارچ
سنہ ۱۸۲۵ع

ص ق ۱۲ سنہ ۱۸۰۶ع د ۴
ض ق ۱۲ سنہ ۱۸۱۲ع د ۴
ط ق ۴ سنہ ۱۸۱۷ع د ۳
ظ ق ۲ سنہ ۱۸۱۸ع د ۳ ض ۲
ع ق ۵ سنہ ۱۸۲۶ع د ۳

مدعا علیہ سی بعد دخیل ہونی اُسپر شئی مذکور کی
حرکات پر فریب صادر ہوئی ہون مثلاً مدعی کہی کہ
مدعا علیہ کی کاغذات دلایل کہ جنکی وسیلی وہ شئی
متنازعہ پر دخیل ہی جعلی ہین اور اسکی اسطرح پر کھنی کی

بعد اگر مدعا علیہ اُن دلایل کو عدالت کلکٹری سے کہ
جہاں داخل تھی چھپ چاپ نکال لیوے تو مدعی
مذکور کی طرف سے دلایل مذکورہ کی جعلسازیکا الزام
بہ نسبت مدعا علیہ کی البتہ قابل باور کرنیکی ہو ویگا اور
میعاد شصت سالہ کا حکم بہ نسبت اسکی اجرا
پاویگا ق

اور صاحبان عدالت بنای ملکیت کی درستگی کی
بابت یہانتک تحقیقات کریں کہ اگر کوئی
عملہ سرکاری برخلاف لوازم عہدیکی اپنی کسی زمین
کو مول لیوے یا اگر کوئی وصی یا ولی اُسکی خود میں
تفویض کی ہوئی زمین کو اپنی اشترا میں لاوے تو اُس
عملہ سرکاری یا وصی یا ولی مذکور کی بنای ملکیت
نادرست منصور ہوگی اور اُسکی نسبت دعوی مدعی کا
ساتھہ برس تلک عدالت میں پذیرا ہو ویگا ک

جس صورت میں کہ قوم ہنود کی کوئی بیوہ جو اُجیاکہ

ق مقدمہ جہد ابلاٹ بنام داود علی وغیرہ رسپانڈنٹان ۱۹ فیبروری سنہ ۱۸۳۳ع بہران کشن
موہنی دو دیگر اپلانٹان بنام صدرالدین خود بری و دیگر رسپانڈنٹان ۵ ستمبر سنہ ۱۸۳۳ع
ک مندرا ابن بوس اپلانٹ بنام بابو جواہر سنگہ وغیرہ رسپانڈنٹان ۱۳ مارچ سنہ ۱۸۲۶ع
صفحہ مذکورہ ۵۲۶

خلایق میں مشہور ہی) اپنی شوہر کی ترکی پر
صرف زندگی بھر حقدار رہ سکتی ہی ۔ کوئی شئی (95)
شوہر کی طرف کی کسی رشتہ دار کو دان کی ہو تو ی
تو اُس دان کی ہوئی شئی پر رشتہ دار مذکور کا دخل
ناجایز متصور ہوویگا ل

ہر اگر عدالت کی اجرا ڈگری میں کسی کو بھول
چوک سے کسی شئی پر دخل دلایا گیا ہو ۔ تو شخص
مذکور کا نادرست طریقے پر اوس شئی ڈگری کی دخل
کرنا متصور ہوگا ۔ اور اُسکی دخل کی تاریخ سی بارہ برس
گذرنی کی بعد دخیل مذکور کی ملکیت کی نسبت
شقصت سادہ میعاد کا آئین عمل میں نہیں آویگا م

دخل کی حق میں صاحب عدالت کی انفصال

جس صورت میں کہ کسی شئی کی ابتدا ای
ملکیت کا حال بخوبی دریافت ہوسکی تو جو فریق
مدت مدید تک اوس شئی مذکورہ کی بلا مزاحمت
کسکی قابض اور دخیل رہا ہو اسکی حق میں اور جس

ل کتیا نتھی واسی اسلام بنام نندکشور رنگھوس رسالہ ۔ ۵ اپریل سنہ ۱۸۶۹ع
م بابو راما سنگھ وغیرہ اسلام سان بنام بابو دھیان سنگھ وغیرہ رسالہ ۲۶ اپریل سنہ ۱۸۶۹ع

امر کی وسیلی ملکیت مذکورہ شخص مذکور کو حاصل ہوئی اسکی راستی کی بابت ۔ جو اتکل مناسب ہو صاحبان عدالت اپنی عقل ہی کرینگی ۔ اور ملکیت مذکورہ کی ازروی حکم آئین کی نادرست ہونی کی باب مین جن باتون کا ثابت کرنا ضرور ہو طرفثانی کی طرف سے عمل آنا مناسب ہی (ن)

جب کوئی کسی شی پر قابض اور مدخیل ہو کر اوسی شی پر اگلی کسی زمانی مین اپنا دخیل رہنا ثابت کرسکی تو دو نو دخل کی مابین جو عرصہ گذرا ہی وہ بھی اسکی دخل مین محسوب ہوگا ۔ بشرطیکہ خلاف اوسکا کسی کی معرفت ثبوت مین نہ پہنچی ۔

کسی زمین پر کسی شخص کا دخل جو مطابق آئین میعاد کی بعد انقضای مدت مقررہ کی مستحکم ہو جاتا ہی ۔ چاہئی کہ ابتدا سی برابر بلا مزاحمت ۔ علانیہ ۔ یقینی اور ساتھہ اظہار حق مالکانہ کی ۔ رہا ہو (و)

ن شیو پرشاد وغیرہ اسلامیان بنام صاحب کلکٹر کمشنر سرکاری بنارس رسالہ دسمبر ۱۷ ی سنہ ۱۸۴۴ع نمبر ۲ نسخہ آئین مصنف کراب صاحب صفحہ ۲۲۰

و گوکل چند رای وغیرہ اسلامیان بنام رادھا ناتھ صاحب رای رسالہ دسمبر ۲۹ اگست سنہ ۱۸۴۹ع

کسی زمین پر بزور دخل کرنی سے کوئی صورت نہیں وہ جائز اور بحال رہتا ہی

(۹۶)

سلطنت اودھ کی علاقی کی ایک ملک میں ایک شخص نی کسی زمین پر بزور دخل کر لیا اپنی دخل کی بجالی کی سند اُسی وار الحکومت سی حاصل کی تہی اور بعد اسکی بلامزاحمت کسیکی دس برس تلک دخیل رہکر وفات پائی پہر اُسکی مرنی کی بعد بیٹا اُس متوفی کا زمین مذکورہ پر دس برس تلک دخیل رہا تب کسی نی اسکی نام پر بادعا پہر پائی زمین مذکورہ کی کمپنی کی عدالت میں سرکار انگریزی کو ملک مذکورہ مفوض ہونی کی بعد نالش کی تو نالش اُسکی نا منظور رہوئی اور دخیل مذکور کا دخل بسبب سند مذکورہ اور انقضای مدت دراز کی بحال رہا اور مولف کی رای میں وجہہ اس فیصلی کی یہہ ہی کہ سند مذکورہ بنا دخل جائز کی تہی اور بعد گذرنی ۲۰ برس کی وہ دخل مستحکم ہوگیا تہا اگر متوفی مذکور زندہ رہتا تو اسکا دخل بہی بحال رہتا لہذا دخل اسکی بیٹی کا جائز ہوا

اپیل رودر پرتاب سنگہ اپلانٹ نام بیچو کل سنگہ رسپانڈنٹ ۲ ستمبر سنہ ۱۸۰۹ع امرت رام چوبی دغیرہ اپلانٹ بنام کستوری بائی وغیرہ رسپانڈنٹ ۲۷ فروری سنہ ۱۸۱۱ع

اختیار بالا بی سے نقص ہونا

جس صورت مین کہ کسی شئی پر ملکیت ایک شخص کی دراصل ازروی فریب یا ربردستی کی حاصل ہوی ہودی اور اسکی جانشین کی اسپر بارہ برس تلک بلا مزاحمت و ساتھ دیانت کی دخیل رہنی کی سبب سی دخل اسکا برقرار ہو گیا ہو وی تو بھی اگر مدعی ساتھ شرط مذکور ما بالا یعنی عدم لیاقت کی عدالت کی آگی مستغیث ہو سکی تو وہ حق اپنا پھیر پا سکیگا ب

نادرست طریقی پر کسی شئی کی ملکیت کو لیکی حاصل کرنیکی صورت مین فریادی کی تاخیر نالش کا ثمرہ

جس صورت مین کہ کسی شئی کی نسبت ملکیت کسیکی دراصل نادرست طریقی پر حاصل ہو نیکی بعد مراتب مذکورہ کی مطابق قایم نرہی ہو تو اسی صورت مین اگر دعوی مدعی کا ساتھ کسی طرح کی عذر کی نہو تو وہ کچھ نامعتبر متصور رہوگا ت

معاصی زمین کی لئی ساتھ برس کا میعاد درکار آمد نہین

صورت مستثنی مین مدت ورا تلک نالش کا

ب فیصلہ بندرابن بوس اسلاست بنام بابو جواہر سنگہ وغیرہ رسالہ سان ۱۳ مارچ سنہ ۱۸۴۶ ع
ت قطعی تیم اسلاست بنام کلب علی وغیرہ رسالہ سان ۱۳ می سنہ ۱۸۳۹ ع بندرابن بوس اسلاست بنام بابو جواہر سنگہ وغیرہ رسالہ سان ۱۳ می سنہ ۱۸۴۶ ع روز اور سنگہ وغیرہ اسلاست بنام زور سنگہ وغیرہ رسالہ سان ۱۲ جولای سنہ ۱۸۲۵ ع

اختیار رجوع در باب ادعای شئی غیر منقولہ کی
کہ جسپر ملکیت مدعاعلیہ کی وراصل ناجایز ہووی (۹۷)
مدعی کو بخشا گیا ہو ہر ایک در باب تحاصل شئی
مذکورہ کی سرایت نہین کرتا کیونکہ زر محاصل
کی نالش کا میعاد عدالت ہاے متفرقہ مذکورہ کی
داخل ہونی کی تاریخ سے بارہ برس کی میعاد تک
محسوب ہوگا ث

اور جو نکی بابت مقدمات مین بہی بکار آمد نہین

ساتھ ہر سکا میعاد جو فقط مقدمات بابت زمینون و
مکانون وغیرہ اشیای غیر منقولہ کی مقرر ہی و جو نکی
بابت کی مقدمات مین جو کچہ دن و باحیثیت کسیکی
دخل مین رہا ہو و بحسب رائی صاحبان عدالت کی
بکار آمد نہوگا و گو از روی ولایت کی فریقین دخل مین
لانا اسکا کسی پر ثابت ہووی ج

ث ہر ان کشور نوگی وغیرہ اپلانٹ بنام صدر الدین چودہری و دیگر رسپانڈنٹان ۹ ستمبر سنہ ۱۸۳۳ع

ج رام کنائی بال اپلانٹ بنام شیب چندر بال وغیرہ رسپانڈنٹان ۲ ستمبر سنہ ۱۸۴۸ع لیکن مطابق بیوسمیای بنودان دیکہو نسخہ آئین منصفہ مسٹو ہرک صاحب در باب وراثت صفحہ ۱۳۳

۸ فصل

بندھک اور ٹھائی کی مقدمی مدت درازکی بابت باطل نہیں ہوتی

انقضای میعاد راہن کی نالش کی سماعت کا مانع نہیں

یہہ آئین استوار ہی ت اور اسی آئین کی رو سی ایک مقدمی میں شی مرہونہ یا امانتی خ بچاس برس تلک مرتہن کی قبضی یا ذمی میں رہ چکنی کی بعد بھی امانت گذار یا راہن کی وراثت کو ولائی گئی ہی ث

بیع بالوفا کی مقدمی میں قوانین میعاد بکار آمد ہیں

اور قوانین میعاد ہ رہن مشروطی یعنی بیع بالوفا کی مقدمی میں بھی بکار آمد ہوتی ہیں د

مرتہن کو بارہ برس کی میعاد کی اندر نالش اپنی عدالت میں پیش کرنی ناگذیر ہی

بارہ برس کی میعاد کا آئین جو مذکور ہوا بیع بالوفا کی بابت مرتہن کی مقدمی میں بکار آمد نہیں ہی ہ کیونکہ رہن مشروطی کی مقدمی میں مرتہن کو لازم ہی کہ راہن لی واسطی فک رہن کی جو

ت مہر النسا خانم اپیلانٹ بنام بدر النسا وغیرہ رسپانڈنٹان ۲۵ مئی سنہ ۱۸۰۷ع ۔ درماد سوال مسماۃ انند منی وغیرہ ۶ ۲۴ نومبر سنہ ۱۸۲۴ع

خ بلم اج رای اپیلانٹ بنام پرتاب رای وغیرہ رسپانڈنٹان ۱۶ مارچ سنہ ۱۸۱۲ع برج بال داس اپیلانٹ بنام ادوت نرائن سنگھ رسپانڈنٹ ۱۹ ستمبر سنہ ۱۸۳۲ع

د بھوانی سہائی وغیرہ اپیلانٹان بنام نور نرائن رسپانڈنٹ ۲۹ جون سنہ ۱۸۲۷ع

(۹۶)

میعاد لکھ دیا ہو تو اُسکی منقضی ہونیکی تاریخ سی بارہ برس کی اندر شئی مرہونہ پر دخل پانی کی دعوی عدالت مین پیش کری ؏

جس صورت مین کہ وا دبند قرض کا بذریعہ رہن زمین کی عمل مین آیا ہو یعنی درصورتیکہ راہن لی اپنی زمین بندھک رکھکی مرتہن کو اقرار لکھ دیا ہو کہ تا زرقرضہ کی ادا ہونی تک زمین مرہونہ پر دخیل و قابض رہی تو جب تک کہ راہن مذکور روپین مزبور کو ادا نکریگا تب تک دخل اُس مرتہن کا زمین مرہونہ پر جاری رہیگا پر اگر راہن ثابت کر دیوی کہ وہ روپین ادا محاصل سی زمین مرہونہ کی یا اور کسی وجہہ سی ادا ہو چکا ہی تو اس ادا ہونیکی تاریخ سی میعاد نالش محسوب ہوگا ؏

اگر کوئی شخص اپنی حساب کی بہی مین یہہ اقرار لکھ رکھا ہووی کہ اسقدر مبلغ مین فلانی عورت کو اسکی

کوئی چیز نہاتی گئی جا ہی

؏ فلکس لوہیس ویک دیگر اپلانسان بنام چودہری بہیم سنگ ر سادت ۱۱ ستمبر سنہ ۱۸۴۹ع
؏ رام پرشاد چودہری وغیرہ اپلانسان بنام جعفر حسین خان وغیرہ رسپانڈنسان ۱۷ مارچ سنہ ۱۸۴۹ع درمادہ سوال مسماۃ رادھن وغیرہ ۲۷ جولائی سنہ ۱۸۴۸ع

شادی کی وقت مع منافع دی دوںگا تو اگر مبلغ مذکور
واہب کی طرف سی محض عطیہ ہووی ۔ اور یہ
بات اُس صورت کو کہ ظاہر نکی ہووی تو وہ ایسی
نہائی نہین ہوگی ۔ کہ اسکی لئی اگر کوئی نالشی ہو تو
وقت موعود سی میعاد دوازدہ سالہ کی منقضی ہونیکی
بعد بہی دعوی اسکی منظور عدالت ہوسکی ۔
مگر اگر کسی وصیت کرنوالی نی کسیطرح کی
کوئی شی اپنی جانشین کو کسی فریق ثالث کو
دینیکی لئی سونپی ہو تو جانشین مذکور کا دخل مالکانہ
شی مذکورہ پر دیانتًا جایز متصور نہوگا ۔
اگر عمرو کو کسی شی پر دخل ملی اس شرط پر
کہ تم زید کی عوض اس شی پر دخیل رہو حکم
اسکی محاصل سالانہ سی ہندہ کو ایک حصہ واسطی
خورد نوش کی دیا کرو تو ایسی صورت مین عمرو فدکویہ
شی مزبورہ کا ہندہ کی طرف سی امین متصور رہوگا ۔

بنسبی حیز نہائی متصور ہوئی ہی

ز گیچک مبکرتک اہیلاس بنام اراتون براہیت اراتون وغیرہ رسسادمان ۱۵ می
سنہ ۱۸۶۵ع
س کنستر اگیچک میکرتک املاس بنام اراتون حرابیت اراتون وغیرہ رسسادمان ۱۵ مئی
سنہ ۱۸۶۳ع یہہ نظیر رای مین مولف کی برخلاف ہی ۔

(٦٩)

پس اگر منع یا اُسکا کوئی وارث بدعوی ملکیت
اُس شی مذکورہ کی نالش ہووی تو چاہتی ہی کہ
معمول کی مطابق میعاد کی اندر نالش اپنی پیش
کری

دخل غیر مالکانہ

جو وصی ہو وہ اہل وراثت کی فائدی کی واسطی
مورث کی شی کا امانت دار ہوتا ہی اور دخل اُسکا
شی ترکہ پر ورثہ کی دعوی کا مخالف نہین ہوتا ہی پس
جو مقدمہ کہ در باب شی وراثت کی درمیان
وصی اور وارث کی واقع ہووی اسمین تعمیل
آئین میعاد کی نہوگی یعنی جب عدالت مین درپیش
ہووی قابل سماعت کی ہوگا

معاملات حسن سلوک

اگر زید نی ازراہ حسن سلوک یا چشم پوشی کی
عمرو کو اپنی زمین پر گونہ دخل کرنی دیا ہو تو اس سی
عمرو کا دخل مالکانہ زمین مذکورہ پر حاصل نہین ہوتا ہی کہ
آئین میعاد کی تعمیل اسمین بکار آمد ہو

دخل مالکانہ منقود ہونیکی صورت

جس صورت مین کہ ایک شخص ایک زمین پر

بدعوی ملکیت وحق مالکانہ کی اپنی دخیل رہی وہ خود
اس زمین کا مالک متصور ہوگا جب تک یہ ثابت
ہو کہ اولاً زمین مذکور پر کسی دوسری شخص کی
عوض اُسنی دخل پایا تھا ؛

سربراہ کاردان

جس صورت مین کہ ایک دوسرے کی
طرف سے بطور سربراہ کار کی کسی زمین پر دخیل رہا ہو
تو وہ دخل ہی اسکا مالکانہ نہین ہی کہ جو بہ نسبت اسکی
آئین میعاد کی تعمیل کی جاوے — ص

جس صورت مین کہ زید نے عمرو کی عوض کسی
زمین پر اولاً دخل پایا ہو تو جبتک دونون دخیل رہی ہمیشہ
بہ نسبت زمین مذکورہ کی عمر کا عوضی مالک ہی سمجھا
جائیگا ، جب تک کہ خلاف اسکا یعنی اسکا اپنا مالک
ہونا اور بہ زمین مذکورہ کی بدلیل معتبر ثابت نہ کر سکی ؛

طریق بے دخل مختارانہ
بدل بدخل مالکانہ ہو
سکتا ہی

لیکن صورت مذکورہ مین خود امانت دار یا اسکا
وارث بہ نسبت زمین مذکورہ کی اپنی دخل کی
کیفیت کو بدل سکتا ہی یعنی مختارانہ دخل کی بدلی

ض سوم نراین اپیلانٹ بنام فتح نراین رسپانڈنٹ ۱۶ دسمبر سنہ ۱۸۰۰ع نمبر اسد اللہ
اپیلانٹ بنام مسماۃ بی بی امامن رسپانڈنٹ ۳۰ نومبر سنہ ۱۸۳۶ع

١٥٨

مالکانہ دعوی بہ نسبت ملکیت اصل مالک زمین مذکورہ
کی کرسکتا ہی ۔ یا یہہ کہ کسی فریق ثالث کی زمین
مذکورہ سی اسکو نکال دینی کی بعد اگر وہ دعوی مالکانہ
زمین مذکورہ کی نسبت رکھتا ہو تو نالش دخل مالکانہ
اسپر کرسکیگا اور دونون صورت مذکورہ مین امانتدار
مذکورہ یا اسکی وارث کی دعوی کی نسبت
میعاد نالش کی مدت اسکی دخل کی کیفیت بدل
جانیکی تاریخ سی شروع ہووی گی ۔

مقدمات واسطی نشست جمع کی اور بر زمین لاخراج کی یا جمع بیشی کی معاملی

زمین لاخراج یہ جمع نشست کی مقدمون مین زمیندار
یا پٹیدار کی طرف سی بنام رعایا کی جو کہ زمین کو
لاخراج ظاہر کر کی متمتع رہی ہون ۔ دعوی بہ نسبت
ملکیت زمین کی ہوتی ہی اور آئین میعاد کی
تعمیل اسمین نہین ہوگی *

اور جب کبھی زمیندار ض یا پٹیدار ط کی
طرف سی مقدمات مذکورہ عدالت مین رجوع ہون

ض درمادہ سوال راج کشن رای ۱۵ مارچ سنہ ۱۸۴۹ع
ط ق ۱۹ سنہ ۱۷۹۳ع و ۱ ض ۲ ۃ ق ۱۴ سنہ ۱۸۲۰ع و ۲ ض ۳ ۃ راجکشن اسلاسب بنام سید مظہر رسالدار ۱۳ مئی سنہ ۱۸۴۷ع گور دیال سنگہ وغیرہ اسلاسان بنام مرزا امیر بیگ وغیرہ رسالداران ۲۶ جولائی سنہ ۱۸۴۹ع

پیدا ہوویگی ، اور ایسے ہی جو مقدمی زمیندار کی طرف سے
رعیت مقرری دار کی نام پر جمع بیشی کی دعوی کا
سے پیش ہوں ان میں بھی آئین میعاد کی تعمیل ہوگی
جائیگی ، یعنی جسوقت عدالت کی آگے پیش کئی جاوین
مقبول ہونگی ظ

پر اگر سنه ۱۷۹۰ع کی ۱۲ اگست کی قبل کی
تاریخ میں ہبہ اور دخل زمین عمل میں آیا ہو تو ایسے جمع
نشست کی لئی مقدمہ پیش ہونی سی وہ نا مسموع
ہوگا ث

معدودات منجانب رعایا کی واسطی ہمیشہ اوسی جمع گھٹانی کی

اور جو رعیت کسی زمین کی مقدار فرضی کا مبلغ
خزانہ ایکہی انداز پر یعنی بلا کمی بیشی کی بارہ برس سے
زیادہ مدت تلک اداکرتا رہا ہو اور مدت مذکورہ کی
اندر فیمابین اوسکی اور زمیندار اس زمین کی نوشت خواند
پٹہ یا قبولیت وغیرہ معتبر دستاویز کی عمل میں نہ آئی ہو

ظ مرتضی شاہ وغیرہ اسلامیان بنام بابو گوپال لعل ٹھاکر رسابدت ۳ ستمبر
سنہ ۱۸۴۵ع ، ہران ناتھہ چودہری وغیرہ اسلامیان بنام راجہ برودا کنت رای رسابدت ۱۲ مئی
سنہ ۱۸۴۹ع ، شیخ شرف اللہ اسلامیان بنام ہری کشن مکھرجی وغیرہ رسابدسان ۲۰ مئی
سنہ ۱۸۴۹ع ، ق ا سنہ ۱۸۴۵ع و ۲۶ ق ۱۴ سنہ ۱۸۴۹ع و ۲۶
ع شیخ شفقت اللہ اسلامیان بنام ہری کشن مکھرجی وغیرہ رسابدسان ۳۰ مئی سنہ ۱۸۴۸ع
شیخ رضادون وغیرہ اسلامیان بنام گنگا نراین گھوس رسابدت ۲ دسمبر سنہ ۱۸۴۸ع

(۱۶۱)

تو رعیت مذکوره کو جایز ہی کہ جسقدر زمین کہ فی الواقع
اسکی اجاری مین ہو اسکی پیمایش اور مطابق اسکی
از روی نرخ اس پرگنی کی کہ جہان وہ زمین واقع ہی
جتنا زرخزانہ اسپر واجب الادا ہو اسکی معین و مشخص
کرالینی کی لئی عدالت مین نالشی ہووی اور
اسیطرح ہر کوئی زمیندار کسو نوشت خواندکی قیدمین
نرہنی کی صورتمین اسکی پیمایس زمین کی لئی نالش
عدالت مین رجوع کرسکتا ہی ع

پر اگر کوئی شخص کسی زمیندار کی زمین پر خلاف
طریق مستاجرانہ او زمالکانہ کی قابض رہکر بارہ برس سی
زیادہ مدت تلک اسپر زراعت کرتا رہا ہو تو اسکی
نام پر زمیندار کو اسیطرح پر نالش کرنی ہرگی کہ جیسی
کوئی زمین مذکورہ پر بدخل مالکانہ قابض ہو نی سی
کرنی پرتی ہی کیونکہ شخص مذکور پر نالشی ہونی کی لئی
میعاد آئین مین کوئی بات ایسی مندرج نہین ہی کہ
بذریعہ اسکی زمیندار کو کچہہ خصوصیت حاصل *

ع دربنرائن رای ابلاس بنام سربہنت رای وغیرہ رسپاہ دسان ۲۰ جون ۱۸۴۸

۹ فصل

آئین میعاد کی تقسیم جایداد اجمالی کے مقدموں میں

ملکیت اجمالی

قوم ہنود کی کسی گھرانی میں موروثی جایداد اجمالی کا بٹوارہ اسی قوم کی دستور مطابق ہونا جایز ہی اور اسطرح کی شراکت وارونکی دعوی تقسیم بسبب انقضای میعاد مندرجہ آئین کمپنی کی باطل نہوگی۔ پہ جس صورت میں شرکا آپس میں تقسیم جایداد کر کی ہر ایک اپنی حصی پر قایم رہا ہو۔

کونسی صورتوں میں جایداد اجمالی کی تقسیم کا دعوی نامسموع ہوتا ہی

یا جس صورت میں کہ شراکت دار سنتعیث کی لئی اسکی اپنی حصی کی عوض خورو پوش کی واسطی کچھ مبلغ یا زمین اس گروہ کی شراکت داروں یا شراکت دارکی طرف سی مقرر رہی ہو۔ یا شراکتدار نالشی، دخل یا حصہ محاصل سی شی اجمالی مذکورہ کی بیدخل اور محروم کیا گیا ہو۔ تو اُن صورتوں میں مراتب مذکورہ کی عمل میں آنی کی بعد اگر میعاد کی مدت منقضی ہوگئی ہو تو پھر جایداد اجمالی مذکورہ کی

نسبت دعوی تقسیم کا عدالت مین مسموع ہوگا ف (102)

درباب متفرق جمع کی جدا ... شراکت دار کا نام صاحب کلکٹر کی بہی مین جداگانہ مندرج ہونے ... کی صورت مین میعاد کی تعمیل ہوگی

اور مطابق آئین مذکور بالا کی جانا چاہی کہ اگرچہ کسی جایداد اجمالی کی ہر ایک شراکت دار کا نام درباب متفرق جمع اسکی حصی کی صاحب کلکٹر کی بہی مین الگ الگ مندرج ہوا ہو یا ان مین سی صرف ایک حصہ دار کی نام مین جایداد مذکورہ کی ملکیت رجسٹری بہی مین داخل رہی ہو ق تو بھی جب تک کہ نفس الامر مین تقسیم اس جایداد کی انکی باہمن عمل مین نہ آوی تھی ک آئین میعاد کا حکم بنسبت تقسیم جایداد مذکورہ کی اجرا نہین پاویگا *

شراکت دار کو جایداد اجمالی کی محاصل سی ...

جس صورت مین کہ کسی جایداد اجمالی کی دو شخص حصہ دار مالک ہون اور ایک ان مین سی شی مذکورہ پر دخیل اور دوسرا اوسمان سی غیر حاضر کسی اور ملک مین

ف کیس نمبر ۲۳۲۹ کلکٹہ دیوانی مغربی ۲۳ اپریل سنہ ۱۸۵۰ء سب ... سنگہ اپلانٹ بنام دہوکل سنگہ وغیرہ رسپانڈنٹان ۱۲ ستمبر سنہ ۱۸۲۰ء مرتاب نراین وغیرہ اپلانٹان بنام اوپندر نراین وغیرہ رسپانڈنٹان ۱۵ جنوری سنہ ۱۸۰۸ء رادہامنی دیبہ اپلانٹ بنام بھاگرتی دیبہ رسپانڈنٹ ۱۵ ستمبر سنہ ۱۸۵۵ء

ق کیرت نراین داس وغیرہ اپلانٹان بنام راج کمار رای وغیرہ رسپانڈنٹان ۱۳ مارچ سنہ ۱۸۲۳ء

ک بہوانی بخش اپلانٹ بنام کہیت سنگہ رسپانڈنٹ ۲۰ جنوری سنہ ۱۸۲۳ء

رہتا ہو اور حصہ دار دخیل جائداد مذکورہ کی محاصل سے
کچھ مبلغ اور مال حصہ دار غیر حاضر کو اسی دوسرے
ملک میں بھیجتا ہو تو اسطرح کی بھیجنے سے حصہ دار دخیلکا
اعتراف اوس حصہ دار غیر دخیل و غائب کی ثابت ہے
اور دخل اس دخیل کا اور حصہ داری اس غیر دخیل کی
نامخالفانہ متصور ہے پس صورت مذکورہ میں حصہ دار
غیر حاضر کی حصے کی نسبت جو کہ دخل میں حصہ دار حاضر
دخیل کی ہے میعاد دعویٰ محسوب نہوگا ل

ہر جس صورت میں کہ بعد انقضای میعاد مندرجہ
قوانین کی جائداد اجمالی کا حصہ دار مدعی اس عذر سے
نالشی ہو کہ مدعا علیہ یعنی اسکی شریک حصہ دار نے
بعد شروع ہونے بنای مقدمے کی میعاد دعوی کی
اندر اسکو کچھ روپے اور اسباب دئے تھے تو
جب تک یہ بات ثابت نکرسکے کہ وہ روپے
اور اسباب اسکو محاصل جائداد مذکورہ کی بابت دیا تھا م

ل نتیانند اودھا اپیلانٹ بنام نوکر منی اودھیا ریسپانڈنٹ ۲۲ فروری سنہ ۱۸۷۳ع
م گورا کبتنی اپلانٹ بنام علم چندر ریسپانڈنٹ ۱۹ مئی سنہ ۱۸۷۲ع

عذر مذکور سنا نہیں جائیگا ۔ اور مدت میعاد کی گذر جانی کی سبب دعوی مدعی مذکور کا باطل ہوگا ۔ کیونکہ مدعا علیہ کا برعایت خویشی یا حسن سلوک کی مبلغ اور مال کا دیا سشی اجمالی کی نسبت فریادی کی حصہ داری کی دلیل نہیں ہوسکتی ہی ۔

(۱۰۶)

دستور العمل

۱۰ باب

کسی بابت کی نالش ایک مقدمہ میں اور ایک بابت کی نالش کئی مقدمہ میں نہیں کیا جائے

دعوی کو تقسیم نہیں کیا جائیگا — ہر ایک دعوی کی نالش اسطرح کی غالب ہر پیش کی جاوی کہ اگر ممکن ہو تو اسی ایکبار گی ایکہی آن میں اس دعوی کا بالکلیہ انفصال اسطرح ہر ہو جاوی کہ اس انفصال کی بعد پھر آینده اس کی بابت مقدمہ عدالت میں دریپش ہونیکی صورت باقی نرہی *

وجہہ اسکی یعنی ہونا خلاف میں اسکی آئین حکم اگر تو نہیں

باقی کی ایک ایک حصے کی نالش کرنیکی اجازت
ہوئی تو ایک آن مین ایک شئی دعوی پر ایک
حصے کا الگ الگ انفصال مختلف عدالتون مین باعث
رنج اور تصدیع کا ہوتا ۔ اور دوسری قباحت یہہ کہ متخاصمین
کی پیروی اور اپیل کی لئی الگ الگ درجی کے
حاکم اور الگ الگ تدبیرات بمقدار ثمن شئی
دعوی کی مقرر ہین ۔ پس ایک ہی دعوی کا
مقدمہ اگر دو چار حکمی ہین اور ہر کی مذکور مطابق واسطی
انفصال تقسیم کیا جاوی تو مبلغ سنگین کی دعوی
جو درجہ اعلی کی حاکم کی سماعت کی قابل ہی
ہی تھوڑی تھوڑی مبلغ کی حساب مطابق مضمون کی
حوالی ہو جاویگا *

اور اپیل کرنیوالی فریقون کو حاکمان درجہ اعلی کی
پاس اپیل کرنیکا جو استحقاق مبلغ دعوی کی اس
طرح پر تقسیم نہین پانیکی صورت مین حاصل ہوتا فوت
مختلف ہو جاویگا اور یہہ نہایت نا انصافی ہوگی ۔

ن آئینہ باب ۱۵

الگ الگ دعوؤنکی نالش ایکہی مقدمی مین جایز نہین

اور اگر مدعی ایک ہی مقدمی مین الگ الگ دعویونکی نالش جوکہ آپس مین ایک دوسری کی تما حیثیت سی نہایت الگ ہین ایک شامل کری یا اگر ارجاع دعوی ایسی فریقون کی نام مین کری کہ جن مین سی بعض فریق کو شی متنازعہ کی اکثر حصی سی علاقہ نہین ہی تو حاکمان عدالت کو بلحاظ تجویز ایک مقدمی کی اور درحقیقت ضمن مین اسکی چند مقدمون کو فیصل کرنا ہوگا۔ اور بلا ضرورت چند فریق کو زیر بار کری حاضر رکھنا ہوگا کہ جنکی لیی عند الانفصال مقدمہ مذکورہ کی کچھ فایدہ متصور نہین ہی ۔

نالش بنام اشخاص کی جو مزدعوی کی ساتھ علاقہ رکھتی ہین

مقدمات وراثت کو کل شی وراثت کی بابت بہ نام و

پس بلحاظ مراتب مذکورہ کی مقرر کیا گیا کہ جن مقدمون کی بنا او بہ حقیت وراثت کی ہو تو چاہیی کہ وراثت مذکورہ کی کل شی کی نسبت ایکبار گی نالش کی جاوی و یعنی جس صورت مین کہ کوئی ایک فریق اپنی تئین کسی متوفی کا وارث قرار دیکر اسکی غیر منقولہ شی مذکورہ پر دعوی کری تو لازم ہی

و ...ک ۶ نمبر ۲۹ ۶ ۲۹ ۱۱ اجون فاسہ ۳۹ ۱۸ع

سے کل شے کی حقیت کی نالش ایکبارگی کرے ۱
ہر جس صورت مین کسی وارث مدعی کی شی موروثی
الگ الگ ضلع کی علاقی مین بٹی ہوئی رہی ؛ تو اُسکی
نسبت مدعی مذکور کو کسطرح پر نالشی ہوا چاہئی بیان
اسکا اپنی صفحون مین قلم بند ہوویگا *

جزو دعوی کی نالش کا نتیجہ

کسی کو اپنی باقی کی ایک حصی کی لئی نالش کرنی
ہوئی مین ممانعت نہین ہی پر جو کوئی ایسی نالش
کریگا اسکو پھر اسکی باقی حصی کی لئی نالشی ہوئی کا
اختیار نہین رہیگا ب

زر اصل کی بابت نالش بغیر سود کی

اگر مدعی نی اپنی باقی کی بابت صرف اصل
روپئی کی یا فقط کسی شی کی حقیت کی نالش کی ؛
تو پھر وہ اسکی زر سود واسی مبلغ کی یا واصلات
اُسی شی مذکورہ کی جداگانہ نالش نہین کرسکیگا ت

اگر قرضہ تمسکی کی بابت روپئی کی باقی والی دو وارث ہون

اگر کسی تمسک کی بابت باقی روپئی مر ایک سی

ا رمنی واسی وغیرہ سالارن ۲۰ جنوری سنہ ۱۸۴۹ع
ب سرکلر ۳۰ ستمبر سنہ ۱۸۴۷ع فقرہ ۳۲ بہولانا تھہ بابو سابل ۲۰ جون سنہ ۱۸۴۴ع رائی
ہری کسن بیٹا اور وارث بنسی دہر متوفی براد ر راجہ بہنی مل اہلاہت نام راجہ بہنی مل اور
بعد وفات اسکی بنام اُسکی فرزند وارث رائی سری کشن رسا مدت کی ۱۸ جنوری سنہ ۱۸۴۴ع
راجہ بنود مشر فریادی بنام شیخ مشیت اللہ وغیرہ رسا بدستان ۳ جولائی سنہ ۱۸۴۷ع
ت سرکلر ۳۰ ستمبر سنہ ۱۸۴۷ع فقرہ ۲

زیادہ اشخاص کو استحقاق رہا ہووے تو اشخاص
مذکورہ میں سے ہر ایک اپنی حصے کی مقدار زر دہی
بھرپائی کی لئی الگ الگ نالش کر سکتا ہی ث

164

مورث متوفی کی وارث کو بہ نسبت جایداد منقولہ
و غیر منقولہ کی جو کہ ارث سی متوفی مذکور کی پاتا ہو
بذریعہ ایکہی مقدمہ کی عدالت میں نالش ہونا جایز ہی ج

جایداد منقولہ و غیر منقولہ کی نالش معا ہونی جایز ہی

اور جس صورت میں کہ بہ نسبت جایداد کسی
متوفی کی کئی شخص کئی طرح پر قرضدار ہوں تو متوفی
مذکور کی اصل جانشین کو اختیار ہی کہ مدیونوں کی
ناموں پر الگ الگ باقی کی نالش جداگانہ کری ح

ورثہ کو اپنی مورث کی مدیونوں کی نام پر الگ الگ نالش کرنیکی اجازت ہی

جو اشخاص باہم ملکر کسی فریادی کو کوئی اقرار نامہ
بالاتفاق لکھہ دیتی ہوں انکی نام پر عدالت میں ارجاع
نالش ہونیکی صورت میں اشخاص مذکورہ کو جایز نہیں
کہ فریادی کو اپنی شرکا میں سی ہر ایک کی نام پر

کسی اقرارنامہ کی بابت مشترک مدیونوں کی نام پر جداگانہ نالش

ث مہنت نرد سودن داس اسلاپ بنام گوبردھن داس رسالہ ب ۱۰ ستمبر سنہ ۱۸۴۷ع دیکھو آئین ۳۰ سنہ ۱۸۱۴ع
ج مسماۃ رام دھر دمہ اسلاپ بنام رودر نراین چودھری رسالہ ب ۱۰ فروری سنہ ۱۸۱۴ع
ح رمنی داسی وغیرہ ساپلان ۲۰ جنوری سنہ ۱۸۴۸ع

الگ الگ نالشی ہونیکی تکلیف وبکر زیر بار کرین *

جس صورت مین کہ کسی جایداد اجمالی کی مالکان شراکت داری باہم ملکر جایداد مذکورہ بالا نشاندہی اپنی الگ الگ حصی کی بطریق رہن مشروطی کسی داین کی پاس رہن رکھا ہوء تو اُن شراکت دارون مین سی ایک شخص کو جایداد مرہونہ مین سی اپنی حصی کو رہن سی خلاص کرنیکی لئی عدالت مین تنہا نالشی ہونا جایز نہوگا *

بشرکار مذکورہ مین سی ایک شخص منجانب کل شرکاکی بادای دین جایداد مرہونہ کو رہن سی خلاص کرنیکی لئی نالشی ہو تو وہ اکیلا سب مرہون کا جانشین متصور ہوگا اور وہ نالش اسکی البتہ مقبول عدالت ہوگی ؛

یا اگر وہ میعاد کی اندر بمقدار اپنی زر دین کی ادا کر کی اپنی حصی کی رہن سی خلاص کر لی کو مستعد شخا ہر اسکی شرکاکی اپنی حصون کو بندھک سی

خ سید ارشد علیخان اسلاف بنام سید امجاد علی رسالہ ہٹ ۲۰ نومبر سنہ ۱۸۶۱ع

نہ چھڑانی کی سبب سی اسکا حصہ برباد ہوگیا ہو

تو وہ بدعوی بھیر پانی اپنی نقصان کی سرکار کی نام پر مستحق ہوسکیگا *

(۱۶۷)

معاملہ تجارت کی سوداگر آپس مین ایک دوسری کی نام پر اپنی کل دعوی کی نالش کرلی چاہی

سوداگران معاملہ تجارت کی درمیان حساب وکتاب کی بابت کچھ تکرار وقوع مین آنی کی صورت مین مدعیکو لازم ہی کہ اپنی دعوی کو تمام وکمال یکبارگی عدالت مین پیش کری تاکہ اُنکی آپس کی تکرار کا پورا انفصال ہوجاوی *

اور دعوی کی ایک مرانب یا مراتبات کی بابت نالشی ہوکر باقی دعوی کو تقسیم کرنا فریادی کو ہرگز نچاہیی کیونکہ فریادی اگر اپنا پورا دعوی ایک کرت مین داخل عدالت نکری اپنی دعوی کی ایک مرانب کی بابت نالشی ہوکر ڈگری پاوی اور پھر کل حساب کتاب کی تحقیقات عمل مین اکر مدعی کی ادہر مدعا علیہ کا پانا نکلی تو موجب قباحت کا ہوگا ﴿

﴿ جیسا مین اسپنی اسلاٹ بنام رام کوز دمیجو کنور رسالہ پوسٹ ۱۷ جولائی سنہ ۱۸۰۸

الگ الگ بناکی معاملون کی تجویز جداگانہ

• اگر بنای معاملہ اور مدعا علیہ متعدد ہوویں تو جداگانہ تجویز کیا جاہئی ؛ ہر جس صورت مین کہ کوئی سلسلہ اُنکی درمیان رہنی کی سبب وی مختلف بناءیں اور متعدد اشخاص ایک ہوگئی ہون تو اُنکی تجویز ایک ہی مقدمی مین کرنی مناسب بلکہ ضرور ہوگی ذ •

مقدمہ واسطی استرداد علم سرکاری اور خسارت کی درصورتیکہ ایک ہی آئین کی مطابق ہو

جس صورت مین کہ ایک شخص کی جایداد واسطی ادای خزانہ سرکار کی صاحب کلکٹر نی بتجویز سرسری قرق کی ہو تو جایداد مقروقہ کا مالک کلکٹر موصوف کی سرسری تجویز کو مسترد کرنیکی لئی عدالت دیوانی مین مستغیث ہوسکتا ہی ؛ اور اسکو اختیار ہی کہ اپنی جایداد اور ایام قرقی کی بابت خسارہ اسکا بھی پانیکی لئی چاہئی کہ اُسی ایک ہی مقدمی مین معاً نالشی ہووی یا الگ نالش ور پیش کری ر جس صورت مین مقدمہ سے کی ڈگری ا ایک قانون کی روسی ہو اور شی مقروقہ کا خسارہ ایام

ذ بابو چنتامن سنگہ بابو رام سنگہ وغیرہ اصلاسان بنام راجہ بجی گوبند سنگہ وغیرہ رسپانڈنٹان ۶ مئی سنہ ۱۸۴۳ع

ر. در مادہ سوال الیس جینڈر مجموعہ وار ۱۹ مئی سنہ ۱۸۴۶ع

س ق ، سنہ ۹۹ ع

(168)

قرقی دوسری آئین کی مطابق ہوا ہو تو مدعیکو زر
بامید استرداد دیگر مذکور کی اور خسارہ ایام قرقی کی
بھی پانیکی لئی ایک ہی مقدمہ مین نالشی ہونیکا اختیار
نہین ہی ؀

جسصورت مین کہ ایکہی مقدمہ واسطی استرداد دو حکم کی مرجوعہ ہو سکتا ہی

جس صورت مین کہ مطابق قانون چہارم سنہ ۱۸۴۰ع
کی کوئی حکم صادر ہونیکی سبب سے ایک شخص
کسی محال کی چند قطعہ زمینون سے بیدخل کیا گیا ہو ؀
اور جس صورت مین کہ انہین زمین کی دخیل حال
اور دخیل سابق کی درمیان درباب نشان دہی
انہین زمینون کی تکرار وقوع مین آکر ایک کہتا ہو
کہ وی اراضی فلانی محال کی علاقہ کی ہین اور دوسرا
کہتا ہو کہ نہین بلکہ وی فلانی محال سے متعلق ہین ؀ تو ایسی
صورتمین دخیل سابق یعنی مدعی کو اختیار ہی کہ
کل زمینون کی نسبت دخل پانیکی دعوی ایکہی مقدمی
درپیش کری ؀

ش ف ۲۲۵ ۱۰ع
ز آدرمنی بیوہ اسلاف بنام جگرناتھ چودہری وغیرہ رسالہ سان ۲۷ فروری سنہ ۱۸۴۸ع
ص رام رتن رای وغیرہ سابلان ۲۵ اگست سنہ ۱۸۴۷ع

اگر مدعاعلیہ نے کسی دو کھنڈ زمین پر بصورت رعیت
کی دخیل رہکر ایک کھنڈ کا خزانہ ادا کرتا ہو اور دوسری
کھنڈ کو بطریق لاخراج کی اپنی دخل مین رکھکر کبھی
اُسکا خزانہ نہ دیتا ہو تو مالک زمین کو اختیار ہی کہ اُسکی
عرضی دعوی کی ذریعی دونون کی نالش ایک واسطی
تشخیص خراج ادیہ قطعہ لاخراج کی اور دوسری واسطی
جمع بندی کرنی قطعہ خراجی کی معًا داخل عدالت
کری ض

ایک مقدمہ واسطی چند قطعہ زمین کی جو ایک ہی سند کی بابت ہو جایز ہی گو تواریخ اخراج مختلف ہون

جس صورت مین کہ اُسکی حقیت کی وسیلی
زید کو اوپر کسی قطعہ زمین کی ایک گونہ دخل حاصل
رہا ہو اور اُسکو عمرو مختلف تاریخون مین اُن زمینون
سی اخراج کیا ہو تو زید کو بنام اخراج کرنی والی یعنی
عمرو کی کل زمین کی بابت ایکہی نمبر مین نالش اپنی
عدالت مین داخل کرنی جایز ہوگی ط

ایک عرضی دعوی با میعاد والہ یا دوتی دو جایداد کی جو بابت دو پرگنا ون کی ہو

مگر اگر زید بنام عمرو کی کسی کی جایداد پر کسی

ض در مادہ سوال دوارکاناتھ سنگہ ۲۱ ستمبر سنہ ۱۸۶۹ع
ط رام رتن رای وغیرہ ... ۲۶ اگست سنہ ۱۸۶۹ع در مادہ سوال مسماۃ سبیل منی
دیبہ ۱۹ جولائی سنہ ۱۸۶۸ع

ڈگری کی مطابق (جو عمرو مذکور کی اوپر اُسکو یا
اُسکی کسی ہمرکی کو حاصل ہوا ہو) دخل پانیکی لئی
عرضی دعوی گذرانی اور اسی عرضی دعوی مین ایک
نالش اور بھی دربابِ دخل پانی اوپر ایک دوسری جایداد کی
کہ جسکی عمرو مذکور نی اسکو بیدخل کردیا تھا ایک شامل
عدالت مین درپیش کری تو اسطرحکی دونو دعویونکی
معاً نالش بذریعہ ایک عرضی دعوی کی عدالت مین
نامنظور یعنی نین سنت کی قابل ہوگی ظ کیونکہ بنای
دعوی زید کا بہ نسبت دونو جایداد کی ایک حقیت
کی وسیلی سی نکلین ہی *

جس صورت مین کہ دو محال کی دو مالک
شراکت دار کہ ہر ایک محال کی نسبت دونو
بالاشتراک مالک رہی ہون اور ایک اُن مین سی
خزانہ سرکار، جو اُن دونون پر واجب ہی ادا کرسکی،
اور دوسرا تنہا بالکل خزانہ باقی ادا کری تو ادا کرنیوالی
شریک کو اختیار ہی کہ جسقدر مبلغ دونو محال کی

ظ بابو چنتامن سنگھ وغیرہ اپیلانٹ بنام راجہ جی گوبند سنگھ وغیرہ رسپانڈنٹان
۹ مئی سنہ ۱۸۶۵ء و ۲۳ مئی سنہ ۱۸۶۵ء

خزانہ کی بابت اپنی شریک مذکور کی طرف سی
سرکار مین ادا کیا ہووی نالش اُسکی معاً ایکبارگی
ایک ہی مقدمی مین دوپیش کری غ

ہر ایک سال کی خزانی کی لئی ایک نالش
ہوسکتی ہی پر جب دو چار برس کی خزانی کی بابت
نالش کرنی ہو تو مدعی کو اختیار ہی کہ چاہی ایک شامل
نالش کری یا ہر ایک سال کی خزانی کی نالش الگ
الگ دوپیش کری غ

جس صورت مین کہ ایک محال کی چند شرکا اپس
مین بٹوارہ کر کی محال مذکورہ کی ایک ایک حصی پر
دخیل رہی ہون تو گو کلکٹری مین محال مذکورہ کا بٹوارہ ظاہر
نہ ہوا ہو اور اُسکی خزانی کی داخلی مین لفظ شی اجمالی کا لکھا
رہی تو بھی ہر ایک شریک اپنی اپنی حصی کی بابت
نالش بنام رعیت یا اجارہ دار کی اُسکی عدالت مین
الگ کرنیکا اختیار رکھتا ہی ف

ہر ایک سال کی خزانی کی نالش جداگانہ ہوسکتی ہی

شرکا ایک محال کی جنہون نی محال مذکورہ کو اپس مین بٹوارہ کر لیا ہو انکی نام جداگانہ نالش جائز ہوگی

ع جگت چندر مکھوپدھیا وغیرہ سائلان ...
غ در مادہ سوال سید کرامت علی متولی ۳۰ جولائی سنہ ...
ف رام نراین دت و دوارکا چرن دت اپلانٹان بنام سرد چندر بوس وغیرہ رسپانڈنٹان
... اپریل سنہ ...

مدعی جو ڈگری زر یا منفعتی کی مدعا علیہ کی زمین کی اوپر جاری کرنی چاہی اسکو نام ہر ایک وصول اُس زمین کی الگ الگ نالش کرنی ضروری ہی

ہر جس صورت مین کہ ایک کو ایک کی نام ہر ڈگری زر یا منفعتی کی بابت حاصل ہوئی ہوئے اور وہ زر یا منفعتی کسی زمین یا شی یا کسی علاقہ سی رکھتی ہوئے تو اگر ڈگریدار مذکور مدیون کی کسی زمین کو بجواے زر ڈگری وصول کیا چاہی تو اسکو اس مطلب کی لئی اس زمین کی الگ الگ دخیل کی نام ہر علیحدہ علیحدہ نالش کرنی بہتر ہوگی کیونکہ چونکہ دخل مالکانہ ہر ایک شخص کا الگ طریقی پر ہو سکتا ہی اسلئی چاہئی کہ ہر ایک شخص اپنی طرف سی جواب دہی بھی الگ کرنی کا اختیار رکھتا ہووی ق

رعایا جو باہم ملکر ایک قبولیت لکھدی ہون اُنکی نام پر معًا ایک نالش کرنی جائز ہی

جس صورت مین کہ کئی رعیت باہم ملکر کسی زمیندار کو ایک قطع قبولیت اپنی اپنی دستخط سمیت لکھ دئی ہون اور اُسی قبولیت کی بابت ایک دوسری کی طرف سی ضامن رہی ہون تو زمیندار مذکور کو اُن سبھوں کی نام ہر ایک شامل نالش کرنیکا اختیار ہی ک

ق موہن رام چودہری وغیرہ اصلا مان بنام تلک چند ساہو وغیرہ رسپانڈنٹان ۱۵ اپریل سنہ ۱۸۵۹ع کا فیصلہ باب ۲۸

ک درمادہ سوال ابنہ چند رای ۱۱ اگست سنہ ۱۸۴۷ع کا صدر دیوانی کل کتی اصلا ست بنام غلام مندل رسپانڈنٹ ۷ جون سنہ ۱۸۵۹ع

ایک بنا کا دعوی بنام الگ الگ بشرکا کی

پرگنہ آمیرابادونشامل تھا چار زمینداری کو ہر ایک زمینداری کا ایک ایک زمیندار الگ الگ تھا، اور مدعی اور اسکی ابا اجداد کو ادہر حصہ رقم آٹھ آنہ نسبت تیرہ تعلقہ کی جو انہین چار زمینداری مذکور مین تہی ہوئی تہی بذریعہ ایک علاقہ مقرری کی دخل حاصل تھا، اور وہ زمینداروں مین سی ہر ایک کی زمینداری مین جسقدر زمین تہی اسکی مقدار مطابق الگ الگ خزانہ ہر ایک کو ادا کیا کرتا، اتفاقاً زمینداران مذکور نی اُن تیرہ تعلقہ کی آٹھ آنہ حصی کی مقرری علاقہ سی اُسکو اخراج کیا اور وہ بنام اُن چاروں کی ایک ہی عرضی دعوی کی ذریعی نالشی ہوا مدعا علیہون نی یہہ عذر لکھا کہ مدعی مذکور کو ہم مین سی ہر ایک کی نام پر الگ الگ نالش کرنی مناسب تھی ۔ پر صاحبان صدر نی اپنی فیصلی مین لکھا کہ ایک شامل نالش بنام چار شخص کی کہ جنہون نی فریادی کو اسکی اپنی دخلی شئی سی اخراج کیا ہی، بذریعہ ایک ہی عرضی دعوی کی ہونی جایز ہی

ل گوپال چندر چودہری اپیلانٹ بنام مسٹر کورجن اور رام کمل داس رسپانڈنٹون کے
۱۶ اگست سنہ ۱۸۴۰ع

ایک عرضی دعوی میں مختلف دعوون کا مندرج ہونا

(۱۱۱)

اگر کسی کی ایک عرضی استغاثہ میں کئی الگ اور مختلف دعویان جو اب میں ایک دوسری کی رو سے نہایت مختلف ہیں مندرج رہیں تو وہ عرضی بسبب اندراج مختلف دعوونکی باطل ہو گی اور اگرچہ وہی مدعی اور وہی مدعا علیہ کہ جنکی نام عرضی مذکور میں مندرج ہیں اُن سب معاملۂ مختلفہ کی بابت لین دین کئی ہون تو بھی اُن مختلف دعویان کی تجویز صاحبان عدالت ایک شامل نہین کرینگی ۔

کیونکہ اگر زید عمرو کی نام ہر عرضی دعوی واسطی دخل پانی او پر زمین بیع بالوفا یعنی رہن منہ واسطی کی عدالت مین داخل کری اور اسی عرضی مین ایک جہاز کی اسبٹز اد نیلا کی بھی درخواست کری تو اسطرحکی متباین دعوون کی متضمن عرضی نامنظور ہوگی ۔

مختلف ماہیتونکی دعویان بنام ایک ہی مدعا علیہ کی

اگر زید عمرو کا وصی ہو اور بکر کو پہلی عمرو کی ساتھ اور اُسکی وفات کی بعد زید مذکور کی ساتھ اسکی بیج کی علاقی کی بابت داد و ستد رہا ہو اور بعد اسکی بکر مدعی ہو کر عرضی استغاثہ بنام زید کی دو طرح کی دعوون سمی

ایک درباب داد و ستد کی جو درمیان اسکی اور زید مذکور کی تھی اور دوسری درباب لین دین کی جو عمرو متوفی کی ساتھہ رکھتا تھا ۔ گذرانی ۔ تو ایسی دونو دعوی کی ایک شامل نالش عدالت مین مذبرا نہو گی ۔ کیونکہ صورت مذکورہ مین اگرچہ واضح ہی کہ دونو دعوی کی جوابدہی زید ہی کی ذمی ہی پر ماہیت دونو کی ایک دوسری سی نہایت متباین ہی ۔ زید کی اپنی علاقہ حق کا مقدمہ الگ ہی ۔ اور عمرو کی علاقی کا دعوی کہ جسکی جوابدہی فقط وصی ہونی کی سبب سی اُسپر آپڑتی ہی وہ علیحدہ ہی ۔ اور عمرو کی جایداد وصیت کا کسی معاملہ مین اُسکی وصی کی نج کی معاملات کی ساتھہ ملایا جانا جایز نہین ۔ جس صورت مین کہ چار پانچ شخص مدعی بنام کسی مدعا علیہ کی بالاشتراک ایک دعوی رکھتی ہون اور ایک اُن مین سی اُسی مدعا علیہ پر ایک الگ دعوی تنہا رکھتا ہو تو وہ اپنی اُس علیحدہ دعوی کو اپنی گروہ مذکور کی دعوی کی ساتھہ اکٹھا عدالت مین پیش نہین کرسکیگا ۔

ایک شخص کو بلا ضرورت مدعا علیہ قرار دینا

(112)

جس صورت مین کہ ایک فریق کا نام بطور مدعا علیہ کی ایک مقدمی مین داخل رہی اور اُس فریق کو معاملہ مذکورہ کی اکثر مراتب کی ساتھہ کسو طرح کا علاقہ نرہی اور اسکی سبب وہ بیفایدہ زیربار اخراجات کثیرہ کا ہو جاوی تو اس طرح کی دعوی کا مقدمہ کو گویا گون وچھون کا کہلاتا ہی ؛

نالش بایع بنام مشتریان الگ الگ لاٹ کی

اگر ایک شی نیلام مین بذریعہ الگ الگ لاٹ کی جدی جدی مشتری کی ہاتھہ بیچی گئی ہو تو بایع کو اختیار نہین کہ کل مشتریون کی نام پر الگ الگ دعوی کی کیفیات کی ساتھہ ایک شامل نالش کری ؛

کیونکہ ایک لاٹ کی فروخت کا حال ایک سان نہین ؛ اورکسی مقدمی مین ایک مدعا علیہ ہی کئیک مختلف بنا کی دعوین کا کہ جنسی اُسکو کچہ علاقہ نہین جواب طلب کرنا ناجایز ہی ؛

مقدمہ واسطی سر برا ہی جایداد موصی کی اور وصیا اگر اسمین سی زید کی ساتھہ کچہہ بیچ کیا ہو تو اسکی ابطال کی تنی

ایک عرضی دعوی دو مطلب کی لئی عدالت کی سرشتی مین داخل نہین ہوسکیگی صورت

اسکی یہہ ہی کہ اگر ایک شخص کسی موصی کی
جایداد وصیت کی سربراہی کی لئی وصی کی نام پر
دادخواہ ہووی اور اگر وصی مذکور نی شئی وصیت
مین سی بعض حصہ زید کی ہاتھہ بیچا ہو اُس بیع کی
ابطال کی لئی بھی اُسی دادخواہی کی ساتھہ نالشی
ہووی تو ایسی صورت مین زید مدعا علیہ یعنی مشتری
مذکور کی معاملی کو وصی مذکور کی سربراہی کے
مقدمہ کی ساتھہ کچھہ علاقہ نہین بلکہ مقدمہ اُسکا بالکل
الگ ہی اور وہ اپنی خرید کی مقدمہ کی تجویز جداگانہ
کروانیکا اختیار رکھتا ہی

مگر جس صورت مین عرضی دعوی سی ظاہر ہووی
کہ وصی مذکور فی الحقیقت ازراہ فریب کی خود
شئی وصیت کا ایک حصہ خرید کیا ہی اور یہہ
ثابت ہووی کہ زید مدعا علیہ نی وصی مذکور سی
ایسی شئی مول لی ہی کہ جو اُسنی خود فریباً خرید
کیا تھا تو البتہ وصی مذکور کی ناجایز اشتراکی مقدمی کی
ساتھہ زید کی خرید کا معاملہ ایک شامل داخل عدالت

(113)

ہوسکیگا ۔ کیونکہ اگر وصی مذکور کی خرید نا درست اور باطل ہووی تو اسکا زید کی ہاتھہ بیچنا اُس شئی کا بھی باطل ہو جاویگا۔

جو دعوی بہ نسبت اشخاص شراکت دار کی ہوا رجاع اسکا بنام ایک کی اُنمین سی عدالت مین جایز ہوگا ۔

مقدمہ بنام مدعا علیہون کا جو ایک معاملی مین مشترک دو دوسری مین متفرق ہیں

مثلاً اگر مدعی نی ایکبار بشراکت عمرو کی ولایت انگلینڈ مین بالای جہاز شکر بھیجی ۔ اور پھر دوسری بار عمرو اور بکر دونو مدعا علیہما کی معیت مین افیون جہاز مین بھر کر چین کو روانہ کیا ۔ اور بعد اوسکی دونو دفعہ کی منافع تجارت کی حساب کی بابت ایکہی عرضی دعوی کی ذریعی اُن دونو مدعا علیہما کی نام پر نالش ہوا ہو تو ایسی مقدمی مین ایک قسم داد و ستد کی دونو مدعا علیہما کو جوابدہی کرنی ضروری ہی ۔ پر شامل اُسکی دوسری دعوی ایسی ہی کہ اسکی جوابدہی صرف ایک مدعا علیہ یعنی عمرو مذکور پر ہی ۔ لہذا یہہ مقدمہ بکر کی حق مین مختلف وجہہ ہونیکا ٹھہریگا ۔ کیونکہ جو بنام عمرو کی ہی اُس مین صرف ایک مدعی اور ایک مدعا علیہ ہی ۔ اور جو دعوی

دعوی کی شامل داخل عرضی ہوئی ہی ؏ دربار ایک
مدعی اور دو مدعا علیہ کی لین دین کی ہی ء جنمین
سی ایک یعنی بکر کو بسبب اُس مختلف دعوی
کی نالش کی ناحق زیرباری اخراجات کی ہوتی ہی ء
اور اگر ایک شئی کی بنسبت عمر اور زید کو
بالاشتراک دعوی حاصل رہا ہو تو بہ نسبت اُسی
شئی کی اُن دونو کا دعوی الگ الگ نہین
چلیگا ء مثلاً جس صورت مین کہ زید اور عمرو باہم ملکی
مدعی کو کسی لین دین کی بابت ایک اقرار ملکہد ئی
ہون اور چندروز پیچھی عمرو اُس اقرار سی دست بردار
ہونیکی بعد زید نی بحسب اقرار مذکور کی علاقہ لین دین کا
مدعی مزبور کی ساتھہ جاری رکھا ہو تو پچھلی لین دین کی
بابت زید ہی تنہا مدعا علیہ ہوگا ؏

جس صورت مین کہ جب ہر ایک مختلف ایکہی مقدمی مین متحد کی جانی چاہئین

جس صورت مین کہ دونو فریق یعنی سب کی
سب مدعیان اور کل کی کل مدعا علیہم کسی متنازعہ کی
نسبت دعوی اور علاقہ دار ہون تو اونکو بعض مدعا علیہ کو

؏ مسئلۂ الگ چند املاک ابہارت بنام راجہ راجندر نراین رای رسالہ ۱۹ جون سنہ

(۱۱۶)

گیارھواں باب

فریقان مقدمات

دستور ہی کہ ہر ایک مقدمہ مین جو کہ از روی
آئین کی راست اور جایز ہی ڈگری کسی کی حق مین
عدالت سی اجرا نہین پاتی ہی مگر عندالاحضار اُسکی
خواہ اصالتاً ہو یا وکالتاً ۔ لہذا کسی معاملی کا فیصلہ جو کسی
عدالت دیوانی سی صادر ہوتا ہی تو تعمیل اُسکی
مطابق مندرجۂ رویداد کی صرف مدعی اور مدعا علیہ اور
جو لوگ اُنکی جانشین یا وارث ہین اُن پر واجب
ہوتی ہی ب

اسیلیی سب حاکمان عدالت کو جاننا اِس بات کا
اہم ہی کہ وی کسی معاملی کی فیصل کرنی
مین اُسمین جتنی حقوق اور جتنی علاقی اشخاص
مختلفہ کی ہون سبکی بابت حتی الامکان ایک
فیصلہ اس طرح پر کرین کہ اُس معاملہ کی علاقہ دارون کی

اسکسیکی حقوق کی بابت ڈگری اسکی عدم حاضری مین نہین ہوسکی

تعمیل ڈگری کی کس کس شخص پر واجب ہی

ڈگری کا کل اشخاص علاقہ دار کی حق کی نسبت ہونا ضروری ہی

ب گوپی موھن ٹھاکر وغیرہ اہلاسان بنام رام تنو بوس بر سباہدست ۳۰ جون سنہ ۱۸۲۰ع
دلاور علی خان وغیرہ ست بلان ۵ اپریل سنہ ۱۸۲۶ع

حق مین وہ ہر طرح سے مکمل اور بے نقصان ہو
اور پھر اُس معاملی کی نالش فریاد کی کچھہ احتیاج
باقی نہ رہے ،

کسی معاملہ مین حکم عدالت سی بلاواسطہ نفع یا نقصان جنکو پہنچنی والا ہو وہی فریقان معاملہ ہونگی

بلحاظ مراتب مذکورہ بالا کی چاہئی کہ جو لوگ بنای
معاملہ کی ساتھہ اِس طرح پر علاقہ رکھتی ہین ، کہ
جو کچھہ حکم اُس معاملہ کی نسبت عدالت سی صادر
ہووی اُسی فایدہ اوٹھانی یا نقصان سہنی والی
ہون ، اُنھین کو فریقان معاملہ یعنی مدعی یا مدعا علیہ ہونی
دیوین ، مثلاً اگر کوئی زمین زید کو اِس شرط پر
دی گئی ہو کہ وہ اپنی زندگی بھر مالک رہیگا اور اُسکی
مرنیکی بعد اُس جاگہہ عمرو اُسی شئی پر مالک اور
متصرف رہیگا ،

اور بعد اُسکی بکر اگر دعوی کری کہ مین اُس
شئی کی کل کا علی الاستمرار مالک ہون ، تو ایسی
صورت مین زید اور عمرو دونو کو ایک فریق یعنی
مدعا علیہ ہونا چاہئی کیونکہ ایسی معاملہ کی ڈگری اُن دونو کی
حق کی برعکس صادر ہونیوالی ہی ،

بہرحال اشخاص کو شئی متنازعہ کی ساتھ علاقہ رہا ہووی فریقان معاملہ مین داخل نہونگی

اور بعض صورت ایسی ہوتی ہی کہ اُس مین
اگرچہ عمرو کو شئی متنازعہ کی ساتھ علاقہ حاصل رہتا
ہی پر اُس علاقہ کی نسبت عدالت کی ڈگری
سی نفع یا نقصان نہین ہوتا ہے مثلاً اگر کسی طرح سی
یہہ مقرر ہووی کہ فلانی زمین بعد فوت زید کی عمرو کو
ضرور ملیگی ہے اور اسکی اُسی زید کی حین حیات مین
درمیان زید اور بکر کی در باب ملکت شئی
مذکورہ کی معاملہ عدالت مین درپیش ہو ہے تو ایسی
صورت مین عمرو کو زمین مذکورہ کی ساتھ علاقہ ہی
پر وہ بکر کی عرضی دعوی کی مدعا سی کچھ علاقہ نہین
رکھتا ہے اور مقدمہ مذکورہ کی ڈگری سی عمرو کی حق مین
کچھ نفع یا نقصان نہین ہے لہذا ایسی مقدمہ مین عمرو کا
متخاصم ہونا ضرور نہین ہے

جنکی اوپر ڈگری جاری ہوسکتی ہی یا جنکی اوپر حسب
استدعا فریادی کی حکم عدالت صادر ہوسکتا ہی یا شئی
متنازع کی ساتھ جنکو علاقہ یا اختیار اس طرح پر حاصل
ہی کہ اوس اختیار یا علاقہ کی سبب ڈگری عدالت کی

تعمیل اوسپر واجب ہوسکی ، اور وی لوگ کہ جنسی
ایک منفعت یا یافتنی ہو یا کوئی خدمت انجام
پانی والی ہو ، فی الجملہ جو اشخاص کہ مطالب معاملہ یا شی
متنازعہ کی ساتھہ علاقہ رکھتی ہین ، وے معاملہ کی
فریقون مین داخل ہوینگی ،

جتنی لوگون کا علاقہ خود عرضی سی اوپر کی مذکور
مطابق ظاہر ہو فریادی کو لازم ہی کہ اُن اشخاص کی
نامون کو بقید اقسام فریق کی اپنی عرضی مین مندرج
کری *

اور جاننا چاہی کہ اگر فریادی نی کسی دوسرے
شخص کو اپنا فریق ثانی قرار دیکر بنام اوسکی عدالتمن
نالشی ہوا ہو اور کسی شخص ثالث کو کہ جسکو اوس
مقدمہ مین عین مدعا علیہ کی طرح علاقہ حاصل ہی مدعا علیہ
کی شامل فریق ثانی مین داخل نکری تو باوجود حاصل
کرنی ڈگری بنام مدعا علیہ کی وہ ڈگری بہ نسبت
شخص ثالث کی بی اثر ہویگی اور بھی مدعا علیہ وغیرہ
اشخاص کہ جنکو فریادی نی فریق ثانی مین داخل کیا ہی

جن لوگون کو فریقان مقدمہ
مین داخل ہونا ضرور ہو
انکو داخل نکرنیکی صورت
مین قباحتین

عذر لاکر کھو سکینگی کہ تجویز اس مقدمی کی بسبب
چھوڑ دینی فریق علاقہ دار کی کماحقہ نہین ہو سکتی تھی ۔

بعض صورت مین مدعی کی برعکس جو شخص شی متنازعہ پر دعویدار ہو اسکو فریقون مین داخل ہونا ضرور نہین

بعض ایسی صورت بھی ہو سکتی ہی کہ اوسمین
کوئی شخص مدعی کی دعوی کی برعکس شی متنازعہ پر
دعویدار ہووی پر مقدمہ مرجوعہ کی فریقون مین اس سبب سی
داخل نہین ہووی کہ مدعی کو صرف اپنی مدعا علیہ کی
نام پر ڈگری حاصل کرنی منظور رہی ۔ تو اگر فریادی دعوی
اپنا بنام مدعا علیہ کی عذرات رجاع معاملہ کی عدالت کی آگی
ثابت کر سکی تو اوس کو مدعا علیہ پر ڈگری عدالت سی
ملیگی ۔ اور اگر ثابت نکر سکی تو دعوی اوسکا مسترد
یعنی ڈسمس ہوویگا ۔ مگر اس طرح کی ڈسمس کرنی سی
صرف مدعی کی دعوی کی بابت تجویز عمل مین آئی اور
مقدمہ فیصل ہوا اور جو دعویداران کہ مدعا علیہون مین
داخل نہین ہووی نقصان نہین پہنچیگی ت اور اگر

ت وکیل سہ کمار رام بوجن گھوش وغیرہ اپلانٹان بنام بانیسر ناک وغیرہ رسپانڈنٹان ۳۰ دسمبر سنہ ۱۸۱۶ع ۔ راجہ چتر سنگھ اپلانٹ بنام شاہ محمد علی رسپانڈنٹ ۱۵ اپریل سنہ ۱۸۱۹ع منشا رام اپلانٹ بنام دھان سنگھ وغیرہ رسپانڈنٹان ۱۲ مارچ سنہ ۱۸۲۰ع ۔ مسماۃ سورج کنور اپلانٹ بنام وشتودن سنگھ وغیرہ رسپانڈنٹان ۲۷ مئی سنہ ۱۸۲۳ع بلرام سنگھ اپلانٹ بنام ہری چرن شاہ رسپانڈنٹ ۲۶ اپریل سنہ ۱۸۲۸ع

میں بعد کوئی شخص ثالث اگر باظہار حقیقت کی
اپنی اوپر شی مذکورہ کی نالشی ہووے تو ہوسکتا
ہے ؛

چنانچہ اگر زید اپنی تئیں عمرو کا وارث قرار دیکر بکر کی
نام پر ایک زمین کی نسبت دخل مالکانہ پانی کی لئی
نالشی ہووے ؛ اور بکر اس عذر سے کہ تئیں نے
اس زمین کو عمرو سے مول لیا تھا اسپر دخل اور قابض
رہا ہووے ؛ تو ایسے مقدمے میں خواہ زید مدعی بنام
بکر کی ڈگری پاوے یا نپاوے دو نو صورت میں
خالد کو اختیار ہے کہ شی مذکورہ کو اپنی ملک قرار
دیکر دعوی عدالت میں درپیش کرے اس عذر کی ساتھہ
کہ شی مذکورہ ہمیشہ سے ہماری ملک ہے ؛
عمرو کو ساتھہ اس شی کی کچھہ علاقہ نتھا ؛

اشخاص جو منشا معاملہ کی ساتھہ علاقہ رکھتے ہیں
ممکن ہے کہ فریادی کی ساتھہ تماماً ہمدعوی ہوں یا جز
دعوی میں اسکی شریک رہیں یا یہہ کہ دعوی انکا
برخلاف مدعی کی دعوی کی ہو اشخاص مذکورہ کا

دعوی برخلاف مدعی کی دعوی کی ہونیکی صورت
مین دو حال سے خالی نہین ایک یہہ کہ بلاواسطہ
دوسرا یہہ کہ ڈگری کی نتیجے کی سبب سے مدعی کی
دعوی کا مزاحم ہونی کا حق دار ہو *

فریقان جنگی درمیان تماماً یا جزواً فریادی کی دعوی کی ساتھہ ہون

مثلاً جس صورت مین کہ مالکان شراکت دار مین
سے ایک شخص شئی متنازعہ پر دخل دلاپانی کی
دعوی سے بنام شخص ثالث کی نالشی ہووی
تو اس صورت مین دوسری شخص کا فریادی کی
ساتھہ تماماً ہمدعوی ہین ث

اور جس صورت مین کہ چند اشخاص فریادی کی
ساتھہ متفق ہو کر کہین کہ شئی متنازعہ کہ جسکو عمرو نی
ناجائز طریقی پر اپنی قبض و دخل مین رکھا ہی درحقیقت
ملک زید متوفی کی تہی ، اور متوفی مذکور نی بذریعہ
وصیت نامہ کی انتقال شئی متنازعہ کا کیا ہی ،
ہر اشخاص مذکورہ مین سے ہر ایک اُس وصیت نامہکی

ث صاحب کلکٹر باقرگنج اسلاسٹ بنام امداسی چودھرا بن رسانیدہ ۵ مارچ سنہ ۱۸۹۱ ع
اور مان سنگھ وغیرہ اسلاسان بنام صاحب کلکٹر ضلع پٹنہ مورخہ رسانیدہ ماہ ۲۶ جولائی
سنہ ۱۸۹۳ ع نشئہ رنزاین بابھنیا اسلاسٹ بنام بھرت چرن ستیتی رسانیدہ ۳۰ دسمبر
سنہ ۱۸۹۳ ع

مفہوم کو اپنی مطلب کی طرف منسوب کر کی
کہتا ہو کہ از روی وصیت نامی کی ستی منازعہ کا
بانی والا مین ہون ۔ یا جس صورت مین کہ اشخاص
مذکورہ بالاتفاق زید کا بلا وصیت مرجانا ظاہر کرین اور
اُن مین سی ہرایک کہی کہ مین تنہا متوفی کا وارث
اور جانشین ہون اُن صورتون مین دعوی اشخاص
مذکورہ کا فریادی کی دعوی کی ساتھہ صرف
جزواً یعنی عمرو مذکور کی دخل و تصرف کی برخلاف
ہوتی ہین ۔ منتفق ہوتا ہی ۔ اور اس طرح ہر عمرو کی
دخل و تصرف کی خلاف مین دعوی اُن اشخاص کا
بذریعہ ایکہی دلیل و گواہی کی ثابت ہونا ضروری ۔
مگر باقی مراتب مقدمہ مین ۔ وہی کیا آپس مین اور
کیا فریادی کی ساتھہ مختلف ہین ۔ اور ہر ایک کو
اُن مین سی اپنی الگ دلیل عدالت مین پیش کرنی
لازم ہوگی ۔

فریقان جو بلا واسطہ دخل و تحقیق کی مزاحم ہو سکتی ہین

ہر جس صورت مین زید جایداد منازعہ پر دخل
یا اُسکی محاصل سی ممتنع ہوتا ہو ۔ یا اس طرح کی

یت اُس مین رکھتا ہو کہ فریادی اپنی دعوی کی
ری بانی کی صورت مین حقیت زید کی غالباً زائل
کم ہو جایگی تو زید کو بسبب دخل مدعا علیہ کی
سیہ مزاحم ہونیکا بلا واسطہ حاصل ہوگا

فریقان جو ہوز لیہ کسی دوسری کی غیر مزاحمت وصل وصل کی نسبت کر سکتی ہین

اگر فریادی بنام مدعا علیہ کی کہ جسکو اُسکی ساتھ
واسطی کسی غیر کی علاقہ معاملہ کا حاصل ہی ڈگری
دی اور مدعا علیہ کو اس ڈگری کی سبب جسقدر
نقصان عاید حال ہوا ہو اُس نقصان کی جبر نقصان
سی شخص ثالث سی پانیکا استحقاق حاصل ہو تو اس
شخص ثالث پر ضمناً خسارت معاملہ بابت ڈگری
مذکورہ کی عاید حال ہوتی ہی لہذا لازم ہی کہ شخص
ثالث بھی ابتداً فریقان معاملہ مین داخل ہو کر عدالت
کی آگی حاضر آوی تاکہ مدعا علیہ کی مقدمہ ہار نیکی
صورت مین جو دعوی منجانب اُسکی بنام شخص ثالث
مذکور کی عدالت مین دربیش ہونی والا ہو تجویز
اُسکی بھی اسی ایکہی ڈگری کی وسیلی عمل مین آویگی
جو اشخاص کہ فریادی کی ساتھ بدعوی بر معاملہ

بردواری مین اُسکی شریک ہونی سی ناراض ہین تو
مناسب ہی کہ مدعاعلہ کی فریق مین داخل کئی جاوین
اور البتہ جو کوی کہ فریادی کی دعوی سا تھہ کسی
بابت مین اتفاق نہین رکھتا ہو مدعا علہ کی فریق مین
شامل کیا جاویگا ج

مقدمات بابت اشیای منقولہ وصیت نامہ کی

مقدمات جو در باب بابی اشیای غیر منقولہ
مندرجہ کسی دستاویز یا وصیت نامی کی رجوع ہووین تو
جن لوگونکو بذریعہ اُس دستاویز کی انہیای مزبورہ پر
دعوی ہوے اور جنکی قبض و دخل مین اشیای مذکورہ
برخلاف مضامین وصیت نامی کی موجود ہون وے
سبکی سب اُن مقدمات کی متخاصمین بنینگی ؛

جس صورت مین کہ آئین مطابق دعوی بہ نسبت امانت داری کی ہو

اور کبھی ہوتا ہی کہ کسی مقدمی مین ایک شخص
شی متنازعہ پر آئین مطابق دعویدار ہوتاہی پر وہ
درحقیقت مدعی نہین بلکہ مدعی کا امانت داری ہو وہ
شخص بھی اُس مقدمہ کی متخاصمین مین داخل ہودیگا
کیونکہ اگر اوسکو متخاصمین مین نہ لاوین تو بعد انفصال

ج ادمان سنگہ وغیرہ اسلامسان سام صاحب کلکٹر ضلع بلندہ وغیرہ رسساندسان ۲۹ جولدی
سنہ ۱۸۱۴ع

مقدمہ مذکورہ کی بزورِ اسناد جو اسکی پاس ہین اپنی طرف سی الگ نالش کسو حق کی پانیکی لئی کرسکتا ہی*

چنانچہ اگر زید بامید ابطال بیع کسی زمین کی بنام عمرو کی کہ جسکی ناتھہ زمین مذکورہ بکر کیطرف سی بنامی طریق پر بیچی گئی ہی نالشی ہووی ساتھہ اس اظہار کی کہ یہہ زمین میری ہی اور بکر میری طرف سی بنامی طریقی پر اوسپر دخیل تھا تو ایسی صورت مین بکر کو بھی متخاصمین مین داخل ہونا چاہئی ح

جس صورت مین ایک شخص دوسری کی طرف سی گماشتہ بکر کسی شی کا کی بابت اقرار لکھہ دیا ہو

جس صورت مین زید نی عمرو کیطرف سی گماشتہ بنکر بکر سی کسی شی کی بابت اقرار کیا ہو یا لکھہ دیا ہو اور عمرو مذکور اوسی اقرار کی عبارت سی یہہ ثابت کرسکی کہ زید درحقیقت میرا گماشتہ تھا تو اوسکو اختیار ہی کہ نام زید کا متخاصمین مین شامل نکر کی خود تنہا اوسکی اقرار کی ایفا کی لئی نالشی ہووی*

ح حکمنامہ ۱۹ سنہ ۱۸۴۴ مئی ۳ ساہب رسد الہ عبد سید بنام اسلامساں بزہ و ۲ حکمنامہ نمبر ۶۲۴ ۱۸۴۴ سنہ اپریل ۱۱ بمقدمہ رسسا تری بمو ناتھہ لوک بنام ابہلاست این برا ہو جو تاراسندری

جس صورت مین کہ گماشتہ عمرو کی مقدمہ بنانا ضرور ہی

پر جس صورت مین کہ عمرو ثابت نکرسکی کہ زید مذکور میرا گماشتہ تھا تو عمرو کو ضرور ہی کہ زید کو مدعی یا مدعاعلیہ کی شامل کرکی متخاصمین مین داخل کرلیوی نہین تو زید مذکور خود بنفسہ ایفای اقرار کی لئی عدالت کی آگی عرضی استغاثہ گذران سکیگا *

جس صورت مین کہ اصل فریادی کا فریق بنانا ناگزیر ہی

اگر زید گماشتہ اپنی نام سی پر درحقیقت متجانب عمرو کی کہ جسکا وہ گماشتہ ہی ایک بابت کا اقرار کرکی یا لکھہ دیکی اوس اقرار کی ایفا کی لئی نالش عدالت مین درپیش کرنی چاہی تو زید کو لازم ہی کہ عمرو کو متخاصمین مین شامل کری *

مقدمات واسطی حساب کے

درصورتیکہ چند اشخاص درباب محاسبہ لینی کی کسی پر نالشی ہووین تو جتنی اشخاص کہ حساب یا شی حسابی کی سات دعوی رکھتی ہوون ان سبھون کا نام متخاصمین مین داخل ہونا ضروری ہی کیونکہ ہر ایک شخص اپنی حصی کی مطابق الگ الگ

فح بجناسہ گھتک اسلاب بنام فقیر چند رسالہ ۱۹ ستمبر سنہ ۱۸۴۶ع تار اسد ازی جودہراین اسلاب بنام لوک ناتھ متوفری رسالہ ۱۶ اپریل سنہ ۱۸۴۹ع

حساب کی نالش کرنی سی مدعا علیہ کی نہایت
زیر باری متصور ہی ۔

جس صورت مین ایسا ثابت ہو کہ حساب چاہنی والی گروہ مین بعضی اشخاص ازروی حساب کی حساب کرکی اپنی حصی پا چکی ہین تو وی متخاصمین مین داخل نہین ہو سکینگی ، مثلاً درصورتیکہ بعضی حصہ دار لوگ اپنی حصی سمجھہ لینی کی بعد حصہ دارون مین سی اگر ایک شخص اپنی حصی کی لئی نام اپنی اوس جایداد کی عدالت مین نالشی ہووی تو جو لوگ کہ قبل حصہ اپنا پا چکی ہین وہی احد المتخاصمین نہین بننگی *

جس صورت مین کہ غیر حاضر فریقون کی حق مین مرور راہ ثابت ہو

بیع مکمل یا فک رہن کی معاملی مین مبلغ رہن سی جتنی شخص دعوی رکھتی ہون ، یا شئی مرہونہ کو رہن سی چہڑانی مین جو اشخاص کہ شراکت دار ہون سبہون کو متخاصمین مین داخل ہونا چاہئی ، اگر کوی مع مکمل زید واین کو دیگری بنام عمرو دیون کی حاصل ہوئی ہو ، اور بعد اسکی شئی مرہونہ کو رہن سی

مقدمہ بابت بیع مکمل یا فک رہن کی

جہاں کی لئی بکر نام زید کی نالشی ہو وے
تو اُس مقدمہ مین بکر مذکور جو پہلی دفعہ کی مقدمہ سے علاقہ
نہین رکھتا تھا اور عمرو کی نسبت قوی تر دعوی
رکھتا ہی زید مذکور پر ڈگری پا سکیگا

مقدمات تقسیم شی اجمالی

شی اجمالی کی تقسیم کی لئی مقدمہ درپیش ہونی
سے جتنی لوگ شی مذکورہ پر دعویدار ہون اور بصورت
صدور ڈگری کی جتنی لوگون کی ملکیت متبدل ہونیوالی ہو
سبھون کو متخاصمین مین داخل ہونا ضرور ہی

مقدمات درباب ابطال احکام صدورہ محکمہ فوجداری کی مطابق قانون ۱۵ سنہ ۱۸۲۴ع

قانون ۱۵ سنہ ۱۸۲۴ع کی مطابق محکمہ فوجداری سے
حکم صادر ہونی سے اس حکم کی ابطال کی لئی
اگر مقدمہ درپیش ہووے تو جو لوگ کہ عندالاجرا حکم
مذکور کی عدالت فوجداری کی آگی متخاصمین تھی
اُن کو یا اُنکی قائممقامون کو متخاصمین مین داخل ہونا
ضرور ہی

تین شخص اجارہ دار مین سے دو شخص

اگر تین شخص بالاشتراک اجارہ دار ہو اور مطابق

ف جھبیدی لعل اسلامت بنام بابو کشن پرشاد رسپانڈنٹ ششم اکتوبر سنہ ۱۸۴۱ع
ر گوروداس رای وغیرہ اسلامت بنام منشی مفیض الدین وغیرہ رسپانڈنٹان ۲۹ جون
سنہ ۱۸۴۲ع

مخوای اجارہ نام کی کسی دعوی کا مقدمہ ورپیش کیا
چاہیں تو اُن میں وہ ایک شخص کو اختیار نہیں کہ
ایک یا دو شراکت دار کو چھوڑ کر نالشی ہووین یا ہوویں

اجارہ دار کی مقدمہ میں جو مدعا
میں پٹہ دہندہ کو طرف ہونی
اس معاملی کا ہونا ضرور

اور اگر کوئی پٹہ دار رعیت اپنی اجارہ لی ہوئی
زمین کی بابت کسی استحقاق کی (جیسا کہ کسی
ہمسایہ کی زمین پر سے رستہ پانیکا استحقاق) نالش
دربیش کری تو اُس مقدمہ میں پٹہ دینی والے
زمیندار کو بھی متخاصمین میں داخل ہونا لازم ہی ورنہ
اگر مدعا علیہ کو پٹہ دار مدکور پر ڈگری حاصل ہووی تو بھی
پھر سہ دینی والا زمیندار اپنی طرف سے نالش بنام
مدعا علیہ مذکور کی کرسکیگا اور ایسی اگر کوئی شخص
بنام پٹہ دار کی نالشی ہو کر ڈگری حاصل کری اور
پٹہ دہندہ متخاصمین میں داخل نہ ہو تو تعمیل اُس ڈگری
کی پٹہ دہندہ واجب نہو گی ز

جس صورت میں کہ اجارہ دار
اپنی اجاری کی زمین
دخل پانی کی لئی نالشی ہو
تو دہندہ پٹہ اجارہ ضرور مدعا علیہ بنیگا

اگر کوئی شخص کسی پٹہ دار کو اُسکی اجارہ لی ہوئی
زمین سی اخراج کری کہ پٹہ دینی والا در حقیقت

ز کنور راندر جیت چودہری اسلامت بنام راد ھاکشن رسیا مدت ۷ فروری سنہ ۱۸۶۷ء

مالک زمین نہ تھا تو اور یہ وارث مذکور بنام اُس اخراج
کرنیوالی کی عدالت مین نالشی ہووے تو
تو اُسکو چاہئے کہ پٹہ دہندہ کی نام کو مدعا علیہ کی شامل
کرکی دونو کو طرف ثانی بناوی کیونکہ یہہ معاملہ
بہ نسبت اُسکی ملکیت کی درپیش ہوئے ہے
اور اگر پٹہ دار مذکور مقدمہ ہاری تو اُس پٹی کی تادرستگی
کی سبب سی جو نقصان سہا ہو ش اُسکی
لئی پٹہ دہندہ کی نام پر نالشی ہو ویگا

اور ایسے ہی اگر زید نی عمرو کی ہاتھ اپنی بیدخلی
زمین کو بیچا ہو اور عمرو مذکور کو دخل پانی کی لئی
شئی مذکورہ کی دخیلکاروں پر جو کہ بائع یعنی زید
مذکور کی ملکیت کی منکر ہو کر عمرو کو شئی مذکورہ پر
دخل نہ دیوین نالش کرنی پڑی تو عمرو زید کو احد المتخاصمین
بناویگا کیونکہ یہہ مقدمہ درحقیقت اُسکی ملکیت کی
نسبت درپیش ہی ش

در مادہ سوال مستفسرہ عدالتی بتاریخ ۱۵ ستمبر سنہ ۱۸۴۶ع جگمانند سنگھ وغیرہ اپیلانٹان بنام سید عبداللہ رسپانڈنٹ ۳ مئی سنہ ۱۸۴۶ع وزیر علی وغیرہ اپیلانٹان بنام شمشیر علی وغیرہ رسپانڈنٹان ۱۲ جون سنہ ۱۸۴۹ع

ش مسماۃ رما بائی اپیلانٹ بنام مسماۃ ریبتی وغیرہ رسپانڈنٹان ۲۶ جنوری سنہ ۱۸۴۸ع

مقدمہ تنازعہ ملکیت میں رعایا کا داخل متخاصمین ہونا ضرور نہیں

شی متنازعہ کی بتہ دار رعایا وغیرہ کو جو بزر یعی ایسی لوگون کی ملکیت کی حقدار ہون کہ انکی ملکیت کی صحت کی باب مین تنازعہ عدالت مین دایر ہی اُس صورت مین متخاصمین مین داخل ہونی کی ضرورت نہین ہی ۔ مگر جس صورت مین کہ انکی فرعی حقوق بہت قیمتی ہون تو متخاصمین مین شامل کئی جائیگی ۔ پر اگر اُس مقدمی کی فریقون مین داخل نہون تو انکی حقوق فیصل عدالت سی منفسخ نہونگی جس صورت مین کہ زید نی عمرو کی ہاتھہ ایک ایسی زمین کو بیع کیا کہ بایع مذکور کی طرف سی بکر اُسی زمین کا بتی دار ہی ۔ اور اُسی زمین پر دخل پانی کی لئی مشتری عمرو مذکور بنام زید بایع کی مستغیث ہوئی ، تو اُس مقدمہ مین بکر بعتی بتی دار مذکور کو متخاصمین مین داخل کرنا مدعی مذکور کو ضرور ہی ۔ کیونکہ شی خرید پر دخل عمرو کا بذریعہ اُسی بتی دار کی ہوویگا ص

جس صورت مین اراضی بنام مشتری کی نکی اشتراکی داخل کی خزانہ کی بابت ہو

اگر کسی زمین خراجی کی خریدار کی نام مین مبلغ

ص بھیرو چندر مجمودار بنام کشن سندر گوپال شی مساہدت ۱۷ جون سنہ ۱۸۶۵ ع

خزانہ (کہ جس میں کا بعض حصہ قبل اشتہار خریدار مذکور کی اور بعض حصہ بعد خرید کی باقی پڑا ہو) کی نالش ہووی تو جو استحکام کہ خزانہ چرھنی کی مدت تک زمین مذکور پر دخیل رہی ہوں خریدار مذکور کی شامل مدعا علیہ ہونگی ض

جس صورت میں زمیندار کو فریق معاملہ ہونا ضروری

اگر کسی زمین لاخراج کی بابت مقدمہ ہووی تو اسکی مالگذاردار یا زمیندار (کہ جسکی ملکیت کی نسبت مقدمہ زیر تجویز ہی) کی غیر حاضری میں جہہ تجویز اور تحقیقات اُس معاملہ کی عمل میں نہ آوینگی اور اسلئی زمین مذکور کی نسبت جب اس بات کی تحقیقات کا مقدمہ درپیش ہووی کہ آیا وہ خراجی ہی یا نہیں تو اُس میں بھی وہ زمیندار یا مالگذاردار کو متخاصمین کی شامل عدالت میں حاضر آنا ضروری ہی

جس صورت میں کہ تحقیقات لاخراج اور خراجی ہونی کی واقع ہو

اگر ط فریادی اس دعوی سی نالشی ہووی کہ کسی منازعہ خراجی ہی اور وجہی زمیندار کی طرف سی

ض جان برووک اسلاٹ بنام برموہن رای ۱۱ ستمبر سنہ ۱۸۴۷ع

ط برکیت سرکار وغیرہ فریادیان بنام برماشندرای رسنادسیان ۵ اجولای سنہ ۱۸۴۷ع در مادہ سوال مدن موھن خان ۲۰ مئی سنہ ۱۸۴۷ع بابو برانناتھ چودہری اسلاٹ بنام انروودہ پرشاد رای رسپانڈنٹ ۵ مئی سنہ ۱۸۴۸ع

اجارہ پٹہ بہ نسبت شے مذکورہ کی حاصل ہی اور
مدعاعلیہ ظاہر کری کہ شے متنازعہ لاخراج ہی اور
مجھی زمیندار سے اسکی لاخراجی سند ملی ہی تو ایسی
صورت مین رای حاکمونکی یہہ ہی کہ اگر لاخراجے
سند دینی والا زمیندار یا پٹہ دینی والا زمیندار منجملہ
کی شامل عدالت کی آگی حاضر نہ ہو تو مدعی کے
پٹہ یا سند مذکورہ کی صحت و غیر صحت کی تجویز نہین
کی جایگی ؛

نالش بہ نسبت جایداد نابالغ کی

اگر کوئی شخص کسی نابالغ کی جایداد سی کچھہ مبلغ
نابالغ رہنی کی صورت مین اوسکی ولی کو اختیار حاصل تھا
کہ وصی مذکور کو مدعا علیہ قرار دیکر بیع مکمل کی نالش
عدالت مین دربیش کرتا

وصی بیع بالوفا کی دعوی منعقد ہونہ کر سکتا ہے

ب برج رتن داس اسلاف بنام جوکم گرگنتہ بگوس ۷ رسالہ ۲۲ نومبر سنہ ۶۲ ۲۱۰

۱۳ باب

عمرو کی مہاجنونکو اس مدیونونکی نام پر نالشی کرنیکا اختیار نہین

(153)

اگر عمرو کی دو تین شخص مدیون اور دو تین شخص مہاجن
ہوویں تو مہاجنون کو بہ نسبت بہیر بانی عمرو کی زر باقتی کی
بہت تعلق خاطر حاصل ہی مگر اونکو اختیار نہین کہ بنام
مدیونان عمرو کی عدالت مین نالشی ہوویں ۔ اس لئی
کہ درمیان اونکی اور مدیونان عمرو کی کچہہ علاقہ داد
وستد کا نہین ۔ اور مدیونونکو کوئی وسیلہ ایسا حاصل
نہین ہی کہ اوس ذریعی سی دریافت کرین کہ ا یا
عمرو کی نام پر مہاجنونکی دعویان حق ہین یا باطل یا مثل
اون مہاجنون کی دوسری بھی کسی مہاجن کی عمرو پر
دعوی ہی یا نہین ۔ ت

اجارۂ زمین کی مقدمات مین اگر نیم اوسط تعلقدار پر
(جو اوسط تعلقدار سی زمین کو اجارہ لیتا ہی اور اسیکو
خزانہ دیتا ہی) خزانہ باقی پڑی ۔ تو اوسط تعلقدار کو
اختیار ہی کہ عدالت مین نالشی ہو کر نیم اوسط مذکور کی
زمین قرق کرادی ۔ یا اپنی باقتی کی لئی اوسکی نام پر
بذریعہ نالش سرسری کی دعوی عدالت مین پیش کری

ت رام کشن داس اہلات بنام جونی لعل مہنت رسالہ ۱۰ اپریل سنہ ۱۸۴۰ع

۱۳ باب

ہر زمیندار کو بنام نیم اوسط تعلقہ دار کی کہ جسکا اوسکی ساتھ کچھ قول و قرار عمل مین نہین آیا ہی نالش کرنی کا اختیار نہین ہی ؁

ہر جس صورت مین کہ کسی شخص نی گماشتہ مقرر کیا ہو تو بہ نسبت اشیای مفوضہ کی اسکی یا در باب قیمت کی اونکی بنام ان اشخاص کی کہ جنہون نی اس گماشتی سی لین دین کیا ہو عدالت مین دعوی دربارش کرنی کا اوسکو اختیار اکثر حاصل ہی ؛

مثلاً اگر کسی سوداگر نی ایک شخص کو واسطی فروخت اسباب تجارت کی کارخانہ دار مقرر کیا ہو تو جن اشخاص نی کہ اس کارخانہ دار سی اسباب تجارت کا خرید کر کی قیمت اوسکی اوسکو ادا نکی ہو اونکی بنام ہر واسطی قیمت کی اس سوداگر کو نالش کا اختیار حاصل ہی ؛

تاجر ہی کہ جن اسکی گماشتی سی تجارت خرید کی ہون بر نالش کری

در صورتیکہ کسی مشتری نی کسی شی کو بطور

خریدار ثانی

؁ رتن تلکیہ وغیرہ وغیرہ اسلامسان بنام کریم النسا وغیرہ رسالہ سال اجلاس سنہ ۱۸۰۸ع

(۱۵۶)

خوش خرید کی ایک شخص (کہ جسنی عنا شی نیلام میں مول لی تھی) خرید کی ہو تو مشتری مذکور اوس شی پر دخل پانی کی لئی بنام اصل مالک یعنی بایع نیلامی کی نالشی ہوسکتا ہی ج

رعایا کو دادنی دینی ہوالی استحاق

جس صورت میں کہ کسی شخص نی نیل اوگانی کی لئی رعایا کو اپنی روپی دادنی دیئی ہون ، اور فصل نیل پر انھیں رعایا کی کوئی اور جان بوجھکی کچھ نقصان لایا ہو تو اوس فصل نقصانی کی بابت دادنی دینی والی کو نقصان لانی والی فریق کی نام پر نالش کرنی کا اختیار ہی ح

دستاویز کا خلاصہ مضمون لکھنا لازم ہی

الفاظ دستاویز کو نعینہ عرضی دعوی میں لکھنا واجب ہی

اکثر مقدمی میں مدعی کو اپنی دستاویز یا سند کی خلاصۂ مضمون اور ضروری مطالب کو عرضی دعوی میں درج کرنا کافی ہی پر جب کسو دستاویز میں کی کسی بات کی نسبت حاکم کی طرف سی شبہہ پڑنی کا غالبا احتمال ہو یا دستاویز یا سند کی عبارت میں کسی بات کی معنی میں اختلاف واقع ہو یا جس صورت میں

ج دیوان نی بی اسلامت بنام شمشیر علی رسالہ ۲۲ اپریل سنہ ۱۸۴۹ء
ح والرلانذ بل اسلامت بنام نیجند رگنوار رسالہ ۲۶ اپریل سنہ ۱۸۴۹ء

۱۴ باب

اپس اتفاق ہو کہ الفاظ مندرجہ اسنا و وثیقہ کو بعینہ عرضی
دعوی میں نہ لکھنے سے مقدمہ باطل ہو جانی والا ہو
تو مدعی کو چاہئی کہ بعینہ انہیں الفاظ انکو اسناد کی نقل
کر کی لکھہ دیوی

اموال معاملہ صراحت کی ساتھہ لکھنا چاہئی

مدعی کو اپنا مقدمہ عدالت میں ایسی صراحت کی
ساتھہ پیش کرنا چاہئی کہ مدعا علیہ کو اوسکی مقدمی کی ٹھیک
بنیاد معلوم ہو جاوی

چکی ہوئی معاملہ میں سے کے سہو وخطا کی بابت اعتراضون کو الگ الگ لکھنا چاہئی

جب کوئی مقدمہ واسطی تکرار ایک امر کی کہ
بادی النظر میں وہ فیصل ہو چکی ہو (مثلاً کسی ثالث ایک
حکم دیا ہو یا کسی بابت کا حساب تصفیہ پا چکا ہو)
عدالت میں پیش ہووی تو مدعی کو عرضی دعوی میں
سہو و خطا کا ذکر علی العموم لکھنا نہ چاہئی بلکہ جو خاص خاص
اعتراض بہ نسبت حکم یا حساب کی رکھتا ہو اوسکو
نام بنام درج کری

نالش واسطی دستاویزات اور دخل زمین کی

اگر مدعی کہ بنام مدعا علیہ کی واسطی دستاویزات اور
دخل پانی اوپر زمین کی جو قبضی میں مدعا علیہ کی رہی ہو
نالش کرنی پڑی تو عرضی دعوی میں ہر ایک دستاویز کی

۱۳ باب

کیفیت یا شی دعوی کی جگہو نگی لکھی جاییگی اوپر بعض (۱۵۵)
جایداد و خلی کی نسبت بذریعہ بعضی دستاویزکی بعض
حقیت ہی اسطرحکا مذہب لکھنا کافی نہین ہوگا ؛

پر اگر نالش اس بنیاد پر ہو کہ دستاویزات
سی شی متنازعہ قبضی مین مدعا علیہ کی ہین اور اسنی
زمین متنازعہ کی سرحدونکو باکر اپنی زمین کی شامل
کرلیا ہی تو اون دستاویزات کی کیفیت یا زمین
متنازعہ کی جگہو نگی عرضی دعوی مین لکھنی ضرور نہین کیونکہ
مدعا علیہ کی پرمعالگی سی نامکن ہوگئی ؛

بموجب خیار عدالت سی استدعا کرنی
کبھی ایسا اتفاق ہوتا ہی کہ مدعی عدالت سی
داد خواہ ہوتا ہی اور حق اوسکا اوسکو یقینا معلوم نہین
رہتا ہی اوس صورت مین مدعی کو مطابق خیار اور
تجویز عدالت کی اپنی حق ولا پانی کی استدعا کرنی
جایز ہی تاکہ اگر دعوی اسکا ایک بین ساقط ہووی
تو دوسری بابت مین سرسبز ہوسکی ؛

مقدار اور حدود زمین کا لکھنی جاہی
جو مقدمہ کسی زمین پر دخل ولا پانی کی بابت ہو
تو مقدار وحدود زمین متنازعہ کی جسقدر ممکن ہو

١٣ باب

تھا اگر لکھنی مناسب تھی درج ہو اگر فریادی صرف
ذکر حدود عرضی دعوی مین درج کیا ہو تو عدالت سی
ڈگری اسکی نسبت صادر ہونی ممکن ہی ؛ گو مقدار
مندرجہ عرضی دعوی کی نسبت زمین متنازعہ پیمایش
مین کچھہ کم نکلی یا زیادہ ؛ واسطی ایضاح منشاء معاملہ کی
جن باتون کی اطلاع بہ نسبت شی دعوی کی ضرور ہو
انکو عرضی دعوی مین لکھنی واجب ہی ؛
مثلاً دیار مغربی کی بعض ملکون مین کہ جہان دستور
ہی کہ ایک تختۂ زمین بہ چند شرکا باہم مستاجر ہوتی ہین
اور اسمین جسقدر زمین جس کسی کی دخل کی
احاطی مین رہتی ہی اُتنا ہی اوسکا حصہ مقرر ہوتا ہی ؛ اور
اُس مین رعایت حق وراثت کی کچھہ نہین ہوتی ہی ؛
وہان کی اِس صفت کی اجمالی زمین کی بابت جو
شراکت دار فریادی زمین متنازعہ پر دخل پانی کی

خ رانی پریاداسی وغیرہ اپلانٹان بنام چندرناتھ دت وغیرہ رسپانڈنٹان ۹ جون سنہ ۱۸۶۴ ع
روشن خاتون وغیرہ اپلانٹان بنام جگرناتھ سندی وغیرہ رسپانڈنٹان ۸ جولائی سنہ ۱۸۶۴ ع
گوبک چند چودہری اپلانٹ بنام مستر گوجن وغیرہ رسپانڈنٹان ۱۶ اگست سنہ ۱۸۶۴ ع
جی سنکر داس وغیرہ اپلانٹان بنام رام کنائی رای وغیرہ رسپانڈنٹان ۲۱ مارچ سنہ ۱۸۶۵ ع
د اجیل سنگہ وغیرہ اپلانٹان بنام حاجی بیگم رسپانڈنٹ ۲۳ جون سنہ ۱۸۶۴ ع
ذ سرکٹ دیار مغربی ۲۳ جون سنہ ۱۸۶۳ ع و ۱۵ مارچ سنہ ۱۸۶۵ ع

(157)

اسیدسی نالشی ہووی ٭ اُس کو لازم ہی کہ
ہر ایک قطعہ متنازعہ کو مطابق شمار منتخب کے
یا بہ تعداد مزارعون کی (خواہ بحسب تقسیم ثانی کی اُس
زمین پر دخل مالکانہ پائی ہون یا مستاجرانہ) اُسکی
چوحدی اور مقدار کو بخوبی ٹھہرا کر لکھی ٭
پر جس صورت مین کہ کسی محال اجمالی کی
شرکاؤن مین سی ہر ایک شخص اوپر اپنی حصہ معینہ کی
الگ دخیل رہی تو ہر ایک شخص مطابق حقوق
وراثت کی اپنی دخل پانی کا مستحق ہوگا ٭

کونسی باتین عرضی دعوی مین لکھنی نا جایز ہین

چاہئی کہ عرضی دعوی مین مقدمی کی جو باتین کہ ضروری
اور متعلق ہین مندرج رہین اور کوئی بات بی معنی
یا زبان درازی کی بھو یعنی اگلی کسی سوال وجواب کی
غیر ضروری تکرار لکھی نجاوی اور کوئی لفظ دشنام یا طعن کا
بہ نسبت طرف ثانی کی یا اوسکی وکلا اور گواہون یا غیرہ
اشخاص کی مرقوم نہووی یا کوئی بی اصل الزام کی باتین
بنام کسی عدالت یا سرکاری عہدہ دار کی لکھا نرہے ٭
حکام عدالت کو لازم ہی کہ جہان تک ہوسکی احتیاط

۱۴ باب

عمل میں لاوینگا کہ کوئی بات مراتب ممنوعہ بالا سی
کاغذات میں مندرج نہیں پاوی ۃ اور وکلای عدالت
کو واجب ہی کہ دلایل اور کاغذات سر رشتہ
عدالت میں بدستخط خود داخل کرتی وقت پہلی
خوب تحقیق کرلیں کہ کوئی بات مراتب ممنوعہ
بالاسی ان میں مندرج نہیں ہو ر

زبان درازی

لفظ زبان درازی جو اوپر مذکور رہا اس سی یہہ غرض
ہی کہ کوئی بات جو قابل عدالت کی نہو یا کسی
شخص کی جرم یا بدچالی کا حال جو مقدمہ سی علاقہ نہیں
رکھتا ہو عرضی دعوی میں مندرج ہونی پاوی ۃ

کونسی صورت میں کہ الفاظ زبان درازی کی واسطی اظہار بد اطواری طرفثانی کی لکھا جا سکتی اور کونسی صورت میں نہیں

ہر جس صورت میں الفاظ کہ اغذ مقدمہ در باب
اظہار شکایت بد اطواری طرفثانی کی ہوں اور وی
مطالب مقدمہ کی ساتھ علاقہ ضروری رکھتی ہوں یا
ان سی انکشاف ان مراتب کا کہ جنکی تجویز کی لئی
مقدمہ درپیش ہی حاصل ہونیوالا ہو تو وی الفاظ
زبان درازی میں نہیں گنی جاینگی ۃ

ر ف [illegible]

باب ۱۳

چنانچہ جس صورت مین کہ کسی شخص نی
اپنی مقدمی کی سرسبزی کی لئی ایک شخص
جعلی کو کھڑا کیا ہو یا کسی طرحکی بد معاشی سی
کسی بات کو قبول کرلیا ہوۓ یا کسی امانت دار
یا دوسی نی از راہ مفسدی یا کینہ پردازی کی کوئی کام
کیا ہوۓ یا سینہ زوری اور دایم الخمر ہوکر قابل اسکی
نہ تہا ہو کہ اسکی نزدیک روپی امانت رکھی ۓ
اگر اسکی ذمی سی زر امانت کی لینی کی لئی
مقدمہ عدالت مین درپیش ہوا ہوۓ تو اشخاص
مذکورہ کی کارسازی اور بری حرکاتون کو کاغذات
مقدمہ مین مندرج کر کی حاکم کی آگی پیش کرنا
جایز ھیۓ

اقسام مقدمات مذکورہ مین مراتب الزام جرایم
(جو سرسبزی مقدمہ کی لئی لابد ہون) کاغذات معاملہ
مین لکھنا مناسب ھیۓ تاکہ جو فریق کہ الزام دالی
وہ اوسکو ثابت کر دیسکی ۓ یا جن متخاصمین کی
نام پر الزام جرایم کاۓ عدالت مین درپیش ہو دی

۱۳ باب

دوسی اوسکی مطلع ہو کر اوسکی جواب مین اپنی بچاویکی دلیل گذرانین ؛

ہر اظہار یا الزام جرایم وغیرہ جو مذکور ہو اسطرح پر ہونا چاہئی کہ اگر ثبوت مین پہنچی تو اسکی سبب سی ڈگری عدالت مین کچھہ تبدل آوی ؛ اگر الزام مراتب مذکورہ کا منشاء مقدمہ کی مطابق نہو تو وہ زبان درازی مین گنا جائیگا ؛

مثلاً جس صورت مین کہ زید بنام عمرو کی مطابق آئین کی ڈگری حاصل کر کی اوس ڈگری کو خالد کی ہاتھہ منتقل کری اور خالد اوسکی اجرا کی لئی مستدعی ہو ؛ تو اگر عمرو مذکور عدالت کی آگی یون ظاہر کری کہ خالد میری ساتھہ دشمنی رکھتا ہی اور مجھی ایذا پہنچانی کی مطلب سی ڈگری عدالت مول لی ہی ؛ تو یہہ اظہار عمرو کا منشاء مقدمہ کی ناموافق اور زبان درازی متصور ہوکی نامنظور ہوگا ؛ کیونکہ حاکم کو لازم ہی کہ مطابق احکام آئین کی مقدمہ کرین اور اپنی

باب ۱۳

(158)

بدگمانی سے جو کہ بہ نسبت اطوار یا مطلب
احد المتخاصمین کے رکھتی ہوں انفصال مقدمہ میں کچھ فرق
نہ لاویں ؎

غیر علاقہ دار اور زاید باتیں

کاغذات مقدمہ میں لکھنے کے باب میں جو ممانعت
اور لکھی گئی ہے اُس سے مراد یہ ہے کہ کوئی ذکر یا
اظہار کہ مثلاً معاملہ کے ساتھ ضروری علاقہ رکھتا ہو
یا کوئی بات جو محض زاید از معاملہ ہو یا مطالب
مقدمہ کے تجویز میں اسکا داخل کرنا نامکن ہو
کاغذات مقدمہ میں نہ لکھی جاوے کیونکہ مراتب مذکورہ
کو اغذ مقدمہ میں مندرج رہنے سے دردسری ہے تاخیر
انفصال مقدمہ ہے اور اخراجات بیجا کے سوای اور کچھ
حاصل نہیں ہے

اگر کوئی وکیل عدالت سوال و جواب میں کسی
مقدمے کی کوئی کاغذ نوشتہ دستخط اپنی غلطی سے
یا بعرض داخل مسل کے کرے تو اسکی نسبت

؎ بھیربچند رچودھری اصلاب بنام کالی کشور رای وغیرہ رسالہ سال ۲۰ مئی سنہ ۱۸۵۵ء
کالی نامقہ رای اصلاب بنام مستر جان تیلر رسالہ دت ۲۶ اگست سنہ ۱۸۴۹ء چارلس ربڈ اصلاب
بنام رانی ہر مسیری وغیرہ رسالہ سال ۲۶ جولای سنہ ۱۸۴۹ء

۱۳ باب

عدالت سے خشم نمائی اور جرمانی کا حکم صادر ہوویگا س

اور اگر کوئی فریق در اثنای تجویز مقدمہ کی بہتان یا الزام کی باتین استعمال کری تو وہی بہ نسبت عدالت کی حقارت متصور ہوینگی اور فریق مذکور پہ جو حکم سزا کا مناسب ہو صادر ہوگا ش

س ق ۲۷ سنہ ۱۸۱۴ع د ۶ ۹ ض ۳ ۶
ش مہارانی کمل کماری اسلاف بنام تو بلیو بی حجر رسالہ دست ۲۲ اپریل سنہ ۱۸۱۴ع

(۱۵۶)

چودهوان باب
تعین مالیت مقدمه
۱ فصل

تعین مالیت مقدمه بلحاظ جمع

اراضی که جسکی جمع غیر استمراری طریقی پر مقرر هو

مقدمات مین بابت اراضی خراجی کی که جسکی جمع غیر استمراری طریقی پر مقرر هو تعین مالیت مقدمه مطابق تعداد جمع یکساله کی کر کی عدالت مین دعوی درپیش کرنا مناسب هی بشرطیکه وه اراضی ایک مسلم محال هو یا ایک ایسا جزو محال که جسکی جمع اور حد معین هی ص

اجارهای مستاجران

جو مقدمات که کسی زمین کی نسبت نشست جمع کی دعوی سی بنام مستاجرون کی عدالت مین درپیش هوویں ان مین مالیت مقدمه کا تعین بتعداد جمع یکساله کی کیا جایگا گو یه بهی صحیح هی که اکثر صورت مین ایسی مقدمات مین صرف یکساله جمع کی مقدار کی دعوی نهین

ص دفعه ۱۰ سنه ۱۸۲۹ع آئین و کنسل نمبر ۳ ۱۱۴۳ صدر آگره ۲۳ مارچ صدر کلکته ۲۶ اپریل سنه ۱۸۴۳ع

۱۴ باب

بلکہ سالہائی آیندہ کی جمع بیشی کرنی کا دعوی سے
درحقیقت عدالت مین درپیش ہوتا ہی ض

مقدمات مین بابت اراضی خراجی کی کہ جسکی جمع
استمراری طریقے پر مقرر ہو جسقدر زر خزانہ اُسکا
سرکار مین ادا ہوتا ہی اُسے چند مبلغ اوسکا مالیت
مقدمہ ٹھہریگا ءبشرطیکہ وہ اراضی ایک مسلم محال ہو
یا ایک ایسا جزو محال ء کہ جسکی جدا اجمع معین ہو ط

جزو محال

اگر مقدمہ نہ بابت کسی ایسی جزو محال کی جسکا
ذکر اوپر ہو چکا بلکہ بابت محال کی کسی حصہ رقم داری کی
درپیش ہوء اور مسلم محال کی جمع ایک مبلغ معین ہو
تو اوس محال کی بالکل جمع مین سے حساب کر کی
جسقدر مبلغ حصی کا ٹھہری اوسکا سہ چند مبلغ مالیت
اوس مقدمی کی ٹھہریگی ظ

جو مقدمہ کہ منجانب صاحب کلکٹر بنام رعیت یا
اوسکی ضمانت دار کی مطابق دفعہ ۲۶ اور ۲۸ قانون ۲۷

ض کنس نمبر ۲۷ ۱۲ صدر کلکتہ ۱۳ جنوری صدر اگرہ ۹ ۱۵ جون سنہ ۱۸۴۹ء کنس نمبر ۱۱۸ ۲ اگست سنہ ۱۸۳۴ء

ط ق ۱۰ سنہ ۱۸۲۹ء آئین ۸ کنس نمبر ۱۱۲۳ صدر اگرہ ۲ مارچ صدر کلکتہ ۱۶ اپریل سنہ ۱۸۳۹ء

ظ کنس نمبر ۱۳۴۰ صدر اگرہ ۱۸ مئی صدر کلکتہ ۱۷ جون سنہ ۱۸۴۲ء

۱۴ باب

سنہ ۱۸۰۳ع ع کی یا جو مقدمی کہ بسبب کسی
یا عدول حکمی غ کی ضبطی محال کی لی عدالت مین
درپیش ہون اون مین مالیت مقدمہ بحساب زر جمع
اوسی محال کی جو ضبط ہونی والا ہو اوس محال کی
کہ جس پر خزانۂ سرکار باقی تیرا ہو مقرر ہوگی نہ بتعداد مبلغ
جرمانہ واجب الادا کی اور نہ بتعداد بقیہ خزانۂ سرکار کی

زمین لاخراجی

اراضی لاخراجی کی مقدمی مین مالیت مقدمہ بحساب
جمع ہجدہ سالہ کی مقرر کی جایگی ف

۲ فصل

تعین مالیت مقدمہ بلحاظ زر دعوی

دعوی متفرقہ

مقدمات مین خسارت تاوان ظلم و نقصان
ذات وغیرہ کی مالیت مقدمہ کا تعین مدعی کی
درپیش کی ہوئی حساب کی مطابق مقرر ہوتا ہی ق
اور جس صورت مین کہ مدعی واسطی نقصان
ذات کی نہ واسطی بھیر پانی زر نقد کی مقدمہ

ع - کنس نمبر ۹۸۰۶ صدر اگرہ ۲۶ صدر کلکتہ ۳۰ اگست سنہ ۱۸۴۴ع
غ کنس نمبر ۳۹۶ ۲۰ مئی سنہ ۱۸۲۵ع
ف ق ۱۰ سنہ ۱۸۲۹ع کنس نمبر ۳۳ ۱۱ صدر اگرہ ۲۴ مارچ صدر کلکتہ ۱۶ اپریل سنہ ۱۸۳۹ع
ق ق ۱۰ سنہ ۱۸۲۹ع

۳ا باب

در پیش کرے تو بھی اوسکو لازم ہی کہ واسطی بابت مالیت مقدمہ کی کسی مبلغ معین کو عرضی دعوی مین مندرج کرے پر اس تعین مبلغ کی لئی کوئی آئین یا دستور مقرر نہین ہی ک

مقدمہ واسطی امر داد فیصلہ صاحب کلکٹر

کسی رعیت مزارع کو اگر صاحب کلکٹر نی باقیدار ٹھہرا کر واسطی ادای زر بقیہ کی فیصلہ تجویز سرسری صادر کہ کی مزارع مذکور کو اوسکی زمین سی اخراج کر دیا ہو اور وہ اوس حکم کی استرداد کی لئی محکمۂ دیوانی سی دادخواہی کرے تو مالیت اوس مقدمی کی بتعداد زر بقیہ مذکورہ کی کہ جسکی بابت صاحب کلکٹر موصوف نی تجویز سرسری عمل مین لای تھی مقرر ہوگی ل

مقدمہ بابت قرضۂ تمسکی کی

جس صورت مین کہ مقدمہ قرضۂ تمسکی کی بابت عدالت مین در پیش ہو اور بنای مقدمہ اوپر حرج از تمسک کی یا مطالب مندرجہ کی اسکی ہو تو اصل مبلغ قرض کہ جسکی عوض مدیون نی تمسک لکھ دیا ہو مالیت اوس مقدمی کی ٹھہریگی مگر جس صورت مین

ک سونا رام کافر فریادی اودھی رام وغیرہ مدعا علیہان ۱۳ اپریل سنہ ۱۸۴۳ع

ل کمشن نمبر ۶۲ صدر اگرہ ۶ صدر کلکتہ ۲۸ فروری سنہ ۱۸۴۳ع

۴ ابواب

(۱۸۱)

کہ تکرار در باب جواز تمسک یا مطالبہ تمسک کی خواہ رقم یا دو واسطی بھیر یا صرف زر اصل یا زر سود کی یا اصل مع سود کی بعض قسط کی ہے عدالت مین نالشی ہوا ہوئے تو اگرچہ زر دعوی بذریعہ تمسک کی واجب الادا ہی لیکن بسبب ہونی دعوی کا اوپر کل زر مندرجہ تمسک کی ہے زر دعوی مدعی ہے مبلغ مالیت اوس مقدمی کا مقرر ہوگا م

مولف کو معلوم ہی کہ مضمون سرکولر آرڈر ہمور خہ ۱۴ ماہ مئی سنہ ۱۸۴۷ع کا یہہ ہی کہ اگر مقدمہ واسطی بھیر پانی زر باقیات تمسک کی خواہ درباب اصل کی یا اصل مع سود کی یا صرف سود کی ہے در پیش ہوئے تاکہ زر دعوی ادا کر دینی سی جو حساب درمیان طرفین کی اوس تمسک کی بنا تھا وہ حساب پاک ہو جاوے ہی ہے تو تعین مالیت بلحاظ بالکل زر دعوی کی ہوگا ہے پر اگر مقدمہ واسطی بھیر پانی ایک یا زیادہ زر قسط کی خواہ مع سود یا بغیر سود کی ہوئے تو تعین مالیت مقدمہ مین

م سرکلر ۳۰ اپریل سنہ ۱۸۱۹ع کمشن نمبر ۲۰۹ ۲۶ دسمبر سنہ ۱۸۲۴ع

۱۴ باب

مقدار قسط دعوی اور تمام مبلغ اقساط آینده مع سود کی
جمع کرنا ہوگا ۔

مراتب اعلی کی مالیت کا
شامل ہونا مراتب ادنی کو

اور بعضی صورت مین مراتب اعلی کی مالیت ۔
مراتب ادنی کی مالیت کو خود بخود شامل ہوتی ہی ۔
ایک شخص نالش بدعوی زرمنافع ایک بابت
کی اور سود اسی زرمنافع کی اور تقرر محاسبین اوسی
بابت کی نالش عدالت مین پیش کی تھی اور عرضی
دعوی مین اسکی صرف زرمدعابہا کی مبلغ بندی کی تھی ۔
اوس صورت مین حکم دیا گیا تھا کہ مالیت حق تقرر
محاسبین ۔ شامل زر مدعابھا کی کرنا نہین چاہئی ن ۔

۳ فصل

تعین مالیت بلحاظ زر ثمن شئی دعوی کی

جو مقدمات بابت مکانات و یا باغات یا غیرہ
اشیای منقولہ یا غیرمنقولہ قیمتی کی جو کہ اوپر کے
لکھی ہوئی قوانین کی اقسام مین سی نہون ۔ اور جو مقدمہ

ن رام رتن رای سایل ۱۶ مارچ سنہ ۱۸۶۷ع

و ق ۱۰ سنہ ۲۹ ۱۸۶۷ع

۱۴ باب

بابت حقیت اراضی مالگذاری کی کہ جنکی مالیت کا تعین اوپر کی لکھی ہوئی ضابطے کی مطابق نہین ہو سکتی ہو

مثلاً جو مقدمات کہ جس مین نسبتی دعوی جزو زمین خراجی کا ہو مگر اوس زمین کا حصہ رقم واری یا جزو محدود نہوا عدالت مین در پیش ہووین - مالیت اونکی بحساب زرثمن اونہین اشیای منقولہ یا غیر منقولہ کی مقرر ہوگی - اور مدعی کو اختیار نہین کہ مقدار جمع یا منافع کو اپنی ذہن مین تخمین کری اور اوس تخمینا حساب کے مقدار مالیت مقدمہ ٹھہراوی

اگر مدعی عرضی دعوی مین زمین کی سالانہ منافع کی مقدار کو لکھا ہو تو حاکم کو مناسب ہی کہ زرثمن زمین مدعا بہا کو اور اوس زر منافع کو ملاحظہ کری اگر معلوم ہووی کہ بہ نسبت حساب زر منافع کے زرثمن کم ہی تو مقدمہ نہین ست ہوگا ب

ہر اگر کوئی باغ مطابق دفعہ ۳ قانون ۴ سنہ ۱۷۹۳ع کی

ا سرکلر صدر کلکتہ دائرہ ۲۳ اگست سنہ ۱۸۳۳ع نقل ہر میسر بخش سکنہ اسلامپور بنام راجہ اوددونت ہرکاش سنگہ رسنہ مدت ۱۶ فروری سنہ ۱۸۴۱ع راگی ہر یادواسی وغیرہ اسلامساں بنام جندرنالکہ دت وغیرہ رسنہ سان ۲۹ جون سنہ ۱۸۴۰ع

ب ڈی ایچ کیرن منجانب طامس توئی ڈملی سال ۱۰ ق ۱۸۲۹ فقرہ ۴

۱۴ باب

اور قانون ۱۰ سنہ ۱۸۲۹ع کی کسی زمین لاخراج پر بنا ہوے اور اوس باغ کی مالک کو کسی کی ہاتھہ سے یا کسیکو اوسکی ہاتھہ سے خزانہ نہ پہنچتا ہو تو اوس باغ کی مقدمی کا تعین مالیت بحساب زر ثمن کی اوسکی ہوگا یا نہین اتبک کوئی دستور العمل اسکا مقرر نہین ت

مقدمہ بابت نیلام زمین کی اجرا تو گری مین

اگر کوئی واسطی دخل پانی اور پر کسی میلی ہاٹ ت کی نالشی ہو تو چاہئی کہ مالیت مقدمہ بتعداد زر ثمن اوسی ہاٹ یا میلی کی مقرر کری ث اور جو زمین کہ کسیکی اجاری مین یا کسی رعیت مزارع کے جوت مین رہی ہوے اوسپر دخل پانی کی مقدمی کی مالیت بھی اوسی ضابطی کی مطابق بحساب زر ثمن کی کی جایگی ج

اگر فریادی مطابق حکم تجویزی کسی مقدمہ منفصلہ سابق کی کسی زمین کو نیلام کرانی کا مدعی ہو تو اوسکو

ت رانی پرباد واسی دیزہ ۶ اسلاتان بنام چندر ناتھہ دت وغیرہ رسپاندنتان ۲۹ جون سنہ ۱۸۴۴ع

ث شیب ناتھہ دت وغیرہ اپلانسان بنام ہیرا من برج باسی دیزہ رسپاندسان ۱۹ جون سنہ ۱۸۴۱ع

ج کمشن نمبر ۲۰۰ صدر کلکتہ ۲۶ صدر آگرہ ۲۴۶ جولائی سنہ ۱۸۴۲ع

اپنی عرضی مین مالیت مقدمہ بحساب زر ثمن اوس زمین کی مقرر کرلی چاہئی اگر زر ثمن زر وگری سی زائد ہو اور درصورت زائد ہونی کی اوسکی مالیت مقدمہ بحساب زر ڈگری کی محسوب ہوگی ح

مقدمہ بحساب راھن کا بابت شئی مرہونہ کی

اگر کوئی راھن واسطی خلاصی اپنی زمین مرہونہ کی عدالت مین عرضی گذرانئی چاہی تو اوسکو چاہی کہ مطابق ضابطۂ مذکورۂ بالا کی مالیت مقدمہ بمقدار زر ثمن زمین مرہونہ کی مقرر کری نہ بمقدار زر رھن کی خ

۴ فصل

تعین مالیت مقدمہ ایطریق مجموعی کی

مقدمہ دو محال مختلف کی بابت

اگر کوئی مقدمہ درباب دو یا زیادہ الگ الگ جمع والی مواضع یا محالونکی ایک ہی بنا کی ساتھ درپیش ہو تو مالیت اوس مقدمی کی بحساب مالیت مجموعہ ان موضعون یا محالہ ن کی مقرر کی جائیگی د

مقدمہ زمین وزد تقلد کی بابت

جس صورت مین کوئی فریادی بامید دخل پانی اوپر

ح کنش نمبر ۱۳۰۱ صدر آگرہ ۲۵ جون صدر کلکتہ ۱۰ جولائی سنہ ۱۸۴۱ع سو سستر کی رپورٹ ۶ جولائی سنہ ۱۸۴۰ع صفحہ ۱۷۳ باب ذیل ۲۸

خ کنش نمبر ۵۹ صدر آگرہ ۱۶ جون صدر کلکتہ ۶ اگست سنہ ۱۸۳۵ع

د کنش نمبر ۷۷ ۵ نومبر سنہ ۱۸۳۰ع

۱۸ باب

ایک زمین کی اور ۱۰ اصلاحات ایام بیدخلی اُسی زمین کی مقدمہ
درپیش کرے تو مالیت زمین مذکورہ کی بلحاظ جمع کی
اور مالیت ۱۰ اصلاحات ایام بیدخلی کی بلحاظ زرمعابھا کی
اوپر کی لکھی ہوئی ضابطے کی مطابق محسوب اور دونو
باتون کی مبلغ مجموع ہوکر مالیت مقدمے کی ٹھہریگی ؎ ق

جس صورت کوئی شخص مقدمہ بدعوی اراضی
اور زر نقد کی باہم درپیش کیا جاہے تو مالیت زمین بلحاظ
جمع کی اور مالیت زرنقد بلحاظ زرمعابھا کی مطابق
ضابطہ مذکورہ بالا کی محسوب ہوکر دونو حساب کو
ایک ساتھ ملاکر جس قدر مبلغ مجموع ہووے وہی
مالیت مقدمہ ٹھہریگی ؎

ق فصل

مقدمہ شفاعت

مقدمات شفاعت مین تعین مالیت بطریق نالش
بیدخلی کی ہوگا ؎

سکہ شاہی و حال

چونکہ اول ماہ جنوری سنہ ۱۸۳۳ع سی سکہ کمپنی فی

ق قاضی اسد علی وغیرہ اپلانٹان بنام مسماۃ بیجن رسپانڈنٹ ۳ مئی سنہ ۱۸۴۹ع
بسیر نجیب رجمہ دار وغیرہ اپلانٹان بنام دولہ بیبیہ رسپانڈنٹ ۸ جنوری سنہ ۱۸۴۹ع
ر سرکلر نمبر ۱۰۴۳ صدر کلکتہ ۲۳ ستمبر صدر آگرہ ۱۲۰۷ ۷ اکتوبر سنہ ۱۸۳۲ع

۱۴ باب

رواج پایا ھی ز اور داد و ستد کی بابت مین سکۂ
سابق اوس تاریخ سی واجب الاخذ ہین اسلئی
مقرر ہوا کہ جمیع تکرارین حساب قیمت کاغذ
استامپ کا بلحاظ سکۂ کمپنی کی ہوگا س

اگر کسی حساب مین فیمابین مدعی اور مدعا علیہ کی
نوشتجات سکۂ سابق کی ہوئی ہو اور درباب اسی
حساب کی مدعا علیہ نی اقرار سکۂ سابق کی دینی کا کیا ہو
تو اس صورت مین مدعا علیہ کو وہی روپیہ سکۂ سابق
مدعی کو دینا پڑیگا اور اس حساب سی بعوض اوسکی
دینا روپیہ سکۂ کمپنی کا کافی نہین ہوگا پر اگر اقرار صرف
قیمت سی حساب کا رہا ہو تو اس صورت مین
مدعا علیہ مدعی کو سکۂ سابق کی قیمت سکۂ کمپنی سی
ادا کریگا یعنی عوض مین ایک سو روپی سکۂ سابق کی
ایک سو چھ روپی دس آنی آٹھ گنڈی سکۂ کمپنی
دینی پڑینگی ش

ز آئین ١٣ سنہ ١٨٣٦ ع
س سرکلر ١٥ اپرل سنہ ١٨٤٢ ع
ش کمشن نمبر ١١٥١ ع ٢٧ اپرل سنہ ١٨٣٠ ع

پندرھواں باب

کس عدالت میں مقدمہ رجوع لایا جاتی

۱ فصل

در باب مراتب حکام کے

عدالتہای مختلفہ

عدالت دیوانی سرکار کی چار درجی پر ہی اول عدالت صاحب جج ضلع ض دویم عدالت صدر امین اعلیٰ سیوم عدالت صدر امینی چہارم عدالت منصفی ۔

محکمہ منصفی کو اختیار سماعت تین سو روپیہ تک کی مقدمہ کا ہی

محکمہ منصفی میں مقدمہ بدعوی ملکیت یا حق مالکانہ ۔ قبض و دخل کسی زمین خراجی یا لاخراج وغیرہ اشیای غیر منقولہ کی کہ مالیت اوسکی تین سو روپیہ سے زاید نہو ۔ درپیش ہو سکیگا ۔

اور قسم کا مقدمہ بھی بشرطیکہ اوسمیں زر کو یعنی تین سو سے زاید نہو پذیرا ہوگا

اقسام مذکورۂ بالا کی سوای اور قسم کا مقدمہ بھی عدالت منصفی میں پذیرا ہوگا بشرطیکہ اوس میں زر دعوی کا مبلغ ۔ یا مالیت مقدمہ تین سو روپیہ سے زاید نہو ۔

ض شہر پٹنہ ۔ ڈھاکا ۔ اور مرشداباد کی صاحبان جج ابتدا میں فقط انھیں شہروں کی جج تھی اور اب تلک بھی شہر کی کہلاتی ہیں اگرچہ احاطہ اختیار انکا بہت سی پرگنوں تک پھیل گیا ہی ۔ وی صاحبان جج اضلاع کی طرح ذی اختیار ہیں صرف نام کو صاحب جج شہر کہلاتی ہیں ۔

(165)

اور اس شرط سے کہ جو بلحہ دعوی یا مجادلہ سے نکلتا ہے اسکی تمام مالیت مالیت مقدمہ کی حساب مین داخل ہووی ہے

پر بعض مقدمات خاصہ کہ جنکی تجویز عدالت منصفی مین نہین ہو سکتی ہی الکا بیان ذیل مین نظم بند کیا جایگا ہے

اور منصفونکو مطابق قوانین مجاریہ کی کہ جو اسکی بعد مذکور ہووینگی مدارج اعلی کی حاکمونکی سونپی ہوئی مقدمونکی فیصل کرنیکا اختیار حاصل ہی ط

منصف کو اختیار نہین کسی زمین کی لاخراجی لاخراجی ہونیکی تکرار کے سماعت کری

اگر مقدمہ درباب اراضی لاخراجی کی محکمہ منصفی مین درپیش ہو اور آنسکی تکرار بابت اسبات کی ہو کہ بعہ زمین لاخراج ہی یا نہین ہے مگر تکرار صرف بابت حق مالکانہ کی ہووی ہے تو وہ مقدمہ قابل سماعت منصف کی متصور ہوگا ہے پر اگر حقیت لاخراج کی بابت تکرار واقع ہووی تو منصف کو وہ مقدمہ فیصل کرنیکا اختیار نہین ہے خواہ وہ تکرار منجانب سرکار کی ہو یا زمیندار کی ہے اور اس صورت مین منصف کو لازم ہی کہ یا تو

ط ف ٥ سنہ ١٨١٤ع و ٥ ص ٢ ع اکٹ ٧ سنہ ١٨٣١ع و ٨ ع سرک ١٠ اکتوبر سنہ ١٨٣١ع فقرہ ٢

۱۵ باب

مقدمہ مین نشت کری یا اس محکمی مین کہ جس کی حاکم کو اختیار اسکی سماعت کا حاصل ہی بھیجدیوی یا صاحب جج ضلع کی پاس ارسال کرنی کی لئی استجازت کری ظ

مقدمہ واسطی جمع بیشی کی

اگر کوئی زمیندار اپنی رعیت کی نام پر مبلغ بیشی جمع کی دعوی سی نالشی ہووی تو وہ مقدمہ بھی محکمہ منصفی مین قابل سماعت کی ہوگا بشرطیکہ مبلغ مذکور تین سو روپی سی زاید نہووی اگرچہ ایسی مقدمات مین نہ فقط درباب مبلغ بیشی جمع کی بلکہ درباب استحقاق جمع بیشی کرنیکی بھی تکرار واقع ہوتی ہی اور اگرچہ ممکن ہی کہ تنہا استحقاق مذکور کی بابت دونو بابت مذبورہ کی مالیت تین سو روپی سی زاید ہو ث

جمع بیشی کی بابت مقدمی کا تجویز بعذر الاخراج ہوئی رہین کی موقوف نہیں رہیگی

مقدمہ کسی مستاجر کی نام پر واسطی خرابی کی عدالت منصفی سی اٹھانی کی لئی صرف عذر الاخراجی کا

ظ ق ۲ سنہ ۱۸۱۹ء د ۳۰ ص ۱ سرکلر نمبر ۴۵ مورخہ ۳۰ اگست سنہ ۱۸۳۳ء سرکلر نمبر ۴۶ مورخہ ۹ اکتوبر سنہ ۱۸۳۶ء درمادہ سوال مہاراجہ جیت نراین ۱ جولائی سنہ ۱۸۴۴ء مورخہ درمادہ سوال رام دیال سنہ با مجموعہ دار ۱۰ مئی سنہ ۱۸۴۹ء کنس ۲۴ ۲ ۵ فبروری سنہ ۱۸۳۱ء کس ۱۲ صدر آگرہ ۲۶ دسمبر سنہ ۱۸۴۹ء صدر کلکتہ ۳ جنوری سنہ ۱۸۴۰ء

ع کس ۱۱ مورخہ ۲ اگست سنہ ۱۸۳۳ء

مستاجر کی طرف سے کافی نہیں بلکہ اگر کھاتہ بہی سے
یا اور کسی دلیل معتبر سے ثابت ہووی کہ سال گزشتہ
مستاجر نی خزانہ اسی زمین کا زمیندار کو عاید کیا ہی تو
منصف کو چاہیئی کہ جسقدر خزانہ باقی زمیندار کا ہو
واسطی اوس قدر خزانی کی حق مین زمیندار کی ڈگری
صادر کری ۔ اور مستاجر اگر چاہی تو حسب دفعہ
۳۰ قانون ۲ سنہ ۱۸۱۹ع کی حقیت لاخراجی کی ثابت
کرنی کی لئی نالشی ہووی ع

مقدمات ضمامن زمیندار رعیت کی

منصف کو اختیار ہی کہ مقدمات نمبری جو بدعوی
بقیہ خزانہ کی دربیش ہوں ۔ اور جو مقدمہ کہ کوئی
وردی رعیت وغیرہ بمزاحمت قرقی اپنی اسباب کی
یا اپنی تئین گرفتاری سی چھڑانی کی لئی ۔ یا بابت
خساری کی اپنی جو باعث مقرقی اشیا کی یا گرفتاری
کی اسکی اوس پر عاید ہوا ہو ۔ دربیش ہوی ۔ اوسکو
اپنی محکمی کی سررشتی مین داخل کر کی تجویز اور
فیصل کری ف

ع کیس ۹۶ ۔ صدر کلکتہ ۲۵ مئی ۔ صدر آگرہ ۱۸ جولائی سنہ ۱۸۴۲ع
ف ق ۵ سنہ ۱۸۳۱ع د ۱۱

۱۵ باب

جس زمین کی قیمت تین سی روپیہ سی زاید ہو نالش اسکی ... یا انکی ... منصفی مین جایز ہوگی گو وہ ایک پارہ کسی زیادہ قیمت کی زمین کا ہو اور وہ انکی خرید کی بابت ہو

اگر عی نی متعدد مدعیین م عاعلیہ سی ایک ساتھ مول لی ہون کہ جنکی مالیت مجموعی تین سی ر و پیہ سی زاید ہوت اور اُن مین سی دو تین ٹکری زمینونکی نالش ایک ساتھ وہ پیش کی ہو کہ جنکی مالیت تین سی روپیہ سی زاید نہین تو وہ مقدمہ قابل سماعت منصف کی ہوگا ۃ بشرطیکہ اُس بنیاد پر اور کچھہ دعوی باقی نرہی ق

خزانی کی بابت مقدمہ دوسری عدالت مین دایر رہنی کی صورت مین منصف کو کیا لازم ہی

اگر کوئی مقدمہ بابت نشست جمع یا باقیات خزا کی محکمہ مین منصف کی یا محکمی مین کسی دوسری حاکم ماتحت کی ۃ دایر ہووی اور حاکم موصوف کو اطلاع ہووی کہ مقدمہ بابت اسی مادی کی کسی دوسری عدالت مین یا کہ مقدمہ ی اُسی بابت کا صاحب کلکٹر کی کچہری مین دایر ہی ۃ تو حاکم موصوف کو چاہی کہ تجویز اوس مقدمی کی موقوف کر کی نقل اسکی حضور مین صاحب جج ضلع کی بھیجدیوی ک

ق مہاراجہ جیت نراین سنگہ اسلامت بنام لالہ کھترک جیت سنگہ رسالہ ۱۲ اگست سہ ۱۸۴۹ع ک ف ہ سہ ۱۳ ۱۹ ۱۸۲۲ ۱۹ در مادہ سوال لال جی داس ۳۰ مارچ سہ ۱۸۴۷ع

تمسک کی بابت باقی ما
کا مقدمہ

اگر کوئی فریادی مقدمہ واسطے پھیر پانی زر باقی
کی اپنی مع سود کی بابت ایک تمسک کی کہ جو
تین سے روپے سے زاید ہو عدالت مین دربیش
کرنی چاہی اور مبلغ دعوی تین سے روپے سے
زاید نہو تو مقدمہ اوسکا محکمہ مصنفی مین دربیش ہوسکیگا ل

واسطے پانی زر قسط

اگر مقدمہ واسطے پانی زر قسط خلافی بابت ایک
تمسک کی مع سود یا بلا سود کی ہو اور مبلغ دعوی
ساتھہ مبلغ اُن اقساط کی کہ جنکی پانی کا استحقاق فریادی
کو آیندہ حاصل ہونی والا ہوہگی تین سو روپے
سے زاید نہو تو وہ مقدمہ محکمہ مصنفی مین پذیرا ہوگا م

مقدمات جداگانہ بنا
ایک ہی طرح تین کی

اگر کوئی شخص ایک ہی تاریخ مین الگ الگ
تین قطعہ تمسک دیرھہ دیرھہ سو روپے کا ایک اپنی کو
لکھدی کر چارسو پچاس روپے قرض لئی ہون اور
واین مذکور ایک ایک قطعہ تمسک کی بنا پر مقدمہ
دربیش کیا ہو تو وے مقدمات محکمہ مصنفی مین
پذیرا ہوونگی ن

ل سرکلر ۱۳ مئی سنہ ۱۸۲۰ع ن کنسٹرکشن ۱۰۸۷ ۲۷ مئی سنہ ۱۸۲۹ع
م ایضاً

(167)

باب ۱۵

روزمرہ حساب کی بابت

معلوم ہوتا ہی کہ خود طرفین کا مطلب تھا کہ یہہ تین
لینا دین ایک دوسری کی ساتھہ نہین ملیگا ۃ

درصورتیکہ مدیون دائن کی ساتھہ بابت اجناس
مختلفہ کی روزمرہ حساب رکھتا ہو تو اگرچہ ایک ملک
مراتب حساب ۶ الگ الگ قول وقرار کی
بناء تصور ہی ۶ اور اسلئی دائن کو اختیار ہی کہ جسوقت
ایک ایک مراتب کی قیمت کی ادائگی وعدہ
منقضی ہووی تو اسوقت بابت اس مراتب کی
الگ الگ مقدمہ عدالت مین درپیش کری تاہم
ایسی حساب کی صورت مین درمیان ان فریقونکی
یہہ البتہ سمجھا جاتا ہی کہ لین دین کا معاملہ ایک قول و
قرار سی تمام نہین ہوتا ہی ۶ بلکہ مدت دراز تک
کاروبار جاری رہتا ہی ۶ تاکہ اگر ایک مرتبہ کی قیمت
وصول نہووی تو وہ مرتبہ دو تین مرتبی کی ساتھ
ملکر بنا ایک دعوی کی ہوجاوی د
لہذا اگر دو تین مراتب ایک حساب مین جمع

د باب دہم مزبور

ہو کر کل حساب کی مالیت تین سو روپے سے زاید ہووے اور ان ایک ایک مراتب کو الگ الگ وہ تصور کر کی جداگانہ نالش عدالت میں رجوع کرے تو اس سے یہ منظور ہوگا کہ ایسے انفراد دعوی سے غرض مدعی کی یہہ ہی کہ مقدمہ قابل ارجاع عدالت اعلی کو لایق ارجاع عدالت اسفل کی بنا دے اس لئے منصف کو ایسی مقدمے کی سماعت کا اختیار حاصل نہیں ۔

فی صورت کہ حسب جواب مدعا علیہ اختیار عدالت مقرر ہو

جس صورت میں کہ ایک ایسا مقدمہ محکمہ منصفی میں رجوع ہووے کہ مبلغ دعوی اسکا حد سماعت منصف کی متجاوز نہیں مگر اسکی شمول میں تجویز میں سے روپے سے زیادہ مبلغ کی اقرار نامے کی کرنے کی ضرورت ہونی ممکن ہی تو اس صورت میں مقدمہ مذکورہ کی عدالت منصفی میں مسموع ہونی کی تکرار کی بابت شک بہت واقع ہوتی ہی حاکمان عدالت کی رای سے بظاہر یوں معلوم ہوتا ہی کہ مدعا علیہ کی جوابدہی کی مراتب پر اختیار منصف کا موقوف ہی ۔

١٥ باب

اگر مدعا علیہ جواب صرف اس طور پر لکھے کہ مبلغ
دعوے ادا ہو چکا ہے اور اس جواب کے سبب سے
اس اقرارنامے کی صحت کی تجویز عمل میں نہ آوے
تو منصف کو اُس مقدمے کی سماعت کا اختیار ہوگا ۔ ا

مقدمات کی تجویز اور فیصل کرنے میں منصف اور
صدرامین کو ایک ہی طرح کا اختیار حاصل ہے مگر تین
سے روپیے کے اوپر سے ایک ہزار روپیے تک
کی مالیت کا مقدمہ صدرامین کو تجویز اور فیصل کرنیکا
اختیار ہے ب اور منصف کو جیسا اختیار سماعت
حقیت لاخراج حاصل نہیں ویسا ہی صدرامین ت کو بھی
حاصل نہیں ہے اور جن دوسرے مقدمات کی تجویز
صدرامین کے اختیار سے باہر ہے کیفیت انکی ذیل میں
مندرج کی جاتی ہے *

ہزار روپے تک کے مقدمے کی سماعت کا اختیار صدر امین کو حاصل ہے

اور نیچے کے لکھے ہوئے قوانین کے مطابق صدرامین کو

ا سرکلر صدر کلکتہ ١٦ جولائی و صدر آگرہ ١٣ اگست سنہ ١٨٤١ ع و صدر کلکتہ اور صدر آگرہ ١٣ اگست سنہ ١٨٣٢ ع

ب نمبر ٥ سنہ ١٨٣١ ع د ١٥ ش ٢

ت کنس ٩٠٥ مورخہ ٩ اپریل سنہ ١٨٣١ ع و کنس ٩٩٤ مورخہ ٢ مارچ سنہ ١٨٢٩ ع [illegible] سوال گورداس کوند ٩ [illegible] فبروری سنہ ١٨٤٨ ع

بھی حاکمان درجہ اعلی کی سونپی ہوئی مقدمونکو تجویز اور
فیصل کرنی کا اختیار حاصل ہی ث (۱۶۹)

صدر امین اعلی کا اختیار مقدمات کی تجویز مین کی نہایت

مقدمات کی تجویز اور فیصل کرنی مین صدر امین اعلی کا
اختیار بھی صدر امین کی طرح ہر ہی پر فرق اتنا کہ حد سماعت
صدر امین اعلی کی پانچ ہزار روپی کی مالیت تک
ہی ج

درصورتیکہ حاکمان درجہ اعلی کوئی مقدمہ صدر امین اعلی کو
تفویض کرین تو وہ جسقدر زاید مبلغ کا مقدمہ ہو صدر امین
اعلی کو اوسکی تجویز اور فیصل کرنیکی اجازت حاصل
ہی ج

کسی زمین کی لاخراجی کی بابت مقدمات صاحب کلکٹر کی بہیجنی پر تجویز ہوتی

کسی مقدمہ زمین کی لاخراجی کی بابت مقدمات کی (جو اوپر کی
مذکور مطابق قابل سماعت منصف وصدر امین کی نہین
ہی) تجویز کا اختیار صدر امین اعلی اور صاحب جج ضلع کو
فقط صاحب کلکٹر سی رپوٹ پانی کی بعد حاصل ہوتا ہی ح
لہذا جو مقدمہ مالک زمین یا مستاجر یا اور تعلقہ دار کی

ث فصل ۳ آئین ۱
ج فی ۵ سنہ ۱۸۴۱ع ۲ و ۱۱ ض ۱
ح آئین ۹ سنہ ۱۸۳۳ع ۱۲ آئین ۲۵ سنہ ۱۸۳۷ع ۱ و ۲ وقانون ۱۶ فصل ۲ ض ۲

۱۵ باب

طرف سے کسی لاخراج زمین کی بحالی کی بابت
عدالت میں رجوع ہووے ۔ یا جب کبھی کوئی شخص
کسی زمین پر دخیل رہکر اُسکی لاخراجی ظاہر کرے
تو صاحب عدالت دیوانی کو لازم ہے کہ فوراً اس
معاملے کو واسطے تحقیقات اور رپورٹ کے صاحب
کلکٹر کے پاس بھیجدیوین خ

یہہ آئین زمینوں کی لاخراجی کی ہر ایک مقدمے میں
بکار آمد ہے ۔ اور نہ فقط اُس زمین لاخراج کی مقدمے میں
کہ جس میں سرکار بہادر مدعی یا مدعا علیہ ہوں د
اور یہہ آئین صرف اُنہیں مقدموں میں بکار آمد
ہوگا کہ جن میں مدعی کسی زمین پر دخیل رہکر اُس کی
لاخراجی ظاہر کرے ۔ یا کہ جس صورت میں کہ
فریادی مدعا علیہ کی دخلی زمین پر کہ جس کو وہ سند

خ ق ۲ سنہ ۱۸۱۹ع دفعہ ۳۰ ضمن ۱ ـ کنش ۹ مئی ۱۸۲۰ ـ اپرل سنہ ۱۸۳۱ع ـ سرکلر ۱ اکتوبر
سنہ ۱۸۳۰ع فقرہ ۳ ـ در بارہ سوال مہاراجہ بت نراین ۱ جولائی ۱۸۳۷ع در مادہ سوال
بھگوبار سنگہ ۲۹ فبروری سنہ ۱۸۳۲ع در مادۂ سوال رام دلال سربراہ مجموعہ دار ۱۰ مئی
سنہ ۱۸۳۹ع ـ نیز چند مجموعہ داران اسلام بنام راجا جگناتھ رسالدار ۲۲ دسمبر
۱۸۳۹ع

د کنش ۲۲ مئی ۱۸۳۰ ـ اکتوبر سنہ ۱۸۲۹ع

لاخراجی کی وسیلی اپنی قبض و تصرف مین رکھتا ہو باظہار
عدم صحت اُس سند کی جمع تشخیص کرانی کی
تکرار رکھی ہے

(۱۷۴)

ہ اگر سرکار کی طرف سی کسی زمین کی سند
لاخراجی کسیکو ملی ہو ے تو اس زمین پر دخل یا اُسکا خزانہ
دلاپانی کی لئی کوئی نالش ہوئی ہے اس
مقدمی مین تعمیل آئین مذکور کی نہین کی جاویگی ہے کیونکہ
صورت مذکورہ مین زمین مزبورہ کی لاخراج ہو نیکی
باب مین تکرار کی گنجایش نہین ذ

ہ صاحب کلکٹر کی رپوٹ کی احتیاج تبھی
ہوگی کہ جب تکرار درباب صحت لاخراجی اور
دخل مالکانہ زمین مذکورہ کی معاً واقع ہو مثلاً جس
صورت مین کہ ایک زمیندار ایسی بکر دعوی کری
کہ فلانی زمین جسپر مدعا علیہ لاخراجی کیکی دخیل ہے
میری محال خراجی کی علاقی مین ہی مین اُسپر
دخل دلاپانی کا مستحق ہون ہے یا یون کہی کہ فلانی

ذ کنس ۹۶۶۹ مورخہ ۱۳ جنوری سنہ ۱۸۳۲ع ۴۱۸۳۲ ع سرکلر صدر کلکتہ و دیار مغربی ۳ اگست سنہ ۱۸۳۲ع

۱۵ باب

زمین جسکو تم خفا بنی نی خراجی ظاہر کرکی اپنی دخل مین رکھی ہی میری محال لاخراجی کی سامل ہی مین اُسپر دخل دلا پانی کا امیدوار ہون ر

تحقیقات صاحب کلکتر کی

اس طرح کی مقدمی صاحب عدالت دیوانی کی طرفسی صاحب کلکتر کی محکمی مین تحقیقات اور رپوت کی لئی بہیجی جانی سی ہ موصوف الیہ کو حسب مندرجہ قوانین مجاریہ کی تحقیقات اُنکی بذات خود کرنی واجب ہوگی ہ اوراپنی اسستنت یعنی نایب کی ذریعی نکر اسکینگی ر

موصوف الیہ کا رپوت

اور تحقیقات کر چکنی کی بعد اُس مقدمی کی بابت جتنی کاغذات اور اسناد کہ جنکا ذکر کاغذات تحقیقات مین مندرج ہی بشمول رپوت اور رای کے اپنی ہ پہر اُسی عدالت موصوفہ مین بہیجینگی س

صاحب کلکتر کی رپوت پانی کی بعد تجویز عدالت دیوانی کی

اُس وقت صاحب عدالت دیوانی حسب ضابطہ تجویز اُس مقدمہ کی عمل مین لاوینگی ہ

ر کنس ۱ و ۱ ہ صدر کلکتہ ۱۶ ستمبر سنہ ۳۵ ۱۸ ہ و دبار مغرلی ۱۱ مارچ سنہ ۱۸۳۶
ن کنس ۳ ۶۰ ہ ۲۱ ہ اکتوبر سنہ ۱۸۳۱ ۲
س فی ۲ سنہ ۱۹ ۱۸ ہ ۳ ہ ۳ ۲۰ ہ ۲۱

۱۰ باب

آور اُسکی تجویز کرنی وقت اگر اور کسی کی
گواہی لینی کی ضرورت ہو تو متخاصمین سے طلب
کرینگی ہر اگر کوئی فریق کسی طرح کی سند یا دستاویز
جو صاحب کلکٹر کی آگی اثنای تحقیقات مین
ورپیش نہین کی تھی پیش کری اور اُسکی داخل
نکرنی کی کوئی وجہ خاطر خواہ ثابت نکری تو
صاحب عدالت اُسکو منظور نہین کرینگی

صاحب کلکٹر کی رپوٹ کی تعمیل عدالت دیوانی پر واجب نہین

صاحب عدالت دیوانی صاحب کلکٹر سی رپوٹ
بناکر تجویز مقدمات مذکورہ کی عمل مین نہین لاوینگی ش
پر صاحب کلکٹر کا رپوٹ بنفسہ کافی منظور نہین
ہوگا اور اگر صاحب کلکٹر نی بر بنیاد کسی دلایل اور
گواہی کی رپوٹ کیا ہو کہ زمین متنازعہ لاخراج ہے
اور وہ دستاویز اور گواہی ازروی آئین کی لاخراجی
زمین کی اثبات کی بابت کافی نہ تھری (یعنی کس
شخص سی اور کون سی تاریخ مین سند لاخراجی دعویدار
کو حاصل ہوئی تھی اگرچہ اُسکی دستاویزات اور

ش الہ دابرت درای اسلاب نام مسماۃ بھیرلی داسی رسپانڈنٹ ۱۰ جون سنہ ۱۸۴۳ء

۱۵ باب

گواہون سے واضح ہوے) تو صاحب عدالت دیوانی کو
لازم ہی کہ کلکتر موصوف کی رای کی برعکس اُس
مقدمی کو فیصل کرین ❊ ہر اثنای تجویز مین عدالت کی
آگی جبر نقصان اس بات کا دعویدار سے ہو سکی ❊ تو
رای موصوف الیہ کی بحال رکھکر دعویدار کی حق مین
ڈگری صادر فرماویگی ص

صاحب جج ضلع کو اختیار ہی کہ ہر ایک
مالیت کی مقدمی کی مرافعہ اول مین سماعت
اور تجویز اور فیصل کرین ❊

صاحب جج ضلع

پانچ ہزار روپی سے زیادہ مالیت کی مقدمو نکو
صاحب جج ضلع کی محکمی مین درپیش کرنا
چاہیئی ض

جتنی مقدمی کہ مالیت اونکی پانچ ہزار روپی سے
زیادہ ہو حسب ضابطہ پہلی صاحب جج کی محکمی مین
درپیش کرنا دستور نہین ہر اگر کوئی وجہ موجہ ہووی

ص کنس نمبر ۰ ۵ ۴ ۃ ۰ ۳ مارچ سنہ ۲۷ ۱۸۱۴ ۃ نبین چندر مکہرجہ اپلانت بنام رانی جمنا کنواری رسپانڈنٹ ۲۲ دسمبر سنہ ۴۹ ۱۸۱۴ دربارہ سوال محکمہ واس کند ۲۹ فیبروری سنہ ۱۸۱۱
ض ف ۵ سنہ ۱۸۱۳ و ۲۷۶ ۃ ض ۴۳ ۃ

۱۵باب

تو ایسے مقدمے کو فیصل کرنے کا اختیار صاحب جج ضلع کو حاصل ہے ظ

(172)

اگر مقدمے کی تکرار بابت لاخراجی زمین کی ہو تو جس طور پر صدر امین اعلے کو تجویز کرنا لازم ہے اسی طور پر صاحب جج کو ہے اگر صاحب جج کی راے میں مقدمہ مرجوعہ صدر امین اعلے کی تجویز قابل تحریر ہے تو مرافعہ اولی بین اعلے موصوف کو تفویض کر سکتے ہیں ظ اور واسطے رپورٹ کی صاحب کلکٹر کی پاس بھیجینگے

مقدمات جو علی الخصوص صاحب جج ضلع کی عدالت کی متعلق ہیں

جو مقدمے کہ صاحب جج ضلع کی محکمے میں قابل سماعت اور تجویز کی ہیں انکی تفصیل

جو مقدمات کہ عہدہ داران سرکار کمپنی ہند کی کسی راجہ یا نواب یا بادشاہ کی طرف سے مطابق آئین ۱۲ سنہ ۱۸۱۴ع کی دربیش ہو یا جوابدہی انکی کرین ع

ظ صفحہ بالا
۹ و بلمہ ونفصل ذیل ۳
ع گورنمنٹ آرڈر نمبر ۳ و ۱۰ جون سنہ ۱۸۴۳ع

۱۰ باب

مقدمات جو بنام غیر متعہد حاکمون کی مطابق آئین ۲۳ سنہ ۱۸۱۴ع کی دفعہ ۱۰ اور ۶۷ کی غ رشوت کی یا زبردستی سے کوئی چیز لینی یا تعدی اور حرکات خلاف اختیار کرنی کی باب مین درپیش ہون اور جن کی سبب سے بشرط ثبوت اونکی مجرم کی طرف سے مظلوم کتئین تاوان واجب ہو

مقدمات جو مطابق قانون ۱۲ سنہ ۱۷۹۳ع کی دفعہ ۸ قانون ۱۱ سنہ ۱۷۹۵ع قانون ۱۱ سنہ ۱۸۰۳ع کی دفعہ ۸ قانون ۳ سنہ ۱۸۰۷ع کی دفعہ ۲ اور ۳ کی بنام مفتی عدالت ضلع کی باب مین رشوت ستانی یا بزور لینی کسی چیز کی درپیش ہون کہ جنکی ڈگری سے مجرم کو اشیای رشوت و زبردستی یا اون کی قیمت مع سود و خرچہ عدالت کی واپس دینی پڑی ف

مقدمات مطابق آئین ۹ سنہ ۱۷۹۳ع کی دفعہ ۱۱ او آئین ۴۹ سنہ ۱۷۹۵ع کی دفعہ ۳ اور آئین ۴۶ سنہ ۱۸۰۳ع کی

غ ایضا نمبر ۷
ف ایضا نمبر ۸

۱۰ باب

دفعہ ۱۱ کی بنام قاضیون کی کہ جنہون نے بعنایت اپنی عہدہ کی حرکات نامناسب کی ہون ق

مقدمات جو مطابق آئین ۴ ۱۳ سنہ ۱۷۹۳ع کی دفعہ ۲۲ اور آئین ۲۷ سنہ ۱۸۰۳ کی دفعہ ۳۶ کی بنام صاحب کلکٹر کی کہ جنہون نی اپنی فایدی کی لئی کسی مالک زمین یا مزارع یا ضمانت دار یا مشتری زمین سی کچھ مبلغ طلب کیا ہو یا خود یا کسی کی معرفت لیا ہو یا دربارہ ادای خدمت کی اپنی کسی طرح کا کام کیا ہو کہ جو خلاف آئین تھا یا منشای آئین سی اوسکا اختیار اوس کام مین معلوم نہین ہوتا درصورتیکہ اوس کام سی کوئی دعوی بابت کسی مبلغ کی کہ جو صاحب کلکٹر نی سرکار کی طرف سی طلب کیا یا لیا متعلق نہو ک

ق ایضاً نمبر ۹ درباب مقدمات کہ بیچ لشکری عدالت ملتری کورٹ آف رکوئسٹ کی قابل سماعت کی ہین ع دیکھو مارشمن صاحب کی سیول گائید صفحہ ۹۷

ک ایضاً نمبر ۱۷ ع محاکم مختلفہ مین جو مقدمات بذیرا ہو لی والی ہین اونکا حال زیادہ دریافت کرنی کی لئی دیکھو سیول گائید صفحہ ۹۳ ع ۹۷

۱۵ باب

فصل [م]

ایک سرحد کی حاکموں کی احاطۂ اختیار کی بیان میں

مقدمات بابت زمین

اگر معاملہ بابت کسی زمین یا غیر اشیای غیر منقول کی ہو تو مقدمہ اوسکا اوسی عدالت میں ورپیش ہوگا کہ جسکی احاطۂ اختیار میں شی متنازعہ مذکور واقع ہو [ل]

عدالت کی علاقی میں مدعا علیہ کی سکونت نہیں کرنیکا عذر بکار آمد نہیں ہوگا

اگر مقدمہ بابت کسی زمین کی ہو تو جس عدالت کی علاقی میں وہ زمین واقع ہی اوسی عدالت میں مقدمہ اوسکا رجوع ہو ویگا اور مدعا علیہ کا عدالت مذکورہ کی علاقی میں سکونت نہ کرنی کا عذر بکار آمد نہیں ہوگا۔ یعنی اگر کوئی زمین مدعا علیہ کی کسی ضلع کی علاقی میں واقع ہو اور مدعا علیہ شہر کلکتی میں سکونت رکھتا ہو تو مقدمہ اوسکا اوسی ضلع کی عدالت میں کہ جہاں وہ زمین واقع ہی ورپیش ہوگا [م]

ل [illegible] بنارس [illegible] ممالک مفوضہ و مفتوحہ [illegible]

م کنسٹرکشن نمبر ۹۹۱ صدر کلکتہ و دیار مغربی [illegible] جنوری سنہ ۱۸۳۶ع کنسٹرکشن نمبر ۹۶۵ صدر دیار مغربی ۱۲ جون تا ۱۰ جولائی صدر کلکتہ

۱۵ باب

مقدمہ بابت استرداد نیلام زمین کی

درصورتیکہ کوئی زمین اجرای ڈگری مین بر خلاف آئین کی نیلام ہوگئی ہو اور دیہون درباب استرداد اوس نیلام کی مقدمہ عدالت مین دائر کیا چاہے تو چاہئی کہ اوس ضلع مین کہ جسکی احاطی کی اندر وہ شئی نیلامی واقع ہی نالشی ہوونی نہ اوس ضلع مین کہ جہان کی عدالت سی ڈگری صادر ہوئی ہو ن

(۱۷۱)

عدالت کی احاطۂ اختیار کی ٹھہرانی کا طریق

ہر ایک مقدمہ بابت زمین وغیرہ اشیا کی کہ جس مین بہ نسبت عدالت دیوانی کی احاطہ اختیار کی سرحدونکی تکرار واقع ہووی وہ تکرار مطابق تقسیم اضلاع کی جو دیوانی محکمون کی نسبت کی گئی ہی فیصل ہو گی اور اوس تکرار مین حاکم مالی یا فوجداری کی علاقی کی تقسیم سی کسی طرح کا فرق نہین آنی کا د

درصورتیکہ شئی متنازعہ دو تین محکمی کی علاقی مین ہو

جس صورت مین کوئی شخص بدعوی وراثت کسی شئی کی کہ وہ دو تین محکمی کی علاقی مین واقع ہو مقدمہ عدالت مین پیش کرنی چاہی تو جس محکمی کی

ن بودھائی سنگہ سایل ۲ مارچ سنہ ۳۰ ۱۸ ع
و کنس نمبرہ ۹۱۵ صدر دیارمعزلی ۱۲ نومبر صدر کلکتہ ۵ دسمبر سنہ ۳۳ ۱۸ ع کنس نمبر ۹۶۹ ۳۱ جولائی سنہ ۳۵ ۱۸ ع

١٥ باب

علاقی مین وہ شئی وراثت زیادہ ہی اوسی محکمی مین
مقدمہ درپیش کری [۱]

اگر شئی متنازعہ ایک ہی ضلع کی صاحب
جج کی احاطۂ اختیار کی اندر ہو پر دو تین منصف ـ کی
علاقی مین واقع ہو اور مالیت شئی مذکورہ کی مطابق
آئین کی حد سماعت سی منصفو کی زاید نہو تو جس
منصف کی محکمی مین مقدمۂ مذکورہ اوپر کی لکھی ہوئی
آئین کی مطابق درپیش ہووی اوسکو چاہئی کہ
مدعی کی عرضی دعوی پر یہہ حکم نذکر پہلی صاحب جج
ضلع کو کہ جسکی تابع وہ مقرر رہتا ہو اوس مقدمی کی اطلاع
کرکی واسطی تجویز مقدمہ مذکورہ کی اجازت مانگی
پر جس صورت مین کہ شئی متنازعہ دو تین ضلع کی
علاقی مین رہی تو جس ضلع کی صاحب جج کی تابع
وہ کام کرتا ہو اوسی صاحب جج کی پہلی درخواست
واسطی اجازت تجویز مقدمہ مذکورہ کی عدالت صدر دیوانی مین
بھیجدیوی اور ایسی جس صورت مین کہ صاحب جج

۱ سرکلر صدر کلکتہ دوبار مغربی ۱۱ جنوری سنہ ۱۸۳۹ع فقرہ ۱۶

۱۵ باب

ضلع کی سماعت کی قابل کسی مقدمی مین شئی متنازعہ علاقی مین دو تین ضلع کی ہو تو صاحب جج ضلع کو بھی اوس مقدمی کی تجویز کی اجازت کی لئی درخواست اپنی عدالت صدر دیوانی مین بھیجنی ضرور ہوگی ب اگر صاحب جج درخواست اپنی بحضور حکام عدالت صدر دیوانی کی استجازت کی لئی نہ بھیجین تو فیصلہ اوس مقدمی کا باطل ہوگا ت اس لئی کہ جبتک صاحبان صدر دیوانی کی طرف سی نہ ملی تبتک اوسکو کسی طرحکا اختیار غیر ضلع مین نہین ہوسکتا ہے صاحبان صدر کو اختیار ہی کہ درصورت استجازت کی کوئی مقدمہ تجویز کی لئی کسی صاحب جج غیر ضلع کو سپرد کرین ٭ پر یہ اختیار نہین کہ جو انفصال اس قسم کی مقدمی کا بلا اجازت اون کی عمل مین آیا ہو اوسکو بحال رکھین ٭ اور صاحبان صدر سی اجازت پانی کی آگی اگر کچھ روداد ہوا ہو وہ

ب ایضاً فقرہ ۲۶

ت درمادہ سوال سکینہ خاتون ۱۵ جون سنہ ۱۸۴۲ء اور درمادہ سوال جھاؤس گانڈہ وغیرہ ۶ جنوری سنہ ۱۸۴۷ء

۱۵ باب

باطل ہوگا اور بعد حصول اجازت کی پھر روداد پھر
سے از نو سے عمل میں آویگا ش

جس صورت میں کسی متنازعہ دو صدر کی تحت میں

جس صورت میں کسی شے متنازعہ میں سے
کچھ صدر دیوانی کلکتہ یعنی دیار مشرقی اور کچھ صدر
آگرہ یعنی دیار مغربی کی علاقے میں رہا ہوے تو جس صاحب
جج کی محکمے میں مقدمہ شے مذکورہ کا درپیش ہوا ہو
اوس صاحب جج کو چاہیے کہ آپ جس صدر کی
تابع رہا ہو اوسی صدر میں درخواست اپنی اوس مقدمے کی
تجویز کی اجازت کی واسطے بھیجدوے اور تب صاحبان
صدر مذکورہ دوسرے صدر کی حاکموں سے اوس
امر میں مراسلت کرکے جو حکم واسطے تجویز مقدمہ
مذکورہ کی ضرور ہو صاحب جج موصوف کو دیوینگے ت

مقدمہ بابت شئی منقولہ کی

اگر مقدمہ بابت کسی زمین یا اشیاے غیر منقولہ کی
ہو تو مدعی کو اختیار ہے کہ جس عدالت کی علاقے میں
بنا اوس مقدمے کی وقوع میں آئی ہووے یا جس عدالت کی
علاقے میں ابتداے معاملہ بین مدعا علیہ کی استقلال کی

ج ش تو بند مبنی جودہ ہر کا این اسلاب بنام بارہتی جودہ بر این رسالہ دت ۱۲ مارچ سنہ ۱۸۰۵ع
سرکلر صدر کلکتہ و دیار مغربی ۱۱ جنوری فقرہ ۲

سانحه بود و باش کی هوے مقدمه پیش کریگا ح
اگر کوئی شخص کسی ضلع مین صرف سیر کی
ارادے سے گیا هو یا اوسکا کچهه اشیاء منقوله یا
غیر منقوله وهان موجود رها هوے تو اوس ضلع کی عدالت
مین اوس کی نام پر نالش کسی اشیای غیر منقو ل
غیر متنازعه کی بابت مسموع نهوگی پر اس شرط سے
مسموع نهوگی که اگر وه وهان مستقل هوکر سکونت
اختیار کری خ

اختیار صاحبان عدالت کو درباب تقرر انی محکمه مناسب کے

بعض صورت مین صاحبان عدالت واسطے ارجاع
مقدمه کی جس عدالت کی علاقے مین بنای معامله
وقوع مین آئی هووی اوسکو اوس عدالت کی اوپر
که جهان مدعا علیه ساکن هو ترجیح دیتی هین تاکه تجویز
مقدمه مین کسی طرح کی قباحت وقوع مین نه آوے
حاکمون کی رای متفق هی اس بات پر که جمع بخشی کی
واپس پانی کی نالش اگرچه جس ضلع مین مدعا علیه

جس صورت مین که سرزمین پر تدارک ضروری

ح فا ۳ سنه ۱۷۹۳ع ... بنارس ق ... سنه ۱۷۹۵ع ... ممالک مفتوحه و مفتوحه ق ۲ سنه ۱۸۰۳ع ... کنسٹ نمبر ۶۶ صدر دیوانی [illegible] ۱۴ ... صدر کلکته ۲۸ فبروری سنه ۱۸۴۴ع
خ کنسٹ نمبر ۹۷ صدر دیوانی مغربی ۱۴ جون صدر کلکته ۰ جولای سنه ۱۸۴۳ع کنسٹ نمبر ۵۶ ۹
صدر دیوانی مغربی ۱۲ جون صدر کلکته ۱۰ جولائی سنه ۱۸۴۰ع

۱۵ باب

زنباشی و ہانکی عدالت مین مسموع ہوسکتی ہی لیکن جس عدالت کی علاقی مین بنای معاملہ وقوع مین آئی ہووی وہان ارجاع اوس مقدمی کا مناسب تر ہی تاکہ عند التجویز مر زمین کا تدارک اگر ضرور ہو تو مطابق حکم اسی ضلع کی عدالت کی بخوبی اور بآسانی ہوسکیگا د

ارجاع دعوی واسطی ادای قول وقرار کے اوس عدالت مین کہ جس کی احاطۂ اختیار کی اندر مدعا علیہ سکونت کرتا ہو قابل سماعت کی ہی گو داد و ستد اوس دہین کی شہر کلکتہ مین یا کسی دیار ر اجنبی مین جو کہ سرکار ملک کی قلم و سی باہر ہی ذ عمل مین آئی ہو ؛

ل قرار کی بابت مقدمہ
س عدالت کی علاقہ مین
عی ساکن ہو وہین مرجوع
وگا

اور ایسی ہی جس عدالت کی علاقی مین کہ بنای معاملہ وقوع مین آئی ہو ارجاع مقدمہ بنام زید تنہا کی یا بنام اوسکی اور غیرہ کی معاً در پیش ہوسکتا ہی ۂ گو زید

د کنس نمبر ۳۹۲ ۶ ۲۶ جنوری سنہ ۱۱ ۱۸۱۹ع کنس نمبر ۱۷۰ ۹ صدر کلکتہ ۲۱ فبروری ۶ صدر دیار مغربی ۱۲ مارچ سنہ ۱۸۳۳ ۶ ۲ مقدمہ گوپال کشن مسمریسا بیل منفصلہ ۱۹ فبروری سنہ ۱۸۴۰ع جس مین یہہ بات انفصال پائی ہی کہ کنس نمبر ۳۴۷ اسی مقدمون مین بکار آمد ہی اور کنس نمبر ۹۳۷ نہین ۂ

ذ دوارکاداس وغیرہ اپلاسان بنام راجہ شیو لعل رسپانڈنٹ ۱۰ اگست ۱۸۱۰ع

ر بشنو چرن سنگہ اپلانٹ بنام دگمبری داسی وغیرہ رسپانڈنٹان ۱۴ جنوری سنہ ۱۸۴۱ع

علاقی مین اس عدالت کی ساکن نهو اور کوئی گماشته
یا ستی بهی اسکی طرف سی وهان نرهی — ز

سببہ احکام اقرار کرنی والونکی جانشینونکی حق مین بکار آمد هی

اور یہہ حکم صرف بنام اصل اشخاص کی کہ جنهون نی
کوئی تمسک یا اقرار لکهه دیا هو ار جاع دعوی کی لئی
مخصوص نهین بلکہ اونکی ورثہ اور جانشینونکی نام پر نالشی
هونی کی لئی بهی بکار آمد هی مثلاً جس صورت
مین کہ ایک شخص تمسک قرضہ ضلع هوگلی مین
لکهه دیکر اوسی ضلع مین مر جاکر کوئی ستی وهان
نہ چهوڑ گیا هو اور اوسکی ورثہ ضلع بردوان مین رهتی
هون تو داین کو اختیار هی کہ بابت زر تمسک
مذکور کی بنام ورثۂ مذکورہ کی خواه ضلع هوگلی کی
عدالت مین نالش اپنی دائر کری یا ضلع
بردوان مین — س

اختیار سماعت نالشی طلبای معاملہ رهن زمین کی بابت یافتنی روپیہ

رهن زمین کی بابت بانی کا مقدمہ اسی ضلع کی عدالت مین
مسموع هوویگا کہ جهان داد ستد زر رهن کا عمل مین آیا هو
نہ اوس ضلع مین کہ جهان زمین مرهونہ واقع هوئی کیونکہ لین دین

ز سرکلر نمبر ۱۲ صدر کلکتہ ۲۷ اکتوبر صدر دیوانی مغربی ۹ نومبر سنہ ۱۸۴۳ ء
س کتاب مجموعہ وار و عزرہ ساارن ۱ جون سنہ ۱۸۴۶ ء

۱۵ باب

ادس زر رہن کا بنای معاملہ ہی نہ زمین مرہونہ ش

اگر کوئی شخص شہر کلکتی کا باشندہ ہو اور اُسنی اُسی
شہر مین تمسک خشک لکھ دیکر کسی سی کچھ
روپئی قرض لیا ہو اور بغیر تمسک کی کسی شی غیر
منقولہ کو جو ضلع ہوگلی مین واقع ہو واسطی ادس روپئی
کی مرہون کیا ہو تو نالش درباب پھیر پانی ادس
زر قرضہ کی ضلع ہوگلی مین نا مسموع ہوگی ص
بہرحو حقیقت بابت زمین مرہونہ کی ہو تو بلحاظ
زمین نامی کی نالش ادسکی ضلع ہوگلی مین قابل
سماعت کی ہوگی ۔

درباب انکار کرنی عورت کی اپنی خاوند کی گھر جانی سی

درصورتیکہ ایک بیاہی یا نکاحی عورت اپنی خویش
کی یہان رہکر شوہر کی گھر آنی سی منکر اور ناراض
ہو اور شوہر اُسکا بنام زن منکوحہ وغیرہ آقارب کی
ادسکی نالش ہوئی چاہی تو جس ضلع یا شہر کی
علاقی مین وہ رہکر شوہر کی گھر آنی سی راضی نہین

ش نوبن ناتھ چکروتی اپلانٹ بنام کالی کنکر سین رسپانڈنٹ ۲۴ مئی سنہ ۱۸۱۰ع

ص آشوتوس دی اور رہبرت ناتھ دی اپلانٹان بنام مس جولیا گری وغیرہ رسپانڈنٹ ۰ جنوری سنہ ۱۸۶۲ع

ہوتی ہی وہین کی عدالت مین اوسکی تشہیر ہونا لشتی ہونا چاہی نہ اوس ضلع یا شہر مین کہ جہان بیاہ یا نکاح اُن کا انصرام پایا ہی بلحاظ اسباب کی کہ انکار کرنا بنای معاملہ ہی ض

178

مقدمہ فیما بین امانت گذار اور امین کی

جس صورت مین زید نی ضلع ہوگلی سی اپنا اسباب تجارت کا نزدیک عمرو کی ضلع بردوان مین بیہجنی کی لئی بطور امانت کی بہیجا ہو اور عمرو اسباب مذکورہ کو بیچ کر زر قیمت اُسکا زید پر اپنا پانا ظاہر کر کی عوض مین اوسی پانی کی وضع کر لیا ہو اور زید اوس معاملی کی درستگی پر معترف ہو کر واسطی زر قیمت اسباب مذکورہ کی نالشی ہونی چاہی تو اوسکو چاہئی کہ ضلع بردوان کی عدالت مین کہ جسکی علاقی مین عمرو مذکور نی اسباب تجارت بیچا ہی مقدمہ اپنا درپیش کری کیونکہ اوسکی مقدمی کی بنا کا وقوع وہین منظور ہی ط

ض عبد المجید بنام ل ۱۷ مارچ سنہ ۱۸۲۶ ع
ط مینلال دین راجہی وغیرہ اہلکاران بنام دین دیال تیواری وغیرہ رسالہ ساتواں نمبر ۱۹۱ سنہ ۱۸۳۹ ع

اعتراف کسقدر بنای معاملہ ہوتا ہے

اگر مدعی مدعا علیہ پر اپنی زر یافتنی کا دعوی کرے
اور مدعا علیہ اس دعوی کو اعتراف یا اوسکی ادا
کرنی کا وعدہ کرے تو حاکمان عدالت کی رای
مین وہ وعدہ بمنزلہ ایک نئی بنای مقدمہ کی منظور
ہوکر [illegible] اسکی لین دین کا معاملہ انقضای میعاد کی
سبب نا مسموع نہین ہوتا ہے پر وعدہ مذکورہ
اس طرح کی بنای جدید نہین کہ اُسکی سبب کسی عدالت دیوانی
کہ جسکی علاقے مین لین دین قرضہ مذکورہ کا عمل مین نہ آیا ہو
اسمقدمہ کی سماعت و تجویز کا اختیار حاصل ہوے اور
اس مادے کی مراتب مفصل ذیل مین قلم بند ہوتی
ہین یعنی جس صورت مین کوئی کسی سے دیار اجنب
مین کچھ مبلغ قرض لیکر تمسک اوسی قرضی کا سرکاری
عملداری کی اندر لکھدیا ہو تو اوس تمسک کی بابت
زر یافتنی کی نالش کمپنی کی عدالت دیوانی مین پذیرا
نہوگی کیونکہ حسب رای حاکمان عدالت صدر دیوانی
کی لین دین زر قرضہ مذکورہ کا جو دیار اجنب مین ہوا تھا

تمسک

ط ... ١٨٠٥ ... [illegible]

۱۵ باب

بنا اوس معاملی کی ہی اور نوشتہ اذ ٹمپ مذکورہ
جو قلم دست کار کی اندر وقوع ہوئی تھی وہ بنا ہی
معاملہ نہین ہے (۱۸۶۷)

مگر ضلع ہوگلی کی علاقی مین تھا ہین دو فریق
یعنی زید اور عمرو کی نوشتہ اقرار نامی کی عمل مین
اکر زید نی عمرو کی ہاتہ کسی چیز کی بیچنی کا اور
عمرو نی اوس سی مطابق ایک قیمت مقررہ کی
اوسی چیز کی مول لینکر قیمت دینی کا باہم ایک
دوسری کو اقرار لکھ دیا تھا اور عمرو نی زید مذکور
سی وہ چیز پاکر قیمت اوسکی کچھ ادا کی تھی اور
بعد اوسکی ضلع بردوان کی علاقی مین عمرو مذکور
چیز مذکور کی باقی زر قیمت کو مع سود باقساط ادا
کرنی کا نیا اقرار لکھ دیکر مطابق اقرار کی اوسی
زر قیمت باقی مع سود ادا نکرتا تھا نالش اوسپر
بانی کی ضلع بردوان ہی کی عدالت مین مسموع
ہوئی گو عمرو وہانکا باشندہ نہ تھا ؎ کیونکہ نیا اقرار نامہ

؎ کنس نمبر ۱۰۱۳۶۲ جنوری سنہ ۲۳ ۱۸۶۹ع
گداد هر بنام ... مسمی ... سنہ ۱۸۶۹ع

کہ جسکی نوشتخواند بیچ اُن دونون فریق کی ضلع
بردوان کی علاقی مین عمل مین آئی تھی ایک معاملہ
جدید کی بنا متصور ہوئی ۔ مقدمۂ مذکورہ مین حکم عدالت
صادر ہوا کہ دستور ہی کہ شرط مندرجۂ تمسک یا اُسکی بابت
جو کچھہ نیا اقرار عمل مین آیا ہو ۔ اُسکی ادا وہین عمل
مین آتی ہی کہ جہان اُسکی بابت اُس اقرار جدید کی
نوشتخواند عمل مین آئی ہو ۔ لہذا درصورت عدم
ایفای شرط یا اقرار مذکور کی ۔ اُسکی ایفا کی لئی
نالش بھی اُسی ضلع کی عدالت مین رجوع ہوگی ۔
مطابق اُس آئین عام کی کہ جس عدالت کی علاقی
کی اندر کسی تمسک یا اقرار کی نوشتخواند عمل مین
آتی ہی اُسی علاقی مین اُسکی شروط مندرجہ کی ادا
(جبتک کوئی اور بات اسکی برعکس وقوع مین
نہ آوی) متصور ہوتی ہی ۔
اور یہہ جو لکھا گیا کہ شروط مندرجۂ اقرار کی ادا
جس عدالت کی علاقی مین موعود رہی ہو ۔ اُسی
عدالت مین اُسکی عدم ایفا کی نالش رجوع ہووےگی ۔

۵۱ باب

تماماً مطابق حکم سابق حاکمان عدالت صدر دیوانی کے
نہین ہے ۔ کیونکہ مضمون اُس حکم کا یہہ ہے کہ ۔ اگر
زید نے ضلع ہوگلی کے علاقے کے اندر رہکر عمرو کو
ضلع چوبیس پرگنہ مین کسی شے کے دینے کا
اقرار لکھہ دیا ہو اور بعد اُسکے بحث اُسکے اُس
شے کو نہ دیوے ۔ تو اُس صورت مین نالش
مدعی کے واسطے دلاپانے شے مذکورہ کے دونو جاگہہ
کے محکمے مین جایز ہوگی ۔ چاہے اُسی ضلع ہوگلی کے
محکمے مین کہ جسکے احاطۂ اختیار کے اندر نوشتۂ ا د
اقرار کے عمل مین آئی تھی نالش ہووے ۔ چاہے جس
عدالت کے علاقے کے اندر مدعا علیہ بود و باش
کرتا ہو وہین مستغیث ہووے ۔ پر مدعا علیہ یعنی
زید کے شے مذکورہ عمرو کو نہ دینے کے سبب
سے چوبیس پرگنے کی عدالت کو فریادی یعنی عمرو کی
نالش کی سماعت کا اختیار حاصل نہین ہونیکا ۔
مولف کی راے مین بہتر اور مناسب تر طریقہ
جو صورت مذکورہ مین حاکمان صدر کی راے سے نہایت

۱۵ باب

موافق ہی ق یہہ ہی کہ جہان کہین مدعا علیہ نی
اقرار کیا ہو خواہ وہان کی محکمی مین یا جس جاگہہ ہر
شرط مندرجۂ تمسک مطابق اقرار کی ادا کرنی تھی
وہان کی عدالت مین نالش مدعی کی جایز ہوگی ق خواہ
بنای معاملہ ادای شرط مندرجہ اقرار ہ اُس اقرار کی
عمل مین آنی سی ہو ہ خواہ بنا، معاملہ خسارت
(جو وعدۂ مندرجۂ اقرار کی پورا نکرنی سی مدعی کو عاید
ہونی ہو) اُسی کی وعدہ خلافی سی منصور ہووی ل

مقدمات بنام ملازمان سرکاری

شہر کلکتہ کی صاحب کلکتر کستم یا اوسکی تابعین
یا اور کسی سرکار عہدہ دار سکن کلکتہ کی نام ہر
جو مقدمات کہ مطابق آئین کی ضلع کی عدالت دیوانی
مین مسموع ہونی کی قابل ہین وہ چوبیس پرگنی
کی صاحب جج کی محکمی مین درپیش ہو کر مطابق
قوانین جاریہ کی فیصل پاوینگی ل

ف کنش نمبر ۶۶ ۳ صدر دیوان عدالت ۱۵ صدر کلکتہ ۲۹ فروری ۱۸۳۲ ع
ق دیکہو مجموعۂ آئین کو ۳۳ ی براسی قدیو ریجول سطر ۲۱ تا ۲۵ صفحہ ۲۰۳
ک سرو ہجندر داس اصلاب بنام ہنری ناسک رسپانڈنٹ ۲۶ اکتوبر سنہ ۱۸۱۳ ع
ل ق ۶ سنہ ۱۸۰۶ ع و ۹ دیکہو احاطہ اختیار ضلع ۲۴ پرگنہ ق ۳ سنہ ۱۷۹۳ ع ۱۴
کنش نمبر ۱۹۱ صدر کلکتہ پہلی اور صدر دیوان عدالت آٹھوین جنوری سنہ ۱۸۳۶ ع ق ۲۰۲ سنہ ۱۸۳۳ ع

۱۰ باب

۳ فصل

درباب انتقال اور سپردگی عدالت کی

حاکمان صدر کو اختیار ہی کہ مقدمون کو ایک ضلع کی عدالت سی دوسری ضلع کی عدالت مین بھیجدیوین

(۱۸۱)

عدالت صدر دیوانی کی حاکمون کو اختیار ہی کہ
ایک ضلع کی عدالت مین پیش کئی ہوئی مقدمی
کو دوسری ضلع کی عدالت مین بھیجی جانی کا حکم
صادر کرین ۔ اس طرحکا حکم صادر کرتی وقت
وجوہات انتقال مقدمہ کو روبکار مین لکھ رکھین ۔

اور اختیار ہی کہ صاحب جج ضلع بر سر سال اور متفرقہ مقدمات اپنی علاقی کی صدر امین اعلی کی یہان تفویض کرنیکا حکم صادر فرماوین

صاحب جج ضلع کو بذریعہ حکمنامہ مہر عدالت
صدر دیوانی کی اختیار حاصل ہی کہ مقدمات متفرقہ
یا سب جو کہ عند الاصدار حکمنامہ مذکورہ کی ۔ اونکی
محکمی مین دایر رہی ہون یا آیندہ دایر ہوین انہین اپنی
علاقی کی صدر امین اعلی کو حوالہ کرین ۔

اور جتنی مقدمی کہ بطریق مذکورہ بالا صدر امین اعلی
کی محکمی مین بھیجی جاوین صدر امین اعلی موصوف کو
چاہئی کہ انہین حسب قوانین کی جو واسطی ہدایت

م ق ۳ سنہ ۱۸۲۷ ع ۲ و ۱ ع ۲ دیکھو مارشمن کی سیول گایڈ صفحہ ۳۳۹

۱۵ باب

صاحبان جج کی در باب اس طرح کی مقدمون کی مقرر ہین تجویز اور فیصل کرین ان

ب جج کو اختیار ہی اپنی
ارقی کی صدر امین کی یہان
ض مقدمہ سپرد کرین

کوئی جایداد مطابق مراتب مذکورہ کی مفروق
ہوچکنی کی بعد انفصال اوسکی مقدمی کا فی الفور

ختم
اومسند کنت ہیوم سایل ۲۱ نومبر سنہ ۱۸۳۴ع
اومنقد کنت ہیوم سایل ۲۱ نومبر سنہ ۱۸۳۴ع

فی کی تجویز فی الفور

جتنی جلدی ہو سکی کیا جایگا اور اگرچہ دوسری مقدمات عدالت میں دایر رہیں تاہم اونکی ترتیب ایام کی طرف کچھہ لحاظ نہیں کیا جایگا ۔ ث

مدعا علیہ کی جایداد قرق ہونی کی بعد اگرچہ ماقبل انفصال مقدمہ کی مال ضامن دیسکی تو فوراً جایداد اوسکی قرق سی خلاص ہوگی ج

جایداد مقروقہ کو قرق سی خلاص کرنی کا اختیار صاحب کلکٹر کو جب تلک کہ اُس مادی کا ہر بیت عدالت دیوانی سی نہ پہنچی حاصل نہوگا ح

اگر کوئی پتنی تعلقہ زمیندار کی بقیہ خزانہ کی لئی نیلام کی قابل ہو تو بلا ادای خزانۂ بقیہ کی اور کسی وجہ سی نیلام اوسکا موقوف نہوگا ۔ اور جایداد مذکور کی کسی عدالت دیوانی کی حکم سی مقروق رہنی کا عذر واسطی موقوفی نیلام کی اسکی بکار آمد نہوگا ۔ خ

ث ق ۲ سنہ ۱۸۰۶ ع د ۵ ۶
ج ق ۲ سنہ ۱۸۰۶ ع د ۵ ۶
ح ق ۶ ۵ سنہ ۱۸۲۷ ع ۶ د ۶ ۵ ۵ ص
خ ملی ہیں بہاری گھوس سایل ۲۰ ستمبر سنہ ۱۸۲۲ ع

۶ فصل
عدالت ضلع کی پروانی کا اجرا سپریم کورٹ کی علاقی کی اندر

علاقہ سپریم کورٹ کی باہر کی جس کسی عدالت کا پروانہ کورٹ ممدوحہ کی علاقی اندر اجرا پاوی اوسکی جاری کرنیکا طریق یہہ ہی کہ ایک قطعہ نقل پروانہ باصحیح مہر اوس عدالت کی کہ جہاں سی وہ صادر ہوا ہو مع ترجمۂ انگریزی با دستخط مترجم کلکتی کی ڈپوٹی شریف کی پاس بذریعۂ ڈاک یا پیادہ یا کسی عمل کی مع ایک چٹھی مشعر درخواست نامی ڈپوٹی شریف کی متضمن گذرانینی اوس پروانی کے پیشگاہ مین صاحبان جج سپریم کورٹ کی بھیجی جاویگی تب ڈپوٹی شریف اوس پروانی کو پیشگاہ مین ایک حاکم کورٹ ممدوحہ کی درپیش کریگا اور وہ حاکم پشت پر اوسکی دستخط کرکی حکم اجرا اپنی علاقی کی اندر بذریعہ شریف کی صادر کرینگی مگر اگر کوئی بات خام اوس

پروانی مین لکہی ہو تو جس عدالت سے ی صادر ہوا تھا
اُسی عدالت مین واسطی ترمیم کی واپس کرینگی د
پروانی مین نام اُس فریق کا کہ جسکی فایدی کی لئی
اور اُس مدعا علیہ کا کہ جسکی نام پر کہ پروانہ صادر ہوا ہو
مندرج رہیگا ء نہ فقط نام اوس کمپنی یا زمری کا کہ جس
مین منتخاصمین بذریعہ تجارت یا لین دین کی علاقہ رکہتی
ہون ء پر جو کمپنی یا زمرہ تجار ایسا ہو کہ ازروی آئین
خاص کی اُس کمپنی مین سی ایک عہدہ دار اپنی
کمپنی کی نام سی مدعی یا مدعا علیہ ہو سکتا ہو ء تو البتہ
صرف اُس کمپنی کا نام مندرج رہنا کافی ہوگا ذ
بمجرد دیکہ حاکم سپریم کورٹ مطابق مذکورہ بالا کی
حکم اجرا بدستخط اپنی لکہ کر پروانہ شریف کی حوالی فرمادین ء
شریف موصوف اوس پروانی کی تفویض کی تاریخ
یادداشت کی بہی مین لکہ کر سپریم کورٹ کی
اسی تاریخ کی اور اصدار پائی ہوئی حکمنامون کی
طرح پر بغیر لحاظ تقدیم و تاخیر وقت کی جاری کرینگی ء

(212)

د اکٹ ۲۳ سنہ ۱۸۴۰ ع ۲۶ و ۱ سرکلر ۶ تاریخ [illegible] سنہ ۱۸۴۱ ع
ذ سرکلر ۳۰ مئی سنہ ۱۸۴۵ ع دیکہو صفحہ نمبر ۹ و ۸

اور جتنی پروانی وارنٹ اور دستک کہ درحقیقت حاکم سپریم کورٹ کی طرف سے یا انکی دستخط سے صادر ہووین ہ سبکی سب ایک طریق اور ترتیب مقررہ پر مطابق احکام مصدرۂ حاکم سپریم کورٹ کی جاری کئی جاینگی ر

حکمنامجات مذکورہ کی جوابدہی ہ جو اوپر شیرِیف کی واجب ہی ہ اور نتیجہ انکا جو اوپر ان اشخاص ز اور جایداد کی کہ جنکی نسبت اصدار پانی ہون ہ اور جاری ہونی وقت جو کوئی ان احکام کو تسلیم نہ کری یا مزاحم ہو کر جاری ہونی نہ دی ہ اوسکی سزا ہ اور درصورت ہونی حکمنامہ درباب احضار گواہوان کی ہ اخراجات اجرا وغیرہ مراتب سبکی سب ٹھیک اسی طرح پر عمل مین آوینگی ہ کہ جسطرح عین سپریم کورٹ سے صادر ہونی کی صورت مین عمل مین آتی س

گرفتاری ذوات — درصورتیکہ علاقۂ سپریم کورٹ کی اندر پروانہ

ر — اکت ۳۳ سنہ ۱۸۴۰ ع ۱۸ د ۲۵
ز — اکت ۲۳ سنہ ۱۸۴۰ ع ۲۱ د ۳۵
س — اکت ۲۳ سنہ ۱۸۴۰ ع ۱۸ د ۴۵

سرشتہ (شریف) کی معرفت جاری ہو کر کوئی شخص گرفتار ہووی
اور (اگر پروانی کی پشت پر حکم حاکم سپریم کورت
مندرج رہا ہو) تو شریف کو لازم ہی کہ اوس کی
مطابق شخص مذکور کو جس عہدہ دار کا نام بدستخط
حاکم ممدوح کی پروانی پر مندرج رہا ہو اور جسکی
معرفت گرفتاری عدالت اولی سی جاری ہوئی ہو
اوسکی حوالی کر دیوی ۔ اور اوس بات کی لئی
شریف موصوف کو چاہئی کہ گرفتار کو احاطۂ سپریم کورت
کی باہر کمپنی کی عملداری کی اندر جہاں کہیں ہو
بھجوا دیوی

شق ۔

اور درصورتیکہ کوئی فریق کسی پروانی کی اجرا کی
لئی مطابق مراتب مذکورہ کی واسطی دستخط حاکم
سپریم کورت کی درخواست کری ۔ تو حاکم ممدوح حکم
اخذ ضمانت کا بتعین اور شمار اشخاص ضامن کی بدستخط
اپنی اوس پروانی پر لکھ دی سکتی ہیں ۔ لہذا ممدوح الیہ کو
اوس پروانی کی بابت جو کچھ دلایل طلب فرمانا اور

شق آکٹ ۳۳ سنہ ۱۸۱۷ ء

صاحب سپریم کورت کا اخذ ضمانت

۱۶ باب

جو کچھ تحقیقات کرنی اپنی رای مطابق مناسب جانین اوسکی عمل مین لانیکا اختیار حاصل ہی ص

مادۂ مذکورہ کی بابت جو کچھ مبلغ اور ڈیپوٹی شریف کی نزدیک بھیجنا ضرور ہو اوسکو بذریعہ بل - کی سرکاری خزینی مین بھیجا چاہئی ض

درجۂ اسفل کی حاکمون کو اپنی عدالت کا پروانہ اگر سپریم کورٹ کی علاقی مین جاری کروانا ہو تو دی اُس پروانی کو صاحب جج ضلع کی آگی پیش کرینگی ۔ اور صاحب جج موصوف اُسکو اوپر کے لکھی ہوئی طریق پر کلکتی کی ڈیپوٹی شریف کی پاس بھیجدوینگی ط

چاہئی کہ پروانجات مطابق نقشۂ مندرجۂ قانون ۲۳ سنہ ۱۸۴۰ع کی یا آینده جو نقشہ منجانب حاکمان صدر دیوانی کی ترویج پاوی ۔ اُسکی مطابق لکھی جاوین ظ

جس فریق کی درخواست مطابق سفینہ نام کسی

ص ایکٹ ۲۳ سنہ ۱۸۴۰ع دفعہ ۷
ض سرکلر ۱۷ مارچ سنہ ۱۸۴۱ع فقرہ ۲
ط سرکلر ۱ مارچ سنہ ۱۸۴۱ع کی فقرہ ۳
ظ سرکلر ۱۶ مارچ سنہ ۱۸۴۱ع فقرہ ۴۶

گواہ کی عدالت میں حاضر آنی کی لئی حاضری ہووے گا
اوس فریق کو لازم ہی کہ جس قدر خرچ حاکم
سب ہم کورٹ مناسب جان کر اوس گواہ کو دینی
فرماوین وہی دیوی

۶ فصل
۷ پرورانی کی مزاحمت

مزاحمت دخیل کار زمین

سیوای زمیندار یا تعلقہ دار حضوری یا مالک دخیل کار
زمین یا تعلقدار مفصلی کی یا مستاجر سرکاری جو کوئی
شخص خود یا کسی کی معرفت کسی پروانی کی اجرا مین
متعرض ہووی اور صاحب عدالت کی نزدیک
بذریعۂ حلف کی تعرض اوس کا حاطر خواہ طریق پر
ثابت ہو جاوی تو موصوف الیہ کو اختیار ہی
کہ واسطی جوابدہی اوس تعرض کی طلب نامہ بنام
متعرض کی صادر فرماوین
اور اگر متعرض روپوش ہو کر کسی مکان کی
اندر چھپ رہی یا فرار ہو کر ایسی کسی جا گہہ پر

ع سرکلر ۷ امارچ سنہ ۱۸۴۲ع فقرہ ۵

۱۲ باب

جا کی رہی کہ دنان اوسکو طلب نامہ پہنچانا محال ہوے
تو حسب حکم حکام دوسری روپوش ہونی والون
کی لئی ازروی آئین اور ضابطۂ عدالت کی مقرر ہی
اور اوپر مذکور ہوچکا ہے اوسکی حق مین بہی صادر ہوویگا غ
اور درصورتیکہ متعرض میعاد کی اندر عدالت مین
حاضر نہ آوی یا حاضر اکر جوابدہی کری اور آپنی طرف
کی گواہ گذرانی اور صاحب عدالت کی آگی بعد
استماع اوسکی جواب اور گواہون کی اظہار کی
جرم تعرض کا اوسپر ثابت ہو جاوی تو اوسکی احوال
مطابق جس قدر جرمانی کا حکم صاحب جج بہ نسبت
اوسکی مناسب سمجہین صادر فرماوینگی ف
جو اشخاص کہ اجرای بردانی کی تعرض کی مواخذہ
مین گہرین اونکو اختیار ہی کہ عند الطلب عدالت
مین چاہین خود حاضر اوین یا بذریعۂ وکیل عدالت
حاضر آکر جوابدہی کرین ق

غ صفحہ مزبورہ ع
ف ق ۴ سنہ ۱۷۹۳ع دفعہ ۲ ع بنارس ع ق ۸ سنہ ۱۷۹۵ع دفعہ ۸ ع ممالک مفوضہ
مفتوحہ ق ۶ سنہ ۱۸۰۳ع دفعہ ۲۶ ع
ق کنس ۱۲۱۶ صدر آگرہ ۱۷ مئی ع صدر کلکتہ ۷ جون سنہ ۱۸۳۹ع ع

باب ۱۶

تعرض کا جرم کسی شخص پر ثابت ہو چکنے کے بعد اگر وہ میعاد معینہ کے اندر ادا نکرے ک تو بعد انقضای میعاد کے صاحب جج اُس سے زرجرمانہ وصول کر لینے کے لئے اُسی طرح کا پروانہ صادر کرینگے کہ جیسا واسطے وصول زر ڈگری کے اصدار کرتے ہیں ل یعنی یا تو مجرم کی جایداد نیلام مین فروخت کرکے زر جرمانہ لیوینگے ۔ یا کہ اوسکو قید خانے مین مقید رکھینگے م

مقدمات عامہ مین عدالت دیوانی کے پروانے کی نسبت کوئی شخص متعرض ہونے سے اُس تعرض کی بابت تجویز اور فیصل بالکل صاحب جج بذات خود کرینگے ۔ اور اپنے احکام کے اجرا مین مجسٹریٹ سے اعانت نہین پاسکینگے ۔ پر اگر متعرض نے کسی پر زبردستی کی راہ سے ظلم کیا ہو ۔ تو صاحب جج وہ مقدمہ صاحب مجسٹریٹ کو تفویض کرینگے ن

ک کنس ۸۰۷ صدر کلکتہ ۱۲ اپریل صدر آگرہ ۱۰ مئی سنہ ۱۸۳۳ع

ل ق ۴ سنہ ۱۷۹۳ع د ۲۰۶ ق بنارس ق ۹ سنہ ۱۷۹۵ع د ۹ ممالک مفوضہ و مفتوحہ ق ۳ سنہ ۱۸۰۳ع د ۲۶

م کنس ۱۲۱۴ صدر کلکتہ ۳ صدر آگرہ ۲۳ مئی سنہ ۱۸۳۹ع دیکھو آئین باب ۲۰

ن کنس ۱۰۳۳ ق ۲ ۱۲ اگست سنہ ۱۸۳۶ع کنس ۱۲۰۹ صدر کلکتہ ۱۲ اپریل صدر آگرہ ۳ مئی سنہ ۱۸۳۹ع

باب ۱۶

پروانہ عدالت دیوانی سے کسی کی گرفتار کرنے
کے لئے جاری ہونے کی صورت مین اگر اسامی کو گرفتار
کرنے والے پیادے کے ہاتھہ سے کسی نے زبردستی
سے چہین لیا ہو اور اسامی بھاگ کر کسی مکان کے اندر
چہپا ہو تو صاحب مجسٹریت کو اختیار نہین کہ عمله
پولیس کو اوس مکان مین گہسنے کا اور اسامی کو گرفتار
کر کے عدالت دیوانی مین چلان کرنیکا حکم دین بلکه
صاحب جج اوس جرم کے حق مین سنه ۱۸۴۳ ع کے
قانون چہارم کے مطابق تجویز عمل مین لاوینگے

جس صورت مین که ایک ضلع کے صاحب جج
کے اعانت دوسرے ضلع کے صاحب جج کے صادر
کئے ہوئے پروانہ گرفتاری کے جاری کرنیکے لئے درکار
ہو تو ضابطہ یہہ ہے کہ اعانت دینے والے صاحب
جج اپنی عدالت کی مہر اور دستخط اوس پروانے پر
ثبت کر کے اپنی محکمے کے ایک یا زیادہ پیادے دے کر
اوسکے جاری کرنے مین اعانت دیوینگے اور درصورتیکه

د کنس ۷۶۵ صدر کلکته ۱۰ مارچ صدر آگره ۱۲ اپریل سنه ۱۸۴۳ ع

کوئی بہ نسبت اجرای اوس پروانی کی متعرض ہووے تو وہ تعرض جس ضلع مین وہ پروانہ جاری ہونیوالا ہو عین اوسی ضلع کی پروانی کی اجرا کی تعرض کی مانند متصور ہوگا اور وہین کی صاحب جج تجویز اوس تعرض کی مقدمی کی عمل مین لاوینگی ۱

متعرض زمیندار ہونی کی صورت مین

اگر عدالت دیوانی کی پروانی کی تعرض کرنی یا کرایی کی مواخذہ مین گرنیوالا شخص زمیندار یا تعلقدار سرکاری وغیرہ مالک وخیل کار زمین یا منصلی تعلقدار ہووے تو اوسکی حق مین بھی دوسری متعرضونکی طرح تجویز عدالت عمل مین آویگی ۔ صرف فرق اتنا ہوگا کہ اگر صاحب عدالت کی رای مین جرم تعرض کا اوسپر ثابت ہووی تو صاحب جج مطابق قوانین مذکورہ بالا کی حکم جرمانی کا بہ نسبت متعرض مذکور کی صادر

سرکار مین ضبط ہونا

فرماوینگی یا حکم دیوینگی کہ اصدار حکم کی تاریخ سی مجرم مذکور کی زمینداری یا تعلقہ وغیرہ زمین کہ جسمین تعرض کیا ہوگا سرکار مین ضبط ہووی ۔

۱ کنس ۱۵ ۱۱۱ صدر اگرہ ۲۰ ۲۰ نومبر صدر کلکتہ ۶ دسمبر سنہ ۱۸۴۳ع

۱۸ باب

اور جسصورت مین اپنی زمین کی سوالی کی
باہر بسبب حرکت تعرض کی ہو تو جو زمینداری یا تعلقہ یا زمین
ازان اُسکی اُس عدالت کی علاقی کی اندر
کہ جسکی ہر دو نی کی اجرا کی نسبت تعرض کیا ہو
واقع ہووے سرکار مین ضبط ہونیکا حکم بہ نسبت اُسکی
عدالت سی صادر ہوگا ب

اور جو ڈگری در باب ضبطی زمینداری وغیرہ کی
صادر ہووی اوس ڈگری کا اپیل ممبری ہوسکیگا ت

اگر مجرم اپنی زمینداری یا غیرہ ضبط ہو چکنی کی بعد
مابین میعاد معینہ کی اپیل نکری تو بعد انقضای میعاد
کی صاحب جج فوراً اپنی عدالت کی ڈگری وغیرہ
کاغذات کی نقل جناب گورنر جنرل بہادر کی خدمت
مین باجلاس کونسل بھیجینگی ث جسصورت مین
اسطرح کی ڈگری کا عدالت اسفل سی عدالت
صدر دیوانی مین پیش ہونیکی بعد اگر حاکمان عدالت صدر

ب ق ۲ سنہ ۱۷۹۳ع د ۲۲ ق ۹ سنہ ۱۷۹۹ع د ۳ بنارس ق ۰ سنہ ۱۷۹۵ع د ۲ ممالک مفوضہ و مفتوحہ ق ۳ سنہ ۱۸۰۳ع د ۲۳ ض ۱

ت کنس ۹ ۱۷۹۸ مارچ سنہ ۱۸۱۵ع

ث ق ۴ سنہ ۱۷۹۳ع د ۲۲ ق ۹ سنہ ۱۷۹۹ع د ۳

۱۶ باب

اوس ڈگری کی نسبت حکم بحالی کا صادر کیئی ہوین تو
انکو لازم ہی کہ اپنی عدالت کی ڈگری وغیرہ کاغذات
کی نقل مع نقول کواغذ عدالت اسفل مذکورہ کی
خدمت مین جناب گورنر جنرل بہادر کی باجلاس کونسل
بھیجدیوین ج

جناب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل اختیار
رکھتی ہین کہ چاہین اوسی ڈگری کو جاری کرنیکا حکم
کرین یا کہ اوس کی عوض جرمانی کا حکم جو مطابق
جرم مجرم کی اپنی رای مین مناسب سمجہین صادر
فرماوین ؛

اگر ضبطی جایداد کی عوض جرمانی کا حکم جناب گورنر
جنرل بہادر باجلاس کونسل صادر فرماوین تو بمجرد نزدل
اوس حکم کی صاحب جج بذریعۂ اوس پروانۂ عدالت
کی جو زر ڈگری وصول کرنی کی لئی صادر کرتی ہین
زر جرمانہ مذکورہ بھی مجرم سی وصول کرینگی پر جبتک
کہ حکم اجرای ڈگری ضبطی زمینداری یا غیرہ یا کہ ضبطی

کی عوض جرمانی کا حکم منجانب جناب گورنر جنرل
بہادر باجلاس کونسل نہ پہنچی تب تک ڈگری بذکور
بکمال منظور رہوگی اور اوسکی اجرا کی بابت کچھہ مراتب
عمل میں نہین آوینگی ؛

ڈگری ضبطی کی بحالی کا حکم جناب گورنر جنرل بہادر
باجلاس کونسل سی پہنچتی ہی صاحب جج ضلع فورا
ایک پریست بصحیح و مہر اپنی بنام صاحب کلکٹر
ضلع کی صادر فرماوینگی تاکہ کلکٹر موصوف ایک شخص
امین کو مع عملہ اسامی کی زمین ضبط کرلی اور اسکا خزانہ
رعایا سی تحصیل کرنی کی لئی مقرر کرین اگر محاصل
اس زمین کا تقرر امین اخراجات کی لئی کافی منظور نہو
تو جو تحصیلدار یا اور کوئی نوکر سرکار واسطی تحصیل
محاصل کی وہان سی قریب مقرر رہا ہو اسکی
معرفت زمین مذکور ضبط کرواکر خزانہ اسکا تحصیل
کروا دینگی ح

جب تک کہ جناب گورنر جنرل بہادر باجلاس

۱۶ باب

کونسل سی حکم ضبطی بحالی کا نہ پہنچی مجرم کی زمین کو ضبط کرنا جایز ہوگا

جناب گورنر جنرل صاحب بہادر با جلاس

(218) کونسل اختیار رکھتی ہیں کہ در صورت بحال رکھنی حکم ضبطی کی اگر مجرم کی ورثہ مبلغ خزانہ لبقیہ منجانب مجرم مذکور کی باہم ملکہ سرکار کو اداکرنی کا اقرار کریں اور ادای خزانہ مقررہ سرکاری سرکار کو یا درصورتیکہ مفصلی تعلقہ ہو تو خزانہ اس کا اصل زمیندار کو کہ جسکی زمینداری میں زمین ضبطی واقع ہو اداکرنا اپنی ذمی لیں تو جس طرح کا دخل مجرم کو اوس زمین کی نسبت حاصل تھا اسی طرح کا دخل اسکی ورثہ مذکورہ کو عنایت کریں یا زمین ضبطی کو نیلام میں ڈگری کی ہوئی زمین کی طرح فروخت کرنیکا حکم صادر فرماویں

مستاجر کی متعرض ہونا کی صورت میں

اگر کوئی مستاجر سرکاری اجرای پروانہ کا متعرض

خ کنس ۲۲ مئی سنہ ۱۷۹۹ع

د ف ۱۳ سنہ ۱۷۹۳ع د ۲۳ بنارس ق ۸ سنہ ۱۷۹۵ع ض ۲ ممالک مفوضہ و مفتوحہ

ف ۳ سنہ ۱۸۰۳ع د ۲۳

ہوا ہو تو انکی نسبت بھی وہی سزا ہوگی جو
زمینداروں کی لئی مذکور ہوئی ہر صرف فرق اتنا ہوگا
کہ جناب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل یا تو
بجالی ڈگری عدالت کی حکم واسطی موقوفی پتہ اجارہ
کی اسکی صادر فرماوینگی یا کہ موقوفی پتہ کی عوض حکم
واسطی اخذ جرمانہ کی صادر کرینگی ،
یا اگر مجرم مذکور اجارۂ زمین سی دست بردار ہونی
چاہی تو گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل حکم اخذ
جرمانی کا کرکی تا انقضای باقی میعاد پتہ کی وہ زمین
جبراً اسکی اجاری میں رہنی کا حکم دیوینگی اور اوس
مطلب کی لئی اس کو اور اس کی ضامن کو
ماخوذ کرینگی ،

فی پتہ

اور درصورت موقوف ہونی پتہ اجارہ کی اگر تاآخر
اوسی سال کی بقیہ خزانی مستاجر ہر یافتنی سرکار
ہو تو مستاجرہ مذکور اور اوسکی ضامن دونو واسطی
ادای زر بقیہ کی ماخوذ ہوینگی ،
اور صاحب کلکتر ضلع کو اختیار ہی کہ اپنی عدالت

۱۶ باب

مین مقدمہ اس امر کا بنام مستاجر مذکور اور اوسکی ضامن کی پیش کر کی مطابق احکام مندرجہ دفعہ ۲۰ قانون ۱۴ سنہ ۱۷۹۳ع کی جو کہ درباب وصول کرنی زر بقیہ سرکاری کی اُن مستاجرون سے کہ جنکی پتّی باطل ہوگئی ہون جاری ہین زربقیہ سرکاری وصول کرین اور مستاجر مجرم کو اختیار رہی کہ واسطی پھیر پانی بقیہ ایام بحالی پتّہ کی اپنی اس پتّی کی مندرجہ زمین کی مفصلی تعلقہ داریا درونی اجارہ داریا رعایا کی نام پراوسی ضلع کی عدالت مین کہ جہان زمین اوسکی اجاری کی واقع رہی ہو نالش درپیش کری

پروانی کی اجرا کی نسبت کوئی متعرض ہولی سے تجویز اُس تعرض کی پہلی ادسی عدالت مین کہ جہان کا وہ پروانہ ہو عمل مین آویگی بشرطیکہ اسکی تجویز کا اختیار اوس عدالت کو مطابق اسکی مالیت وغیرہ کی حاصل رہا ہو نہین تو درجہ اسفل کی عدالت کی حاکم رپورٹ ان مراتب کی

ذ ق ۷ سنہ ۱۷۹۳ع د ۲۶ بنارس ق ۸ سنہ ۱۷۹۵ع د ۱۸ ممالک مفتوحہ و مفوضہ ق ۳ سنہ ۱۸۰۳ع د ۲۵ ض ۱ و ۲

۱۶۱ باب

صاحب جج کی پاس بھیجنا کی تب صاحب جج
موصوف حسب صوابدید کی اپنی تجویز اس مقدمہ
کی کسی دوسری عدالت مین تفویض فرما دینگی ر
بہر کیف مجرم کو حسب معمول اپیل کرنی کی
اجازت ملیگی ۔

ر گورنمنٹ آرڈر ۱ جنوری سنہ ۳۴ و ۲۱ نمبر ۴

ستر هواں باب

جوابدہی کس طرح ہر شخص کی جانبسی

جب مدعا علیہ مدعی کی عرضی دعوی کی مضمون سی
آگاہ ہو کر دریافت کری کہ مراتب مندرجہ عرضی کا
بالکل راست اور برحق ہی اور دعا اُن مراتب کا
جو اُسی بذریعۂ عرضی دعوی کی بیجا نہین ہ تو چاہئی کہ
مدعا علیہ مدعی کی سچی دعوی پر معترف ہو کر اسکو
ڈگری اکبر دیوی ؎

اور جس صورت مین کہ مدعا علیہ مدعی کی دعوی پر
معترف نہو تو اگر مدعا علیہ کی نسبت حکم رعایت کا
جاری ہووی ہ تو مطابق احکام قوانین کی جو کہ اسکی
رعایت کی باب مین جاری ہین اُس رعایت سی
مستفید ہو ز

جس صورت مین کہ مدعا علیہ کی حق مین رعایت رہی

جس صورت مین کہ صاحب کلکٹر باختیار عہدی
اپنی کسی مقدمی مین ہ مطابق یا برخلاف آئین کی

ز صفحہ مزبورہ ۶ ۱۰۶ ۳۱ ۲۰۳ ۲۲۳۶ ۲

۱۷ باب

مدعا علیہ بہین تو مطابق ضابطہ کی عدالت کا اطلاعنامہ انکی
نام پر جاری ہونی سی انکو لازم ہی کہ حسب
ضابطہ جوابدہی اُس مقدمی کی کرین ٭ ورنہ غیر حاضر
ہونی کی صورت مین تجویز یکطرفہ عمل مین آنی
سی تعمیل اس یکطرفہ فیصلہ کی صاحب موصوف پر
واجب ہوگی ٭ اور جوابدہی کرنیکی صورت مین انکو
اختیار ہی کہ در باب احاطہ اختیار عدالت کی کہ
جہان فریادی نی معاملہ رجوع کیا ہو ٭ تعذر پیش کرین ٭
یا اور کسی طرح کی تمہید کی ساتھ جواب دیوین (س)
دیار اجنب کی باشندی جو کسی مقدمی کی
جوابدہی کرنی چاہین انکو لازم ہی کہ طلب نامہ بنام
اپنی پانی کی تاریخ سی چھ ہفتی کی اندر عدالت کی
خرچی کی عوض ضامن داخل کرین ٭ خواہ انکی کوئی زمین
وغیرہ جایداد سرکاری ممالک کی علاقی کی اندر رہی ہو
یا نہین ٭ (ش) اور یہہ اخذ ضمانت اسی طرح پر عمل مین
آویگا کہ جس طرح فریادی دیار اجنب کا باشندہ

[margin: ...کہ ... دیار ... ندہ ہو]

(س) کنس نمبر ۱۱۹۲ صدر اگرہ ۲۱ دسمبر سنہ ۱۸۳۸ع صدر کلکتہ ۱۰ جنوری سنہ ۱۸۳۹ع
(ش) کنس نمبر ۵۵ ۱۳ صدر اگرہ ۶ صدر کلکتہ ۲ اگست سنہ ۱۸۴۲ع

رہنی کی صورت مین اُسکی ضمانت لیجاتی ہی ۔ اور
عدم خبرگیری کی صورت مین جو احکام کہ فریادی کی
حق مین اجرا پاتی ہین وہی احکام مدعا علیہ مذکور پر بھی
اصدار پاوینگی ۔ ص

(221)

اور قبل اجرای ڈگری کی علاقۂ عدالت سی باہر
چلی جانی کی صورت مین جو احکام فریادی کی نسبت
ہوتی والی ہین وہی احکام بہ نسبت مدعا علیہ کی
بھی صدور پاوینگی ۔

ہر یہی احکام مفلسی مین نالش کرنیوالی فریادیونکی
مقدمون مین بکار آمد ہونگی ۔ ض

جس صورت مین کہ مدعا علیہ مفلس ہو

اگر مدعا علیہ مفلس ہو اور اخراجات عدالت کی سر انجام
اُس سی ہو سکی تو اسکو لازم ہی کہ مفلسی کی آئین
مطابق جوابدہی کرنی کی لئی درخواست گذرانی ۔
زر دعوی جو بستہ روپئی سی زاید ہو تو مدعا علیہ کو
بعض صورت خاص مین بطریق مفلسی کی اُس مقدمی
کی جوابدہی کرنیکی اجازت عدالت سی مل سکیگی ۔

ص صفحہ مزبور ۲۲۰
ض قاعدہ ۱۳ سنہ ۱۸۲۶ع ۶ ض ۱ ۲ ۳ ۶ ۶ دیکھو صفحہ مزبور ۲۲۲

لیکن اس طرح کی اجازت حاصل کرنیکی لئی اسکو اصالتًا یا حسب ضابطہ مختارتًا اُس عدالت کی آگی کہ جہان مقدمہ بنام اسکی دایر ہی حاضر ہونا مطابق احکام قوانین کی جو درباب فریادیان مفلس کی جاری ہین ضرور ہوگا ۃ اور اُس کو اپنی بالکل جایداد منقولہ و غیر منقولہ کا تالیقہ باندراج قیمت جایداد مذکورہ کی عدالت مزبورہ مین داخل کرنا پڑیگا ظ صاحب جج جس طرح مفلسی مین نالش کرنیوالی فریادیونکی حق مین مقدمی کی تجویز عمل مین لاتی ہین ۃ اسی طرح مدعا علیہ مزکور کی حق مین بہی عمل مین لادینگی ظ پر صرف اتنا فرق ہوگا کہ پہلی اس مقدمی کی راستی یا عدم راستی کی تحقیقات نہین کرینگی ۃ اور اگر اُس مراتب کی تحقیقات سی صاحب جج کی آگی ثابت ہوجاوی کہ مدعا علیہ اخراجات مقدمہ کی استطاعت نہین رکھتا ہی اور اصالتًا یا دکالتًا بذریعہ وکیل عدالت کی جوابدہی مقدمہ مرجوعہ کی نہین

ظ ق ۲۹ ۶ ست ۱۸۱۴ ع ۲ ۳ ۃ الیضاً ۃ د ۱۶ ۃ ض ۲ ۃ صفحہ مزبورہ ۱۲

کر سکتا ہی تو صاحب عدالت کو اختیار ہی کہ
مدعی مفلس کی حق مین جو فواید اور آسانیان بخشی
جاتی ہین وہی فواید اور آسانیان اُس مدعا علیہ کی
حق مین بھی عنایت فرماوین ¹ اور تب ایسی مدعا علیہ
سی سوای حاضر ضامنی کی اور کسی طرح کی (222)
ضمانت عدالت سی مطلوب نہوگی ² ہر مدعا علیہ
کی باہر منظوری کا اختیار صرف جج کو حاصل ہی ³
اور بلا اجازت صاحب جج کی کسی حاکم ماتحت کو بھہ
اختیار نہین کہ کسی عرضی دعوی کی نسبت مدعا علیہ کو
جواب بطریق مفلسی کی عدالت مین داخل کرنی

مقرر کرنا وکیل کا۔

دیوین ⁴ اور درصورتیکہ مدعا علیہ اخراجات جوابدہی کی
استطاعت رکھتا ہو تو اُسکو لازم ہی کہ کسی وکیل
شُشتہ کو حسب ضابطہ جیسا کہ فریادی کی لئی
آگی مذکور ہو چکا مقرر کری ف
کسی مقدمہ مرجوعہ مین مدعا علیہ کی نام مین اطلاعنامہ

ع۱ ایضاً صفحہ مذکور ۲۳۰۲ ۱۸۶۳ ء
ع۲ کنس نمبر ۹۴۳ صدر کلکتہ امتی ۱ صدر اگرہ ۱۵ جون ۱۸۳۵ ء
ف دیکھو باب ۱۲ ۔

۱۷ باب

عدالت سے نئی جاری کی گرانی کی آگہی یا جواب الجواب
بسرشتۂ عدالت میں داخل کرانی کی پیشتر اگر
فریادی غیبر حاضر ہووی تو تجویز اُس مقدمی کی عمل
میں نہ آویگی اور خارج دسمس ہو جاویگا فقط

ق کنس نمبر ۸۷۰ صدر آگرہ ۲۱ فبروری صدر کلکتہ ۲۷ مارچ سنہ ۱۸۴۲ء

اٹھارھوان باب

کوا غذ ارجہ

ا فصل

(223)

کوا غذ اربو کی داخل کرنیکا ضابطہ اور طریق

جواب عرضی دعوی گذرنی کی بعد مدعا علیہ کی طرف سی
اب دعوی عدالت مین داخل ہوتا ہی ۔ اور وہ
ن مین اپنا مطلب اور استحقاق ظاہر کرتا ہی اور جو
باتین مدعی نی عرضی مین خلاف واقع لکھی ہون انکی
دا فقت کا منکر ہوتا ہی یا جو مدعی کی لکھی ہوئی باتین سب
سب فی الواقع نہی ہون ۔ تو اور جو کچھہ مدعی نی
ہو ردی ہون اگر وہ اسکی حق مین مفید ہووین ۔
اب مین اپنی قلم بند کرتا ہی ۔
چاہئی کہ جواب مین کوئی ایسی بات جو مقدمہ
ر جو عہ سی علاقہ نہین رکھتی ہو مندرج ہوی ۔ اور
ئی لفظ ناشایستہ یا دشنام شان مین کسی فریق یا اور
ی شخص کی اس مین نہ لکھا جاوی ک

ک ق ۲۳ سن ۱۸۱۴ ۲۵ صفحہ بورہ ۲۴۲

۱۸ باب

عرضی دعوی عدالت مین داخل ہونی سی اگر مدعا علیہ
اُسکی نسبت قبول دیگری نکہہ دیوی تو پھر
جواب الجواب کی احتیاج نہو گی ل اگر مدعا علیہ اپنی جواب
مین فریادی کی دعوی سی منکر ہو تو مدعی کو لازم ہی
کہ اس جواب کا جواب الجواب آیندہ اجلاس کی دن
عدالت مین داخل کری مگر چاہئی کہ کوئی نئی بابت
جو عرضی دعوی مین نلکھی ہو جواب الجواب مین نہ لکھی
اور اسکو چاہئی کہ یا تو مدعا علیہ کی جواب کو تسلیم کری
یا جواب مین کی جن مراتب کی نسبت تکرار رکھتا ہو
ان مراتب کی خلاف واقع رہنی کا حال ساتھہ ایضاح
اور اختصار کی لکھی نہ یا کہ بہ نسبت کل مراتب مندرجہ
جواب یک بارہ منکر ہو وی نہ یا کفایت جواب کا
منکر ہو م

منصفی کچہری مین بھی جواب کی بابت یہی دستور
مروج ہی مگر فرق اتنا کہ مقدمہ مرجوعہ ہونی سی

ل نشانہ سندری سایل ۱۵ جون سنہ ۱۸۴۶ع
م ق ۴ سنہ ۱۷۹۳ء دفعہ ۶ بنارس ق ۸ سنہ ۱۷۹۵ع دفعہ ۲۴ ممالک مفوضہ و مفتوحہ ق ۴۹
سنہ ۱۸۰۳ع دفعہ ۶

اگر مدعا علیہ مدعی کی دعوی سبھی بالکل منکر ہو دے ی
تو پھر رد جواب داخل کرنی کی حاجت نہین رہتی ہ
ہر اگر جواب مین کوئی ایسی بات لکھی رہی کہ جسکی
نسبت مدعیکا اقرار یا انکار مقدمہ مرجوعہ کی اصل تکرار
کی دریافت کرنیکی لئی ضرور ہو یا جسکی نسبت
مدعی کچھہ اظہار کرنی چاہتا ہو تو آٹھہ روز کچہری کھلی
رہنی کی وقت داخل کرنا جواب الجواب کا فریادی پر
واجب و لازم ہوگا ان

رد جواب کی داخل کا میعاد

صاحب عدالت کو اختیار ہی کہ اگر مناسب
جانین تو آٹھہ روز اجلاس کی قید نہ رکہ جواب داخل
ہونی کی تاریخ سی چھہ ہفتی کی مدت تک جسوقت
مدعی جواب الجواب داخل کری مقبول عدالت
فرماوین مگر چھہ ہفتی کی مدت گذر چکنی کی بعد مدعی کو
جواب الجواب داخل کرنی کی اجازت نہین ملیگی ہ
ہر اگر اس مدت کی اندر بذریعہ درخواست جداگانہ
کی زیادہ میعاد پایا ہو تو البتہ داخل کر سکیگا

ف ۲۳ ۶ سنہ ۱۸۱۴ ۶ ۵ ۶ ۵ ۲
الکت ۲۹ سنہ ۱۸۱۴ ۶ سرک ۲ جولای سنہ ۱۸۱۵ ۶

۱۸ باب

اگر دو تین مدعا علیہ اپنا جواب الگ الگ داخل کرین اور مدعیکو عدالت کی طرف سی کچھہ حکم خاص نہ ملا ہو تو ہر ایک مدعا علیہ کی جواب کی مقابل ایک جواب الجواب جداگانہ اُن جوابون کی ادخال کی تاریخ سی چھہ ہفتی کی مدت کی اندر لکھہ کر پیش کرنا ہوگا نہین تو عدم خبر گیری کی تاریخ جو ادہر مذکور ہو سی اُسپر پڑ ینگی ۔

کسی ملازم سرکاری کی نام پر اسکی عہدی کی کسی امر کی بابت نالش در پیش ہولی سی صاحب عدالت فریادی کی عرضی استغاثہ کو صاحبان بورڈ ریونیو یا اور کسی عہدہ دار صاحب کی پاس کہ جسکی تحت مین مدعا علیہ نوکری کرتا ہو بھیجدیوینگی تب بورڈ ریونیو یا صاحب موصوف پر فی الفور ٹھہرانا واجب ہوگا کہ آیا تجویز اُس مقدمی کی سرکار بہادر خود عمل مین لاوینگی یا کہ فریادی کو آئین کی مطابق اپنا حق ثابت کرانی کی لئی کسی عدالت مین رجوع لانی فرماوینگی ۔

۱ ہو ار یکلال سابق ۲۳ ستمبر سنہ ۱۸۴۵ع

اور عدالت مین رجوع لانی کی لئی حسب حکم دینی کی صورت مین ۔ کیا خود سے کار بہادر بطور مدعا علیہ کی بنکر اسکی جواب دہی کریگی یا مدعا علیہ اپنی جواب دہی آپ کریگا ۔ اور منجانب بورڈ ریو یا صاحب موصوف کی جب تک کچھہ ایما صادر ہو کہ در باب انفصال مقدمہ مذکورہ کی کونسا طریق عمل مین آنی والا ہی تب تک وہ عرضی استغاثہ محض ایک درخواست کی طرح متصور رہو کر اسکی بابت تجویز شروع ہو گی ۔ پیروی مقدمہ فریادی کی ذمی پڑنی کی ایما جسوقت صادر ہوا اسیوقت وہ مقدمہ عدالت مین مرجوع متصور ہوگا ۔ اور فریادی کو اسکی تدبیر کاری کی اجازت ملیگی ۔ ورنہ تا زمانیکہ حسب مرقومہ بالا کچھہ ایما نہ ملی فریادی پر پیروی مقدمہ مذکورہ کی واجب نہو گی ۔ بنابران اسطرح کی کسی مقدمی مین سرکار بہادر خود زمری مین مدعا علیہون کی شامل ہونی اور جواب منجانب مدعا علیہم کی مختلف تواریخ مین داخل ہونیکی صورت مین اگر فریادی ایمای مذکور کی صدور سی چھہ ہفتی کی اندر

۱۸ باب

جواب الجواب داخل کری تو بهی عدم خبرگیری کا نتیجہ اسپر عاید ہوگا گو بعض مدعا علہ کی ادخال جواب کی تاریخ سے چهہ ہفتے سے زیادہ مدت گذر چکی ہو

اگر مدعا علیہ طلب نامہ پاکر عدالت مین حاضر آکی معترف ہوی کہ مراتب مندرجۂ عرضی فریادی کا بالکل سچ ہین تو صاحب عدالت صرف فریادی کی اظہار دن اور اسکی گواہون کی زبان بندیون کو ملاحظہ کر تجویز اور انفصال اس معاملی کا بعینہ اسی طرح پر کرینگی کہ جس طرح مدعا علیہ کی جانب سے جواب اور والا یل گذرنی کی صورت مین کرتی

ب مدعا علیہ کو لازم ہی کہ جواب الجواب داخل کی تاریخ مین رد جواب داخل کری اور چاہیی کہ اس مین کوئی نئی بات جو جواب مین مندرج نرہی ہو نہ لکہی اور اسکو مناسب ہی کہ یا تو کل مراتب مندرجۂ جواب الجواب کی صداقت کی مراحتاً منکر ہووی یا اسکی بعض مراتب کی نسبت کہ جسکی

مسماۃ امام باندی سایلہ ۲۲ نومبر سنہ ۱۸۳۵ع ف ۲ سنہ ۱۸۱۴ع ۱۳ ف ۴۳ سنہ ۱۷۹۳ع ۱۱ع

تکرار رکھتا ہو الکار کری ۔ اور اپنی جواب مین لکھی
ہوئی مراتب کی راستی کو رد جواب مین ظاہر کری ۔ اور
ضابطہ ہی کہ رد جواب داخل ہونی کی بعد پھر کبھی
کاغذ سوال و جواب کا مقبول عدالت نہین ہوتا ہی ث

رد جواب داخل نکرنی کا نتیجہ

جس صورت مین کہ مدعا علیہ از راہ غفلت یا انکار
کی حسب ضابطہ رد جواب داخل نکیا ہو ۔ تو جس
عدالت مین وہ مقدمہ دایر رہا ہو وہان کا حاکم مدعا علیہ کی
غفلت یا انکار کا حال روبکار مین مندرج کر کی
تجویز اُس مقدمی کی ٹھیک اسی طرح پر کریگی کہ
جیسی مدعا علیہ نی رد جواب متضمن انکار دعوی مدعی کی
گذرانی کی صورت مین کرتی ج

متخاصمین کی انہین اظہارات نوشتہ یعنی عرضی ۔
جواب ۔ جواب الجواب اور رد جواب کو کاغذات بعض
کہتی ہین ۔

عرضی دعوی کو ادبر کی لکھی ہوی ح دستور پر

ث نمبر ۴ سنہ ۱۷۹۳ع دفعہ ۱۶ ۔ بنارس قاعدہ ۸ سنہ ۱۷۹۵ع دفعہ ۱۲ و ۲ ۔ ممالک مفوضہ و مفتوحہ قاعدہ ۳ سنہ ۱۸۰۳ع دفعہ ۱۶ و ۵ ۔ قاعدہ ۲۳ ۔ سنہ ۱۸۱۴ع دفعہ ۱۶ و ۲۵ ۔ کمان رائی اسلامی بنام شمر کورادات ۲۰ جون سنہ ۱۸۴۹ع

ج قاعدہ ۲۳ ۔ سنہ ۱۸۱۴ع دفعہ ۱۶ و ۲۵ ۔ ضمن ۵ قاعدہ ۲۶ سنہ ۱۸۱۴ع دفعہ ۱۶ و ۲۶ ۔ ضمن ۲

۱۸ باب

کاغذ اسٹامپ مین نسبت دعوی کی مالیت کی مطابق لکھنا ضرور ہی ہے

اور ہر کی مذکور مطابق ... محکمۂ منصفی کی طرف سی اشتہار خاص جاری ہونی کی بعد حصہ وراثت دلاپانی کی لئی عرضی سادی کاغذ پر لکھنی جایز ہی

عرضی دعوی عدالت مین دربیش ہو چکنی کی بعد اگر مدعا علہ کی طرف کچھہ جواب اسکا داخل نہو ے تو فریادی کو اپنی دلایل اور گواہونکی اسم نویسی اپنا حق ثابت کرنیکی لئی داخل کرنی کا حکم ملیگا ے اور اگر وہ بھی مطابق حکم عدالت کی چھہ ہفتی کی اندر اپنی گواہون کی نامون کی فہرست اور دلایل کے گذرانی مین غفلت کری تو وہ مقدمہ مطابق اکٹ ۲۹ سنہ ۱۸۴۱ع کی نمبر خارج ہوجاویگا ہ

بر بعد اصدار حکم مذکور کی اگر مدعا علہ جواب عدالت مین داخل کری تو تعمیل حکم مذکور کی مدعی پر واجب نہو گی

باب ۱۲ ع
باب ۱۲ ع
رجوع

کنس نمبر ۱۰۶۰ ع صدر کلکہ ۲۰ جولای صدر آگرہ ۱۷ اگست سنہ ۱۸۴۲ع

یونکہ تب مدعی کو جواب الجواب داخل کرنا واجب
لازم ہوگا اور بعد اسکی ۵ سرنوسی اپنی دلایل اور
گواہونکی اسم نوبسی داخل کرنی کا حکم پاویگا ۶ اور اس
صورت مین عدم خبرگیری کا نتیجہ مدعی پر ڈالنا ناجایز ہی ۷ (227)

مطابق مضامین اکٹ ۲۹ سنہ ۱۸۰۱ع کی منصف کو اختیار
نہین کہ کسی مقدمی کو قبل داخل ہونی جواب کی
عدم خبرگیری کی سبب چہہ ہفتی کی میعاد کی اندر
مسل سی خارج کری ۸

کسی مقدمۂ مرجوعۂ محکمۂ منصفی مین فریادی کی طرف
سی گواہ اور دلایل گذرنی کی قبل جس کسی وقت
مدعاعلیہ اصالتاً یا وکالتاً حاضر آوی اسکو جواب داخل
کرنی کی اجازت ملیگی ۹ لیکن عدالت ہرگز مین
اسکو اسطرح کی اجازت جب تک کہ اپنی عدم
خبرگیری کی وجہ معتبر ظاہر نکرسکی نہین ملنی کی ۱۰ مس

۵ درمادۂ سوال گنگا نراین مکھرجہ ۱۰ مئی سنہ ۱۸۴۷ع
۶ کنس نمبر ۹ ۳ ۱۲۳ ع صدر اگرہ ۱۸ مئی صدر کلکتہ ۱۰ جون سنہ ۱۸۴۲ ع
۷ درمادۂ سوال الیسر چندر گنگولی ۱ نومبر سنہ ۱۸۴۹ع ق ۲۳ سنہ ۱۸۱۴ع دفعہ ۲۴ بیرونیکہو
۸ مضمون ۶ اکٹ ۵ سنہ ۱۸۰۵ع
۹ س ۱۶ باب فصل ۳

کواغذ اربعہ کی تقسیم کا بیان آینده باب مین مذکور ہوگا ٭ ضلع کی صاحب جج کی عدالت مین عرضی دعوی گذرانی کی بعد جتنی نوشتہ سوال و جواب داخل ہون چار چار روپی کی کاغذ استامپ پر لکھی جاتی ہین ٭ ہر مرافعہ اولی کی جتنی مقدمات مین ستی دعوی کی مالیت یکہزار روپیہ سی زیادہ ہوتا ہین ٭ اور صدر امنا اور منصفون کی تجویزی فیصلجات کی اپیل کی جتنی مقدمی ہوتا ہین ٭ عرضی کی سوای سوال و جواب صرف ایکہی روپیہ کی کاغذ استامپ پر لکھنا جایز ہی ٭ صدر امین اعلی کی محکمی مین ایک روپیہ کی ٭ اور صدر امین کی کچہری مین آٹھہ آنی کی کاغذ استامپ پر کواغذ اربعہ کا لکھنا دستور ہی ٭ اور منصفی کچہری مین عرضی دعوی کی سوای جواب وغیرہ سادی کاغذ پر لکھی جاتی ہین شش

اوپر کی مذکور مطابق کواغذ اربعہ جانچی کہ متخاصمین

عذر استامپ پر وغیرہ کا جایز ہی

کی شنوائی مقدم

شش قاعدہ سنہ ۱۸۱۴ع ۹ ضمن ۲ دفعہ ۲۰ و قاعدہ سنہ ۱۸۳۲ع دفعہ ۳ کنسٹرکشن نمبر ۱۶۷ صدر گورکہ ۵ صدر کلکتہ ۲۶ مارچ سنہ ۱۸۳۳ع کنسٹرکشن نمبر ۱۱۱۹ صدر اگرہ ۱۵ دسمبر سنہ ۱۸۳۷ع صدر کلکتہ ۷ جنوری سنہ ۱۸۳۹ع

ی گواہ اور دوسری دلایل کی داخل عدالت
ونی کی آگی بالکل داخل ہوچکین اور کھلی کچہری
ین اجلاس کی وقت پڑھی جاوین * ہر در صورت
ینی کسی وجہ خاص از معتبر کی قبل داخل ہوچکنی
اغذ مذکورہ کی بہی بعض گواہ کی شہادت لینی جایز
ونی ہی * مثلاً اگر گواہ بہت ہی مرض مہلک مین
بتلا یا نہایت پیر فرتوت یا اس عدالت کی احاطہ
ختیار سی باہر چلی جانی پر تیار ہو تو اسکی گواہی قبل
اخلی ہوچکنی اور پڑھی جانی بالکل کو اغذ ارجعہ کی *
یتی ہین *

اور کوا غذ ارجعہ کی کھلی کچہری مین پڑھی جانی کی
ضرورت کی وجہ یہہ ہی کہ اسمی صاحب عدالت اصل
رار اس معاملی کی دریافت کرکی آینکی جن باتونکی
تحقیقات اس مقدمی کی مناسب ہوگی کر سکتی ہین *
پس واضح ہوا کہ کوا غذ ارجعہ کو پہلی طیار کرنا
ضروری ہی واسطی عمل مین آنی اسطرح کی تحقیقات

س ق ۲۶ سنہ ۱۸۱۴ع د ۱۰ ض ۱

۱۸ باب

منجانب صاحب عدالت کی ۔ لهذا دریافت کرنا اُن کی لکھنی کی طریق اور ضابطی کو ۔ اور جاننا اوس طرز کا کہ جیسی وی نجوبی قلمبند ہوین ۔ اور دریافت کرنا اُن مراتب کا جو صاحب عدالت کو اُن کواغذ کی ترتیب کی بابت عمل مین لانی ہی ۔ نہایت اہم ہی ۔

۲ فصل

کواغذ ارجہ کی ماہیت

یہہ بات علی العموم ہی کہ کوئی مقدمہ پیدا نہین ہوتا ہی مگر تنازع سی اور وہ تنازع تین قسم کا ہوسکتا ہی ایک یہہ کہ کوئی امر جو وقوع مین آیا ہو یا انصرام پایا ہو طرف ثانی اُس کی وقوع مین آنی یا انصرام پانی کا اعتراف کرتا ہی پر اُسکی وقوع یا انصرام سی جو استحقاق مدعی کو ازروی آئین کی حاصل ہوا ہو بہ نسبت اِس استحقاق کی تکرار رکھتا ہی ۔ اور دوسری یہہ کہ گو طرف ثانی بہ نسبت اُس استحقاق کی جو بشرط ثبوت امر مذکور کی مدعی کو حاصل ہوتا ۔ انکار

ہین رکھتا ہی ہر در باب وقوع یا الزام اُس امر کی
رار رکھتا ہی تیسری یہہ کہ طرف ثانی بہ نسبت
قوع یا الزام اُس امر کی اور درصورت وقوع ہین
نی کی اُس امر سی جو استحقاق کہ فی الواقع مدعی کو
صل ہوا ہو دو نو بابت کا منکر ہی *

229

سوال و جواب قلمبند کرنا کس واسطی ضروری

فریقان مقدمہ کو لازم ہی کہ اپنا اپنا سوال جواب
رتیب کی ساتھہ قلمبند کر کی عدالت ہین داخل
رین تا کہ صاحب عدالت کی آگی واضح ہو جاوی
کتنی مراتب تک وی ایک دوسری کے
ساتھہ متفق ہین اور کس مراتب کی تکرار رکھتی
ین * اور اسلئی کہ صاحب عدالت طرفین کی کواغذ
ربعہ کو مقابلہ اور ملاحظہ کر کی جس بات کی تجویز کر لی
روری اُسکو سمجھہ لیوین اور تب باقی تکرار کی
سبت ترتیب کی ساتھہ تجویز عمل ہین لاکر معا
غوق کو فیصل کرین بشرطیکہ تکرار بہ نسبت وقوع
الزام امورات مظہرہ کی فیما بین فریقین کی ٹھہری
و * ہر جس صورت ہین تکرار در باب وقوع یا الزام

۱۸ باب

امورات ہوکی واضح ہو اُس کی تحقیقات کے لئی جو حکم مناسب ہووی صادر فرماوین ؛

اور جب متخاصین کو مقدمی کی لیاقت پر اُس طرح غور اور تامل کرنیکی ضرورت ہوئی تو وی بہی عدالت مین حاضر آلی اور سوال و جواب کرلی کی آگی بذریعہ راضی نامی کی آپس مین فیصل کرلی کا قابو پا سکینگی *

جس صورت مین کہ مدعا علیہ مدعی کی دعوی کے راستی اور جواز پر معترف نہو تو اُسکو لازم ہے کہ دعوی کی بالکل کیفیت پر اور جس طریق سی مدعی نی اُسکو عدالت مین پیش کیا ہو اُسپر خوب غور کر کی دیکہہ لیوی اور تب اپنی طرف سی جواب اُسکا تیار کری ؛

دعوی کا — کوئی شخص مقدمہ پیش نہین کرتا ہی مگر اِسلئی کہ بذریعہ اُس کی یک حق کہ فی الحقیقت ہو یا ایسا دعوی کہ جسکو اپنی تصور مین برحق جانتا ہو عدالت سی دلاپاوی — اور مدعا علیہ کی جواب کا خلاصہ دو حال

جواب کا خلاصہ — سی خالی نہین ہوتا ہی ایک یہہ کہ مدعی کی عدم حقیت پر

ہر کرنی دوسرا یہہ کہ اپنی حق کو مدعی کی حق کی
پر ترجیح دیوی *

بیان اُن باتون کہ جو ہر ایک عرضی دعوی

دعوی کسی طرح پر بیان کیا جاوی یا کسی ترتیب
سا تھہ لکھا جاوی گو بہت غیر ضروری باتین اُسکی
ن تھہ بیس کی گئی ہون پر اُس مین کسی آئین کی حکم
م کی رہنی کا ذکر اور اُس مقدمی کا حال اُس آئین
ن مندرج رہنی کی بات اور مطابق حکم آئین مذکور کی
س مقدمی کی فیصل پانی کی درخواست لکھی
تی ہی *

ہر اکثر فریادی اپنی مقدمی کا حال کسی آئین مین مندرج
ہنی ہوئی ذکر اُس آئین کا بسبب مشہور رہنی
اُسکی عرضی دعوی مین نہین لکھتا ہی لیکن فحوای
رضی سی یہہ واضح ہوتا ہی *

بنیاد دعوی کی ایک حکم عام آئین پر ہونی کی صورت
یہہ ہی مثلاً ایک پوتا بیتا مطابق حکم عام آئین کی اپنی
تو فی باپ کی زمین ترکہ کی وارث ہو نیکا مستحق
ی یا داین اپنی مدیون سی زرباقی مع سود کی

۱۸ باب

حسب قول قرار فیما بین کی بھیر پائی کا مستحق ہوتا ہی *

پس عرضی سی یہہ ظاہر ہوتا ہی کہ ایک زمین ازان زید متوفی کی تھی اور فریادی اسکا ایک بیتا بیتا ہی پایہہ کہ فریادی بہ تعین سود فلان قدر مبلغ مدعا علیہ کو قرض دیا تہا تھا * پس اگر مضامین عرضی دعوی کی حسب ضابطہ لکھی گئی ہون تو اسکی اخیر مین زمین مذکور فریادی مزبور کو دلانی یا مدیون کی نسبت زر دین مع سود مدعیکو بھیر دینی کا حکم عدالت سی صادر ہونی کی بابت مندرج رہیگی *

اگر قابل پذیرا ہونی کی ہو تو طرفثانی جواب مین یون لکھیگا کہ مدعی نی حکم عام خلافی آئین کا جو عرضی مین درج کیا ہی وہ حکم عالم در حقیقت وجود نہین رکھتا یعنی کوئی آئین ایسا نہین کہ بیتا اپنی متوفی باپ کا وارث ہووی * یا مدیون اپنی داین کا بانام سود ادا کری * یا یون لکھی کہ مدعی نی جو کچھ مراتب مطابق خلافی حکم عام آئین کی جانکر لکھا ہی وہ بجاے

بین مندرج ھین

ی مدعی درحقیقت زید متوفی کا بیٹا نہین یا میرا این
ین ھی * یا یون حجت لاوی کہ مدعی نی جو دعوی
نا مطابق خلافی حکم ائین کی ہونا ظاہر کیا ہی وہ باطل
ی کیونکہ بنا اُس مقدمی کی اُس حکم آئین پر نہین ہی یعنی
ی شی متنازعہ کا مالک نہ تھا یا مبلغ دعوی زرقرضہ
ہ سود کی مبلغ سی بہت زاید ہی اگر یہہ جواب
عاعلیہ کا ثابت ہوسکی تو البتہ وہ مقدمہ جیت سکیگا *
بس مطابق مراتب مذکورہ بالا کی اگر جواب
اف بغیر کسو پیچ پاچ کی داخل عدالت ہوا ہو تو
مقدمہ مرجوعہ کو بذریعہ تحقیقات اظہار طرفین کی اس
رح پر فیصل کرینگی کہ آیا مطابق اظہار مدعی کی حکم عام
ئین کا ہی یا نہین * اور مزیادہ ی زید کا ایک پوتا بیٹا
ی یا نہین * یا کبھی کچھہ قول قرار قرض کی لین دین
فیمابین ان مدعی اور مدیون مدعاعلیہ کی وقوع مین آیا
ھا یا نہین اور زمین متنازعہ زید متوفی کی شی تھی یا
ہین اور زر دعوی مبلغ قرضہ کی نسبت زیادہ ہی
نہین *

تکرار فیمابین طرفین کی

(۳۱)

پر جواب منجانب مدعا علیہ کی نہایت پیچیدہ بھی
ہوسکتا ہی یعنی مدعا علیہ مراتب مندرجہ عرضی دعوی
کی نسبت معترف ہوکر یا ٹھیک اختلاف ظاہر
نکر کی بعض نئی امر کو ایجاد کی لئی یا مدعی کے
دعوی سی چھٹکارا پانی کی مطلب سی جواب
مین لکھی دیوی مثلاً کہی کہ زمین پدر متوفی کی مطابق
قانون کی اُسکی بیٹی کو پہنچنی جایز ہی اور زید متوفی
زمین متنازعہ کا مالک تھا اور فریادی زید متوفی کا خلف
الصدق بھی ہی پر مین نی اُس زمین کو فریادی سے
قیمت دیکر مول لی تھی اسلئی اُمیدوار ہون کہ میری
دخل مین زمین متنازعہ کی رہنی کا حکم اصدار پاوے
یا یون لکھی کہ ازروی آئین کی ادا کرنا زر قرضہ کا
واجب ہی اور مبلغ مندرجہ عرضی دعوی مدعی سی
میرا قرض لینا بھی برحق ہی * پر فلانی امر کی نوشتجات
کی وسیلی سی مین نی مدعی کی دین سی اپنی مخلصی
اسکی آگی حاصل کی ہی * اب پھر مبلغ دعوی
مدعیکا مجھ پر واجب الادا نہین ہوسکتا ہی *

(232)

پس اگر صورت اول کا فریادی انکار کری کہ زمین
متنازعہ مین نی مدعا علیہ کی ہاتھ بیع نہین کی ہی یا صورت
ثانیہ کا فریادی منکر ہووی کہ جھسی کسی امر کی نوشتہ اثر
وسیلی مدعا علیہ نی دین خلاصی نہین حاصل کی تھی
مقدمہ مذکورہ آسان متصور ہوگا یعنی بہ مجرد ملی پانی
تحقیقات مراتب تکرار مذکورہ کی مقدمہ فوراً انفصال
سکیگا *
ہر ممکن ہی کہ مدعی مذکور بہ نسبت جواب مدعا علیہ
صریح انکار نکر کی مراتب مندرجہ جواب کو یون
کی عدالت مین پیش رفت نہونی دیوی
مدعا علیہ زمین متنازعہ کو جھہ سی فریباً اپنی اشترا
ن لایا تھا * اور صورت ثانیہ کا فریادی بھی کہہ سکتا ہی
مدعا علیہ نی بزبردستی جھہ سی دین خلاصی کی نوشتہ اثر
وائی تھی * پھر فریادیون کی اُس فریب یا اظہار
مجبوری کی نسبت مدعا علیہ کا محض منکر ہونا بھی ممکن
ی * اور اسیطرح ہر تکرار فیمابین متخاصین کی واقع
ونی کی صورت مین انفصال اُس مقدمی کا موقوف

۱۸ باب

رہیگا اور ہر تحقیقات اُن اُمورات کی کہ جنکی وقوع مین آنی کا ذکر لکہا گیا *

ہر بہر ممکن ہی کہ مدعا علیہ تعذرات مذکورۂ فریادی کو قبول رکہکر کی حیلہ جوئی کی راہ سی اپنی بچاو کی لئی یون ظاہر کری کہ مدعی لی بعد طی پانی نوشتجات قبالۂ بیع زمین متنازعہ کی اُس قبالی کو یا دین خلاصی کی اقرار کو ثانی الحال مین بلا جبر و الاکراہ و الا تخداع منظور رکہا ہی اور بہ نسبت راستی اِس اظہار مدعا علیہ کی فریادی یا تو اعتراف کریگا یا محض منکر ہوگا * اور تب انفصال مقدمہ اور ہر ثبوت اُس اِنکار کی موقوف رہیگا *

مطابق آئین دیوانی عدالت کی متخاصمین کی جواب الجواب اور رد جواب ہر دو جانب سی باہم ہونی ہوتے ایک سلسلہ اُنکا بن جانا جایز نہین مدعی اور مدعا علیہ کو عرضی اور جواب مین اپنی مطلب کی اصول اور مراتب معتبرہ کو بالکل اور مفصل مندرج کر دینا ناگزیر ہی *

کسی مقدمی کی اصل تکرارونکو دریافت کرنیکی لئی مناسب تدبیر یہ ہی کہ مدعا علیہ خوب غور کرے

اذکر مفصل

باب ۱۸

233

دعوی اگر سچ ہو تو اُس مین کسی آئین کا حکم نکلتا
ہے یا نہین اور مطابق اُس حکم کی مدعی کو عدالت سی
مستغیث ہونا سزاوار ہی یا نہین اگر اِس طرح کا
حکم آئین اُس مین نہین نکلتا ہو تو پھر اُسکی راستی اور عدم
راستی کی تفتیش کرنی کی کچھ احتیاج نہین *
مدعی نی جو کچھ مراتب عرضی دعوی مین مندرج
کی ہی اگر وے برحق اور اُسکی عدالت سی مستغیث
ہونی کی لئی کافی ہو تو سوچی کہ آیا کوئی ایسا امر
تحقیقی مجھی معلوم ہی کہ جسکو عرضی دعوی مین مدعی
نی مندرج نہین کیا اور اگر اُس امر سی عدالت کو
اطلاع حاصل ہو تو فریادی ہرگز ڈگری پانی کا مستحق ہوگا
اور اُس ایک ہی امر معتبر کی تحقیقات عمل مین
آتی ہی مین مقدمہ جیتونگا * اور مراتب مندرجۂ عرضی
دعوی کی تحقیقات کرنیکی کچھ ضرورت نہوگی *
اور مدعا علیہ کو چاہئی کہ ایسی مختصر اور تحقیقی مراتب
اپنی جواب مین درج کری کہ انفصال مقدمی کا کم
اخراجات کی ساتھ قلیل عرصی مین انصرام پاسکی *

مدعا علیہ کو چاہئی کہ اپنی جواب کی اصل اور معتبر مطالب کی ماہیت کو صاحب عدالت کی آ گی پوری طرح کھولکر لکھ دیوی *

پس اندرین صورت جواب کا درحقیقت عذرات مترتبہ کو متضمن ہونا ظاہر ہی خواہ مدعا علیہ انکار کر ی اُس امر کی راستی کا کہ جسپر مدعی اپنی دعوی کا مدار رکھتا ہو یا کہ دعوی مدعی کی راستی کو بظاہر اعتراف کر کی کسی دوسری امر کو اُسکی ساتھہ ملا کے اِس طرح ہر عذر معقول کی ساتھہ لکھی کہ دعوی مغلوب ہوجاوی *

ان جوابون مین سی ایک ایک مین ایک یا زیادہ اُن باتون کا کہ ہر ایک جواب ہی مین جنکی رہنی کا ذکر اوپر لکھا گیا * رھنا ممکن ہی *

یعنی مدعی نی جس آئین کا ذکر عرضی دعوی مین مندرج کیا ہو وہ آئین ہی درحقیقت وجود نرکھتا ہو * یا جن امورات کی بابت نالشی ہوا ہو اُن امورات مین حکم آئین کا نلگتا ہو * یا اُن امورات مین وہ آئین

(234)

...الی کی سبب انفصال مقدمہ مدعیکی استدعا کی
...طابق ہوکر اور کسی طرح بر ہو سکتا ہو*
... مطلب اول کی مطابق جتنی جواب ہونگی اُن کا
...یان یون ہی کہ خود عرضی دعوی سی ثابت ہووی
...بنای مقدمہ کی سر ودہ سی نالش کا معاد جو
...مطابق احکام قوانین کی مقرر ہی گذر چکنی کی بعد
...عی نالشی ہوا ہی *
...یا ثابت ہووی کہ عرضی دعوی کا استامپ
...لیت مقدمہ کی مطابق نہین ہی اِسلئی وہ قابل
...تجویز کی نہین ہوسکتا *
...یا یہہ کہ جس عدالت کو اس مقدمی کی سماعت کا
...ختیار بسبب درجہ حاکم عدالت کی یا اُس عدالت
...ی احاطۂ اختیار سی باہر رہنی کی سبب سی حاصل
...نہین اُسی عدالت مین در پیش ہوا ہی یعنی مدعی
...ی ۵۰۰۰ روپی کا دعوی محکمہ منصفی مین پیش کیا ہی
...یا کہ ضلع ہوگلی کی علاقی کی زمین کا مقدمہ ضلع ۲۴ پرگنی
...ی عدالت مین داخل کیا ہی اور ایسا ہی ظاہر ہووی

کہ مدعی بسبب نقصان ذاتی کی نالش کرنیکا مستحق
نہین مثلا دشمن سرکار کی رعیت ٹھہریا کہ فریادی
تنہا مدعی ہونی کی قابلیت نہین رکھتا یعنی نابالغ اور
جنونی ہی اور اور کوئی شخص مدعی ہونیکی قابل منجانب اُسکی
نالشی نہین ہی یا یہہ کہ فریادی کو شی دعوی کی
ساتھہ کچھہ علاقہ نہین صورت اُسکی یہہ ہی کہ ایک
شخص بدعوی وراثت ایک زمین کی اپنی دادا کی
نام پر مستغیث ہووی اور اُسکی عرضی دعوی سی
اسکی باپ کا جیتا رہنا مفہوم ہوتا یا اپنی باپ کی
مرنی کا ذکر عرضی دعوی مین نہ لکہا ہو یا اُسکی عرضی دعوی
سی یہہ معلوم ہو کہ شی دعوی کی نسبت اور ایک
شخص اُس سی زیادہ مستحق وارث موجود ہی *
درصورتیکہ زید بہ نسبت اشیای عمرو متوفی کے
عرضی دعوی اُس مضمون کی گذرانی کہ جو بصورت
پسر متبنی عمرو متوفی کی جایداد پر دخیل وقابض ہی
اُسکو متوفی مذکور نی حین حیات مین اپنی مطابق
دستور و ضابطہ کی متبنی نہین کیا تھا اور مین متوفی

ور کی علاتی بھائی کا بیٹا اُسکی جایداد ترکہ پر دخل
رثانہ پانی کا مستحق ہو پس اگر مدعی کی اِس
۶ کی عرضی دعوی سی یا اگر جواب مدعا علیہ سی یہہ
اضح ہو کہ عمرو متوفی کی برادر حقیقی نی اپنی حین حیات
ین ایک شخص کو متبنی کیا تھا اور وہ متبنی موجود
ی تو یہہ بات معاً برخلاف دعوی کی اُسکی کافی
متصور ہو کر فریادی مذکور مقدمہ اپنا ہار جایگا *

(235)

عرضی مین بسبب مندرج نرہنی بعض مراتب کی
ن مراتبات اصلی سی جو اوپر کی فصل مین مذکور
و چکی ہی فوراً ناقص ٹھہر سکتی ہی یعنی مدعی کو نالش
پیش کرنیکی لئی جو باتین چاہئی اُن کا طی پانا عرضی
عوی سی واضح نہو وی یا یون واضح ہو کہ دعوی مدعی کا
شی دعوی کی نسبت بالفعل جایز نہین بلکہ موقوف
ر آیندہ یا مشکوک ہی یا یہہ ظاہر ہو کہ مدعی کو مدعا علیہ
ی ساتھہ کچھہ علاقہ بابت شی متنازعہ کی حاصل
ہین ہی * یا یہہ کہ مدعی نی جس شخص کی نام
ر نالش کی ہی اُسکو شی دعوی کی ساتھہ ایسا

۱۰ باب

علاقہ حاصل نہین ہی کہ اُس پر مدعی کی دعوی جایز ہو سکی
یعنی یہہ معلوم ہو کہ مدعی با میدا جرا یا موقوفی کسی حکم
ثالث کی عرضی نالش بنام اشخاص ثالث کی
کہ جنکی کسی جرم کا حال عرضی مین مندرج نہین ہے
گذرانی ہی *

اور بعض عرضی دعوی مین سبب اصل منتخاصمین کی
نام نہ ہونی کی سبب یا بہت ہی مختصر یا بہت
ہی مطول یا کثرت اظہار بیہودہ کی سبب یا بہت
سی جداگانہ مطالب کو مخلوط کر کی ایک ہی مقدمی
مین لکھنی کی سبب وہ عرضی دعوی غیر کافی مبضور
ہو کر تجویز اُسکی عمل مین نہین آسکتی ہی *
یہ سب نقص جو مذکور ہوئی اُن مین سی بہت
ایسی ہین کہ وجود اُن کا فی الحقیقت موجود ہر عرضی
دعوی سی واضح نہین لیکن اگر مدعا علیہ واقف رہتا ہو
تو لازم ہی کہ عدالت کی آگی اُن باتون کو
پیش کری *

اور مطابق اس مطلب کی عذرات بابت

میعاد نالش یا قیمت ستامپ * یا احاطہ اختیار عدالت * بذریعہ نوشتہ سوال و جواب کی یک سر گذرانی جا سکتی ہین * جن امورات پر مدعا علیہ کی عذرات کی بنیاد رہی ہو اگر وی امورات عرضی دعوی سی ظاہر نہون اور اگر مدعا علیہ القضای میعاد نالش کی عذرات جواب مین اپنی درج کیا ہو وی تو مدعی کو چاہئی کہ باوجود گذر چکنی میعاد نالش کی کسی وجہ سی دعوی اپنا قابل سماعت عدالت کی سمجھتا ہی اِس کو عرضی دعوی مین اگر نلکھا ہووی تو رد جواب مین لکھ دیوی *

(236)

اور ممکن ہی کہ ادخال نالش حال کی ایک اگلی ڈگری کی وسیلی متخاصمین کی حقوق فیصل پائی ہون یا ایک مقدمہ درباب تجویز اسی بنا کی تکرار کی فیما بین اُنہین متخاصمین کی کسی عدالت مین دایر رہا ہو * اِن عذراتون کو جواب مین بجنسہ لکھ دینا مدعا علیہ پر واجب ہی * مثلا اگر مقدمہ مرجوعہ حال کی بابت آگی ڈگری کسی عدالت سی ہو چکی ہو تو مدعا علیہ کو

۱۸ باب

چاہئی کہ اِس قدر بیان اُسکا جواب مین اپنی مندرج
کرو یوی کہ جس قدر لکہنی سی واضح ہو جاوی کہ
اُسی تکرار کی تجویز سابق مین ہو چکی ہی * اور مطابق
حکم اُس تجویز کی مدعی بہ ثبوت عدم استحقاق کے
مقدمہ اپنا ہار گیا تھا * کیونکہ اگر حکم نمبر خارج یا تو ہمیشہ
ہولی کا بہ نسبت پہلی دفعہ کی مقدمہ کی ہوا ہو تو اُس
حکم کی سبب سی ثانیا اُسی مقدمی کا عدالت مین
درپیش کرنا جایز نہین ہو سکتا ہی *
اگر مدعا علیہ عذر لاوی کہ اور ایک مقدمہ اسی
بنا کا دایر ہی تو اُس کو چاہئی کہ اپنی جواب مین
بخوبی کہولکی لکہی کہ دوسرا مقدمہ عین اُسی مادی کا کہ
جس کی بابت مقدمہ مرجوعہ حال درپیش ہے
آگی ہی دایر ہی * اور فقط اتنا لکہنا کہ فلانا مقدمہ جو آگی
سی دایر ہی اُسکا احوال مقدمہ مرجوعہ حال کی ساتہہ
مشابہ ہی * کافی ہوگا * بلکہ یون لکہی کہ اُس
دوسری مقدمی کی فلان فلان مراتب کی تجویز
عمل مین آچکی ہی اور وہ اب تک دایر ہی *

حساب کی بابت مقدمات مین اگر مدعا علیہ
اب مین لکھی کہ قبل ازین حساب کا اختتام اور
دوبست طی پا چکا ہی * یہہ جواب کافی متصور
وگا * ہر اس طرح کا جواب جاہی کہ مذہب طریق پر
لکھا جای بلکہ مناسب ہی کہ حساب کی
لی جانی کا اظہار اور اُس کی راستی کا اقرار اور
س وقت اور جس طریق پر بندوبست اُس کا عمل مین
یا ہو اُسکا ذکر اور دلایل اُسکی مدعی کو دینی جانیکی بات
ی اُس مین مندرج رہی * پس اگر باوجود رہنی
یک فیصلۂ ثالث بر خلاف دعوی مدعی کی مدعی
ہی دعوی اپنا پھر عدالت مین درپیش کری تو
دعا علیہ کو اختیار ہی کہ ثالث کی حکم مذکور کا عذر
نسبت دعوی مدعی کی عدالت مین پیش
کری *
ہر اگر مدعی اس اظہار سی نالش مند ہووی
ہ ثالث نی بہ نسبت دعوی کی میری تجویز
مل مین لاکر رشوت کھا کی فیصلہ بر خلاف دعوی

کی مہربی صادر کیا ہی لہذا امیدوار ہون کہ فیصلہ مذکور منسوخ کیا جاوی تو صورت مذکورہ مین اگر مدعاعلیہ مرف آسی حکم ثالث مذکور کو اپنا جواب گردانی تو وہ جواب کافی کمتصور نہوگا *

اور بعض صورت مین مدعاعلیہ مدعیکی بستی دعوی پر اپنا استحقاق رہنی سی منکر ہو کر یون جوابدہ ہوتاہی کہ مجہی مدعی کی اُس شی دعوی کی ساتہہ اور مطلب مندرجہ عرضی سی اُس کی کچہہ علاقہ نہین * ہر کوئی مقدمہ کسی حساب کی بابت دربیش ہوئی بسی مدعاعلیہ کو اختیار نہین کہ مدعی کی اُس شی دعوی پر جو استحقاق اسکا جایز رکہا ہو اُسسی منکر ہو کر کہی کہ میرا کچہہ علاقہ نہین* کیونکہ برخلاف مطلب کی اُس کی دوسری شخص کا بہ نسبت اُسسی بنای مقدمہ کی علاقہ رکہنا جایز ہی*

اگر ایک شخص دو آدمی کی نام پر نالش کری اور اُن دونونمین سی ایک یہہ جواب دیوی کہ مجہی بنای معاملہ کی ساتہہ کچہہ علاقہ نہین تو اُس

ب کی سبب سے جو حقوق کہ مدعی کو دوسری
علیہ کی نسبت ہون اُن مین کچھ نقصان راہ
پائیگا *

(238) چنانچہ مدعی اگر بتہ دینیوالی زمیندار اور اُس کی رعیت
وار دو نو کو باہم مدعا علیہ قرار دیکر نالشی ہوا ہو اور
دار مذکور در جواب اُس کی سے دعوی کی
ت اپنا کچھ استحقاق رہنی کا منکر ہو تو اِس انکار
سے فریادی کی حقوق بہ نسبت رعیت بتہ دار مذکور
باطل ہونگی *

مدعا علیہ جب تہینی جواب کی درجہ اول اور ثانی کو
ب دستور عام لکھہ چکی تو پھر جن باتون کو اپنی
نی کی لئی لکھنا مفید جانتا ہو اُنھین بھی اُس مین
دوی ہر چاہئی کہ وہ نگارش اُسکی اِس قدر
مل ہو کہ اُس مین کیفیت اظہار گواہونکی کہ جسی
جواب کی مراتب ضروریہ کو ثابت کرانی کا
وہ رکھتا ہو * بھی مندرج ہو جاوی * لیکن چاہئی کہ
تین کہ اُسکو بذریعہ گواہون کی ثابت کرانی

۱۰ باب

منظور رہوں انکو تمام و کمال جواب مین اپنی درج کری*

اِس طرح کی معقول باتین فریادی کی مباحثہ اور اُن امورات کی بیان کرنی کی لئی کہ عرضی دعوی مین مندرج رہی ہوں درکار ہین ٭

اور مدعا علیہ مستفید ہونا اُن باتون سی کہ جو اُسنی اپنی جواب مین لکھو لکی نہین لکہی ہون چاہیۂ نہین کوئی باتین اُسکی گواہونکی اظہار سی ثابت ہووین* کیونکہ مدعی اِن مراتب کی اطلاع نہین پاکر طرفثانی کی گواہ اور دلایل کی آزمایش نہین کر سکتا ہی*

اور اگر امورات بنای مقدمہ کی نسبت بہت تکرار ہووی تو بھی چاہئی کہ مدعا علیہ جو کچھہ حجت امورات مذکورہ سی اخذ کرنی کا ارادہ رکھتا ہو اسکو بعبارت واضح اختصار کی ساتھہ جواب مین لکھہ دیوی تاکہ ممکن ہو تو فریادی ان حجتون کو نادرست ٹھہرانی کا قابو پاسکی*

جو مراتب کہ صرف مدعا علیہ کو معلوم رہی ہون چاہئی کہ ان مراتب کو جواب مین ساتھہ راستی کی

مندرج کری مثلاً اگر زید واسطی بھر پانی زر قرضہ کی
عمرو کی نام پر نالشی ہوا ہو تو عمرو کا جواب دو حالت
سی خالی نہوگا ایک یہہ کہ صاف انکار کری کہ
مین نی زید سی مبلغ دعوی اُسکا کبھی قرض نہین لیا
دوسری یہہ کہ کہی کہ مین نی قرض لیا تھا صحیح پر فلانی
فلانی بابت مین مین اُس کو ادا کر چکا ہون ، یا وہین فلانی
مین نی اِس کی آگی حاصل کی ہی *

ایک جواب کی چلنی کی صورتین دوسرا جواب

اگر زید وابن اپنی مدیون عمرو متوفی کی وارث
کی نام پر زر باقی کی بابت نالشی ہووی *
تو اگر مدعا علیہ کی ہاتھہ فریادی مذکور کا لکھا ہوا
اقرارنامہ اِس مضمون کا کہ عمرو متوفی وقت فوت
کی اپنی بہ نسبت زید کی مدیون نہ تھا ، رہا ہووی ،
تو بذریعۂ گذرانی اس اقرار نوشتہ کی غالب
آسکیگا ، اور مدعا علیہ مذکور کو یہہ بھی اختیار ہی کہ اپنی
حجت پر یون اصرار کری کہ اُس کی مورث
متوفی نی زر دعوی مدعی سی ہرگز قرض نہ لیا تھا یا یون
استبداد کری کہ میری مورث متوفی نی مطابق

اظہار مدعی کی مبلغ دعوی اُسکا قرض لیا تھا صحیح
پر اپنی جیتی جی بالکل پانا مدعی کا اقرار کر دیا تھا * کیونکہ جس
صورت مین مدعا علیہ احوال مقدمہ سے مطلع نہ ہو تو اُسکو
چاہئی کہ جن امورات سے جو حجتین کھلی ہون دو یا اور
جو باتین ایک دوسری کی نقیض نہون اُن قانون سی
حجت اخذ کرکی اپنی جواب مین لکھہ کر عدالت کی
آگی پیش کری *

غیر متناقض

ہر مدعا علیہ کو یہہ اختیار نہین کہ دو حجت متناقض پر
اصرار کری یا دو امر مختلف سے حجت اخذ کرکی
اُسپر مصر ہووی یعنی اگر یون اظہار کری کہ زید
لاولد تھا اور پھر کہی کہ زید کا ایک پوتا بیٹا نابالغ مر گیا تو
اس طرح کا اظہار ہرگز راست منصور نہین
ہوسکیگا * ہر مدعا علیہ جو کچھہ اپنی جواب مین مندرج
کرتا ہو سو بارادۂ ثابت کردینی کی لکھتا ہی اسسی یہہ
مناسب نہین کہ مدعا علیہ ایسی مراتب کو جو آپس مین
ایک دوسری کی مناقض ہون سچی قرار دیکر جواب
مین اپنی لکھی *

اہل معاملکو اعذاریعہ مین جو کچھ لکھین بذریعہ گواہ یا دلایل کی اُسکو ثابت کرلی کی ارادی سی لکھتی ہین بہ ثابت کہ تا آن دو بات کا جو آپسمین مین ایک دوسری کی نقیض ہون محال ہی ٭ لہذا مدعاعلہ کو جواب مین ایسی باتین لکہنی انصاف سی بعید ہی* اور جس صورت مین کہ ایسی دو مختلف باتین کسی جواب سی سمجھی جاوینگی تو مدعاعلہ کو آن دونو مختلف مراتب کی ثابت کرالی کا حکم نہین ہوسکیگا ٭ بلکہ چاہئی کہ جو بات ٹھیک ہو اُسی کو مقرر کرکی کہی اور گواہ سی ثابت کردیوی *

(۲۶۵)

جواب دوگانہ٭

مدعاعلہ کو اختیار رہی کہ یہہ جواب دیوی کہ جس حیثیت کی وسیلی مدعی لی نالش کی ہے وہ حیثیت درحقیقت اُسکو حاصل نہین ہی ٭ اور اُسی جواب مین یہہ بات بہی لکہی کہ اگرچہ اپنی اُس حیثیت کو ثابت کری تاہم اور امورات کی واسطی مدعی مذکور اور اُسکی ہمدعوی اشخاص مستحق ڈگری پانیکی نہین ہوسکتی ہین ٭ چنانچہ مدعاعلہ منکر

ہوسکتا ہی کہ مدعی زید متوفی کا وارث نہین اور یہہ بات بھی لکھہ سکتا ہی کہ اگرچہ زید کا وارث ہوے تاہم جو شئی وراثت کی حیثیت سے دعوی کرتا ہی نہین پا سکتا ہی ۔ اس طرح کی دو باتین جواب مین کی آپس مین تناقض متصور نہونگے کیونکہ مدعا علیہ فقط یہہ کہتا ہی ۔ کہ مدعی جو اپنی زید کی وارثت ہونیکی بات عرضی مین لکہی ہی ثابت کرے ۔ اس مین اگر مدعی اُن مراتب کو ثابت نکرسکی تو اُس کی مقدمہ ہار لی مین اور گفتگو باقی نہین ۔ اور اگر ثابت کری تو پھر بھی ایک بات یہہ باقی رہتی ہے کہ آیا مدعا علیہ کی نسبت مدعی بحیثیت زیادہ مستحق شئی متنازعہ کی پانیکا ہی یا نہین ۔

مدعا علیہ کو اپنا احوال فریادی کی طرح جندان ہوبہو لکھنی کی احتیاج نہین کیونکہ اُس کی صرف یہی استدعا رہتی ہی کہ سوال کہ کی دعوی مدعیکا اگر عدالت سی مسترد کروا سکی تو مقدمہ اُسکا ستبر ہوگا *

لکھنی کا

ہر مدعی چونکہ اپنی حق کی نسبت عدالت سے

اصدار ڈگری کی امید رکھتا ہی لہذا اُسکو کیفیت
بنای مقدمہ کی بعینہ جس طرح پر وقوع مین آئی ہو لکہنا
وہی ضرور ہی *

ہر ہوشیاری مقتضی ہی کہ مدعا علیہ احوال اپنا
یہین مین مفصل لکہی اگرچہ بہ نسبت دعوی مدعی کی
اُسکی عذر قوی کا مضمون مختصر ہو *

مثلا اگر مقدمہ درباب دخل زمین کی ہو اور مدعا علیہ
اپنی جواب مین لکہی کہ مین نی زمین متنازعہ کو اسکی
بایع حق دار سی قیمت دیکر مول لیا ہی تو چاہئی
کہ اسی مضمون مختصر پر اکتفا نکری اگر کوئی مکان
یا اور کوئی چیز واسطی افزایش قیمت کی زمین
مذکورہ پر بلا مزاحمت مدعی کی احداث کی ہو تو اُسکا
بھی احوال جواب مین اپنی درج کری *

ناکامل جواب کا نتیجہ

اور چاہئی کہ جتنی مراتب تک ممکن ہو مدعا علیہ کی
جواب کی لکہی ہوئی مراتب عرضی دعوی کے
مراتب مندرجہ کی مقابل ہوون کیونکہ اسطرح پر
ہو نہ سکنی دو فایدہ ہو سکتا ہی ایک یہہ کہ اپنی

جو بری کی کل مراتب کو پہلی جواب مین لکہہ چکنی کی سبب گواہکی زبان بندی خاطرخواہ طرح پر کرنی کا قابو پا سکیگا*

اور دوسرے ایہہ ہی کہ کوا غذاربعہ حاکم عدالت کی آگی بڑہی جانی سی موصوف الیہ کو بخوبی معلوم ہو جاویگا کہ مدعاعلیہ کس کس مراتب کی نسبت انکار کرتا ہی کیونکہ انکار نکرنی سی مدعی کا اظہار راست متصور ہوتا ہی*

[…]ب کی بابت جواب […]ن

جو مراتب کہ مقدمی کی مطالب کی ساتھہ علاقہ نرکھتی ہون یا جو مراتب ایسی ہون کہ باوجود علاقہ رکھنی ساتھہ مطالب مقدمہ کی جواب دہی اُسکی مدعاعلیہ پر ناگزیر نہو یا جو مراتب ایسی ہون کہ مدعاعلیہ اُستی واقف نہین بہ نسبت ان مراتبات کی جواب وہ ہونا مدعاعلیہ کو ہرگز نہ چاہئی* اور مطالب مندرجہ ائین کی بابت بھی طوالت کی ساتھہ سوال جواب کوا غذاربعہ مین لکہنا نہین چاہئی کیونکہ مثل کی وقت روبرو حاکم کی زبانی اُسکی سوال جواب کا اختیار

حاصل ہی ، ہر لکھنی کی کچھ ممانعت نہین * اور مدعاعلہ کو
چاہئی کہ جو باتین ممکن الحصول ہون اُن کی دریافت
کرنی مین معقول وجہہ بہ کوشش عمل مین لاوی *
اگر کسی سند یا دستاویز کی مطلب کی نسبت
تکرار ہو اور وہ مدعا علہ کی پاس رہی ہو تو چاہئی کہ
مدعا علیہ الفاظ مندرجہ سند یا دستاویز مذکورہ بعینہ اپنی
جواب مین مندرج کری *

احتمال انکار

اگر مدعا علہ بہ نسبت ایک امر کی منکر ہو تو
چاہئی کہ صریح انکار کری نہ اِس طرح ہر کہ انکار اُسکا
محتمل اوپر اقرار کرنی ہو *
مثلاً اگر ایک امر کی مختلف مراتب کی ساتھہ
الزام پانی کا حال مدعی نی لکھا ہو یعنی اگر مدعی یہہ
الزام دیوی کہ مدعا علہ نی فلانا امر فلانی تاریخ یا فلانی
